TEXT DARK WITHIN THE BOOK ONLY

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_188511
UNIVERSAL
LIBRARY

188511

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۹۰۴۵۰۱ Accession No. ۱۳۴۵۰
13450

Author ب - ا مراد بهادر

Title بهارت ایران

This book should be returned on or before the date last marked below.

بھارت پُران

ارتھات

ہندوستان کی پُرانی تاریخ

پہلا بھاگ

مصنفہ

سردار اُمراؤ بہادر بی، اے ڈپٹی پرائیویٹ سکریٹری

شری مہاراجہ راجگان راجندر سنگھ مہندر بہادر

والیئے ریاست پٹیالہ

"Where there is no knowledge of the past, there is no vision of the future."

Rafael Sabitini

(HARIJAN, 17-12-38.)

"جہاں زمانہ گذشتہ کا کوئی گیان نہیں ہے
وہاں زمانہ آئندہ کا کوئی تصور نہیں ہے"

(ہری جن مورخہ ۱۷ دسمبر ۱۹۳۸ء)

اوم

بھارت پُران

ارتھات

ہندوستان کی پُرانی تاریخ

بھُومِکا

असतो मा सद्गमय
तमसो मा ज्योतिर्गमय
मृत्योर्मामृत

است سے مجھ کو ست کی اور لے جا
تمس (اندھیرے) سے مجھ کو جیوتی (روشنی) کی اور لے جا
مرتیو (موت) سے مجھ کو امرت کی اور +

(برہدآرنیک اپنشد ۱-۳-۲۸)

سنسکرت لٹریچر زمانہ کے انقلابات سے بہت کچھ نشٹ ہو چکی ہے۔ پر جتنی کچھ اب بھی بچی ہوئی ہے اور اس بچی کھچی میں سے بھی جتنی کچھ کہ یوروپین یعنی فرنگی وِدوانوں کے ہاتھ لگی ہے وہ بھی اتنی ہے کہ ان فرنگی وِدوانوں کے ہی قول کے بموجب یونانی اور لاطینی لٹریچر

کے مجموعہ سے بھی کہیں زیادہ ہے[1] + پر تعجب ہے کہ سنسکرت کی اس تمام لٹریچر میں کوئی پستک ایسی نہیں دکھائی دیتی جس کو ہندوؤں کی ہسٹری یا تاریخ کہا جائے + تو کیا ہندو فن تاریخ نویسی سے بالکل ناآشنا تھے۔ نہیں۔ کیونکہ جیسا کہ کرنیل ٹاڈ صاحب نے اپنی کتاب راجستھان کے دیباچہ میں لکھا ہے یہ بات خیال میں نہیں آسکتی کہ ہندوؤں جیسی اعلےٰ درجہ کی مہذب قوم جس نے دیگر علوم و فنون میں وہ کمال حاصل کیا ہو جو اُس زمانہ میں دنیا کی کسی اور قوم کو نصیب نہیں ہوا (اور جس کا حال ہم نے اس گرنتھ بھارت پُران کے چھٹے اور ساتویں بھاگوں میں مفصل بیان کیا ہے) اس بات کو نہ جانتی ہو کہ اپنے زمانہ کے واقعات کو قلم بند کرتی رہے +

سنسکرت میں ہسٹری یا تاریخ کو اِتہاس کہتے ہیں اگرچہ اِتہاس کا دایرہ ہسٹری یا تاریخ کے دایرہ سے زیادہ وسیع ہے + اِتہاس کا شبد تین ٹکڑوں سے مرکب ہے اور وہ تین ٹکڑے یہ ہیں :- اِتی (یہ)۔ ھ تحقیقاً۔ آس (ہوا)۔ یعنی اتہاس اُن باتوں کا بیان ہے جو تحقیقاً ہوئیں برخلاف ان باتوں کے جن کا بیان کتھاؤں میں آتا ہے + اور یہ اتہاس سنسکرت لٹریچر میں شروع سے موجود ہے + چنانچہ چھاندوگیہ اُپنشد (پرپاٹھک ۷ ۔ کھنڈ ۱) میں نارد جی کہتے ہیں کہ "میں رگوید پڑھتا ہوں۔ یجروید۔ سام وید۔ چوتھا اتھروید۔ پانچواں اتہاس پُران ویدوں کا وید" + اور اس بچن سے جہاں یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اِتہاس سنسکرت لٹریچر میں شروع سے موجود ہے وہاں یہ بھی ظاہر ہے کہ اتہاس اور پُران "ویدوں کا وید" یعنی ویدوں کی کنجی سمجھے جاتے تھے اور ان کا پٹھن اور پاٹھن بھی ویدوں کے پٹھن اور پاٹھن کی سمان ضروری اور لازمی سمجھا جاتا تھا +

---

[1] دیکھو میکڈونل صاحب کی کتاب سنسکرت لٹریچر (چیپٹر ۱ صفحہ ۵ - ایڈیشن ۱۹۰۰ء عیسوی) اور میکس مولر صاحب کی کتاب انڈیا (India-What can it teach us?) صفحہ ۸۴ +

اُپنِشد کے اُکت بچن سے یہ بھی ظاہر ہے کہ اِتہاس اور پُران دونوں ساتھ چلتے ہیں اور دونوں مل کر ویدوں کا وید سمجھے جاتے ہیں + اِتہاس بیں دھرم کی جے کے اُداہرن کے لئے پُرانوں کی کتھائیں آتی ہیں (کیونکہ دُنیا میں اگر کوئی برتانت ایسے ہیں جو بھارت کے اتہاس سے زیادہ پُرانے ہیں اور جن کا اُداہرن بھارت کے اِتہاس میں دیا جا سکتا ہے تو وہ پُرانوں کے ہی برتانت ہیں) اور پُران میں اُن راجاؤں کی پوری بنساولیاں شروع سے آخر تک دی ہوئی ہیں جن کا برنن اِتہاس میں کہیں آتا ہے + ہمارا یہ گرنتھ بھارت پُران جو سمپورن بھارت ورش کا اِتہاس ہے پُران کی ان ہی راج بنساولیوں کے آدھار پر ہے اور ایک پرکار سے ان بنساولیوں کا گویا ایک بھاشیہ ہے۔ اس لئے ہم نے اس کا نام بھارت اِتہاس کی جگہ بھارت پُران رکھا ہے + اور ویسے بھی پُران کا شبد اتہاس کی نسبت زیادہ عام فہم ہے اور بھارت اور اس کی تاریخ کے پُرانے پن کو جتانے کے لئے زیادہ بامعنی اور موزوں ہے +

لفظ تاریخ کی اصلیت بعض علمائے یہ قرار دیتے ہیں کہ یہ لفظ اصل میں تاخیر ہے۔ خیر کا اُلٹ کر ریخ بن گیا ہے۔ اور اس طرح سے تاخیر کا تاریخ ہو گیا ہے[۲] + تاخیر کے معنی دیر کے ہیں اور اس لئے تاریخ کے معنے بھی دیر یا دیرینہ یا دیرینہ حالات کے ہوئے اور اس معنی میں پُران تاریخ کا ہم معنی ہے (کیونکہ پُران کا اُرتھ بھی پُرانے یا پُرانے برتانت کا ہے) اور بھارت پُران ہندوستان کی پرانی تاریخ ہے +

اِتہاس کے دو گرنتھ۔ رامائن اور مہابھارت۔ سنسکرت لٹریچر میں پرم پرا سے چلے آتے ہیں۔ یہ دونوں گرنتھ ہندوستان کے دو پُرانے زمانوں کی پُرانی تاریخیں

---

[۲] دیکھو مولوی محمد ذکاء اللہ صاحب کی تاریخ ہندوستان جلد اول کا مقدمہ۔

ہیں مگر چونکہ ان کا طرزِ بیان اُن کتابوں کا سا نہیں ہے جن کو آجکل تاریخ کی کتابیں کہا جاتا ہے اس لئے ان کو اکثر دیوان تاریخ نہیں بلکہ افسانہ سمجھتے ہیں مگر جیسا کہ کرنیل ٹاڈ صاحب لکھتے ہیں "جو لوگ ہندوؤں سے اس قسم کی تصنیفات کی توقع رکھتے ہیں جیسی کہ یونان اور روما کی تواریخ ہیں وہ اُن خصوصیات کو نظر انداز کرنے کی غلطی کرتے ہیں جو ہندوستان کے باشندوں کو اور تمام قوموں سے الگ کرتی ہیں اور جو اُن کے علم اور عقل کے کاموں کو مغرب کے کاموں سے ممیز کرتی ہیں۔ اُن کی فلسفہ اُن کی شاعری اُن کی تعمیر اپنی قسم کی نرالی ہیں۔ اور اسی نرالے پن کی توقع اُن کے اِتہاس میں کرنی چاہیئے۔ کیونکہ مذکورہ بالا علوم و فنون کی طرح اُن کے اِتہاس نے بھی اپنا رنگ لوگوں کے دھرم کی گہری صحبت سے اختیار کیا ہوا ہے"۔

راماین سورج بنس کا اتہاس ہے اور آدی کاویہ ہے یعنی سنسکرت لٹریچر میں سب سے پہلا کاویہ (کوی کی رچنا) ہے اور سنسکرت لٹریچر دنیا میں سب سے پرانی لٹریچر ہے۔ اور مہابھارت کی تعریف خود مہابھارت (آدی پرو۔ ادھیائے ۱ شلوک ۱۰۱) میں یوں کی گئی ہے کہ "مہابھارت ایک کاویہ ہے جس میں وید کا رہسیہ۔ سانگوپانگ۔ ویدوں کا وستار۔ اتہاس پران کا تری کال سمالوچن۔ جنم مرتیو جرا ویادھی بھاو اور ابھاو کا نشچے۔ وودھ پرکار کے دھرم۔ آشرموں کا لکشن۔ چترورن کا ودھان۔ رک یجش اور سام وید کا ادھیاتم۔ نیایے۔ شکشا۔ چکتسا۔ دان۔ پاشوپت۔ کرمانوسار دویہ اور مانش جنم۔ نیرتھ۔ پنیہ دیش ندی پربت بن اور ساگر کا کیرتن۔ دھنر ودیا (فن جنگ)۔ بانی کی وشیش جاتیاں (یعنی مختلف زبانیں)۔ لوک یاترا کرم (یعنی لوگوں کے آچار بچار اور رسم و رواج)۔ اور جو سب میں ویاپک ہے اُس وستو ارتھات برہم کا پرتی پادن۔ ان باتوں کا برنن ہے"۔ گویا مہابھارت اس حساب سے نہ صرف چندر بنس کی اُس شاخ کا اتہاس ہے جس میں پانڈو اور

کٹورو اُتپن ہوئے بلکہ اُس زمانہ کی معلومات کا بھنڈار (وِشوکوش) ہے اور انسائیکلو پیڈیا برٹینکا (Encyclopaedia Brittanica) کی طرح انسائیکلوپیڈیا انڈیکا (Encyclopaedia Indica) ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ جہاں برطانیہ کی انسائیکلوپیڈیا میں مختلف مضمون بکھرے ہوئے ہیں ہندوستان کی انسائیکلو پیڈیا میں یہ سب مضمون تاریخ کی ایک لڑی میں پروئے ہوئے ہیں + اور دُنیا کی کوئی کتاب زمانہ حال کی ہو یا زمانہ قدیم کی اور تاریخ کی ہو یا کسی اور مضمون کی ایسی تاریخ نہیں دکھا سکتی +

یونان قدیم کے ایک شاعر ہومر نے جو مسیح سے کوئی نو سو برس پہلے ہوا ہے دو نظمیں لکھی ہیں جن کے نام اِلیڈ (Iliad) اور اوڈیسی (Odyssey) ہیں۔ جسامت کے لحاظ سے یہ دونوں نظمیں مل کر بھی ایک رامائن کی برابر بھی نہیں پہونچتی ہیں۔ جس کے چوبیس ہزار شلوک ہیں۔ اور مہابھارت کا تو کہنا ہی کیا ہے جس کے شلوک ایک لاکھ ہیں اور جس کے مقابلہ میں یہ نظمیں بقول سر مونیر ولیمز[۵۳] صاحب مصنف کتاب انڈین ورڈم ایسی ہیں جیسے یونان کے پہاڑی اور برساتی ندی نالے ہندوستان کے گنگا اور سندھو جیسے اتھاہ اور مہانددوں کے سامنے + پر یورپ میں یہ ہی نظمیں سب سے بڑی نظمیں ہیں + ان نظموں میں ہومر نے یونان کی تاریخ کا ایک من مانا افسانہ بیان کیا ہے اور انگلستان کے مشہور شاعر پوپ کے نزدیک جس نے ان نظموں کا انگریزی نظم میں ترجمہ کیا ہے ہومر کا ہُنر ہی یہ ہے کہ اُس نے ایک ایسا افسانہ ایجاد کیا ہے + اس خیال کو لے کر بعض فرنگی وِدوان رامائن اور مہابھارت کو بھی ایک ایسا ہی افسانہ سمجھتے ہیں اور اُن کے انوبائی ہندوستانی وِدوان بھی

---

[۵۳] اِن صاحب کے اور حالات کے لئے دیکھو آگے اس گرنتھ کا ادھیائے ۱ صفحہ ۸ +

اسی خیال کی پیروی کرتے ہیں مگر جیسا کہ ہم پیچھے جھلکا آئے ہیں یہ خیال ایک خام خیال ہے اور اس کا سما دھان ہم نے اس گرنتھ بھارت پُران کے بھاگ ۲ اور بھاگ ۳ میں جو ان ہی دو اتہاسوں رامائن اور مہابھارت کے آدھار پر لکھے گئے ہیں کیا ہوا ہے +

مہابھارت کے بعد پھر کوئی اتہاس ایسا نہیں بنا جو رامائن اور مہابھارت کی طرح مقبول عام ہو کر ہندوستان کے کونے کونے میں پھونچگیا ہو اور اس طرح سے زمانہ کی دستبردوں سے بچ گیا ہو + لوکل یعنی استھانی اتہاس جو بنے وہ جس استھان اور جس راج میں بنے اُسی استھان اور اُسی راج میں محدود رہے اور اُن استھانوں اور اُن راجوں کے نشٹ ہونے کے ساتھ نشٹ ہو گئے + چنانچہ مہاراجہ پرتھوی راج جو ہندوستان کا آخری چکرورتی راجا تھا اور جس کی راجدھانی اندرپرستھ (دہلی) میں تھی اس کا اتہاس اُس کے ساتھ نشٹ ہو گیا + اس اتہاس کا نام پرتھوی راج راسا تھا۔ اور اُس کو اُس کے مورخ چندر بردے[۵۷] نے تصنیف کیا تھا + اس اتہاس کے مہابھارت کی طرح سے ایک لاکھ چھند تھے اور جو لوگ اس بات کا یقین نہیں کر سکتے کہ مہابھارت کے ایک لاکھ شلوک ایک ہی مُنی ویاس نے مرتب کئے تھے وہ یہاں دیکھ لیں کہ پرتھوی راج کے اس راسا کے ایک لاکھ چھند بھی ایک ہی کبی چندر بردے نے رچے تھے + اس راسا میں پرتھوی راج اور اُس کے بنس کے اتہاس کے ساتھ بھارت ورش کے اور راجاؤں کا بھی حال تھا۔ کرنیل ٹاڈ صاحب کو یہ راسا کہیں راجپوتانہ کی ریاستوں میں مل گیا تھا اور انہوں نے اُس کے تیس ہزار چھندوں کا ترجمہ بھی کیا تھا۔ مگر اب نہ یہ راسا ملتا ہے اور نہ اُس کا ترجمہ + ٹاڈ صاحب نے آٹھ سو صندوق قلمی پستکوں سے بھر

---

[۵۷] سنسکرت چرد + انگریزی کا لفظ بارڈ (Bard) اور اُردو کا بردے سنسکرت کے اسی لفظ ورد یا برد کی بگڑی ہوئی شکلیں ہیں +

کہ جو اُن کو راجپوتانہ میں دستیاب ہوئی تھیں لندن کی رواِیل ایشیاٹک سوسائٹی میں بھیجے تھے اور شاید یہ راماسا اور اُس کا ترجمہ بھی اُن میں ہی گیا[۵۵] +

غزنی اور غور کے جاہلوں نے تو ہندوستان کے کُتب خانوں کو تباہ کیا ہی تھا پر یورپ کے عالموں نے بھی اس بارہ میں کچھ کسر نہیں چھوڑی۔ یہ شایقین علم و ہُنر ہندوستان سے ایک ایک کتاب چُن چُن کر لے گئے اور جہاں اب ہندوستان میں ان کتابوں کا کال ہے وہاں انگلینڈ فرانس جرمنی اور آسٹریا کے کتب خانہ ان سے مالا مال ہیں۔ مگر پھر بھی کچھ کتابیں ہندوستان میں رہ ہی گئی ہیں اور پُران ان ہی کتابوں میں سے ہیں اور ان کے رہجانے کی وجہ یہ ہے کہ راماین اور مہابھارت کی طرح سے پُران بھی مقبول عام ہوکر ہندوستان کے کونے کونے میں پھیل گئے تھے اور کہیں نہ کہیں رہ ہی گئے + ان پُرانوں میں بقول وِلسن صاحب جنہوں نے وِشنو پُران کا انگریزی میں ترجمہ کیا ہے "وہ تمام مادّہ شامل ہے جو ہندوؤں کے پاس اپنے پُرانے اتہاس کا موجود ہے۔ یہ مادّہ بنسوں اور بنسجوں کی ایک خاصی مفصل فہرست ہے اگرچہ واقعات کا بیان اس میں کچھ نہیں ہے۔ اور اس میں کلام نہیں ہوسکتا کہ یہ اگر واقعات کا نہیں تو ذاتیات کا ایک سچا چٹھا ہے"[۵۶] وغیرہ وغیرہ +

وِلسنٹ سمتھ (Vincent Smith) صاحب اپنی کتاب ارلی ہسٹری اوف انڈیا (Early History of India) یعنی ہندوستان کی ابتدائی تاریخ

---

۵۵ وِلسنٹ سمتھ صاحب اپنی کتاب اینشینٹ اینڈ ہندو انڈیا (Ancient and Hindu India) یعنی قدیمی اور ہندو انڈیا میں لکھتے ہیں کہ اس کے چند سو لاکھ تھے مگر اصلی تصنیف پانچ ہزار چھندوں کی ہی تھی اور وہ اب بھی جودھپور میں چندر کے خاندان کے آدمیوں کے پاس ہے +

۵۶ وِلسن صاحب کے پورے بیان کے لئے دیکھو آگے صفحہ ۲۲۶ +

ہیں ولسن صاحب کی تائید کرتے ہیں اور لکھتے ہیں کہ "ہندوستان کی تاریخی روایات کا سلسلہ وار حال پُرانوں کی بنساولیوں میں موجود ہے۔ اٹھارہ پُرانوں میں سے پانچ یعنی وایو متسیہ۔ وشنو۔ برھمانڈ اور بھاگوت میں بنساولیاں موجود ہیں۔ حالیہ یوروپین مورخ پُرانوں کی بنساولیوں کے پرمانوں کو ناواجب طور سے بے وقعت سمجھتے ہیں لیکن اگر ان کو غور سے دیکھا جاوے تو ان میں بہت کچھ اصلی اور قیمتی تاریخ کا مادہ ملتا ہے۔ مثلاً وشنو پُران میں مغوریہ بنس کی تاریخ کا ڈھانچہ قریب قریب صحت کے ساتھ درج ہے اور متسیہ پُران کا قلمی نسخہ جو ریڈکلف (Radcliff) کو ملا ہے وہ اندھر بنس کی تاریخ کے لئے ایسا ہی قابل اعتبار ہے۔ اور اس بات کا ثبوت حال میں ہی چھپ چکا ہے۔ کہ سکّوں اور کتبوں سے کیسی حیرت انگیز تصدیق اندھر بنس کی اُن بنساولیوں کی ہوتی ہے جو متسیہ پُران میں دی ہوئی ہیں"۔

پُرانوں کی اِن بنساولیوں میں گلیسیل پیریڈ (Glacial Period) یعنی ہم جُگ کے اُس برفانی طوفان سے لے کر جو آج سے تقریباً چودہ ہزار برس پہلے اور ملکوں کے ساتھ ہندوستان پر بھی نازل ہوا اور جس کا مفصل حال ہم نے آگے ادھیائے ۲ میں بیان کیا ہوا ہے اندھر بنس کے آخر اور گپت بنس کے شروع تک یعنی اُس زمانہ تک کہ جب یونان کا بادشاہ سکندر اعظم ہندوستان میں[۱] آیا ہندوستان کے تمام راجاؤں اور مہاراجاؤں کی بنساولیاں اور اُن کے کچھ کچھ روایتی حالات مسلسل دئے ہوئے ہیں۔ اور دنیا کے کسی اور مُلک یا کسی اور قوم کی کوئی ہسٹری یا تاریخ ایسی نہیں ہے جو

---

[۱] فرنگی مورخ اس زمانہ کو مغوریہ بنس کے چندر گپت سے ملاتے ہیں مگر پُرانوں کی رو سے یہ زمانہ گپت بنس کے چندر گپت سے ملتا ہے۔ جیسا کہ آگے اسی بھومکا میں دکھایا جاتا ہے۔

اپنے بادشاہوں کے نام ہی بارہ ہزار برس تک سلسلہ وار بتا سکتی ہو +

اکثر سجن پُرانوں کو اس کارن سے کہ اُن میں کہیں کہیں ایسی کتھائیں آتی ہیں جو آجکل کی سبھیتا کی درشٹی میں اسبھیہ دکھائی دیتی ہیں پھونک دینے کے قابل سمجھتے ہیں۔ اور اس قابل نہیں سمجھتے کہ اُن کو پڑھا بھی جاوے + مگر اوّل تو پُرانوں کی یہ کتھائیں ورتمان سرشٹی کی نہیں ہیں بلکہ اُن سرشٹیوں کی ہیں جو ہو ہو کر لے ہو چکی ہیں جیسا کہ ہم نے آگے اس گرنتھ کے صفحہ (۴۰) پر دکھایا ہوا ہے دوسرے اگر اُن میں کہیں کہیں کوئی اسبھیہ بات یا کوئی اشلیل شبد ہے بھی تو اُس کو چھوڑ دینا چاہیئے اور اُن کی اچھی باتوں کو گرہن کرنا چاہیئے + سمجھدار آدمی گھر کے کوڑے کو بھی دیکھ بھال کر پھونکتے ہیں تاکہ کوڑے کے ساتھ گھر کا کوئی رتن بھی نہ پھُک جائے + پُرانوں کی راج بنسادلیاں ٹھیک ایسے ہی رتن ہیں اور اگر پُرانوں میں ان کے سوائے اور جو کچھ بھی ہے وہ سب کوڑا ہی ہے تو بھی پُران کیول ان رتنوں کے کارن ہی نہایت قابل قدر گرنتھ ہیں + یہ بنسادلیاں ہندو اتہاس کی جان ہیں اور ان ہی بنسادلیوں کے اکثر راج رشی اکثر وید منتروں کے درشٹا اور کرتا ہوئے ہیں اور بعض کے نام تو وید منتروں کے اندر بھی آئے ہیں جیسا کہ ہم ابھی آگے اسی بھومکا میں دکھائیں گے +

پُرانوں کی بنسادلیاں تو جیسا کہ ابھی اوپر بتایا گیا ہے اندھر بنس کے ساتھ ختم ہو گئیں کیونکہ اس کے بعد بھارت ورش اکھنڈ منڈل نہیں رہا کھنڈ منڈل ہو گیا اور الگ الگ کھنڈوں کے الگ الگ راجا ہو گئے۔ مگر کلیُگ راج ورتانت نامی گرنتھ میں یہ بنسادلیاں اور آگے چلتی رہی ہیں اور یوں تو اس میں دھارانگری (مالوہ) کے راجا بھوج (۱۰۱۸-۱۰۶۰) کے سامتوں جانشین ارجن بھوج (۱۲۱۱ تا ۱۲۶۰ عیسوی) تک کے کچھ کچھ حالات درج ہیں مگر اندھر بنس کے جانشین گپت بنس کا حال اس میں مفصل اور مسلسل درج ہے۔ اور اس کے بیان کی عجیب صداقت کتبوں اور سکوں سے ثابت ہو رہی ہے +

مثلاً اس بنس کے دوسرے راجا سمدر گپت کے دشے میں (پہلا راجہ مشہور چندر گپت تھا جس کی ٹکر کو سکندر اعظم کا جانشین سلوکس نہ سہہ سکا اور چندر گپت کو اپنی بیٹی بیاہ کر رخصت ہوا) لکھا ہے کہ وہ سنگیت رسک تھا اور اُس کے سکّوں پر جو مورت ٹھپی ہوئی ہے وہ سچ مچ بیٹھی بین بجا رہی ہے + پھر شاستروں میں لکھا ہے کہ اس نے ایک چھتر چکرورتی راجا ہونے کی حیثیت سے اشومیدھ یگیہ رچا تھا۔ اور اُس کے ثبوت میں اس کے چند سکّے اور یہ سب سکّے سونے کے ہیں ایسے ملے ہیں جن پر ایک طرف رانی دتا دیوی کی مورت اور "اشومیدھ پراکرم" کے شبد ٹھپے ہوئے ہیں اور دوسری طرف ویدی کے آگے کھڑے ہوئے ایک اشو (گھوڑے) کی مورتی کھدی ہوئی ہے + چوتھے راجا کمار گپت اول کا ایک کتبہ بلسد (واقعہ صوبجات آگرہ اور اودھ) میں نکلا ہے اور اس میں اُس کی ساری بنساولی لکھی ہوئی ہے +

کشمیر ہمالہ کی گود میں بیٹھا ہوا زمانہ کے انقلابات سے مقابلتہً بچا رہا اور اس لئے اُس کا اتہاس بھی بچا رہا اور کلہن پنڈت نے ۱۱۴۸ء میں اس کو سمیٹ سماٹ کر راج ترنگنی کے روپ میں سمپادت کر دیا + اس میں مہابھارت کے زمانہ سے لے کر کلہن پنڈت کے زمانہ تک کشمیر کے اتہاس کا برنن ہے لیکن اس میں جگہ جگہ کشمیر سے باہر کے اتہاسوں کے بھی حوالے آتے ہیں اور یہ حوالے ہندوستان کی تاریخ کے لئے کارآمد ہیں + اکبر کے زمانہ میں ابوالفضل نے اس راج ترنگنی کا ترجمہ فارسی میں کیا تھا اور اب ڈاکٹر سٹاین (Dr. Stein) صاحب نے اس کا ترجمہ انگریزی میں کیا ہے اور اس کے دیباچہ میں انہوں نے لکھا ہے کہ "ہندوؤں کے زمانہ کے ہندوستان کی نسبت یہ اکثر کہا جاتا ہے کہ اُس کی کوئی تاریخ نہیں ہے۔ یہ صحیح ہے اگر ہم ہسٹری سے ہسٹری کا وہ علم سمجھیں جو کلاسیکل کلچر (یعنی یونان اور روما کی قدیم تہذیب) سے ہم کو میراث میں ملا ہے لیکن یہ صریحاً غلط ہے اگر ہسٹری سے تاریخی انکشاف یا اُس کے

مُطالعہ کا سامان سمجھا جاوے۔ ہندوستان کے شاستروں میں تاریخ کا ایسا مُطالعہ تو نظر نہیں آتا ہے جیسا کہ یُونان اور رومانے یا جیسا کہ حالیہ یوروپ نے اُسے سمجھا ہے تاہم ایسے مُطالعہ کے لئے مصالحہ ہمارے پاس ہندوستان میں بھی اتنا ہی موجود ہے۔ یہ مصالحہ نہ صرف معلومات کے ایسے اصلی ذرایع میں موجود ہے جیسے کہ کتبے اور سکّے اور عام آثار قدیمہ بلکہ تحقیقات جو ترقی کر رہی ہے اُس سے ثابت ہو گیا ہے کہ واقعات یا اُن کے متعلقہ حالات کے تحریری بیانات کی بھی ہندوستان قدیم میں کوئی کمی نہیں رہی ہے[۵]"۔

راجپوتانہ کی ریاستوں میں بھی جو ابھی تک باقی ہیں اور جو اپنا سلسلہ حسب و نسب پیچھے ویدک کال تک لے جاتی ہیں اُن کے اتہاس ابھی تک موجود ہیں۔ اور اُن میں اودے پور یا میواڑ کے اتہاس کمبھن راسا۔ راج بلاس مُصنفہ مان کبیشُر۔ اور راج رتناکر مصنفہ سداشو بھٹ۔ اور جودھپور یا مارواڑ کے اتہاس سورج پرکاش مصنفہ کبی کرندھان (کرونا ندھان)۔ راج رو پک آکھیات۔ بجے بلاس اور رکھیات۔ اور جے پور کے اتہاس جے بلاس اور مان چرتر پر سِدّھ ہیں اور کرنیل ٹاڈ صاحب نے اپنی کتاب راجستھان اِن اور اِن جیسے اور اتہاسوں سے ہی مرتب کی ہے + اور واضح ہو کہ بجے بلاس کے بھی پرتھوی راج راسا کی طرح سے جس کا ذکر پیچھے آچکا ہے ایک لاکھ چھند ہیں + ان کتابوں کے علاوہ جو خاص اِتہاس یعنی تاریخ کے وشے میں ہیں سنسکرت لٹریچر

---

[۵] ڈاکٹر ٹائین صاحب یہاں ہسٹری کے وشے میں یونانیوں کے علم اور ہنر کا ذکر کرتے ہیں اور فرنگی دوان سب یونانی مورخ ہیروڈوٹس Herodotus کو جو مسیح سے ۴۹۰ برس پہلے ہوا ہے تاریخ کا باپ سمجھتے ہیں مگر یونانی مورخ خود ہیروڈوٹس کے بیانات کو ٹھیک نہیں سمجھتے ہیں اور بکلے Buckley صاحب ہومر کی اُس سوانحعمری کو جو ہیروڈوٹس نے لکھی ہے تاریخی پہلو سے بالکل نکمّی بتاتے ہیں (دیکھو ہومر کی کتاب اوڈیسی مُترجمہ پوپ اور اُس پر بکلے صاحب کا دیباچہ) +

(ویدا اور ویدک لٹریچر سے لے کر کاویوں اور ناٹکوں تک) اتہاس کے حوالہ جات سے بھری ہوئی ہے اور کالیداس کا رگھووَنش اور بان کا ہرش چرت اور وِشاکھ دت کا ناٹک مُدرا راکھشس وغیرہ وغیرہ تو ایسے کاویہ ہیں جو سراسر اِتہاس ہی ہیں + اور کتبے اور سکّے جو جگہ جگہ برآمد ہو رہے ہیں اِتہاس پر نئی روشنی ڈالتے ہیں اور ہندو شاستروں کے لیکھوں کی صداقت کو ثابت کر رہے ہیں +

فرنگی وِدوانوں نے اس میدان میں خاص کر کتبوں اور سکّوں کے کھوجنے میں نہایت تلاش اور تحقیقات کی ہے اور اس تحقیقات میں اُنہوں نے نہایت محنت اور سرگرمی سے کام لیا ہے اور ہم اُن کی اس محنت اور سرگرمی کے مدّاح اور مشکور ہیں مگر دو قسم کے تعصب ایک مذہبی اور ایک قومی اِن وِدوانوں کو دائیں اور بائیں سے جکڑے ہوئے ہیں اور اِن بندشوں میں جکڑے ہوئے یہ وِدوان آزادی کے ساتھ کام نہیں کر سکتے + بلحاظ مذہب کے یہ وِدوان بائیبل یعنی انجیل کے پیرو ہیں اور چونکہ انجیل دُنیا کی پیدائش کو ہی آج سے چھ ہزار برس پہلے بتاتی ہے (دیکھو آگے ادھیائے ۱ کا صفحہ ۸) اس لئے یہ ہندوستان کی تاریخ کی کسی بات کو بھی آج سے پانچ ہزار برس پہلے تک بھی لے جانا گوارا نہیں کر سکتے + مگر واقعات واقعات ہیں اور چھپائے نہیں چھپ سکتے۔ چنانچہ اب دھرتی ماتا نے ہی اِدھر سندھ کے اور اُدھر میسوپوٹیمیا کے پُرانے کھنڈرات کی کھدائیوں میں سے ایسی چیزیں نکال کر دھر دی ہیں جن کو اب خود فرنگی وِدوان ہی آج سے پانچ پانچ اور چھ چھ ہزار برس پہلے کی ماننے پر مجبور ہوئے ہیں (دیکھو آگے اسی بھاگ ۱ کا صفحہ ۵۱ اور ۵۲) + بلحاظ قوم کے یہ وِدوان یوروپین ہیں اور ان کی قومی غیرت یہ تقاضائے نہیں کر سکتی کہ یوروپ اور خصوصاً یوروپ کا مُلک یونان جسکی تہذیب اور تربیت ان کی تہذیب اور تربیت کا ماخذ ہے کسی بات میں ہندوستان کا یا ایشیا کے کسی دوسرے

ملک کا خوشہ چین ثابت ہو۔ اور اس لئے اوّل تو ان کو ہندوستان کی تہذیب اور تربیت اور علم اور ہنر میں کوئی بات ایسی دکھائی ہی نہیں دیتی جو یونان سے بڑھ کر تو کیا اُس کے برابر بھی ہو اور جو کہیں کوئی ایسی دکھائی دیتی ہے جس کو وہ یونان کے برابر مانے بغیر نہیں رہ سکتے تو وہ اُس کو یونان کی ہی تہذیب اور تربیت اور علم و ہنر کا نتیجہ قرار دیتے ہیں اور اس لئے اُس کے زمانہ کو یونان کی تاریخ سے پیچھے ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں + چنانچہ اور تو اور جب سنسکرت زبان ہی فرنگیوں کو معلوم ہوئی اور وہ یونانی وغیرہ فرنگی زبانوں کا ماخذ دکھائی دی تو انگلستان کے ایک مشہور فلسفہ دان ڈیوگلڈ سٹوارٹ (Dugald Stewart) نے لکھ مارا کہ سنسکرت لٹریچر کا تو ذکر ہی کیا ہے خود سنسکرت زبان ایک جعل ہے جس کو مکار براہمنوں نے سکندر کی فتح کے بعد یونانی زبان کے نمونے پر گھڑ لیا ہے (دیکھو میکڈونل صاحب کی کتاب سنسکرت لٹریچر چیپٹر ۱) + مگر اب ان میں سے ہی ایک فرنگی وِدوان مسٹر لوکوک نے اپنی کتاب انڈیا ان گریس (ہندوستان در یونان) میں لکھکر دکھا دیا ہے کہ معاملہ اس کے برعکس ہے یعنی ہندوستان کی تہذیب پر یونان کا کوئی اثر نہیں ہے بلکہ یونان کی تہذیب میں ہر جگہ ہندوستان کا ہاتھ دکھائی دیتا ہے (دیکھو آگے صفحہ ۳۸۶) +

غرض باوجود اس کے کہ ہندوؤں کی لٹریچر عموماً اور اُس کا وہ حصّہ خصوصاً جو خاص اِتہاس سے سمبندھ رکھتا ہے قریب قریب سب نشٹ ہو چکا ہے جو کتابیں بِرائے نام رہ گئی ہیں اُن میں اسقدر مصالحہ اب بھی باقی ہے کہ اگر اُس سب کی چھان بین کی جائے اور فرنگی وِدوانوں کی تحقیقات اور تلاش کو بھی اُن کے تعصبات سے پاک کیا جا کر اس میں شامل کیا جاوے تو اُس سب کی رو سے ایک مکمّل اِتہاس ہندوؤں کا اور ہندوؤں کی تہذیب کا تیار ہو سکتا ہے + اور ہم نے اپنے اس گرنتھ بھارت پُران کو اسی طرح اور اسی مصالحہ سے سمپادِت کیا ہے +

یہ کام کوئی ایسا کام نہیں تھا جس کو کوئی اکیلا آدمی چار پانچ برس میں تیار کر سکتا اس لئے ہم کو اس کے تیار کرنے میں دن اور رات لگاتار محنت کرتے ہوئے بھی پورے چالیس برس لگے ہیں + یوں تو ہم کو شروع سے یعنی جب سے کہ ہم نے کالج میں ہسٹری کی کتابوں کے اندر یہ پڑھا کہ ہندوؤں کی کوئی تاریخ نہیں ہے یہ خیال دامن گیر تھا کہ ہندوؤں کی اس کمی کو پورا کیا جائے لیکن جب شری حضور مہاراجہ راجندر سنگھ صاحب بہادر والئے ریاست پٹیالہ جن کے حضور میں ہم پرائیویٹ سکریٹری کا کام کرتے تھے ۱۹۰۰ء میں بیکنٹھ مراتب ہوئے اور ہم کچھ دنوں کے لئے خالی بیٹھے۔ تو اس خیال نے ہم کو اور گدگدایا اور انجام ہم نے کمر ہمت باندھ کر اس کام کو باقاعدہ طور پر اپنے ہاتھ میں لے لیا + پہلے ہم نے فرنگی ودوانوں کی تصنیفات پڑھیں مگر ان سے ہماری پریشانی اور بڑھی کیونکہ ان میں تمام کارخانہ ہی اُلٹ پُلٹ تھا یہاں تک کہ طامسن (Thompson) صاحب کی ہسٹری میں (اور یہ کتاب اُن دنوں میں پنجاب یونیورسٹی کے امتحان انٹرنس کے لئے ٹکسٹ بک تھی) یہ لکھا تھا کہ مہابھارت کے واقعات پہلے اور رامائن کے واقعات پیچھے ہوئے یعنی کرشن اوتار پہلے اور رام اوتار پیچھے ہوا + اس پر ہم نے سنسکرت کے اصل گرنتھوں کی طرف توجہ کی مگر سنسکرت ہم کو آتی نہیں تھی کیونکہ کالج میں ہم نے یہ مضمون لیا نہیں تھا اس لئے ہم نے سنسکرت پڑھنی شروع کی اور کئی برس ہم کو سنسکرت کے پڑھنے میں لگ گئے + سب سے پہلی پُستک جو سنسکرت میں ہم نے پڑھی وہ شریمد بھگوت گیتا تھی اور اس کو پڑھتے ہوئے جو ہم نے اصل کا اُس کے انگریزی ترجموں سے مقابلہ کیا تو دیکھا کہ ترجمے میں وہ بات ہی نہیں ہے جو اصل میں ہے اگرچہ ناں سے ہاں ضرور ہے + اس لئے ہم اصل گرنتھوں کی طرف اور بھی زیادہ مایل ہوئے۔ اور اڑتیس برس تک ان گرنتھوں کے سمُندر کو متھتے رہے اور اس سمُندر منتھن سے جو رتن اتہاس کے وشے میں ہم کو ملتے رہے اُن کو چُنتے رہے اور

بھارت ورش کے اِتہاس کے اندر جہاں جہاں ان کی جگہ آتی تھی وہاں وہاں اُن کو جڑتے رہے + اس جڑائی نے انجام ایک بڑے وِشال اور سُندر بھوشن کا روپ دھارن کیا اور وہ بھوشن یہ بھارت پُران ہے جس کی پہلی لڑی آج ۱۹۳۸ عیسوی میں ہم باہر نکالتے ہیں تاکہ وِدوان اس کو دیکھیں اور پرکھیں +

اس گرنتھ کے آٹھ بھاگ ہیں اور اُن کے مضامین کی فہرست جو ہم نیچے درج کرتے ہیں اُس سے ناظرین خود دیکھ لیں گے کہ ہمارا یہ کہنا کہ ہم کو اس گرنتھ کی تیاری میں چالیس برس لگے ہیں یتھارتھ ہے یا نہیں + چالیس برس تو ہم نے اس خیال سے لکھے ہیں کہ ہمارے یہ تمام بھاگ دو برس کے اندر چھپ کر تیار ہو جائیں ورنہ اگر پان سات برس لگے اور چھپائی میں جو مشکلات ہم کو پیش آرہی ہیں اُس سے اندیشہ ہے کہ شاید پان سات برس ہی لگ جائیں تو چالیس کی جگہ پینتالیس برس ہی لگیں گے + پرمیشور پرماتما کا شکر ہے کہ اُس نے اتنے عرصہ تک ہم کو اس گرنتھ کی تیاری کے لئے جیتا رکھا اور اس کی درگاہ سے امید ہے کہ جب تک اس گرنتھ کے آٹھوں بھاگ چھپ کر تیار نہ ہو جائیں وہ ہم کو اس دُنیا سے نہیں اُٹھائے گا + ان آٹھوں بھاگ کی تفصیل یہ ہے :-

پہلا بھاگ

(سرشٹی کی اُتپتّی سے ویدک کال تک)

ادھیائے ۱

(سرشٹی کی اُتپتّی ۔ اُس کی آیو اور اُس کا سمّوت)

اس ادھیائے میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ سرشٹی انادی ہے جس کا آدی ہے نہ انت ہے مگر جس طرح دن کے پیچھے رات اور رات کے پیچھے دن ہوتا چلا آیا ہے اور

ہوتا چلا جائیگا + اسی طرح سرشٹی کے پیچھے پرے اور پرے کے پیچھے سرشٹی ہوتی چلی آئی ہے اور ہوتی چلی جائے گی مگر جس طرح رات اور دن کی ایک حد ہے کہ بارہ گھنٹہ کا دن اور بارہ گھنٹہ کی رات ہوتی ہے اُسی طرح سرشٹی اور پرے کی بھی ایک حد ہے کہ چار ارب بتیس کروڑ ۴۳۲۰۰۰۰۰۰ برس کی سرشٹی اور اتنے ہی برس کی پرے ہوتی ہے + کال کے اس پرمان (چار ارب بتیس کروڑ برس) کو کلپ کہتے ہیں اور یہ ہی سرشٹی کی کُل آیو ہے + ورتمان سرشٹی کو اس وقت، (۱۹۳۸ عیوی تک) ۱۹۷۲۹۴۹۰۳۹ برس ہو چکے ہیں اور یہ ہی سرشٹی کا سمُوت ہے +

پُرانوں نے اور جیوتش کے شاستروں نے اس کلپ کا وِدھان یُگ چترُیگ اور منونتر کے روپ میں کیا ہے مگر آجتک کسی نے یہ ثابت کر کے نہیں دکھایا ہے کہ کلپ کے اور یُگ چترُیگ اور منونتر کے جو کلپ کے انگ ہیں اتنے اتنے ہی برس کیوں ہیں جتنے جتنے اُن کے لئے قرار دئے گئے ہیں ہم نے اس کو ثابت کر کے دکھایا ہے + اسی سلسلہ میں ہم نے دِوّیہ اور مانُشی یُگ اور چترُیگ کی کیفیت بیان کی ہے اور وید براہمن آپتشد پُران اور سانکھیہ درشن میں سرشٹی کی اُتپتّی کا کرم (سلسلہ) جس طرح برنن کیا ہوا ہے اُس کو مفصل بیان کیا ہے اور دکھایا ہے کہ ہندو بھُوگرِبھ وِدّیا یعنی علم جیولوجی سے تو واقف تھے ہی لیکن اس کے ساتھ وہ برھمانڈ یعنی بیضۂ عالم کی ماہیّت سے بھی واقف تھے کہ جس میں سے خود یہ بھُو (پرتھوی) پیدا ہوئی جس کو جیولوجی ٹٹولتی ہے +

ادھیائے ۲

ورتمان منونتر کا آخری طوفان

اس ادھیائے میں دکھایا گیا ہے کہ اس ۱۹۷۲۹۴۹۰۳۹ برس کے عرصہ

میں جو اس وقت تک سرشٹی کی اُتپتی کو ہوئے دنیا کے اوپر کیا کیا گذرا۔ اور بتایا گیا ہے کہ گلیسیل پیریڈ (Glacial Period) یعنی ہم جُگ کا وہ طوفان جو علم جیولوجی کی رُو سے آج سے ۱۳۶۴۸ یعنی تقریباً چودہ ہزار برس پہلے روئے زمین پر نازل ہوا وَرتمان منوشتر کی اس دُنیا کا آخری طوفان ہے۔ اور جس کو ہندوؤں کے شاستر شرادھ دیو منو کا طوفان اور دوسری قومیں نوحؑ کا طوفان کہتی ہیں وہ غالباً گلیسیل پیریڈ کا یہ ہی طوفان ہے + بہرحال ہندوؤں کا ورتمان اتہاس بھارت ورش کے اسی طوفان میں سے اُبھرنے کے بعد پھر نئے سرے سے شروع ہوتا ہے اور یہ ہی اتہاس ہمارے بھارت پُران کا اتہاس ہے +

ادھیائے ۳

ویدک کال اور ویدک رشیوں کا حال

اس ادھیائے میں اوّل وَرتمان کلپ کے مریچی آدک دس پرجاپتیوں کا جو مانس (من سے رچی ہوئی) سرشٹی سے سمبندھ رکھتے ہیں اور وَرتمان منوشتر کے وَسشٹھ آدک سپت رشیوں کا جو نشیہ رشی ہیں حال اور اُن کی کتھاؤں کا مفصل احوال درج کیا گیا ہے اور پھر رگوید کی آرش انوکرمنکا میں جو وید منتروں کے درشٹا اور کرتا رشیوں کی سوچی یعنی فہرست دی ہوئی ہے اُس کی رو سے ہر ایک رشی کا حال جو کچھ اور جتنا کچھ کہ ہم کو معلوم ہو سکا ہے دیا جا کر یہ دکھایا گیا ہے کہ ان رشیوں میں سے تیس ۳۰ رشی ایسے ہیں جو کچھ سورج بنس کے اور کچھ چندر بنس کے راجا ہوئے ہیں اور منو (ویوسوت) سے لے کر تیس پیڑھی آگے تک مسلسل چلے آئے ہیں (دیکھو صفحات ۱۹۷ تا ۱۹۹) + نئی پیڑھی سو برس حساب میں آتے ہیں (دیکھو صفحات ۵۶ تا ۶۶) اور اس حساب سے یہ ویدک کال وَرتمان منوشتر کے اُس آخری طوفان سے لے کر جس کا

ذکر پچھلے ادھیائے میں کیا گیا ہے تین ہزار برس آگے تک یعنی آج سے چودہ ہزار برس پہلے سے آج سے گیارہ ہزار برس پہلے تک رہا + ان راج رشیوں میں سے کئی ایک کے نام خود وید کے اندر آتے ہیں +

اکثر سجنوں کا خیال ہے کہ ویدیں جو شبد آئے ہیں وہ یوگِک یعنی لغوی ہیں رُوڑھی یعنی اصطلاحی نہیں ہیں اور اس لئے وہ کیول اُس دھاتو کے ارتھ کے واچک ہیں جس سے وہ نکلے ہیں اور کسی خاص وِکتی یا جاتی کے واچک نہیں ہیں۔ اور یہ سجن یاسک آچارج کے نِرُکت کو اپنے خیال کے ثبوت میں پیش کرتے ہیں + مگر یاسک تو اپنے نِرُکت میں کیول یہ کہتا ہے کہ شاکٹائین کا مت یہ ہے کہ نام ارتھات اسم آکھیات ارتھات فعل سے نکلے ہوئے ہیں اور نِرُکت کار اس سے سہمت ہیں - اور جب گارگیہ اور بعض دیاکرن اس پر یہ اعتراض اُٹھاتے ہیں کہ اگر ایسا ہوتا تو دھاتو سے بنا ہوا نام ہر اُس وِکتی کا نام ہوتا جس میں اُس دھاتو کے ارتھ پائے جاتے ہوں مثلاً گئو کا نام جو گو دھاتو بمعنی چلنا سے بنا ہے گائے کے ساتھ گھوڑے کا بھی نام ہوتا کیونکہ وہ بھی چلتا ہے تو یاسک جواب دیتا ہے کہ نام نکلا ہوا تو اپنی دھاتو سے ہی ہے اور اُس دھاتو کے ارتھ کو اپنے ساتھ لئے رہتا ہے مگر ویوہار میں وہ کسی ایک وِکتی کے ساتھ منسوب ہو جاتا ہے + اس لئے گئو اگرچہ دھاتو کے ارتھ کے انوسار ہر ایک چلنے والے جانور کا نام ہو سکتا ہے مگر ویوہار میں وہ خاص گائے کا نام ہو گیا ہے - اور اسی لئے وید کے سُوکت ۶-۲۸ اور ۱۰-۱۶۹ جو گئو کی مہما میں آئے ہیں گائے کی ہی مہما میں ہیں نہ کہ ہر ایک چلنے والے جانور کی مہما میں + اسی طرح سے وسِشٹھ آدک سپت رشی اور منو آدک راج رشی جن کا ذکر ویدوں کے اندر آیا ہے ان کے نام اگرچہ اپنے ساتھ اُن دھاتوؤں کے ارتھ لئے ہوئے ہیں جن سے کہ یہ بنے ہیں لیکن ویوہار میں وہ ان وِشیش وِکتیوں کے ساتھ ہی منسوب ہیں +

پنڈت آریامُنی نے جو آرئیہ سماج کے ایک پرسِدّھ پنڈت تھے ایک کتاب ویدک کال کا اِتہاس لکھی ہے اور اس کتاب میں انہوں نے صفحہ ۱۱۸ پر اس وِشے میں یوں لکھا ہے:۔
"جو لوگ ویدوں کے آدھیاتمِک ارتھوں پر وِشواس کرتے ہیں کہ ویدوں میں ایشور کی استُتی پرارتھنا آدی ہی ہے اُنشوئیہ سمپادن کا برنن نہیں وہ ہمارے اُکت لیکھ پر اوشیہ رُشٹ ہونگے کہ ویدوں میں رُوڑھ یا یوگ رُوڑھ شبدوں کا کیا تات پرج۔ یدی ویدارتھ کو بچار پوربک دیکھا جاوے تو اُن کو بھی ماننا پڑیگا کہ ویدوں میں یوگ رُوڑھ شبد بھی انیک ہیں انیتھا (نہیں تو) نِشک کے ارتھ آچاریوں نے مُہر (اشرفی) کے کئے ہیں وہ یوگ رُوڑھ مانے بِنا کیسے کر سکتے تھے" + آگے چل کر صفحہ ۱۲۳ پر پنڈت جی سرسوتی کے وِشے میں پھر لکھتے ہیں کہ "جو لوگ کیول آدھیاتمِک ارتھ کرکے ویدوں کو دُوشِت کرتے ہیں اُن کے نِراکرن ارتھ آدھی بھوتِک ارتھوں دوارا سرسوتی کے ارتھ نِدی کرکے بیہت اوتر دینا ہے کہ ویدک سمے کی سمپُورن پرسِدّھ پرسِدّھ ندیاں جو آرئیہ ورت میں بہتی تھیں اُن سب کا نام ویدمیں آنے سے یہ بات کٹ جاتی ہے کہ ویدک کال میں آریوں کا سروتر آرئیہ ورت دیش میں ادھکار نہ تھا" + یہ پنڈت جی اُن لوگوں میں سے تھے جو اس بات کو مانتے ہیں کہ ویدوں میں جو شبد آئے ہیں وہ کیول یوگک ارتھات گُن واچک ہیں رُوڑھی یا یوگ رُوڑھی نہیں ہیں مگر واقعات کے آگے اُن کو بھی سر جھکانا پڑا ہے اور ہر ایک کو جھکانا پڑے گا +

اوپر تو صرف سرسوتی کا ہی ذکر آیا ہے مگر رگوید ۱۰-۷۵ کے منتر ۵ اور ۶ میں ایک طرف گنگا اور جمنا اور درِشدوتی (گھگر) اور سرسوتی کے نام آئے ہیں اور دوسری طرف سِندھو (سندھ) اور اُس کے مغربی معاون کُبھا (کابل) آدک پانچ دریاؤں کا جو افغانستان میں بہتے ہیں اور مشرقی معاون شُتُدری (ستلج) آدک پانچ دریاؤں کا جو پنجاب کو سیراب کرتے ہیں ذکر آتا ہے اور کیونکر کہا جا سکتا ہے کہ یہ سب نام کیول گُن

واچک ہیں اور کسی وِیکتی وشیش کے نام نہیں ہیں + کسی کھینچ تان سے بھی یہ بات سِدّھ نہیں ہوسکتی + پھر رگوید (۱۰-۶۳-۱) میں آیا ہے کہ "جو دیوتا دُور دُور سے آکر دیُوتوت منو کی سنتان کے ساتھ پریتی کرتے ہیں۔ جو دیوتا کہ نہش کے پُتر یایاتی کے یگیہ میں آکر شریک ہوتے ہیں وہ ہمارے اوپر بھی کرپا کریں" + یہاں منو۔ نہش اور یایاتی سب تاریخی ہستیاں ہیں (دیکھو اس سے اگلا ادھیائے ۴- اور اُس کی بنسا ولی ۱۵) + یایاتی کے پانچ پُتر ہیں یدو۔ تُروشو۔ دُرھیو۔ انو اور پُرو (دیکھو بنسا ولی مذکور) اور ان پانچوں کے نام رگوید (۱-۱۰۸-۸) میں آئے ہیں اور اس طرح سے آئے ہیں کہ "اے اِندر اور اگنی۔ تم چاہے یدو کے پاس ہو۔ چاہے تُروشو کے۔ چاہے پُرو کے۔ چاہے دُرھیو اور انو کے۔ جہاں کہیں بھی ہو تم وہاں سے ہمارے پاس آؤ اور ہمارے سوم کو پیو" + یہ کیول اِتہاس ہے اور ان منتروں کے ہوتے ہوئے کون کہہ سکتا ہے کہ وید میں اِتہاس نہیں ہے اور وید کے جو شبد ہیں وہ کیول گُن واچک ہیں اور کسی وِیکتی وشیش کے نام نہیں ہیں +

یاسک آچارج نے خود رگوید (۱۰-۹۸) میں آئے ہوئے دیواپی کو تاریخی ہستی مانا ہے اور نِرُکت (ادھیائے ۲- کھنڈ ۱۰ تا ۱۲) میں اُس کا اتہاس دیا ہے۔ اور اسی طرح سے نِرُکت ۲-۱۰ میں پرسکنو کو جو رگوید کے پہلے منڈل کے سُوکت ۴۴ تا ۵۰ کا رشی ہے اور جس کا نام ویدک رشیوں کی اُس سُوچی میں جو ہم نے اسی ادھیائے ۳ میں دی ہوئی ہے ۱۵ پر آتا ہے کنو کا پُتر مانا ہے + (نِرُکت کے مفصل حال کے لئے دیکھو بھارت پُران کا بھاگ ۶- ادھیائے ۳ وید انگ کے وشے میں کیونکہ نِرُکت بھی ویاکرن آدک کی طرح سے وید کا انگ ہے اور وید کے مطالعہ میں مدد دیتا ہے) +

بات یہ ہے کہ لوگ ڈرتے ہیں کہ اگر وید میں کسی وِیکتی وشیش یعنی کسی ہستی خاص کا نام آنا ثابت ہوگیا یا اگر وید منتروں کے درشٹا اور کرتا رشیوں میں راج بنسا ولیوں کے

راجرشیوں کا شامل ہونا پایا گیا تو وید اُس ہستی سے اور وید منتر اُن راجرشیوں سے پیچھے ٹھیریں گے اور یہ دعوے جھوٹا ٹھیریگا کہ وید انادی ہے اور نتیہ ہے + مگر ڈرنے کی کوئی بات نہیں ہے۔ پُران نے صاف کہدیا ہے کہ سپت رشی جو نتیہ رشی ہیں ہر چترُیگ کے انت میں ویدوں کا وِتلوپ (ناش یا لوپ) ہوجانے پر اُن کا نئے سرے سے پرورتن کرتے ہیں (دیکھو آگے صفحہ ۶۸) اور اس پرکار سے جس طرح سرشٹی کے پیچھے پرلے اور پرلے کے پیچھے سرشٹی برابر ہوتی رہتی ہے اسی طرح وید کا وِتلوپ اور پرورتن بھی انادی کال سے ہوتا چلا آیا ہے اور ہوتا چلا جائیگا اور یہ ہی وید کی نتیتا ہے (دیکھو آگے صفحہ ۱۰۰) + خود وید میں پُورو کال (زمانہ سابق)۔ مدھیم کال (زمانہ درمیانی) اور نُوتن کال (زمانہ حال) کا ذکر آتا ہے (دیکھو آگے صفحہ ۲۰۰)۔ اس لئے جن تاریخی ہستیوں کا وید میں یا آرش انوکرمنکا میں ذکر آتا ہے وہ ویدک کال کے نُوتن ارتھات ورتمان کال سے سمبندھ رکھتی ہیں پُورو کال سے نہیں + پُورو کال وِتلوپ اور پرورتن کے کال چکروں میں چکراتا ہوا پیچھے انادی کال تک چلا گیا ہے + پس ہم نے رگوید کی آرش انوکرمنکا میں دئے ہوئے ویدک رشیوں کو پُرانوں کی راج بنسا ولیوں میں آئے ہوئے راج رشیوں سے ملا کر جو تیس نام ایسے نکالے ہیں کہ وہ اِدھر آرش انوکرمنکا میں اور اُدھر راج بنسا ولیوں میں آتے ہیں اور پھر اُن کے راج کال کی اوسط کو سو برس فی نام قایم کرکر جو ویدک کال کا مان تین ہزار برس ارتھات آج سے چودہ ہزار برس پہلے سے گیارہ ہزار برس پہلے تک ٹھیرایا ہے وہ اپرمانک نہیں ہے اگرچہ یہ جتن سب سے پہلے ہم نے ہی کیا ہے + اس سے پہلے کسی وِدوان نے اس میدان میں قدم نہیں اُٹھایا ہے اور نہ کوئی وِدوان اس سے پہلے ویدک کال کو اتنے پیچھے سرکا کرلے گیا ہے + ہاں ان رشیوں کا معاملہ ایسا پیچیدہ اور اُلجھا ہوا ہے کہ اس کا سُلجھانا آسان نہیں ہے۔ ہم نے بہت کچھ سُلجھایا ہے پھر بھی ایک دو جگہ ہم کو شک ہی رہا ہے +

شری سوامی دیانند جی مہاراج نے ستیارتھ پرکاش (صفحہ ۴۱۴- ایڈیشن سمت ۱۹۶۹ بکرمی) میں مہاراجہ یدھشٹھر سے لے کر مہاراجہ پرتھوی راج تک اندر پرستھ کے مہاراجگان کی راج بنساولی ایک پاکشک پتر (پندرہ روزہ رسالہ) میں سے لے کر درج کی ہے اور لکھا ہے کہ "یدی ایسے ہی ہمارے آدیہ سجن لوگ اتہاس اور ودیا پستکوں کا کھوج کر پرکاش کریں گے تو دیش کو بڑا ہی لابھ پہونچیگا" + ہم نے سوامی جی کے ان بچنوں کا پالن کیا ہے اور اتہاس اور ودیا پستکوں کو کھوج کر اُن کا پرکاش اپنے اس گرنتھ بھارت پُران میں کیا ہے - اور اس ادھیائے (۳) میں دکھایا ہے کہ جہاں اور ودیاؤں کا بیج وید میں ہے (اور اس کے لئے دیکھو اسی بھاگ ۱ کا ادھیائے ۵) وہاں اتہاس کا بیج بھی وید میں موجود ہے +

ادھیائے ۴

ویدک کال کا اتہاس

(اب سے چودہ ہزار برس پہلے سے گیارہ ہزار برس پہلے تک)

پچھلے ادھیائے میں دکھایا گیا ہے کہ ویدک کال اب سے چودہ ہزار برس پہلے سے لے کر گیارہ ہزار برس پہلے تک ہے - اس ادھیائے میں اسی کال کے سورج بنسی اور چندر بنسی راجاؤں کا اتہاس وستار پوربک بیان کیا گیا ہے + یہ راجا دونوں بنس میں تیس تیس ہیں - سورج بنس میں اکشواکو سے لے کر ہرشچندر کے پتر روہت تک اور چندر بنس میں اکشواکو کے سمکالین پُرورَوا سے لے کر کورو تک + پُرورَوا کے سمبندھ میں کالیداس کے ناٹک وِکرم اُروشی کا پورا خلاصہ انک وار اور کورو کے پوتر وِجرت کے سمبندھ میں کالیداس کے دوسرے پرسِدّھ ناٹک شکُنتلا کا پورا خلاصہ بھی انک وار اس ادھیائے میں دیا گیا ہے + اس ادھیائے کے ڈیڑھ سو صفحہ ہیں

اور یہ ادھیائے بذات خود تاریخ کی ایک کتاب ہے ۔

ادھیائے ۵

ویدک کال کی سبھیتا

اس ادھیائے میں یہ دکھایا گیا ہے کہ ویدک کال میں ہندوؤں کی سبھیتا کیا اور کیسی تھی ۔ اور اس سب کا مادہ ویدیعنی رگوید سے ہی لیا گیا ہے ۔ پہلے اس سبھیتا کا وستار بیان کیا گیا ہے یعنی یہ بیان کیا گیا ہے کہ یہ سبھیتا ہندوستان میں اور ہندوستان سے باہر کہاں کہاں پھیلی ہوئی تھی ۔ پھر یہ بتایا جاکر کہ یہ سبھیتا ہندوستان میں ہی اُپجی اور ہندوستان سے ہی باہر اور ملکوں میں پھیلی رگوید کے حوالوں کے ساتھ دکھایا گیا ہے کہ فلسفہ ۔ کِتا ۔ نانک ۔ نیتی ۔ پُران اور اِتہاس ۔ جیوتش ۔ فن تعمیر ۔ جیولوجی ۔ آلہ وید ۔ زراعت ۔ لوہے کا استعمال ۔ گئوؤں کی بُہتات ۔ دُودھ اور گھی کی ندیاں ۔ گئو کی مہا ۔ گو وَدھ کا نشیدھ ۔ اشومیدھ آدِک یگیہ ۔ پارچہ بافی ۔ زردوزی ۔ سونے کے زنن جڑاؤ بھوشن ۔ تجارت ۔ جہاز رانی چترورن کی مریادا ۔ سُوم سے اچھوتوں کی شُدّھی ۔ بِواہ سنسکار ۔ استریوں کا مان ۔ وِراثت اور تبنیت کا ویوہار ۔ انتم سنسکار (مُردوں کا دفنانا اور جلانا) ۔ پِتری یگیہ یا شرادّھ ۔ نشیہ نیم ۔ اگنی ہوتر ۔ گایتری منتر کا جپ یعنی سندھیا ۔ ستیہ کی مہما اور شراب اور جوئے کی نِندا ۔ کھیل کُود اور راگ رنگ آدک تفریح کے سامان ۔ جانوروں کا شوق ۔ راج کاج کا پربندھ ۔ اور پرلوک کا دھیان اِتیادِک اس سبھیتا کے لکشن تھے ۔

اس ادھیائے کے ۳۰ صفحہ ہیں اور یہ ادھیائے بھی بذات خود ایک کتاب ہے ۔

دوسرا بھاگ

(الف) پُورو آرْدھ

ویدک کال سے رامائن کے سمے تک

(اب سے گیارہ ہزار برس پہلے سے آٹھ ہزار برس پہلے تک)

ادھیائے ۱

ویدک کال کے اتت سے راجا سُداس تک

اس ادھیائے میں سورج بنسی راجا ہریشچندر کے بیٹے روہت[۳۰] کے بعد سے جہاں ہم نے پہلے بھاگ کے ادھیائے (۴) میں سورج بنس کا حال چھوڑا ہے راجا سُداس[۵۰] تک بیس راجاؤں کا اِتہاس برنن کیا گیا ہے۔ اور راجا سگر کے سمبندھ میں جس کا نام اس بنساولی میں ۳۷ پر آیا ہے شک۔ یَون۔ کامبوج۔ پارد۔ پہلو اور بربر جاتیوں کا حال بیان کیا گیا ہے اور دکھایا گیا ہے کہ فرنگی دِدوان جوان جاتیوں کا اور خاص کر یَون لوگوں کا جن کو وہ یونانیوں اور خاص کر باختر کے یونانیوں سے تعبیر کرتے ہیں سکندر اعظم کے زمانہ میں نمودار ہونا سمجھتے ہیں وہ ٹھیک نہیں ہے کیونکہ ہندو اتہاس میں ان کا حال شروع سے آرہا ہے جیسا کہ یہاں راجا سگر کے حال میں اُس زمانہ میں آیا ہے جو اب سے گیارہ ہزار برس پہلے سے نو ہزار برس پہلے تک ہے + بھگیرتھ جس کے نام پر گنگا جی کا نام بھاگیرتھی ہے اور رتوپرن جو لوک وکھیات راجا نل کا سمکالین تھا اور جن کے نام اس بنساولی میں ۱۱۷

اور ۴۸ پر آئے ہیں وہ بھی اسی زمانہ میں تھے + نل اور اس کی رانی دمینتی کا ایک مفصل اُپاکھیان مہابھارت کے بن پرو میں اٹھائیس ادھیاؤں کے اندر یعنی ادھیائے ۵۲ تا ۷۹ میں آیا ہوا ہے اور اس سے اس زمانہ کی سبھیتا کا بہت کچھ حال معلوم ہوتا ہے۔ اِس لئے اس اُپاکھیان کو ہم نے مہابھارت میں سے لے کر یہاں نقل کر دیا ہے کیونکہ یہ اُپاکھیان اِس زمانہ سے تعلق رکھتا ہے + اِس زمانہ کا آخری راجا سُداس تھا جو رتوپرن کا پوتا تھا + فرنگی وِدوان اس کو وہ سُداس سمجھتے ہیں جس کا ذکر رگوید میں آتا ہے مگر وہ سُداس اور تھا اور یہ سُداس اور ہے جیسا کہ ہم نے پہلے بھاگ کے تیسرے ادھیائے میں مہرشی وِشوامتر کے پرسنگ میں مفصل دکھایا ہوا ہے +

ادھیائے ۲

راجا سُداس کے بیٹے سُوداس سے شری بھگوان رامچندر جی تک

اس ادھیائے میں راجا سُداس سے آگے شری بھگوان رام چندر جی تک بارہ راجاؤں کا اتہاس برنن کیا ہوا ہے + رام چندر جی سورج بنس کی بنساولی میں اس بنس کے بانی اکشواکو سے ۶۲ پر آتے ہیں اور ان کا اتہاس جو بالمیکی رامائن میں برنن کیا ہوا ہے اس بھاگ کے اوتر آردھ میں وِستار پوربک برنن کیا گیا ہے +

ادھیائے ۳

رامائن اور مہابھارت کا کال نرنے

رامائن اور مہابھارت کے کال سے رامائن اور مہابھارت نامی گرنتھوں کے لیکھ کا کال مُراد نہیں ہے بلکہ اُن تاریخی واقعات کا کال مُراد ہے جن کا حال ان

مگر نتھوں میں درج ہے :-

مہابھارت کا کال ہندو اتہاس کیلئے بڑا گئورو (اہمیت) رکھتا ہے۔ رومیش چندر دت جیسے ہمارے وِدوان اس کال کو مسیح سے زیادہ سے زیادہ چودہ سو برس پہلے فرض کرتے ہیں (اور جوگیش چندر دت کے ترجمہ راج ترنگنی پر جو دیباچہ اُنہوں نے لکھا ہے اُس میں تو وہ اس کال کو مسیح سے ۱۲۶۰ برس پہلے ہی ٹھیراتے ہیں) اور پھر اِس سے آگے اور پیچھے کے واقعات کو اسی فرضی نقطہ سے آگے اور پیچھے سرکاتے ہیں۔ اور جب ہمارے اپنے وِدوانوں کا یہ حال ہے تو فرنگی وِدوانوں کا تو کہنا ہی کیا ہے۔ وہ جو چاہیں سو کہیں + مگر ہندوؤں کے شاستروں کی رو سے اور خود مہابھارت کے انوساریہ کال یعنی مہابھارت کے مہا سنگرام کا سمے کلجگ کے آرمبھ سے ۳۶ برس پہلے ہے اور کلجگ کا آرمبھ یعنی کلجگی سمت کا آغاز مسیح سے ۳۱۰۱ برس پہلے اور اب ۱۹۳۸ء عیسوی سے ۳۱۰۱ + ۱۹۳۸ = ۵۰۳۹ برس پہلے ہے + اور اس ادھیائے ۳ میں ہم نے اسی بات کو بیس طرح سے زمینی اور آسمانی عقلی اور نقلی ثبوتوں کے ساتھ ثابت کیا ہے + اور پھر ایسے ہی ثبوتوں سے دِکھایا ہے کہ رامائن کا کال جس کا اتہاس ہم نے اب اس بھاگ کے اوتر آرودھ میں برنن کرنا ہے مہابھارت سے بھی تین ہزار اور اب سے کوئی آٹھ ہزار برس پہلے ہے + اسی سلسلہ میں ہم نے یہ دکھایا ہے کہ راون کا وَدھ بالمیکی رامائن کی رو سے دسہرہ کے دن نہیں ہوا ہے جیسا کہ عام خیال ہے اور جیسا کہ بعض پُرانوں میں بھی برنن کیا گیا ہے بلکہ دیوالی کے دِن ہوا ہے۔ اور دیوالی کی رات کی روشنی اسی خوشی میں ہوتی چلی آرہی ہے +

یہ ادھیائے بذاتِ خود ایک رسالہ ہے جو ساٹھ ستر صفحہ کا ہے اور وِدوانوں کے پڑھنے کے لائق ہے۔

(ب) اوتّر آردھ

راماین

(اب سے آٹھ ہزار برس پہلے)

پوُرو آردھ میں ہم شری بھگوان رام چندر جی تک سورج بنس کے راجاؤں کا اتہاس لکھ آئے ہیں۔ یہاں اوتّر آردھ میں ہم رام چندر جی کا جیون چرِتر لکھتے ہیں جس سے نہ صرف رام چندر جی کے چرِت معلوم ہوتے ہیں بلکہ اُس زمانہ کی سبھیتا کا بھی پورا حال روشن ہوتا ہے + یہ لیکھ بالمیکی راماین کے چھیوں کانڈوں ارتھات بال کانڈ۔ اجودھیا کانڈ۔ آرنیہ کانڈ۔ کشکندھا کانڈ۔ سُندر کانڈ اور لنکا کانڈ کا کانڈ وار اور پورا خلاصہ ہے۔ اور تُلسی کرِت راماین کے پد بھی اس میں جگہ جگہ جڑے ہوئے ہیں + ساتواں کانڈ جو اوتّر کانڈ کہلاتا ہے کشیپک ہے یعنی پیچھے کی بھرتی ہے۔ پہلے چھ کانڈوں میں بھی کوئی کوئی سرگ کشیپک معلوم ہوتا ہے۔ اور ان سب پر ہم نے سمالوچنا کی ہوئی ہے اور کوئی ڈھائی سو کے قریب کاگ پاد یعنی فُٹ نوٹ نہایت محنت سے تیار کرکے دئے ہوئے ہیں + اور ظاہر ہے کہ یہ اوتّر آردھ اصل راماین کی طرح بذات خود ایک پوری کتاب ہے +

(ج) پریششٹ یعنی ضمیمہ

ادھیائے ۱

اوتّر کانڈ

اس میں بالمیکی راماین کے اوتّر کانڈ پر سمالوچنا ہے اور اُس کے مُکھیہ وشیوں

کا برن ہے +

ادھیائے ۲

مہابھارت کا رام اُپاکھیان

پانڈو جب جوئے میں ہار کر بن باس کی شرط پوری کر رہے تھے تو رشیوں نے ایک دن راجا یدھشٹھر کو بڑا دُکھی دیکھکر اِندرجی کے بن باس کے دُکھوں کی کتھا اُس کو سُنائی تاکہ اُس کو کچھ دھیرج ہو + یہ کتھا مہابھارت کا رام اُپاکھیان ہے اور ہم نے اس کو مہابھارت میں سے لے کر یہاں لکھدیا ہے تاکہ معلوم ہو جائے کہ مہابھارت اس وشے میں کیا کہتی ہے +

ادھیائے ۳

شری مہاراجا رام چندرجی سے آگے برِہدبل تک سورج بنس کی بنساولی

(اب سے آٹھ ہزار برس پہلے سے پانچ ہزار برس پہلے تک)

اس ادھیائے میں شری بھگوان رام چندرجی مہاراج سے آگے راجا برِہدبل تک جو مہابھارت کے زمانہ میں ہوا اور کورو کشیتر کے مہایدھ میں ارجن کے بیٹے ابھی منیو کے ہاتھ سے مارا گیا سورج بنس کے بتیس راجاؤں کی بنساولی ہے جن کا کُل زمانہ تین ہزار برس کا ہے +

تیسرا بھاگ

مہابھارت
اور اُس کا مہاسنگرام

{مسیح سے ۱۳۷۳ برس پہلے
اور اب سے ۵۰۷۵ برس پہلے}

مہابھارت (ہندوستان کلاں) اُس گرنتھ کا نام ہے جس میں اُس زمانہ کے مہاسنگرام کا مہان اتہاس درج ہے۔ یہ گرنتھ ایک لاکھ شلوک کا بڑا بھاری گرنتھ ہے اور ایک اکیلے اس گرنتھ کا ہی پار کرنا کئی برس کا کام ہے اور سچ مچ ہم کو اس کے کھوج میں اور اس میں سے کیول اتہاس کے وِشوں کو چھانٹنے میں کئی برس لگے ہیں + اس میں کئی جگہ پیچھے کی بھرتی نظر آتی ہے جو اصل مضمون سے جوڑ نہیں کھاتی ہے اس بھرتی کو ہم نے اپنے نوٹوں میں جھلکا دیا ہے اور اس طرح سے مہابھارت کا ایک پرکار سے سنشودھن بھی کر دیا ہے مگر اس کی کسی بات کو نہیں چھوڑا ہے + اس کے اٹھارہ پرو ہیں اور ہم نے بھی اس کا برنن پرو وار ہی اس بھاگ میں کیا ہے + وشے سوچی ہر پرو کی نیچے لکھی جاتی ہے :-

(۱) آدی پرو

ہم نے چندر بنس کی بنساولی کو پہلے بھاگ کے ادھیائے ۴ میں کورو پر ختم کیا ہے + اس پرو میں کورو سے آگے مہاراجہ پریکشِت تک جو مہابھارت کے زمانہ میں ہوئے ساری بنساولی دی گئی ہے اور اس سلسلہ میں ان وِشوں کا برنن

کی سرشٹی استھتی اور پرلے (پیدائش قیام اور قیامت) کے کال کا گیان ٹھیک ٹھیک نہیں ہوسکتا ہے (اور یہی وجہ ہے کہ اس وشے میں زمانہ حال کے ماہرانِ علم حیولوجی کے اندازوں میں کروڑوں بلکہ اربوں برس کا فرق پڑتا ہے) اس لئے اس کال کے پرمان کے لئے ہندوؤں نے وید سے اشارہ لے کر جیوتش ودیا کو ٹٹولا اور اس کی روشنی میں اس کال کا حساب ایک ایک برس اور ایک ایک دن کا نکال ڈالا + اور پُرانوں نے جو دھرم پر دھان گرنتھ ہیں جیوتش کے اسی حساب کو دھرم کے سانچے میں ڈھال دیا اور کانٹے میں پورا اُتار دیا اور ایسا پورا اتارا کہ انجام خود جیوتش نے کہ وہ بھی ویدانگ جیوتش (یجُروید کی شاکھا۔ شلوک ۳ اور ۴) کے بچن کے انوسار یگیہ کی سِدّھی کے لئے ہی "کال وِدھان شاستر" ہے اور اس لئے وید کا انگ اور دھرم کا شاستر ہے اسی حساب کو اختیار کیا + چُنانچہ سُورج سِدّھانت میں کلپ کے مان کے لئے یہی وِدھان ادھیائے ۱ (شلوک ۱۵ تا ۲۰) میں اختیار کیا ہؤا ہے +

(۳۰) پُرانوں کے وِدھان میں جو ایک تجربات ہے وہ یہ ہے کہ جُگوں کا مان پہلے دِوّیہ برس میں دیا گیا ہے اور پھر اُس دِوّیہ مان کو اس اُصول پر کہ دیوتاؤں کا ایک دِن منُشیوں کا ایک برس ہوتا ہے ۳۶۰ گُنا کر کے مانُشی مان بنایا گیا ہے۔ اور اس طرح سے ایک چترُیُگ کو پہلے ۱۲۰۰۰ برس کا مان کر پھر ۴۳۲۰۰۰ برس کا مانا گیا ہے + بعض سجّن اِس سے خیال کرتے ہیں کہ یہ دِوّیہ مان اور مانُشی مان پیچھے کی گھڑت ہیں ورنہ چترُیُگ کا مان اصل میں ۱۲۰۰۰ برس کا ہی تھا + مگر یہ خیال ٹھیک نہیں ہے۔ کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو ہم نقشہ نمبر ۳ میں جو جیوتش کے حساب کے ایک ایک انگ کو پُرانوں کے حساب کے ایک ایک انگ سے ملا کر دکھا آئے ہیں وہ میلان ٹھیک نہیں ہوتا + پس پُرانوں کا دِوّیہ مان اور مانُشی مان دونو

ٹھیک ہیں - دِوْیہ مان میرو لوک کا مان ہے اور مانُشی مان میرو لوک سے بھِنّ اور لوکوں کا مان ہے + میرو لوک پرتھوی کا وہ لوک ہے جہاں پرتھوی کا دُھرو یعنی قطبِ ارضی آکاش کے دُھرو یعنی قطبِ سماوی کے عین نیچے ہے اور جہاں اس کارن سے چھ مہینہ کا لگاتار دن اور چھ مہینہ کی لگاتار رات ہوتی ہے + سُورج سِدّھانت (ادھیائے ۱۲-شلوک ۶۷) میں اِس مضمون کو یوں ادا کیا ہے کہ میرو یعنی سُمیرو (اوتّر میرو = قُطب شمالی) میں سُورج چھ مہینہ تک دیوتاؤں کے لئے نِکلا رہتا ہے اور اِن چھ مہینوں میں وہ میکھ - برکھ - مِیتھُن - کرک - سنگھ اور کنیا کی چھ راشیوں میں رہتا ہے - اور چھ مہینہ تک چھپا رہتا ہے اور اِن چھ مہینوں میں وہ کُمبھ (دکشن میرو = قطب جنوبی) میں اسُروں کے لئے تُلا - برِشچک - دھنُ - مکر - کمبھ اور مین کی چھ راشیوں میں رہتا ہے [توضیح کے لئے دیکھو بھاگ ۲ - ادھیائے ۳ - انوواک ۳ - اور اسمین راشی چکر کا نقشہ] +

اِس چھ مہینہ کے دن اور چھ مہینہ کی رات کو پُرانوں کی اِصطلاح میں دِوْیہ دن کہتے ہیں اور تیتّری براہمن (۳-۹-۲۲-۱) کا جو یہ بچن ہے کہ "یہ جو سمو تسر ہے وہ دیوتاؤں کا ایک دن ہے" اُس میں دیوتاؤں کے ایک دن سے یہ ہی میرو کا دِوْیہ دِن مُراد ہے +

ایسے ایسے ۳۶۰ دِوْیہ دن کا برس میرو کا ایک برس ہوگا اور وہ اور جگہوں کے (جہاں ۲۴ گھنٹے کا دن ہوتا ہے) ۳۶۰ برس کے برابر ہوگا + یہ ۳۶۰ برس میرو کے ایک دِوْیہ برس یعنی دیوتاؤں کے برس کے مقابلہ میں مانُشی برس کہلاتے ہیں + اور پُرانوں کے اُس وِدھان میں جو نقشہ نمبر ۱ میں دیا گیا ہے دِوْیہ برس اور مانُشی برس سے یہ ہی میرو لوک

کے برس اور میرو سے بھگن اور لوکوں کے برس مُراد ہیں اور اُن کا مطلب یہ ہے کہ ایک چترُیگ جو میرو میں ۱۲۰۰۰ دِوّیہ برس میں پُورا ہوگا وہ میرو سے باہر ۴۳۲۰۰۰ مانُشی برس میں پورا ہوگا (جیسا کہ نقشہ نمبرا میں دکھایا گیا ہے) - اور ایک دِوّیہ دِن جو میرو لوک میں ۱۲۰۰۰۰۰۰ دِوّیہ برسوں میں سماپت ہوجائے گا وہ مانُشی مان سے ایک سال ہوگا جو ۴۳۲۰۰۰۰۰۰۰ مانُشی برسوں میں سماپت ہوجائے گا (جیسا کہ نقشہ نمبر۲ میں دکھایا گیا ہے)[۳۳]

(۳۱) مانُشی مان میرو میں بھی دِوّیہ مان کے ساتھ ساتھ اِسی طرح شُمار میں آوے گا جس طرح کسی اور جگہ + اور اس لئے کلپ کے پرمان کی سنکھیا مانُشی مان میں چار ارب بتیس کروڑ برس میرو میں بھی اِسی طرح صادق آئے گی جس طرح کسی اور جگہ + میرو کی اس کیفیت کو لوکمانیہ تلک نے اپنی کتاب آرکٹک ہوم (چیپٹر ۳) میں خوب بیان

[۳۳] پرانوں کے وِدھان میں ایک خوبی یہ بھی ہے کہ اونکا چترُیگ جس کو مہایُگ بھی کہتے ہیں ایک ایسا جُگ یعنی زمانہ کا ایک ایسا دَور ہے کہ اوس میں ساتوں سیّاروں بلکہ چاند کے اُن دونوں پاتوں کو مِلا کر جن کو انگریزی میں نوڈز اور پُرانوں کی اصطلاح میں راہو اور کیتو کہتے ہیں نو سیّاروں یا نوگرہ کے چکر (بھگن) پورے ہوجاتے ہیں + یعنی سورج کے تو پورے ہو ہی جاتے تھے - کیونکہ اس کا ایک چکر تو ایک برس میں پورا ہو جاتا ہے اور اس لئے ۴۳۲۰۰۰ برس کے ایک چترُیگ میں اُتنے ہی چکر پورے ہوجاتے ہیں - مگر چاند کے چکر بھی اس عرصہ میں ۵۷۷۵۳۳۳۶ پورے ہوجاتے ہیں اور اسی طرح سے منگل بُدھ آدک دوسرے گرہوں کے چکر بھی پورے ہوجاتے ہیں + اور ایسے ایسے ایک ہزار چترُیگ ایک کلپ میں ہوتے ہیں + (دیکھو سورج سدھانت - (ادھیائے ۱ - شلوک ۲۹ تا ۳۴) +

کیا ہے۔ اور اُس بیان کا ترجمہ یہ ہے:۔

"اگر کوئی شخص قُطب شمالی پر کھڑا ہو کر دیکھے تو پہلی بات جو اُس کو عجیب نظر آئے گی وہ اُس کے سر کے اُوپر کُرۂ آسمان کی حرکت ہو گی۔ ہم جو منطقہ حارّہ اور منطقہ معتدلہ میں رہتے ہیں اجسام فلکی کو مشرق میں نکلتے اور مغرب میں چھپتے دیکھتے ہیں۔ بعض ہمارے سر کے اوپر سے گذرتے ہیں۔ بعض ترچھے جاتے ہیں۔ لیکن جو شخص قُطب پر ہے اُس کو آسمان کا گنبد اپنے چاروں طرف بائیں سے دائیں کو گھومتا اسطرح دکھائی دے گا جس طرح کہ کسی کے سر کے اُوپر ایک ٹوپی یا چھتری پھرائی جائے۔ تارے نکلیں اور چھپیں گے نہیں بلکہ اُفق کے متوازی گھمارکے پہیے کی طرح چکر کھاتے رہیں گے۔ جب ایک چکر ختم ہو جائے گا تو دوسرا چکر شروع کرینگے اور چھ مہینہ کی ایک لمبی رات بھر ایسا ہی کرتے رہیں گے۔ سورج بھی جب وہ چھ مہینہ تک اُفق کے اوپر رہے گا اسی طرح چکر کھاتا دکھائی دیگا۔ آسمانی گنبد کا مرکز دیکھنے والے کے سر کے اُوپر آسمانی قُطب شمالی ہو گا۔ اور قُدرتی طور پر اُس کا شمال سر کے اُوپر اور اُس کا جنوب اُفق کے نیچے ہو گا۔ قُطب نُما کے مشرق اور مغرب زمین کی اُس روزانہ حرکت سے جو وہ اپنے محور یعنی دُھرے کے گرد کرتی ہے دیکھنے والے کے چاروں طرف دائیں سے بائیں کو پھرا کریں گے اور اجسام فلکی ہر روز مشرق میں اُفق کے ساتھ ساتھ بائیں سے دائیں کو گھوما کرینگے نہ کہ ہر روز مشرق سے نکل کر سر کے اوپر سے گذرتے ہوئے مغرب میں ڈوبا کرینگے جیسا کہ منطقہ حارّہ اور معتدلہ میں ہمکو دکھائی دیتا ہے۔ اصل میں جو دیکھنے والا قُطب شمالی پر کھڑا ہے اُس کو آسمان کا نصف

کرۂ شمالی ہی اپنے سر کے اوپر گھومتا ہؤا دکھائی دیگا۔ نصف کرۂ جنوبی اور اسکے ستارے ہمیشہ اُسکی نظر سے غائب رہینگے۔ اور اِن دونوں کو جُدا کرتا ہؤا آسمانی خطِ اُستوا اُس کا آسمانی اُفق ہوگا + ایسے شخص کو سُورج اپنے سالانہ دور میں نصف کرہ شمالی کے اندر داخل ہوتا ہوا جنوب سے آتا دکھائی دیگا اور وہ اس خیال کو اس طرح ادا کریگا کہ سُورج جنوب سے نکلا ہے۔ اگرچہ ہم کو یہ فقرہ عجیب معلوم ہوگا + جب سُورج اِس طرح سے نکل آئیگا (اور سُورج وہاں سال بھر میں صرف ایک دفعہ نکلیگا) تب وہ چھ مہینہ تک برابر دِکھتا رہے گا + اس عرصہ میں وہ اُفق سے ۲۳½ درجہ تک اُوپر آجائیگا اور پھر نیچا ہونا شروع ہوگا یہاں تک کہ وہ اُفق کے نیچے جنوب میں گر جائیگا + یہ چھ مہینہ کا ایک لمبا اور لگاتار دن ہوگا + لیکن چونکہ آسمان کا گنبد دیکھنے والے کے سر کے اُوپر چوبیس گھنٹہ میں ایک چکر پُورا کر جائیگا اِس لئے سُورج بھی دیکھنے والے کے چاروں طرف چوبیس گھنٹہ میں اُفق کے ساتھ ساتھ ایک چکر لگا جائیگا اور قطب شمالی پر جو دیکھنے والا ہے اُس کے لئے ایک ایسا پُورا چکر خواہ وہ چکر سُورج کا ہو خواہ ستاروں کا چھ مہینہ کے دن اور چھ مہینہ کی رات میں ۲۴ گھنٹہ یعنی ایک معمولی دِن کا اندازہ ہوگا" + اور یہ ۲۴ گھنٹہ کا دِن چھ مہینہ کے دِن اور چھ مہینہ کی رات والے دو یہ دِن کے مُقابلہ میں مانُشی دِن ہوگا اور مانُشی ویوہار میں یہی مانشی مان کام آویگا +

(۳۲) مہابھارت (بن پرو۔ ادھیائے ۱۶۲ اور ۱۶۳) میں لکھا ہے کہ :——

سُورج میرو لوک میں مندراچل کے مقام پر اُودے ہوتا ہے اور اُسکے دکھن میں اشت پربت کے مقام پر استھ ہوتا ہے + میرو (یعنی قطب شمالی) اِندر اور کبیر کا استھان ہے اور اُس کا دکھن (یعنی قطب جنوبی) یم راج اور وَرُن کا بھون ہے + وسشٹھ آدی سپت رشی یہاں میرو میں ہی اودے ہوتے ہیں اور یہاں ہی رہتے ہیں + چاند اور سُورج اور سب جیوتیاں اِس میرو کی پردکشنا کرتی رہتی ہیں اور بھگوان سُورج

دکھن میں اُست ہو جانیکے پشچات پھر سندھیا سے نِکلکر اودیچی (یعنی اوتر کی) دِشا کو بھجتے ہیں اور میرو کی پردکشنا کرتے ہیں + سُورج کے تیج اور اوشدھیوں کے پربھاو سے وہاں دِن اور رات میں کوئی وِبھکت بھاو (تمیز) نہیں ہے اِتی + اور مہابھارت کے اِس خلاصہ کا تِلک کے بیان سے مُقابلہ کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ یہ دونوں بیان اپنے اپنے ڈھنگ پر پرکرتی یعنی قُدرت کی ایک ہی لیلا کا برنن ہیں + تِلک لکھتے ہیں کہ "جو شخص قطب پر ہے اُسکو آسمان کا گنبد بائیں سے دائیں کو اپنے چاروں طرف گھُومتا دِکھائی دیگا"۔ مہابھارت لکھتی ہے کہ "چاند سُورج اور سب جیوتیاں میرو کی پردکشنا کرتی ہیں"۔ اور پردکشنا یعنی پرکرما جس کو عوام پرکما کہتے ہیں بائیں سے دائیں کو ہی طواف کرنا ہے اور شاید پرکما کی ریتی میرو کی اسی پردکشنا کی ریتی کے انوسار ہی چلی ہو + پھر تِلک لکھتے ہیں کہ "ایسے شخص کو سُورج اپنے سالانہ دور میں نِصف کرہ شمالی کے اندر داخل ہوتا ہوا جنوب سے آتا دکھائی دیگا اور وہ اِس خیال کو اِسطرح ادا کریگا کہ سُورج جنوب سے نِکلا ہے اگرچہ ہم کو یہ فقرہ عجیب معلوم ہو گا"۔ مہابھارت کہتی ہے کہ "بھگوان سُورج دکھن میں اُست ہو جانیکے پشچات پھر سندھیا سے نِکلکر اودیچی (یعنی اوتر کی) دِشا کو بھجتے ہیں" + یعنی مہابھارت کی رو سے بھی سُورج مہامیرو میں شمال سے جنوب میں ڈُوبتا ہے اور جنوب سے شمال میں نکلتا ہے + اور چُونکہ وہاں سُورج کے جنوب میں غروب ہونے سے جنوب اور مغرب ایک ہو جاتے ہیں اور اِسی طرح سے اُس کے شمال میں نکلنے سے شمال اور مشرق ایک ہو جاتے ہیں اِسلئے مہابھارت کا یہ بچن یتھارتھ ہے کہ میرو یعنی اوتر میرو اندر اور کُبیر کا استھان ہے اور دکھن میرو یم اور وُرن کا۔ کیونکہ اندر پورب کا سوامی اور کُبیر اوتر کا سوامی ہے اور میرو میں ان دونوں کا استھان ایک ہو جانا پورب اور اوتر کا ایک ہو جانا ہے۔ اِسی طرح یم دکھن کا اور وُرن پچھم کا سوامی ہے اور اِن دونوں کا استھان

ایک ہو جانا دکھن اور پچھم کا ایک ہو جانا ہے + تلک لکھتے ہیں کہ جب سورج اس طرح جنوب سے نکل آئے گا (اور سورج وہاں سال بھر میں صرف ایک دفعہ نکلیگا) تب وہ چھ مہینہ تک برابر دیکھتا رہیگا"۔ اور کلگتہ کی چھپی ہوئی ایک مہابھارت میں بھی اس مقام پر صاف لکھا ہے کہ وہاں کا ایک دن اور ایک رات ایک برس کے سمان ہوتا ہے + اور سورج سدھانت میں جو اس وشے میں لکھا ہے وہ ہم نیچے انو واک (۳۰) میں دیکھا ہی آئے ہیں + تلک لکھتے ہیں کہ "اصل میں جو دیکھنے والا قطب شمالی پر کھڑا ہے اس کو آسمان کا نصف کرۂ شمالی ہی اپنے سر کے اوپر گھومتا دکھائی دیگا۔ نصف کرۂ جنوبی اور اسکے ستارے ہمیشہ اسکی نظر سے غائب رہینگے"۔ گویا وہاں صرف نصف کرۂ شمالی کے ہی تارے دیکھیں گے اور وہ سدا وہاں ہی رہینگے۔ وہاں سے باہر یعنی وہاں کے اُفق سے نیچے کبھی نہ جائینگے + ان تاروں میں سب سے بڑے اور اونچے تارے وہ سات تارے ہیں جو دھرو یعنی قطب یا بزبان انگریزی پول سٹار کے گرد پھرتے رہتے ہیں اور جنکو اپنے اپنے خیال کے بموجب ہندو سپت رشی اور فرنگی گریٹ بیر یعنی بڑا ریچھ[۳۳] کہتے ہیں۔ اور مہابھارت صاف کہتی ہے کہ یہ وسشٹھ آدی سپت رشی یہاں میرو میں ہی اودے ہوتے ہیں اور یہاں ہی رہتے ہیں" + غرض لوکمانیہ تلک لکھتے ہیں کہ "کرۂ آسمان کی اُفقی حرکت۔ ایک لمبی لگاتار صبح اور ایک لمبی لگاتار شام۔ اور چھ مہینہ کا دن اور چھ مہینہ کی رات قطب شمالی کی جنتری کی بڑی بڑی خاص باتیں ہیں"۔ اور مہابھارت نے

---

[۳۳] فرنگیوں کا ان تاروں کو ریچھ کہنا شاید یہ وجہ رکھتا ہے کہ سنسکرت میں رکش ریچھ اور تارے دونو کو کہتے ہیں اور تاروں میں بھی ان ہی سات تاروں کے ساتھ خصوصیت سے رکش کا شبد استعمال کرتے ہیں۔ فرنگیوں نے اس ہی رکش کو ریچھ سمجھ لیا اور ان تاروں کو ریچھ کا نام دیا + دیکھو آگے صفحہ ۷۱ +

اس جگہ (بن پرو کے ادھیائے ۱۶۳-۱۶۴ میں) ان سب باتوں کو ایسا برنن کیا ہے گویا اُن کو آنکھ سے دیکھا ہوا ہے اور ان سب کے اوپر یہ اور اپزا دیا ہے کہ "وہاں سُورج کے تیج اور اوشدھیوں کے پربھاو سے دن رات کی کوئی تمیز نہیں ہے"۔ یعنی چھ مہینہ تک سُورج کے متواتر نکلے رہنے سے تو دن رہتا ہی ہے چھ مہینہ کی رات میں بھی اوشدھیوں کے پربھاو سے ایسی روشنی رہتی ہے کہ یہ معلوم نہیں ہوتا کہ دن ہے یا رات + اور اوشدھیوں کے پربھاو سے وہ برقی شرارے مُراد ہیں جو قطب شمالی میں قدرتی طور پر متواتر نکلتے رہتے ہیں اور اپنی روشنی سے رات کو دن بنائے رکھتے ہیں اور جنکو انگریزی میں اورورا بوری ایلس (Aurora Borealis) یعنی شہابۂ شمالی کہتے ہیں +

(۳۳) پس پُرانے ہندو میرو لوک کے زمینی اور آسمانی چرتروں سے خُوب واقف تھے اور کیول اپنی وِدیا کے بل سے ہی واقف نہیں تھے بلکہ اپنے پُرشارتھ کے بل سے اُن کو اپنی آنکھوں سے بھی دیکھے ہوئے تھے + [اور لوکمانیہ تلک کا تو سِدھانت ہی یہ ہے کہ ہندو کبھی پہلے میرو لوک میں ہی رہتے تھے] + اِس لئے اُونہوں نے جُگوں کے مان کو میرو کے اسی چھ مہینہ کے دن اور چھ مہینہ کی رات والے دِویہ دن کے دِویہ برسوں میں بھی برنن کر دیا اور دکھا دیا کہ ایک چترُیگ دِویہ مان سے ۱۲۰۰۰ برس کا اور مانشی مان سے ۴۳۲۰۰۰ برس کا ہوتا ہے۔ اور سال یعنی کال کا خاتمہ دِویہ مان سے ۱۲۰۰۰۰۰۰ (ایک کروڑ بیس لاکھ) اور مانشی مان سے ۴۳۲۰۰۰۰۰۰۰ (چار ارب بتیس کروڑ) برس میں ہوتا ہے۔ اور کال کا خاتمہ سرشٹی کا خاتمہ ہے + وید نے اس وشے کو پہلے ہی ایک منتر (اتھرو وید ۸-۲-۲۱) میں جھلکا دیا تھا۔

پُران نے اُس کو دھرم کے سانچے میں ڈھال کر "دھرم پاد کی ویوستھا"[۳۵] سے ست جُگ آدی جُگوں اور منونتروں کے روپ میں حل کر کے دکھادیا۔ اور ہم نے ثابت کر دکھایا کہ جہاں وید کا پرمان برحق ہے وہاں پُران کا وِدھان بھی شبیہ ہے اور جیوتش کے سدھانتوں کو اپنے ساتھ لئے ہوئے ہے اگرچہ دھرم کی ویوستھا اختیار کئے ہوئے ہے + مگر یہ ویوستھا کیول بھارت ورش کے دھرم پرائن پرانیوں کے لئے ہے اوروں کے لئے نہیں ہے چنانچہ وشنو پُران (انش ۲۔ ادھیائے ۳۔ شلوک ۱۹) میں صاف کہدیا گیا ہے کہ:۔

"دھرم کی گتی کے انوسار ست جُگ آدی چار جُگوں کی ویوستھا اس بھارت ورش میں ہی ہے اور کہیں نہیں ہے۔ کیونکہ دھرم کی ویوستھا بھی اسی کرم بھومی بھارت ورش میں ہی ہے اور کہیں نہیں ہے" + اوروں کیلئے یعنی جو اس ست جُگ آدی جُگوں کی ویوستھا کے قایل نہیں ہیں وہی جیوتش کی ویوستھا ہے جو ہم نے اوپر دی ہے + نتیجہ دونوں کا ایک ہے +

(۳۴) اس چار ارب بتیس کروڑ برس میں سے جو سرشٹی کی کُل آیو ہے اس وقت ۱۹۳۸ء تک کُل 1,97,29,49,039 برس بیت چکے ہیں۔ جیسا کہ انوواک (۱۹) میں مفصل طور پر دکھایا گیا ہے۔ اور اس سے اگلے ادھیائے میں ہم بتائینگے کہ اس عرصہ میں دنیا میں کیا کیا ہؤا +

---

[۳۵] دیکھو سُوریہ سِدھانت (ادھیائے ۱۔ شلوک ۱۶) + یہ ویوستھا یہ ہے کہ ست جُگ میں (جس کا دوسرا نام کرت جُگ ہے) دھرم اپنے چاروں پیروں پر کھڑا ہوتا ہے اور اس کا دِویہ پریمان مندھی رہت چار ہزار برس کا ہوتا ہے۔ ترینتا۔ دواپر اور کلجُگ میں دھرم کے ایک ایک چرن گھٹتے جاتے ہیں اور اسی نسبت سے اِن جُگوں کا پریمان بھی گھٹتا جاتا ہے + اور ہم نیچے نقشہ نمبر ۳ میں دکھا آئے ہیں کہ یہ مجُگ جیوتش کے حساب میں برس کے ایک دو تین اور چار سانس کے گھٹنے کے زمانے ہیں +

دُوسرا ادھیائے

ورتمان منونتر کا آخری طُوفان

(۱) پیچھے بتایا جا چکا ہے کہ جیولوجی یعنی بھُوگربھ وِدیا کے جاننے والوں نے بناوٹ کے لحاظ سے زمین کی قدامت کے چار زمانے قرار دئے ہیں:۔ (۱) پرائمری یعنی ابتدائی یا کلی (۲) سیکنڈری یعنی دوسرا یا دواپر (۳) ٹرٹی ایری یعنی تیسرا یا تریتا (۴) کوارٹرنیری یعنی چوتھا یا کِرت + پرائمری یعنی ابتدائی زمانہ پھر کئی زمانوں پر بٹا ہُوا ہے اور ان میں سے پہلا زمانہ جیولوجی کی اصطلاح اور انگریزی زبان میں کیمبرین (Cambrian) کہلاتا ہے + سر چارلس لائل (Sir Charles Lyell) نے جیولوجی پر ایک کتاب الیمنٹس اوف جیولوجی (Elements of geology) لکھی ہے اور پروفیسر جوڈ (Judd) صاحب نے اُس کا ایک خلاصہ سٹوڈنٹس لائل (Student's Lyell) کے نام سے نکالا ہے۔ اس خلاصہ میں لکھا ہے کہ کیمبرین زمانہ سے اب تک جو وقت گُذرا ہے وہ مختلف وِدوانوں کے مشاہدوں کی رو سے ستر کروڑ برس سے لے کر چھ ارب برس تک ہوتا ہے + ڈاکٹر اولڈہم (Dr. Oldham) صاحب سپرنٹنڈنٹ جیولوجیکل سروے اوف انڈیا اپنی کتاب مینویل اوف دی جیولوجی اوف انڈیا (Manual of the Geology of India) میں لکھتے ہیں کہ پنجاب کے سالٹ ریخ (کوہستان نمک) میں کیمبرین زمانہ کے نباتات اور حیوانات کے نشان ملتے ہیں اور بعض نشان اِن میں سے ایسے ہیں جو دنیا کے اور کسی حِصّہ میں اب تک نہیں ملے ہیں + مگر اس کیمبرین

زمانہ سے بھی پہلے ایک زمانہ اور ہے جس میں زمین کی حرارت ابھی اِتنی بڑھی ہوئی تھی کہ اُس میں کسی نباتات یا حیوانات کا پیدا ہونا ممکن نہیں تھا + اُس زمانہ کو آزوئیک (یعنی اَجیوک) زمانہ کہتے ہیں اور میڈلی کوٹ (Medlicott) صاحب اور بلین فورڈ (Blanford) صاحب کہ وہ بھی اپنے زمانہ میں جیولوجیکل سروے کے سپرنٹنڈنٹ تھے اپنی کتاب مینول اوف انڈین جیولوجی میں لکھتے ہیں کہ ارولی پربت اسی اَجیوک زمانہ کے پہاڑ ہیں جو پہلے کبھی جبکہ حالیہ ریگستانِ راجپوتانہ کی جگہ سمندر واقع تھا بہت اونچے تھے مگر جو اب بہت دبے ہوئے ہیں اور نیچے ہیں + اِس اَجیوک زمانہ کو بھی کیمبرین زمانہ میں جوڑا جاوے تو اس اجیوک زمانہ سے اب تک جو وقت گذرا ہے وہ بعض فرنگی ودوانوں کے نزدیک چھ ارب سے بھی زیادہ بیٹھے گا + مگر ہندو اس زمانہ کو جو ورتمان جگت کی اوتپتی کا زمانہ ہے دو ارب سے بھی کم یعنی آج ۱۹۳۸ء تک ۱۹۷۲۹۴۹۰۳۹ برس قرار دیتے ہیں (جیسا کہ اِس سے پچھلے ادھیائے میں مفصل دِکھایا جا چکا ہے) اور اب دیکھ لیا جاوے کہ مبالغہ کس میں ہے۔ فرنگیوں میں یا ہندوؤں میں +

(۲) اس دو ارب سے کم کے عرصہ میں چھ منوئنتر فی منوئنتر ۳۰۸۴۴۸۰۰۰ برس کے حساب سے بیت چکے ہیں اور ہر منوئنتر کے آخر میں پرلے ہوکر پرتھوی کی کایا پلٹ ہوچکی ہے (دیکھو سُوریہ سِدھانت ۔ ادھیائے ۱۔ شلوک ۱۸) + پُرانوں میں زیادہ تر اِن ہی منوئنتروں کی گئی گذری دُنیاؤں کے پُرانے برتانت ہیں جو اس دنیا کے برتانتوں سے میل نہیں کھاتے ہیں اور اس وجہ سے اس دنیا کے منشیوں کی سمجھ میں نہیں آتے ہیں + مثلاً دھرو

بھگت اور پرہلاد بھگت کی کتھائیں اس کلپ کے سب سے پہلے منونتر یعنی سوایمبھو و منو کے زمانہ کی کتھائیں ہیں۔ اور اس ساتویں منونتر کی سرشٹی سے اور اس کے اتہاس سے ان کا کوئی سمبندھ نہیں ہے + اکثر سجن اس میں دھوکا کھاتے ہیں اور دھوکہ کھاکر پُرانوں کو دوش دیتے ہیں + اور یاد رہے کہ یہ کتھائیں کیسی ہی ہیں اپنی قسم کی بے نظیر ہیں کیونکہ علاوہ اُن آدرشوں کے جو یہ کتھائیں پیش کرتی ہیں پُرانوں کی یہ کتھائیں ہی دنیا بھر میں ایسی کتھائیں ہیں جو ان پچھلی دُنیاؤں کے چرتروں کے برنن کرنے کا دعوے کرتی ہیں +

(۳) گذشتہ چھ منونتروں کے ۶ × ۳۰۸۴۴۸۰۰۰ = ۱۸۵۰۶۸۸۰۰۰
برس کلپ کی ابتدائی سندھی کے ساتھ گذر جانیکے بعد ورتمان منونتر ۱۲۰۵۳۳۰۳۹
برس سے جاری ہے + پُرانوں کا مت ہے کہ ہر منونتر کا منو الگ ہوتا ہے جو منونتر بھر قائم رہ کر اُس منونتر کی کاروائیوں کی نگرانی کرتا ہے اور منوؤں کے انتر یعنی درمیانی زمانہ کا نام ہی منونتر ہے (دیکھو آگے ادھیائے ۲ کا شروع) + ورتمان یعنی موجودہ منونتر کا منو شرادھ دیو ہے جو وِوسوت یعنی سورج کا بیٹا ہونے کی نسبت سے ویوسوت منو کہلاتا ہے + یہ شرادھ دیو اس کلپ سے پہلے کلپ کے انت میں درووڑ دیس کا راجا ستیہ ورت تھا۔ جب کلپ کے انت ہونے پر مہا پرلے ہوئی اور چاروں طرف پانی ہی پانی ہوگیا تو ہری نے متسیہ اوتار لے کر اُس کی رکھشا کی اور اُس کو ورتمان منونتر کا منو بنایا + یہ کتھا پُرانوں میں تو آتی ہی ہے (مثال کے لئے دیکھو شریمد بھاگوت ۔ اسکندھ ۸ ۔ ادھیائے ۲۴) پر وید کے براہمن بھاگ میں بھی اس کا برنن آتا ہے + چنانچہ یجروید کے شت پتھ براہمن (۱ ۔ ۸ ۔ ۱) میں اس کا برنن

اس طرح پر ہے :-

۱- پرانہ کال لوگ منو کے اشنان کے لئے جل لائے - اشنان کرتے ہُوئے اُس کے ہاتھ میں ایک مچھلی آگئی +

۲- مچھلی نے اُوس سے کہا مجھ کو پال میں تجھ کو پار کردوں گی + تو مجھ کو کس سے پار کردے گی ؟

ایک اوگھ (طوفان) میں یہ سب پرجا بہ جائیگی - میں تجھ کو اُس سے پار کردوں گی +

تیرا پالن کس پر کا رہو ؟

۳- وہ بولی جب تک ہم چھوٹی رہتی ہیں ہمارا بڑا ناش ہوتا رہتا ہے - مچھلی کو مچھلی کھاتی رہتی ہے - مجھ کو پہلے ایک کمبھ میں پال - جب میں اتنی بڑی ہوجاؤں کہ اس میں نہ سما سکوں تو مجھ کو سمندر میں لے جاکر ڈال - تب میں ناش سے بچ جاؤنگی +

۴- وہ جھٹ ایک بڑی مچھلی ہوگئی - کیونکہ وہ جلدی جلدی بڑھنے لگی - اور بولی کہ کچھ دنوں میں ایک اوگھ (طوفان) آوے گا - تُو ایک ناؤ بناکر تیار رکھیو اور اوگھ کے اُوٹھنے پر ناؤ میں بیٹھ جائیو - میں تجھ کو پار کردُوں گی +

۵- وہ اُس کو اس طرح پال کر سمندر میں ڈال آیا - اور پھر جس سمے کے لئے اُس نے آدیش کیا تھا اُسی سمے ایک ناؤ بناکر اُس کا دھیان کرنے لگا - اور اوگھ کے اوٹھنے پر اس میں بیٹھ گیا + وہ متسیہ اُس کی طرف تیر آیا اور منو نے ناؤ کو اُس کے سینگ سے باندھ دیا اور اس طرح سے وہ جھٹ اوتر گری (ہمالہ) میں آپہنچا + یہاں اس

کو اس کی پتری اِلا ملی + (اِلا کے لئے دیکھو آگے چوتھا ادھیائے) +

(۴) وید میں بھی اِس واقعہ کی طرف اشارہ ہے - مگر صرف اِتنا اشارہ ہے کہ ہمالہ کی جس چوٹی پر ناؤ کا پربھرنشن ہُوا تھا کشٹھ کا پودا اول وہاں ہی اُگا تھا (دیکھو اتھروید - ۱۹ - ۳۹ - ۷ اور ۸) + اور رگوید (۱ - ۱۱۲ - ۱۶) میں جو اشونی کماروں کا منو کی رکھشا کرنے کا ذکر آیا ہے اُس سے بھی شاید اِسی اوگھ سے منو کی رکھشا کی طرف اشارہ ہے +

(۵) شت پتھ براہمن کے برنن میں جو منو کا بہتے بہتے اوتر گری (ہمالہ[1]) میں جا پہنچنا لکھا ہے اُس سے ظاہر ہے کہ یہ اوگھ یعنی رو کا طوفان دکھن سے اوٹھ کر اوتر کو چلا تھا اور شریمد بھاگوت کے برنن سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے + اب ہم پیچھے دیکھ آئے ہیں کہ جہاں اِن دنوں راجپوتانہ کا ریگستان واقع ہے وہاں کسی زمانہ میں سمندر تھا - اور معلوم ہوتا ہے کہ بھوچال آدک پرتھوی کے کسی بڑے بھاری آپدّرو کے کارن یہی سمندر کبھی اُوپر اُٹھ آیا اور ایک مہان اوگھ کی شکل میں اوتر کو بہ نِکلا + یہ سمندر کیمبرین زمانہ میں تھا (دیکھو اولڈہم صاحب کی کتاب مینویل اوف جیولوجی مطبوعہ ۱۸۹۳ء -

[1] نیپال میں ایک پربت ہے جس کا نام سوائیمبھو منو کے نام پر جو سب سے پہلا منو ہے سوائیمبھوناتھ ہے - اور شاید ہمارے منو کی ناؤ کی سرگذشت اسی پربت پر ہوئی ہو +

عوام اب سوائیمبھوناتھ کو شمبھوناتھ کہتے ہیں +

اور امپریل گزیٹیر جلد اول مطبوعہ ۱۹۰۷ء) اور کیمبرین زمانہ کو ہم پیچھے بتا آئے ہیں کہ فرنگی جیولوجسٹ اب سے ستّر کروڑ برس پہلے سے چھ ارب برس پہلے تک بتاتے ہیں + اس بات کا ٹھیک پتہ جیولوجی کو نہیں چلا کہ یہ سمندر کب اوپر اوٹھا اور رَوبن کر بہ نکلا مگر شت پتھ براہمن میں جس اوگھ کا ذکر ہے وہ غالباً اسی سمندر کے اوپر اُٹھنے اور بہ نکلنے کا ذکر ہے یا اس ہی قسم کے کسی اور واقعہ کا ذکر ہے جو اس منونتر کے منو ویُوسنوت پر گذرا + پُرانوں میں اس اوگھ کو ورتمان کلپ کے شروع کا واقعہ بیان کیا ہے۔ مگر شت پتھ براہمن کے بیان سے اور نیز اس بات سے کہ یہ واقعہ ویُوسنوت منو کے ساتھ پیش آیا جو ورتمان منونتر کا منو ہے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ اس کلپ کے شروع کا نہیں بلکہ اس منونتر کے شروع کا ہے جس کو اس وقت تک ۱۲۰۵۳۳۰۳۹ برس ہوئے +

(۶) [ہندو شاستروں میں جو یہ کتھائیں آتی ہیں کہ اگستیہ منی نے سمندر کو پی کر خشک کر ڈالا اور بندھیاچل کو اور اُونچا ہونے سے روک دیا (دیکھو مہابھارت کا بن پرواسی گرنتھ کے تیسرے بھاگ میں) وہ غالباً کسی ایسے ہی واقعہ کی کتھائیں ہیں + اگستیہ ایک تارا ہے جس کو انگریزی میں کینوپس (Canopus) کہتے ہیں۔ یہ متھن راشی کے آخری سرے پر واقع ہے اور اس کا طول بلد (۹۰) درجہ اور عرض بلد (۸۰) درجہ جنوباً ہے (دیکھو سُوریہ سِدھانت ۔ ادھیائے ۸ شلوک ۱۰)۔ مگر اگستیہ کو کمبھ یونی بھی کہتے ہیں اور اس سے خیال دوڑتا ہے کہ جس زمانہ کا یہ واقعہ ہے یعنی جس زمانہ میں راجپوتانہ کا یہ سمندر اوٹھ کر

خشک ہُوا اور اُس کے ساتھ ہی بندھیاچل کا پہاڑ بھی اوٹھا اُس زمانہ میں یہ اگستیہ ایک نیا تارا بن کر کمبھ کی راشی میں پیدا ہُوا ہوگا اور اُس کے اثر سے یا اُس کے ساتھ ہی ساتھ یہ سمندر بھی اوچھلا ہوگا اور بندھیاچل نے بھی سر اوٹھایا ہوگا] +

(۷) اس منونتر کے شروع سے (جو ساتواں منونتر ہے) اِس وقت تک ۲۷ چترُیگ پُورے بیت چکے ہیں اور ہر چترُیگ کے اثنت میں بھی جگت کا کشئے ہوتا رہا ہے اور اُس کا اتہاس بھی اس کے ساتھ ے ہوتا رہا ہے (دیکھو مہابھارت - بن پرو - ادھیائے ۱۸۸ - شلوک ۲۱) + اور اس اُپدرو کا کارن جو ہر چترُیگ کے اثنت میں ہوتا ہے یہ ہے کہ اس سمے پر نوگرہ اپنے اپنے چکر پُورے کرکے ایک جگہ اکٹھے ہو جاتے ہیں جیسا کہ پیچھے صفحہ ۳۲ کے نوٹ میں دِکھایا گیا ہے اور چونکہ ایسے ایسے ۷۱ چترُیگ کے بیت جانے پر منونتر کا جگ شروع ہوتا ہے اس لئے اُس سمے مہا اُپدرو ہو کر پرلے ہو جاتی ہے +

(۸) اٹھائیسواں چترُیگ اِس وقت چل رہا ہے اور اِس کو اِس وقت تک ۳۸۹۳۰۳۹ برس گذر چکے ہیں (دیکھو اِس سے پچھلے ادھیائے کا انوواک ۱۹) + اور اِس جگ کے اِنقلابات کی کیفیت یہ ہے :-

فرنگی جیوتشیوں نے دریافت کیا ہے کہ راشی چکر کا بیضہ (کیونکہ یہ چکر دائرے کی طرح گول نہیں بلکہ انڈے کی طرح بیضوی ہے) سدا ایک سا نہیں رہتا ہے - اِس کی کمان اُونچی نیچی ہوتی رہتی ہے اور جب یہ کھچ کر اِتنی اُونچی ہو جاتی ہے کہ اُس سے اور اُونچی نہیں ہو سکتی تو سورج کے زمین سے نہایت اُونچے ہو جانے کے باعث ایک قسم کی

سی قیامت زمین پر برپا ہو جاتی ہے اور ڈاکٹر کرول (Dr: Croll) صاحب نے حساب لگایا ہے کہ پچھلے تیس لاکھ برس میں جو ورتمان چترُیگ کا ہی گذشتہ زمانہ ہے تین شکلیں ایسی پیدا ہو چکی ہیں اور ان میں سے پہلی شکل ایک لاکھ ستر ہزار برس تک دوسری شکل دو لاکھ ساٹھ ہزار برس تک اور تیسری شکل ایک لاکھ ساٹھ ہزار برس تک رہی اور اس تیسری شکل کو ختم ہوئے اسّی ہزار برس ہوئے ہیں (دیکھو تلک کی کتاب آرکٹک ہوم چیپٹر ۲) +

(۹) اس اسّی ہزار برس میں بھی کئی طوفان دُنیا کو فنا کے بھنور میں ڈال چکے ہیں + پچھلے ادھیائے میں بتایا جا چکا ہے کہ سُورج سالانہ گردش کے بعد اُسی جگہ واپس نہیں آتا ہے کہ جہاں سے اُس نے چلنا شروع کیا تھا بلکہ ائن چلن کے کارن ۵۰ وِکلا پیچھے رہ جاتا ہے اور چُونکہ موسموں کا دار و مدار سُورج کی اِسی گتی پر ہے اِس لئے سُورج کے ساتھ موسم بھی ہر برس اِسی نِسبت سے پیچھے رہ جاتے ہیں اور اس طرح سے پیچھے سرکتے سرکتے $\frac{۶۰×۶۰×۳۶۰}{۵۰}$ = ۲۱۶۰ برس میں ۳۰ درجہ کی ایک راشی اور ۳۰ دن کا ایک مہینہ پیچھے رہ جاتے ہیں اور $\frac{۶۰×۶۰×۳۶۰}{۵۰}$ = ۲۵۹۲۰ برس میں ۳۶۰ درجہ کا ایک پُورا چکر اور ۳۶۰ دن کا ایک پُورا برس پیچھے رہ کر اپنی اصلی حالت پر آجاتے ہیں + یہ چکر جیسا کہ ابھی بتایا گیا گول نہیں بلکہ بیضوی ہے - اِس لئے اِس چکر میں ایک مقام ایسا آئیگا جہاں سُورج زمین کے اتیئت سمیپ ہوگا اور اِس کے بالمقابل ایک مقام ایسا آئے گا جہاں سُورج زمین سے اتیئت دُور ہوگا + اور ظاہر ہے کہ پہلے مقام میں جاڑا سُورج کے اتیئت سمیپ ہونے کے کارن نہایت کم اور دُوسرے مقام میں سُورج کے اتیئت دُور ہونے کے کارن

نہایت زیادہ ہوگا اور اِن دونوں جاڑوں کے درمیان ۲۵۹۲۰/۲ = ۱۲۹۶۰ برس کا فاصلہ ہوگا + اب فرنگی وِدوانوں نے دریافت کیا ہے کہ زمین کے نصف کرۂ شمالی میں جس میں ہمارا بھارت ورش واقع ہے پہلی قسم کا آخری نہایت ہلکا جاڑا ۱۲۵۰ء عیسوی میں واقع ہوا تھا — (دیکھو آرکٹک ہوم چیپٹر ۲) تو دُوسری قسم کا آخری نہایت سخت جاڑا ظاہر ہے کہ عیسےٰ مسیح سے ۱۲۹۶۰ - ۱۲۵۰ = ۱۱۷۱۰ برس پہلے اور آج ۱۹۳۸ء عیسوی سے ۱۱۷۱۰ + ۱۹۳۸ = ۱۳۶۴۸ برس پہلے واقع ہؤا ہوگا + اِس سخت جاڑے کے زمانے کو جیولوجی کی اِصطلاح میں گلیسیل پیریڈ (Glacial period) کہتے ہیں اور اس کا لکشن یہ ہے کہ اس میں سردی کی کثرت سے روئے زمین پر برف ہی برف ہوجاتی ہے — اور وہ برف روبن کر بہ نکلتی ہے اور جدھر جاتی ہے غارت گری مچاتی چلی جاتی ہے + امریکہ کے ماہرانِ علم جیولوجی کے نزدیک یہ زمانہ جو اس منوَنتر کے آخری طوفان کا زمانہ ہے آج سے دس ہزار برس پہلے ختم ہؤا +

(۱۰) پارسیوں کی مقدس کتاب زَنداوستا میں جس کا رُتبہ اُن کے ہاں ہندوؤں کے وید کے مانند ہے ایک برفانی طوفان کا ذکر آتا ہے اور اس طرح سے آتا ہے کہ :-

اہُرمزد نے یم سے کہا کہ اے وِونگھت کے بیٹے یم مادّی دُنیا پر بڑے سخت جاڑے آنے والے ہیں - برف بڑی کثرت سے گرے گی اور سب جاندار مرجائیں گے - اِس لئے تو ایک بڑا وار (احاطہ) بنا اور اس میں تمام حیوانات اور نباتات کے بیج اکٹھے کر (دیکھو بندی داد - فرگرد ۲) +

اِس بیان سے ظاہر اگلیسیل زمانہ کا ہی برفانی طوفان مُراد ہے اگرچہ اِس بیان میں منو کے اُس طوفان کی بھی جھلک آتی ہے جس کا بیان پیچھے انوواک (۳) اور (۵) میں کیا جا چکا ہے۔ کیونکہ جو یہاں وِونگھت کا بیٹا یَم ہے وہ وہاں وِوسوت کا بیٹا منو ہے جو یَم کا بھائی ہے (دیکھو رِگوید ۱۰-۱۴-۱) اور جس طرح یہاں اَہِرمزد (اسُرمہد) نے یَم سے کہا کہ سب کسی کے بیج اکٹھے کر اسی طرح وہاں ایشور (شسیہ روپی) نے یَم کے بھائی منو سے کہا کہ سارے بیج اکٹھے کر [دیکھو مہابھارت (بن پرو ادھیائے ۱۸۷-شلوک ۳۲) اور شریمد بھاگوت (اسکندھ ۸-ادھیائے ۲۴-شلوک ۳۴)] + اور پارسیوں کے شاستروں میں ہندوؤں کے شاستر کی جھلک کا دیکھنا کچھ آشچرج کی بات نہیں ہے کیونکہ ہندو اور پارسی دونو ایک ہی نسل کے (اِنڈو آرین یعنی ہندو آریا) ہیں اور ایک ہی مُلک بھارت ورش کے پُرانے رہنے والے ہیں۔ اِن دونوں کا مت بھی ایک ہی وِیدک مت تھا اور ان دونوں کی بھاشا بھی ایک ہی سنسکرت تھی اور جب کسی پُرانے زمانے میں یہ لوگ ہندوستان سے ایران میں گئے اور ایران کے صوبہ پارس کے نام سے پارسی کہلائے تو وہ اسی وِیدک مت اور اِسی سنسکرت بھاشا کو بھی اپنے ساتھ لیتے گئے + مگر مُدتوں کی جدائی سے ان کے مت میں وِیدک مت سے اور ان کی بھاشا میں سنسکرت بھاشا سے کچھ بھید ہو گیا اور اِس بھید کے کارن یہ دونوں ایک دُوسرے کے مت کو اپنا وِرودھی اور ایک دوسرے کے دیوتاؤں کو دُیشیہ سمجھنے لگے + چُنانچہ اِدھر جب ہندوؤں کا شبد

اَسُر[۵۷] بمعنی دیو پارسیوں کے مت میں جاکر اَہُر بنا تو اِدھر ہندوؤں نے اِس کا پہلا ارتھ "اسو یعنی پران والا" (ارتھات کیول پران) بدل کر اس کو سُر کا نفی قرار دیا اور اپنے سُر کو دیو اور اُن کے اَسُر کو دئیثیہ ٹھیرایا اور اُدھر پارسی یعنی فارسی زبان میں دیو بمعنی دیو یعنی جن استعمال ہونے لگا (مزید توضیح کے لئے دیکھو آگے ادھیائے ۵) + مگر باوجود اِس سب کے اِن کی پُرانی روائتیں قایم رہیں اور اِس لئے گلیسیل پیریڈ یعنی ہم جُگ کے اِس برفانی طوفان کی روایت کے ساتھ اِن کے شاستروں میں منو کے طوفان کی پُرانی روایت بھی شامل ہوگئی +

(۱۱) یُونان میں روایت ہے کہ جب پرتھوی پر بہت اتیاچار ہونے لگے تو زیوس (ویدِک دیوس = آسمان) نے طوفان نازل کیا + لگاتار اور موسلا دھار بارش سے یونان غرقاب ہوگیا۔ ڈیوکیلیون (Dieu Kalion) نے اپنے پتا پرومیتھیوس کے کہنے سے ایک ناؤ بنالی تھی اِس لئے وہ بچ گیا۔ اور نو دِن تک پانی میں بہتا ایک پہاڑ پر جا ٹِکا + زیوس نے کہا مانگ کیا مانگتا ہے۔ اُس نے کہا کہ میں اکیلا ہُوں مجھے ساتھی دو + زیوس نے اُس سے اور اس کی استری پریا سے کہا کہ اپنے سر پر پتھر رکھو۔ اُنہوں نے

---

۵۷ دیکھو رگوید (۳-۵۵-۱۶) کا بچن اہو مہد دیوانام اَسُرتوم ایکم جہاں دیوتاؤں کی مہان اَسُرتا کا برنن کیا گیا ہے +

زند میں اَہُر کے ارتھ سرو ویاپی کے ہیں اور اِس ارتھ میں بھی سنسکرت اَسُر کے اَس دھاتو بمعنی ہونا کی جھلک اب تک قائم ہے۔ اسی طرح مزد کے ارتھ پرم بُدھی مان کے ہیں اور اسمیں بھی سنسکرت مہت کے ارتھ گپت ہیں جو سانکھیہ شاستر میں پرکرتی کا سب سے پہلا وکار ہے +

ایسا ہی کیا اور ڈیوکیلیون نے جو پتھر اپنے سر پر رکھے اُس سے مرد اور پریا نے جو پتھر اپنے سر پر رکھے اُس سے اِستریاں بنیں (دیکھو گروٹ صاحب کی تاریخ یونان - جلد اول چیپٹر ۱۳ صفحہ ۵) + یہ طوفان بھی ہم جگ کا وہی برفانی طوفان ہے جس کا ذکر ابھی پچھلے انوواک میں کیا گیا ہے۔ اگرچہ یونانی اپنے اس طوفان کو مسیح سے پندرہ سو برس پہلے ہی بتاتے ہیں کیونکہ کیا یونانی اور کیا ایرانی اور عبرانی سب دُنیا کی اصل قدامت سے ناواقف ہیں اور اپنے اپنے خیال کے بموجب مسیح سے ڈیڑھ دو ہزار برس پہلے کے زمانہ کو ہی بہت پُرانا زمانہ سمجھتے ہیں +

(۱۲) عیسائیوں کی بائیبل یعنی انجیل میں جو نوحؑ کے طوفان کا ذکر آتا ہے [دیکھو جنیسیس (Genesis) چیپٹر ۶ تا ۸] وہ بھی غالباً اس ہی برفانی طوفان سے تعلق رکھتا ہے اگرچہ یہاں بھی لورڈ (خُدا) کے کہنے کے بموجب سات دن تک مینہ کا برسنا اور روکا آنا اور نوحؑ کا تمام جانداروں کے جوڑوں کو ساتھ لے کر کشتی میں بیٹھنا اور کوہ آرارات پر جا کر ٹکنا اور اس طرح سے آپ بچنا اور تمام جانداروں کے تخم کو بچانا ایسی باتیں ہیں جو ہندو شاستروں کے منو کے طوفان کے بیان سے بہت مشابہ ہیں + عیسائی لوگ اس طوفان کا زمانہ مسیح سے ۲۳۴۸ برس پہلے یعنی آج ۱۹۳۸ء عیسوی سے ۴۲۸۶ برس پہلے بتاتے ہیں کیونکہ انکے نزدیک

---

۱۳ جو لوگ کہ پرانوں کی کتھاؤں پر ہنستے ہیں وہ یونان کی بھی ان کتھاؤں کو دیکھیں اور پھر کہیں کہ زیادہ ہنسی کن پر آتی ہے + اور یُونان وہ مُلک ہے جس کی تہذیب مغرب کی تہذیب کا ماخذ اور مرکز ہے اور جس پر مغرب کو اتنا ناز ہے +

دُنیا کی پیدائش ہی مسیح سے ۴۰۰۴ برس پہلے یعنی آج سے ۵۹۴۲ برس پہلے ہُوئی ہے ۔ مگر آج سے پانچ پانچ اور چھ چھ ہزار برس پہلے کی پُرانی چیزیں تو اِدھر سِندھ کے اور اُدھر میسوپوٹیمیا کے پُرانے کھنڈرات کی کھُدائیوں میں سے مِل چکی ہیں اور میسوپوٹیمیا (دوابہ دجلہ اور فرات) ایشیائے رُوم کا وہ حصّہ ہے جہاں بائیبل کے اکثر واقعات ظہور میں آئے ہیں + چنانچہ اُر جو میسوپوٹیمیا کا ایک پُرانا شہر تھا اور جس کا بائیبل میں کئی جگہ ذکر آیا ہے اور جو اب بصرہ اور بغداد کے درمیان واقع ہے اِس کی کھُدائیوں میں اول تو اُن طبقات کے اندر ہی جو آج سے پانچ چھ ہزار برس پہلے کے مانے گئے ہیں بہت سے پُرانے دفینے ملے ہیں اور پھر اِن طبقات کے بہُت نیچے آٹھ آٹھ فٹ گہری اس قسم کی مٹی جمی ہوئی ملی ہے جو پانی کی سیلاب میں بہ کر آجایا کرتی ہے اور نیچے بیٹھ جایا کرتی ہے + یہ مٹی خیال کیا جاتا ہے کہ اُسی سیلاب کی تلچھٹ ہے جس کو بائیبل میں طوفان نُوح کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے اور اس مٹی کا اُن طبقات سے بہت نیچے پایا جانا جو پانچ چھ ہزار برس کے پرانے ہیں ظاہر کرتا ہے کہ غالباً طوفانِ نُوح اُسی برفانی طوفان کا سلسلہ ہے جو آج سے کوئی چودہ ہزار برس پہلے زمین پر نازل ہُوا[۵۴] +

[۵۴] شہر الاشیر (Alashir) کے قریب جو ٹرکی یعنی ملک روم کے حالیہ دارالسلطنت انگورا سے کوئی ۱۳۰ میل ہے کچھ کھُدائیاں ہوئی ہیں ان میں مسیح سے دس دس ہزار برس پہلے یعنی آج سے بارہ بارہ ہزار برس پہلے تک کی پُرانی چیزیں ملی ہیں اور ان سے ثابت ہے کہ یہ قرار دینا کہ دنیا آج سے چودہ ہزار برس پہلے موجود تھی اور اس پر کوئی طوفان آج سے چودہ ہزار برس پہلے نازل ہُوا تھا کوئی امر قیاس سے باہر نہیں ہے +

(۱۳) ہندوؤں کے شاستروں نے کسی بات کو نہیں چھوڑا بھوشیہ پُران نے بائیبل کے برتانتوں کا بھی برنن کر دیا اور اس برنن میں نوح کے طوفان کا ذکر بھی آگیا + لکھا ہے کہ دُواپر جُگ کے انت سے (ارتھات کلجُگ کے آرمبھ سے) سولہ ہزار برس پہلے آدم ہؤا اور اُس کا نام آدم اس وجہ سے ہؤا کہ وہ اپنی اِندریوں کو آدھات سب طرح سے دم ادھات بس میں رکھتا تھا + ہَوّیہ وَتی (حوّا) اُس کی اِستری تھی۔ شویت (شیث) اِس کا بیٹا تھا + اس سے نویں پیڑھی پیچھے نُوہ (نوح) ہؤا اور اس نوح کے زمانہ میں ایک طوفان آسمان سے نازل ہؤا وغیرہ وغیرہ (دیکھو بھوشیہ پُران - پرتی سرگ پروَ- پرتھم کھنڈ - ادھیائے ۴) + بائیبل میں اِن سب مہاپُرشوں کی جو آدم سے نوح تک ہوئے عمریں لکھی ہیں - یہ عمریں ایک دوسرے کی عمروں میں شامل ہیں مثلاً آدم کی عمر ۹۳۰ برس کی اور اس کے بیٹے شیث کی عمر ۹۱۲ برس کی ہے مگر شیث کے ۸۰۰ برس آدم کے زمانہ میں شامل ہیں اور باقی ۱۱۲ برس آدم سے آگے ہیں + اِس حساب سے خالص زمانہ آدم سے نوح تک کُل ۱۶۵۶ برس نکلتا ہے اور مسیز سلیٹر (Mrs: Slotter) صاحبہ نے جو کتاب کرونولوجی یعنی کال نرنان کے وشے میں لکھی ہے اور جس کا ذکر پیچھے ادھیائے ۱ کے فُٹ نوٹ ۶ میں آچکا ہے اس میں انہوں نے بھی یہ ہی زمانہ آدم سے نوح تک قرار دیا ہے۔ اور سب عیسائیوں نے اِسی طرح مانا ہے + مگر بھوشیہ پُران نے آدم سے نوح تک سارے مہاپُرشوں کی عمروں کو اُن کا راجیہ کال بتایا ہے اور اِس حساب سے اُن کا کُل زمانہ اُن کی اِن کُل

عمروں کا مجموعہ ہے اور یہ مجموعہ ۷۶۲۵ برس آتا ہے۵ + پس بھوشیہ پُران کی رو سے طوفان نوح کا زمانہ دُواپر جگ کے انت اور کلجگ کے آرمبھ سے ۱۶۰۰۰ - ۷۶۲۵ = ۸۳۷۵ برس پہلے آتا ہے اور چونکہ کلجگ کے آرمبھ کو اِس وقت تک ۵۰۳۹ برس ہُوئے اِس لئے نُوح کے طوفان کو اس وقت اس حساب سے ۱۳۴۱۴ برس ہوئے +

۵ بائیبل (جنیسس ۵) کے حساب اور بھوشیہ پُران کے حساب کے مختلف نتیجے نقشہ ذیل سے مفصل معلوم ہونگے :-

انگریزی نام بروئے بائیبل	فارسی نام بروئے اکبر نامہ	سنسکرت نام بروئے بھوشیہ پُران	کُل عمر	بیٹے کا اصل زمانہ جو باپ سے آگے چلا
Adam	آدم	آدم	۹۳۰	۹۳۰
Seth	شیث	شویت	۹۱۲	۱۱۲
Enos	انُوش	انوہ	۹۰۵	۹۸
Cainan	قینان	کیناش	۹۱۰	۹۵
Mahalaleel	مہلائیل	مہلل	۸۹۵	۵۵
Jared	برد	ورد	۹۶۲	۱۳۲
Enoch	اخنُوخ	ہنُوک	۳۶۵	۲۳۴
Methuselah	متوشلح	متوچھل	۹۶۹	×
Lamech	لمک	لومک	۷۷۷	×
			۷۶۲۵	۱۶۵۶
Noah	نُوح	نیوہ	۶۰	×

اور یہ زمانہ قریب قریب وہی زمانہ ہے جو ہم جگ کے برفانی طوفان کا دوسرے طریقوں سے نکلتا چلا آرہا ہے +

(۱۴) یہ طوفان بھارت ورش میں بھی آیا اور راجا سُدرشن کے زمانہ میں آیا + بھوشیہ پُران نے اس سُدرشن کو سُورج بنس کے بانی اکشواکو سے ۵۸ پیڑھی پیچھے اور شری رام چندر جی سے چار یا پانچ پیڑھی پہلے لکھا ہے (دیکھو بھوشیہ پُران - پرتی سرگ پرو - پرتھم کھنڈ - ادھیائے ۱) مگر اور پُرانوں نے اس سلسلہ میں سُدرشن کا نام تک نہیں لکھا ہے + برخلاف اس کے وِشنو پُران میں لکھا ہے کہ اکشواکو کے بھائی نرگ کے بنس میں نرگ سے چھ پیڑھی آگے چل کر اوگھوت یا اوگھوان نامی ایک راجا ہؤا اور اُس کی بہن اوگھوتی راجا سُدرشن کو بیاہی گئی + اور مہابھارت (انوشاسن پرو - ادھیائے ۲) سے ظاہر ہوتا ہے کہ اکشواکو کے ایک بیٹے دشاشو کے بنس میں دشاشو سے پانچ پیڑھی آگے چل کر دُریودھن کی بیٹی سُدرشنا ہوئی اور سُدرشنا کا بیٹا سُدرشن ہؤا (مفصل حال کے لئے دیکھو آگے ادھیائے ۴) اور معلوم ہوتا ہے کہ یہ ہی سُدرشن وہ سُدرشن ہے جس کو اوگھوت راجا کی بہن اوگھوتی بیاہی گئی کیونکہ ان دونوں کے زمانہ ایک دُوسرے سے ملتے ہیں اور اسی سُدرشن کے زمانہ میں وہ پرے آتمک اوگھ یعنی طوفان آیا جس کو بھوشیہ پُران نے دُوسرے سُدرشن کے زمانہ میں لکھا ہے اور اوگھوتی (اوگھ وتی) کا نام بھی یہ ہی ظاہر کرتا ہے + یہ اوگھوتی اکشواکو سے پانچ چھ پیڑھی پیچھے یعنی اکشواکو کے زمانہ کے شروع میں ہی ہوئی اور یہ زمانہ جیسا کہ ہم آگے دکھائینگے آج سے تقریباً چودہ ہزار

برس پہلے شروع ہوتا ہے اور یہ ہی زمانہ برفانی طوفان کا زمانہ ہے +

(۱۵) مگر ایک عجیب تصدیق اس طوفان کی اور اُس کے زمانہ کی ہندوؤں کے وِرشمان یعنی برس کے مان سے ہوتی ہے + یہ مان انگریزی پیمانہ میں ۳۶۵ دن - ۵ گھنٹہ - ۵۰ منٹ - ۳۵ سیکنڈ ہے - اور اسکے مقابلہ میں انگریزی سال ۳۶۵ دن - ۵ گھنٹہ - ۴۸ منٹ - ۴۹ سیکنڈ ہے - اور ان دونوں میں ایک منٹ اور ۴۶ سیکنڈ یعنی ۱۰۶ سیکنڈ کا فرق[۵۶] ہے - یعنی ہندو سال انگریزی سال سے ۱۰۶ سیکنڈ زیادہ ہے + اس کی وجہ یہ ہے کہ جیسا کہ پیچھے (ادھیائے ۱ - انوواک ۱۱ مین) بتایا جا چکا ہے سال ہر سال گھٹتا جاتا ہے - اور اتنا گھٹتا ہے کہ ہزار برس میں ۸ سیکنڈ گھٹ جاتا ہے - اس لئے وہ زمانہ کہ جب ہندو سال کا مان ہوا اُس زمانہ سے کہ جب انگریزی سال کا مان ہوا $\frac{۱۰۶ \times ۱۰۰۰}{۸} = ۱۰۶ \times ۱۲۵ = ۱۳۲۵۰$ برس پہلے ہؤا اور انگریزی سال کا حساب آج سے دو سو برس پہلے کا لگایا ہؤا[۵۷] ہے اس لئے ہندو مان آج سے ۱۳۴۵۰ برس پہلے کا لگایا ہؤا ہے اور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ منو کا یہ آخری طوفان جس کو دوسرے ملکوں میں نوح کا طوفان کہتے ہیں ضرور آج سے ۱۳۶۴۸ برس پہلے آیا ہوگا (دیکھو پیچھے صفحہ ۴۷) اور اس کے سو دو سو برس بعد جب دُنیا ذرا ٹھکانے آئی ہوگی

---

[۵۶] دیکھو کتاب ہندو سوپیریوریٹی (Hindu Superiority) کا چیپٹر ایسٹرونومی (Astronomy) پر - (صفحہ ۲۸۳) +

[۵۷] یہ حساب فرانس کے ایک مشہور نجومی لاکیل (La Callie) کا لگایا ہوا ہے (دیکھو کتاب ہندو سوپیریوریٹی کا چیپٹر مذکور (صفحہ ۲۸۳) + اور لاکیل کا زمانہ ۱۷۱۳ تا ۱۷۶۲ عیسوی ہے) +

ہندوؤں نے برس کا مان لیا ہوگا ٭

(۱۶) پُرانوں کی راج بنسا ولیوں سے بھی یہی زمانہ اس طوفان کا نکلتا ہے۔ اِن بنسا ولیوں میں سب سے پہلا راجا جو اِس طوفان کے بعد نظر آتا ہے وہ اکشواکو ہے اور وہ اسی منو (ویوسوت) کی سنتان کا سلسلہ ہے + اکشواکو سے کوئی ساٹھ پیڑھی پیچھے شری رام چندر جی ہوئے اور شری رامچندر جی سے کوئی تین سو پیڑھی پیچھے برہدبل ہوا جو مہابھارت کے مہاسنگرام میں دریودھن کا پکشی تھا اور ارجن کے بیٹے ابھی منیو کے ہاتھ سے مارا گیا۔ راماین اور مہابھارت کے بیچ میں تین ہزار برس کا انتر ہے (جیسا کہ ہم اس سے اگلے بھاگ میں دکھائیں گے) اِس لئے اِن تین سو پیڑھیوں میں جو رامچندر جی سے برہدبل تک ہوئیں تین ہزار برس ہوئے اور ایک پیڑھی پیچھے بحساب اوسط کوئی سو برس ہوئے + اِس حساب سے اکشواکو سے رامچندر جی تک ساٹھ پیڑھیوں کے چھ ہزار برس ہوئے۔ رامچندر جی سے مہابھارت تک تین ہزار برس ہوئے اور مہابھارت سے اس وقت تک پانچ ہزار برس ہوئے (پورا زمانہ ۱۹۳۸ء تک ۵۰۳۹ برس ہے اور اس بات کو بھی اس سے اگلے بھاگ میں مفصل دکھایا جاویگا) گویا اکشواکو سے آج تک اندازاً ۶+۳+۵=۱۴ ہزار برس ہوئے اور اکشواکو کا زمانہ یہی طوفان کا زمانہ ہے ٭

(۱۷) اوپر کے حساب میں جو ایک پیڑھی پیچھے سو برس نکلتے ہیں وہ کچھ زیادہ نہیں ہیں کیونکہ یہ پیڑھیاں جو مہابھارت سے پہلے کی ہیں سلسلہ وار پیڑھی در پیڑھی نہیں ہیں یعنی اس طرح نہیں ہیں کہ باپ

کے پیچھے بیٹا اور بیٹے کے پیچھے پوتا ہی ہو بلکہ بنسوں کے مکھیہ راجاؤں کی لڑیاں ہیں جن میں اگر کسی کا بیٹا بھی ایسا ہی مکھیہ ہوا جیسا کہ اُس کا باپ تو وہ بھی پرو دیا گیا نہیں تو جو اُس کے بعد مکھیہ ہؤا اس کا نام شامل ہؤا+ چنانچہ چندر بنس کے بھرت بنسی راجاؤں کے لئے تو مہابھارت (آدی پرو۔ ادھیائے ۷۴۔ شلوک ۱۳۳) کا یہ بچن ہے کہ "بھرت بنسی راجا جو بنسا ولی میں درج کئے گئے ہیں کیول اس بنس کے مکھیہ راجا ہیں"۔ اور سارے ہی راج بنسوں کے لئے خواہ وہ سورج بنسی ہوں یا چندر بنسی وشنو پُران کے چوتھے انش کے آخری ادھیائے میں راج بنسوں کا برنن کرنے کے پشچات یہ بچن آیا ہے کہ :۔ "راج بنسوں کا یہ برنن اودیش ماتر سے کہا گیا ہے اگر پورا کہا جائے تو سو برس میں بھی پورا نہ ہو" (وشنو پُران ۴-۲۴-۱۲۲)+ یہی وجہ ہے کہ جہاں سورج بنس میں اکشواکو سے لیکر مہابھارت کے بلوان جودھا برہدبل تک ۹۵ پیڑھیاں ہوئیں وہاں چندر بنس میں اکشواکو کے سمکالین پُروروا سے یدو کے بنس میں شری کرشن جی تک جو مہابھارت کے کرتا دھرتا تھے ۵۱ پیڑھیاں اور پُرو کے بنس میں دُشمنت آدک پانڈووں اور دُریودھن آدک کٹوروں تک جو مہابھارت کے کارن تھے ۶۶ پیڑھیاں اور انو کے بنس میں راجا کرن تک کہ وہ بھی مہابھارت کا ایک پرسدھ جودھا تھا کُل ۳۸ پیڑھیاں ہی لکھی ہیں+ چندر بنس کی پیڑھیوں کا سمپورن نہ ہونا تو اسی سے ظاہر ہے کہ وہ سُورج بنس کے ۹۵ کے مقابلہ میں ۵۱ اور ۶۶ اور ۳۸ ہیں اور اُن کی مختلف شاخوں میں جو پیڑھیوں کا بل ایک دوسرے کے مقابلہ میں ہے وہ الگ رہا مگر سورج بنس کی ۹۵ بھی پوری نہیں ہیں

جیساکہ وشنو پُران کے اُس بچن سے ظاہر ہے جس کا حوالہ ابھی اوپر درج کیا گیا ہے + اور خود بنسا ولیوں کے دیکھنے سے بھی یہ بات ظاہر ہوتی ہے مثلاً اکشواکو کے بھائی دِشٹ کے بنس میں وِشال یا وَیشالی کے راجا سومتی کو دِشٹ اور اکشواکو سے ۳۳ پیڑھی نیچے لکھا ہے۔ مگر سومتی رام چندر جی کا سمکالین تھا اور رام چندر جی اکشواکو سے ساٹھ پیڑھی پیچھے تھے۔ اس سے ظاہر ہے کہ سومتی بھی دِشٹ سے کوئی ساٹھ پیڑھی ہی پیچھے ہوگا اور اُس کے اور دِشٹ کے بیچ میں کوئی ستائیس پیڑھیاں گم ہیں۔ اور جبکہ اکشواکو کے بھائی دِشٹ کے بنس کا یہ حال ہے تو کیونکر یقین کیا جا سکتا ہے کہ اکشواکو کے بنس کی پیڑھیاں جو ۹۵ لکھی ہیں وہ ہی پوری ہوں ۹۵ +

کشمیر کے اتہاس راج ترنگنی میں جس کو کشمیر کے ایک پنڈت کلہن نے اپنے سے پہلے پنڈتوں کے گرنتھوں کے آدھار پر ۱۱۴۸ء میں بنایا ہے مہابھارت سے پہلے کا تو کچھ ذکر ہی نہیں ہے مہابھارت سے بعد بھی چار راجاؤں کا حال لکھ کر اُن سے آگے پینتیس ۳۵ راجاؤں کو بے نام و نشان ظاہر کیا ہے اور پھر چالیسویں ۴۰ راجا سے حال شروع کیا ہے۔ اور اس سے خیال کیا جا سکتا ہے کہ جب کشمیر جیسے پراچین راجستھان میں جو ہندوستان کے میدانی راجستھانوں کے مقابلہ میں ہمالہ کی گود میں زمانہ کی آفتوں سے محفوظ چلا آرہا ہے اتہاس کا یہ حال ہے تو ہندوستان کے دیگر راجستھانوں کے اتہاسوں کا اور وہ بھی مہابھارت سے بھی آٹھ آٹھ نو نو ہزار برس پہلے کے اتہاسوں کا کیا حال ہوگا۔ اور پھر جب ان اتہاسوں کے برنن کرنے والے مہابھارت

۹۵ بنسوں کے مفصل حال کے لئے دیکھو آگے ادھیائے ۴ +

اور وشنو پُران خود یہ کہتے ہیں کہ جن راجاؤں کے نام اُنہوں نے بنسا ولیوں میں درج کئے ہیں وہ اپنے اپنے بنس کے کیول مکھیہ مکھیہ راجا ہیں اور اُنکا یہ برنن کیول اودیش ماتر سے ہے تو پھر اور کیا بات باقی رہی + ان وجوہات سے اور نیز ایک اور اس وجہ سے کہ اُن زمانوں کے لوگوں کی عمریں آجکل کے لوگوں کی عمروں جیسی کم نہیں تھیں ایک پیڑھی پیچھے یا یوں کہو کہ ایک نام پیچھے سو برس کی اوسط جو ہم نے لگائی ہے وہ کچھ زیادہ نہیں ہے۔ کیونکہ اگر ایک نام پیچھے ایک ایک نام کی بھی کمی ہو تو اوسط سو برس کی جگہ پچاس پر آجائے گی اور وہ اُن زمانوں کی عمروں کے لحاظ سے کچھ زیادہ نہ ہوگی[۵۹] +

(۱۸) بابو اَبناش چندر داس نے ایک کتاب رگوید ک انڈیا نامی لکھی ہے اور کلکتہ یونیورسٹی نے اس کو چھپوایا ہے + اس کتاب میں (صفحہ ۲۷ پر) پُرانوں کی ان بنسا ولیوں کے وشے میں لکھا ہے کہ :-

"چونکہ اُن پُرانے زمانوں میں لکھنا نہیں آتا تھا اس واسطے راجاؤں کے برتانت لکھے نہیں جاتے تھے اور صرف اُن راجاؤں کے نام لوگوں کی زبان پر چڑھ جاتے تھے اور سینہ بسینہ چلے آتے تھے جو کسی بات میں پرسدھ

---

۵۹ + ۱۰ اگست ۱۹۳۲ء کے اخبار ہندوستان ٹائمز میں جو دہلی سے نکلتا ہے جبلپور (صوبجات متوسط) کی ایک خبر چھپی کہ ایک کھدائی میں سے ایک آدمی کا پنجر ۳۱½ فٹ لمبا زمین کے اندر سے برآمد ہؤا۔ جو رام گڈھ کی ریاست دیہیا (Daiyha) کے راجا کے محل میں رکھا ہؤا ہے + اگر یہ خبر صحیح ہے تو اس سے بھی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ پہلے زمانہ کے لوگوں کی عمریں بھی اُن کے قد کے موافق ہوں گی اور آج کل کے لوگوں کی عمروں سے کہیں زیادہ ہوں گی +

ہوجاتے تھے - اور ظاہر ہے کہ لوگ ایسے راجاؤں کے نام یاد کرنے کی پرواہ بھی نہیں کرتے تھے جو کسی بات میں پرسدھ نہ ہوں - اور چونکہ ایسے راجا جن کے نام یاد کرنے کے قابل ہوں ایک دوسرے کے بعد جلد جلد پیدا نہیں ہوتے ہیں بلکہ کبھی کبھی اور غالباً سینکڑوں برس کے بعد آتے ہیں اس لئے اُن کے نام قدرتی طور پر کم ہی ہونگے اور دیر دیر کے بعد ہونگے + جب لکھنے کا پرچار ہوا تو اُن راجاؤں کے ناموں کو جمع کرنے اور ترتیب دینے کی کوشش کی گئی جن کی روائتیں بن گئی تھیں اور اُن میں ایک دوسرے کے ساتھ باپ بیٹے کا سا سمبندھ قائم کیا گیا اگرچہ اصل میں وہ ایک دوسرے سے کئی کئی پیڑھی پیچھے ہیں" +

گویا اس کتاب رگویدک انڈیا کی رو سے جو کلکتہ یونیورسٹی کی طرف چھپی ہے پُرانوں کی ان بنسا ولیوں میں ایک پیڑھی پیچھے کئی کئی پیڑھی اور کئی کئی سو برس کا فاصلہ ہے - ہم نے ایک پیڑھی پیچھے ایک سو برس کا فاصلہ بحساب اوسط قرار دیا ہے تو کیا مبالغہ کیا ہے +

(۱۹) اب رہی یہ بات کہ یہ اوسط ہم نے سو برس کی ہی کیوں لگائی ہے کم زیادہ کیوں نہیں لگائی - اِس کا جواب یہ ہے کہ اتہاس سے ایسا ہی ظاہر ہوتا ہے + چنانچہ مہابھارت (اُدیوگ پروَ - ادھیائے ۹ تا ۱۸ + اور بن پروَ - ادھیائے ۱۷۸ تا ۱۸۱) سے ظاہر ہے کہ راجا نہُش سے مہابھارت تک دس ہزار برس ہوئے اور نہُش سورج بنس کے بانی اکشواکو کے سمکالیں پُرورَوا سے جو چندر بنس کا بانی ہے صرف تیسری پیڑھی ہے تو گویا اکشواکو سے ہی مہابھارت تک دس ہزار برس ہوئے + اب اکشواکو سے مہابھارت تک ۹۵ پیڑھیاں ہوئیں (جیسا کہ ہم ابھی اُوپر بتلا چکے) ہیں تو اس

حساب سے ایک پیڑھی پیچھے $\frac{۱۰۰۰۰}{۹۵}$ = ۱۰۵ سے کچھ زیادہ برس ہوئے اوران کو ہم نے بحساب اوسط ایک سو برس ہی قرار دیا ہے + اس ہی طرح مہابھارت (آدی پرو - ادھیائے ۸۶ - شلوک ۱۴) سے ظاہر ہے کہ نہُش کے بیٹے ییاتی سے ایک ہزار برس بعد اوشی نر کا بیٹا شبی پنجاب کا راجا تھا اور پرترون عرف وتس کاشی کا راجا تھا + اب شبی ییاتی کے بیٹے انو کے بنس میں انو سے دسواں ہے اور پرترون ییاتی کے سمکالین سوہوتر سے دسواں ہے - تو اس حساب سے بھی ایک ہزار برس میں دس دس پیڑھیاں ہو کر ایک پیڑھی پیچھے سو برس ہوئے + اور یہ ہم ابھی پیچھے بتا ہی چکے ہیں کہ رامائن اور مہابھارت کے بیچ میں جو تین ہزار برس کا انتر ہے اُس میں بھی تیس پیڑھیاں ہو کر ایک پیڑھی یعنی ایک نام پیچھے سو برس ہی ہوتے ہیں +

(۲۰) بہرحال اس میں کوئی شک نہیں کہ بنسا ولیوں کی پیڑھیاں پوری پیڑھی در پیڑھی نہیں ہیں بلکہ اُن میں بیچ بیچ میں سے ایک ایک دو دو اور کئی جگہ تو کئی کئی نام گم ہیں جیسا کہ پیچھے اس ہی ادھیائے میں نکشیپ سے دکھایا گیا ہے - اور آگے اور ادھیاؤں میں اپنے اپنے استھان پر وستار سے دکھایا جاویگا + اور ایسی صورت میں ایک پیڑھی یا ایک نام پیچھے سو برس کی اوسط جو ہم نے لگائی ہے وہ کچھ زیادہ نہیں ہے + کیونکہ اگر ایک ایک پیڑھی پیچھے بحساب اوسط ایک ایک نام کی بھی کمی ہو تو اوسط فی

شلہ جن راجاؤں کا اس انو واک میں ذکر آیا ہے اُنکے مفصل حال کے لئے دیکھو آگے ادھیائے (۴) کی بنسا ولیاں نمبر ۳ و نمبر ۴ و نمبر ۵ +

پیڑھی پچاس برس پڑجاوے گی اور مہابھارت کے بعد جو پیڑھیاں بنساولیوں میں درج ہیں اور جن کو ہم مکمل کہہ سکتے ہیں اُن کی اوسط یہی پچاس برس آتی ہے +

(۲۱) چنانچہ سورج بنس میں برہدبل[۹۵] سے جو مہابھارت کے زمانہ میں تھا پرسین جِت[۱۲۱] تک جو مہاتما بُدھ کے زمانہ میں تھا چھبیس[۲۶] پیڑھیاں ہوئیں اور اسی طرح سے چندربنس میں یدھشٹھر[۶۷] سے جو مہابھارت کے زمانہ میں تھا اودیَن[۷۳] تک جو مہاتما بُدھ کے زمانہ میں تھا چھبیس[۲۶] پیڑھیاں ہوئیں اور چونکہ مہابھارت مسیح سے ۳۱۰۰ برس پہلے ہوئی[۱۱] اور مہاتما بُدھ مسیح سے ۱۸۰۰ برس[۱۲] پہلے ہوئے اس لئے یہ چھبیس پیڑھیاں ۳۱۰۰ - ۱۸۰۰ = ۱۳۰۰ برس میں ہوئیں اور فی پیڑھی $\frac{۱۳۰۰}{۲۶}$ = ۵۰ برس ہوئے +

مگدھ دیس کے راجا اسی عرصہ میں جراسندھ سے لے کر وِدھی سار تک تینتیس[۳۳] ہوئے اور ان سب کا کال ان کے راجیہ کال کے حساب سے جو بنس وار بلکہ نام وار دیا ہُوا ہے ۱۳۱۸ ہوتا ہے اس طرح سے کہ :-

---

[۱۱] دیکھو آگے بھاگ ۲ کا ادھیائے ۳ + اور اُس کے نوٹ ۳۳ اور ۳۴ +

[۱۲] فرنگی مؤرخ مہاتما بُدھ کو مسیح سے پانچ سو برس پہلے مانتے ہیں مگر پُرانوں کے حساب سے مہاتما بُدھ کا زمانہ مسیح سے ۱۸۰۰ برس پہلے نِکلتا ہے - اور اس کے لئے دیکھو ہمارے اس گرنتھ کا بھاگ ۴ ادھیائے ۱ +

جراسندھ کا بنس (جراسندھ سے رِپُنجے تک) ۱۰۰۰ برس
پردّیوت کا بنس (پردّیوت سے نندی تک) ۱۳۸ "
ششِونابھ کا بنس (ششِونابھ سے وِدھی سار تک) ۱۸۰ "

کُل = ۱۳۱۸ یا ۱۳۲۰ برس

اس لئے ان ۳۳ راجاؤں کی اوسط ان ۱۳۲۰ برس میں $\frac{۱۳۲۰}{۳۳}$ = ۴۰ برس ۲۰ ئی +

پس جبکہ مہابھارت کے بعد کے راجاؤں کی اوسط فی پیڑھی چالیس اور اوپر پچاس برس بیٹھتی ہے تو مہابھارت سے پہلے کے اور وہ بھی آٹھ آٹھ نو نو ہزار برس پہلے کے راجاؤں کی اوسط فی پیڑھی پچاس اور فی نام سَو برس جو ہم نے قائم کی ہے وہ کچھ زیادہ نہیں ہے - کم ہو تو ہو +

(۲۲) اور یاد رہے کہ ہندوستان کی تاریخ کا یہ زمانہ وہ زمانہ ہے جو بائیبل یعنی انجیل میں آدم اور اس کی اولاد کا زمانہ ہے اور جس زمانہ کی عمریں بائیبل میں آٹھ آٹھ سو اور نو نو سو برس کی لکھی ہیں + مگر یہ تو کلام الہٰی ہے - اس لئے فرنگی وِدوان جو بائیبل کے پیرو ہیں اُن کو اس کلام میں تو کوئی کلام نہیں ہو سکتا مگر جب وہ ہندوستان کی طرف آتے ہیں تو اُسی زمانہ کی ہندوستان کی ہستیوں کو پندرہ بیس برس کی ہی اوسط دیتے ہیں - اور ہندوستانی وِدوان ان کی پیروی کرتے ہیں کیونکہ اس پیروی سے ہی وہ وِدوان کہلانے کے مستحق ہوتے ہیں + چنانچہ رومیش چندر دت نے جو کتاب ہندوستان کی قدیم تہذیب پر لکھی ہے اس میں وہ بھی اسی بات پر مائل ہیں کہ یہ اوسط پندرہ برس کی لگائی جائے اگرچہ خود اُنہوں نے بڑا حوصلہ کرکے یہ اوسط ۲۳ برس کی لگائی ہے اور اس حساب سے

مگدھ دیس کے ۳۴ راجاؤں کا سمے جو مہا بھارت کے سمکالین جراسندھ سے لے کر مہاتما بُدھ کے سمکالین (ردھی سار کے بیٹے) اجات شترو تک ہوئے ۲۳ × ۳۴ = ۷۸۲ برس لگا کر مہابھارت کا سمے مہاتما بدھ سے ۷۸۲ برس پہلے لگایا ہے + فرنگی وِدوان اتنا کرنے کو بھی تیار نہیں ہیں اور پچاس برس کی اوسط تو وہ کسی طرح لگا ہی نہیں سکتے کیونکہ اگر وہ ایسا کریں تو مہاتما بُدھ کو مسیح سے ۱۸۰۰ برس پہلے ماننے کی بجائے ۵۰۰ برس پہلے ماننے کی صورت میں بھی مہابھارت کا زمانہ بُدھ سے ۳۴ × ۵۰ = ۱۷۰۰ برس پہلے اور مسیح سے ۱۷۰۰ + ۵۰۰ = ۲۲۰۰ برس پہلے جا رہے اور یہ زمانہ بائیبل میں طوفان نوح کے زمانہ کے قریب جا پہونچے + اور مہاتما جی کو مسیح سے ۱۸۰۰ برس پہلے مان لینے کی صورت میں تو (جو انکا اصلی زمانہ پُرانوں کی رو سے نکلتا ہے) مہابھارت کا یہ زمانہ مسیح سے ۱۷۰۰ + ۱۸۰۰ = ۳۵۰۰ برس پہلے جا رہے اور یہ زمانہ بائیبل میں پیدائش دنیا کے قریب جا پہونچے[۱۳] اور اس سے زیادہ کفر اور کیا ہو[۱۴] +

---

[۱۳] دیکھو نیچے ادھیائے ۱ کا فٹ نوٹ ۵ اور اسی ادھیائے ۲ کا فٹ نوٹ ۵ +

[۱۴] تعجب ہے کہ ہندوستان کے آخری زمانہ مغلیہ میں بھی اورنگ زیب کے جد کی تاجپوشی کو چھوڑ کر کہ جب آج ایک بادشاہ تخت پر بیٹھتا تھا اور کل مارا جاتا تھا بابر کے زمانہ سے اورنگ زیب کے زمانہ تک یعنی ۱۶۶۹ء عیسوی سے کہ جب بابر فرغانہ میں جانشین ہوا ۱۵۱۴ء تک جب اورنگ زیب اس جہاں سے رخصت ہوا ۲۱۳ برس میں ۶ بادشاہ ہو کر فنی بادشاہ ۳۵ برس کی اوسط ہوئی (اور جن میں خود اورنگ زیب نے ۹۰ برس کی عمر پائی اور ۵۰ برس سلطنت کی) مگر ان راجاؤں کی اوسط جو آج سے چار چار پانچ پانچ ہزار برس پہلے ہوئے پندرہ بیس برس ہی رہے +

ایک آدمی تو اورنگ زیب کے وقت سے لے کر اب تک جیتا چلا آتا تھا۔ وہ (بوجب دہلی کے انگریزی اخبار ہندوستان ٹائمز مورخہ ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۲ء عیسوی) ابھی چھ برس ہوئے ۱۹۳۲ء میں مدورا (واقع صوبہ مدراس) میں ۲۴۵ برس کا ہو کر مرا ہے اور اپنی اس دیرگھ آیو سے یہ جتا گیا ہے کہ ہندوستان کے پُرانے راجاؤں کی اوسط پچاس برس فی راجا جھوٹ نہیں ہے +

(۲۳) مگر اب تو یہ کُفر قدرت نے ہی کھڑا کر دیا ہے۔ میسوپوٹیمیا کے پُرانے کھنڈرات کا حال تو ہم پیچھے صفحہ ۵۱ پر لکھ آئے ہیں کہ وہ آج سے پانچ پانچ چھ چھ ہزار برس کے نکلے ہیں ہندوستان میں بھی سِندھ کے ریگستان (موہنجو دارو) میں شہر کے شہر دبے ہوئے نکل آئے ہیں جن کو خود فرنگی ودوان مسیح سے تین تین چار چار ہزار برس پہلے ماننے پر مجبور ہوئے ہیں[۱۵]۔ پھر اب مہابھارت کے زمانہ کا آج سے پانچ ہزار برس پہلے ہونا کیا تعجب کی بات رہا[۱۶]۔ اور مہابھارت سے بعد کے راجاؤں کو چالیس پچاس برس فی

[۱۵] آرکیولوجیکل سروے اوف انڈیا کی رپورٹ بابتہ ۱۹۲۲-۲۳ عیسوی میں اس سلسلہ میں یوں لکھا ہے:-
"اب تک ہندوستان عام طور پر دنیا کے کم سِن ملکوں میں شمار ہوتا رہا ہے۔ پتھر کے نئے اور پُرانے جُگ کے اوزاروں اور ہتھیاروں اور راج گڑھیہ کی فصیل کے جناتی کھنڈروں جیسے ابتدائی اور اَن گڑھ آثار قدیمہ کے سوائے مسیح سے تین سو برس پہلے کے اور کسی آثار قدیمہ کا وجود معلوم نہ تھا۔ اور مسیح سے تین سو برس پہلے کا زمانہ وہ زمانہ ہے کہ جب یونان نصف النہار سے ڈھل چکا تھا اور مصر اور میسوپوٹیمیا کی زبردست سلطنتوں کو لوگ قریب قریب بھول چکے تھے۔ اب ایک جست میں ہی ہم ہندوستان کی تہذیب کے متعلق اپنی معلومات کو تین ہزار برس اور پیچھے کی طرف لے گئے ہیں اور اس امر کو قائم کر چکے ہیں کہ مسیح سے تین ہزار برس پہلے اور شاید اس سے بھی پہلے پنجاب اور سندھ کے لوگ خوش قطع شہروں میں رہتے تھے۔ پکّی تہذیب والے تھے۔ صنعت وحرفت میں اعلےٰ درجہ کی مہارت رکھتے تھے۔ اور مقوری حروف لکھنے کا ڈھنگ نکال جانتے تھے"۔
[اس بیان کی اصل انگریزی عبارت ہم نے اس بھاگ کے آخیر میں دی ہوئی ہے۔]

[۱۶] دیکھو اس گرنتھ کے دوسرے بھاگ کا ادھیائے ۳ جہاں ہم نے اس بات کو طرح طرح سے ثابت کر کے دکھایا ہوا ہے کہ مہابھارت کا زمانہ دراصل آج سے پانچ ہزار برس پہلے کا زمانہ ہے۔

پیڑھی کی اوسط دینا اور مہابھارت سے پہلے کے راجاؤں کو سو برس فی نام کی اوسط دینا (اس وجہ سے کہ مہابھارت سے پہلے بنسا ولیوں کے نام پیڑھی در پیڑھی نہیں ہیں) ایسی کون سی بات رہی جو تاریخی لحاظ سے عقل اور قیاس سے بعید ہو +

(۲۴) پس اس منونتر کا آخری طوفان جو ایک قسم کی پرلے یا قیامت ہی تھا گلیسیل پیریڈ کا یہ ہی برفانی طوفان ہے جس کا ذکر ہم کرتے چلے آئے ہیں + اس کا زمانہ جیولوجی کی رو سے آج سے ۱۳۶۴۸ یعنی تقریباً چودہ ہزار برس پہلے نکلتا ہے - اور جیوتش ودیا سے اور ہندوؤں کے وِرشمان سے اور پُرانوں کی راج بنسا ولیوں سے اس زمانہ کی تصدیق ہوتی ہے + یہ طوفان ہندوستان میں اور دوسرے کئی ملکوں میں آیا۔ دوسرے ملک اس طوفان میں ایسے ڈوبے کہ پھر مدتوں تک نہ اُبھرے مگر ہندوستان اس رُو کے فرد ہوتے ہی پھر سنبھلا اور اپنے پُرانے سنسکاروں کے بل سے ترقی کے میدان میں پھر بڑھا + یہاں سے ہندوستان کا اتہاس نئے سرے سے پھر شروع ہؤا اور یہ نیا اتہاس ہی جو آج سے کوئی چودہ ہزار برس پہلے شروع ہؤا ہمارے اس گرنتھ (بھارت پُران) کا اتہاس ہے + یہ اتہاس نیا ہے پر اس کی سبھیتا (تہذیب) جو اُن ہی پُرانے سنسکاروں کا نتیجہ ہے پُرانی ہے اور اسی کارن سے اتہاس کے شروع میں ہی ایسی مکمل دکھائی دیتی ہے کہ بعض صورتوں میں اور ملکوں کی آج کل کی تہذیب سے بھی بڑھی ہوئی ہے +

تیسرا ادھیائے

ویدک کال

اور

ویدک رشیوں کا حال

پچھلے دو ادھیاؤں میں بتایا جا چکا ہے کہ سرشٹی کی آیو چار ارب بتیس کروڑ برس کی ہوتی ہے۔ اور کال کے اس مان کو اصطلاح میں کلپ کہتے ہیں۔ اور ایک کلپ میں چودہ منونتر ہوتے ہیں۔ اور ہر منونتر کا منو الگ ہوتا ہے۔ اب یہ اور بتایا جاتا ہے کہ جس طرح ہر منونتر کا منو الگ ہوتا ہے اُسی طرح ہر منونتر کے دیوتا۔ اِندر اور سپت رِشی بھی الگ ہوتے ہیں۔ اس کلپ کے چودہ منونتروں میں سے چھ بیت چکے ہیں اور ساتواں چل رہا ہے۔ اور اس ساتویں منونتر کے منو دیوتا اِندر اور سپت رشی یہ ہیں:۔

منو:۔ (وِوسوت یعنی سورج کا بیٹا) ویوسوت

دیوتا:۔ آدِیتہ۔ وسو۔ رُدر آدک

اِندر:۔ پُرندر

سپت رِشی:۔ ۱ وسِشٹھ۔ ۲ کشیپ۔ ۳ اتری۔ ۴ جمدگنی۔ ۵ گوتم۔ ۶ وِشوامتر

بھردواج +

[دیکھو وشنو پُران :- انش ۳ - ادھیائے ۱ - شلوک ۳۰ تا ۳۳
اور شریمد بھاگوت :- اسکندھ ۸ - ادھیائے ۱۳ - شلوک ۴ تا ۵ +]

یہ رشی منونتر بھر رہیں گے اور ہر چترُیگ کے انت میں ویدوں کا وِپلَو (ناش) ہو جانے پر اُن کا نئے سرے سے پرورتن کریں گے

[دیکھو وشنو پُران :- انش ۳ - ادھیائے ۲ - شلوک ۴۶ +
اور مہابھارت :- شانتی پرو - ادھیائے ۲۱۰ - شلوک ۱۹ +]

جس طرح یہ رشی منونتر بھر رہیں گے اوسی طرح ایک اور شریُگ کے رشی ہیں جو کلپ بھر رہیں گے - اِن کو پرجاپتی کہتے ہیں اور وہ تعداد میں دس ہیں + منوسمرتی (ادھیائے ۱ - شلوک ۳۵) میں ان کے نام یہ آئے ہیں :- مریچی - اتری - انگرس - پُلستیہ - پُلہہ - کرتو - پرچیتس - وسشٹھ - بھرگو ناردَ + شریمد بھاگوت (اسکندھ ۳ - ادھیائے ۱۲ - شلوک ۲۲) میں بھی یہ نام اسی طرح آئے ہیں - صرف پرچیتس کی جگہ دکش کا نام ہے - اور دکش پرچیتس کا ہی پُتر پراچیتس ہے - جیسا کہ بھاگوت کے سکندھ (۴) سے ظاہر ہوتا ہے + وشنو پُران (انش ۱ - ادھیائے ۷ - شلوک ۵ اور ۶) میں بھی پرچیتس کی جگہ دکش کا ہی نام آیا ہے - اور نارد کو چھوڑ کر باقی نو کو نو برھما کہا ہے کیونکہ برھما نے ان کو اپنا سا بنایا ہے + مہابھارت (شانتی پرو ادھیائے ۳۴۰ شلوک ۶۹ تا ۷۴) میں لکھا ہے کہ مریچی - انگرا - اتری - پُلستیہ - پُلہہ - کرتو اور وسشٹھ یہ سات (جو اوپر کے دس پرجاپتیوں میں شامل ہیں) "مانسا نرمِتا" ارتھات من سے پیدا کئے ہوئے ہیں - یہ مُکھیہ وید آچارج ہیں اور پرورتی دھرم پر چلنے والے پرجاپتی ہیں + سنک سنندن

سناتن۔ سنت کمار۔ سَن۔ سنت سجات اور کپل یہ سات رشی بھی جو برھما کے پُتر ہیں۔ مانس کہلاتے ہیں۔ ان کو وِگیان اپنے آپ آیا ہے۔ یہ نورتی دھرم پرائن ہیں۔ یوگ میں مُکھیہ اور سانکھیہ گیان میں وشارد ہیں۔ دھرم شاستر کے آچارج اور موکش دھرم کے پَرَوَرتک ہیں[1]"+

[مہابھارت کے اِسی ادھیائے (۳۴۰) کے شلوک ۳۴ اور ۳۵ میں یہ بھی آیا ہے کہ مریچی آدک سات پرجاپتیوں کو اور سوئیمبھو (برھما) سے اُتپن ہوئے سوائمبھو منو کو جو اس کلپ کے سب سے پہلے منوتر کا منو ہے وہ آٹھ پرکرتیاں سمجھنا چاہیئے جن سے یہ سارا جگت پیدا ہوا ہے + اور یہ آٹھ پرکرتیاں وہ ہیں جن کو شریمد بھگوت گیتا (ادھیائے ۷۔ شلوک ۴) میں یوں برنن کیا گیا ہے کہ "بھومی[1] (پرتھوی)۔ آپ[2] (آب یا جل)۔ انل[3] (اگنی) وایو[4] (ہوا)۔ کھنگ[5] (آکاش)۔ من[6]۔ بُدھی[7] اور اہنکار[8] یہ آٹھ پرکار میری پرکرتی کے ہیں"+]

ویدوں کے پَرَورتک سپت رشی جو منونتر بھر رہیں گے اور پرجاپتی جو کلپ بھر رہیں گے نیتہ رشی ہیں۔ آنیہ ارتھات دوسرے رشی نیمتک رشی

---

[1] ان سلوکوں میں جو سات آٹھ نو اور دس رشیوں اور پرجاپتیوں کا ذکر آیا ہے اُسکی دُھنی رگوید کے ان دو منتروں میں جو منڈل ۱۰ کے سوکت ۷۲ کے منتر ہیں معلوم ہوتی ہے :۔

۱۵۔ سات دیو (پرجاپتی کے) پچھلے (یا دکھنی) بھاگ سے اور آٹھ اوپر کے (یا اوتر کے) بھاگ سے پیدا ہوئے + نو پچھلے (یا دکھنی) بھاگ سے اور دس اگلے (یا پوربی) بھاگ سے پیدا ہوئے +

۱۶۔ دس میں سے ایک کپل کو (پرجاپتی کے سمان سمجھ کر) پار لگا دینے والے گیان کے لئے پریرنا کرتے ہیں اور ماتا اس گیانی اور بیراگی گربھ کو پرسنتا سے پالتی ہے +

ہیں جو سمے سمے پر کسی نِمت سے منُشیہ لوک میں آتے ہیں + اِن میں سے کوئی نیئتہ رشیوں کے ہی اوتار ہوتے ہیں اور اُن کے نام بھی اُن ہی نیئتہ رشیوں کے نام پر ہوتے ہیں جن کے وہ اوتار ہوتے ہیں + اِن نیئتہ اور نیمِتک رشیوں کے ناموں کی ایکتا سے ان کے چرتر آپس میں ایک دوسرے کے چرتروں کے ساتھ گڈمڈ ہو جاتے ہیں اور ان رشیوں کے وشے میں بھرانتی پیدا کرتے ہیں +

وید منتروں کے درشٹا اور کرتا (اور یہ بات آگے اِسی ادھیائے میں بتائی جاوے گی کہ درشٹا اور کرتا سے کیا مُراد ہے) زیادہ تر یہ ہی وید پرور تک نیئتہ سپت رشی اور ان کے نیمِتک اوتار ہیں اگرچہ ان میں کئی سورج بنسی اور چندر بنسی راج رشی بھی شامل ہیں جیسا کہ آگے دکھایا جاویگا + چنانچہ وسِشٹھ جی رگوید کے ساتویں منڈل کے رشی ہیں - اتری اور ان کے گوتر ج رِشی پانچویں منڈل کے رشی ہیں - وِشوامتر تیسرے منڈل کے اور بھردواج چھٹے منڈل کے رشی ہیں - اور کشیپ جمدگنی اور گوتم باقی منڈلوں کے مختلف سُوکتوں کے رشی ہیں جیسا کہ آگے دکھایا جاوے گا + دو سُوکت (یعنی منڈل ۹ کا سُوکت ۱۰۷ اور منڈل ۱۰ کا سُوکت ۱۳۷) وید میں ایسے بھی ہیں جن کے رِشی یہ ساتوں مشترکہ سمجھے جاتے ہیں + سُوکت ۱۳۷ کے منتر ۵ میں یہ ساتوں رشی پرارتھنا کرتے ہیں کہ سارے دیوتا یہاں (اس سنسار میں) رکھشا کریں - مُرت گن رکھشا کریں - اور سارے بھوت رکھشا کریں جس سے کہ یہ (سنسار) پاپ رہت ہو[۵۲] +

[۵۲] رگوید کے منڈل ۸ کے سُوکت ۲۸ اور ۳۰ میں منو (ویوسوت) ان دیوتاؤں کو تعداد

خود وید میں سپت رشی کا پد جن منتروں میں آیا ہے اُن میں سے دو منتر رگوید کے ۱۰-۸۲-۲ اور ۱۰-۱۰۹-۴ ہیں + منتر ۱۰-۸۲-۲ میں آیا ہے کہ وِشوکرما (جس کا ارتھ ساین نے آدیتہ (سورج) کیا ہے) سپت رشیوں سے پرے ہے - اور یہاں سپت رشیوں سے مُراد غالباً اُن سات تاروں سے ہے جو شِشو مار کی شکل میں دُھرو کے اِردگرد پھرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں کیونکہ سنسکرت میں رِشی جیوتی یا تارے کو بھی کہتے ہیں +

[تاروں کا اور خاص کر ان سات تاروں کا نام رِکش بھی ہے اور اس لئے اوتر کی دِشا کو جس میں یہ تارے چمکتے ہیں رِکشا بھی کہتے ہیں + رگوید ۱-۲۴-۱۰ میں بھی رِکش اسی ارتھ میں آیا ہے + مگر سنسکرت میں رِکش ریچھ کو بھی کہتے ہیں اور اس لئے مغربی قوموں نے جب اِن تاروں کے ساتھ رِکش کا لفظ دیکھا تو اُس کا ترجمہ اپنی زبانوں میں ریچھ کر کر لاطینی میں اُن کو اُرسا (Ursa) اور انگریزی میں بیر (Bear) کہا - اور چونکہ اس قسم کی دو شکلیں ایک ہی جگہ آکاش میں دکھائی دیتی ہیں ایک چھوٹی اور ایک بڑی اس لئے ان دونوں میں تمیز رکھنے کے لئے چھوٹی کو جس کی پُوچھ کا سرا دُھرو یعنی قطب بنتا ہے لاطینی میں اُرسا مائنر (Ursa Minor) اور انگریزی میں لیسر بیر (Lesser Bear) یعنی چھوٹا ریچھ کہا اور بڑی شکل کو جو اور سیاروں اور ستاروں کی طرح دُھرو کے اردگرد پھرتی ہے اُرسا میجر (Ursa Major)

میں تین اوپر تیس ارتھات ۳۳ بتاتا ہے اور شوکت ۲۷ میں ان سے رکھشا کے لئے پرارتھنا بھی کرتا ہے + یہ ۳۳ دیوتا کون ہیں اِس کا حال آگے اس گرنتھ کے چھٹے بھاگ میں ویدک لٹریچر کے سمبندھ میں بیان کیا جاوے گا +

اور گریٹر بیر (Greater Bear) یعنی بڑا ریچھ کہا + ہندوؤں نے ان کو اپنی اُرچ بھاونا کے انوسار رشی کہا۔ اور چونکہ یہ گنتی میں سات ہیں اس لئے ان کو (یعنی بڑی شکل کے تاروں کو) سپت رشی کا نام[۳۵] دیا۔ اور یہ بھاونا جیسا کہ اوپر وکت منتر ۱۰-۸۲-۲ سے ظاہر ہے ویدوں کے وقت سے چلی آرہی ہے +]

دوسرے منتر (۱۰-۱۰۹-۴) میں آیا ہے کہ برہمانے جو اپنی جایا جو ہُو (استھات واک یا بانی) کو کسی پاپ کے کارن تیاگ دیا تھا اُس کو دیوتاؤں نے اپاپا بتایا۔ اور "سپت رشیوں نے بھی جو تپ میں لگے ہوئے تھے اس وشے میں ساکشی دی" + یہاں سپت رشی سے صاف ظاہر ہے کہ سات تپسوی رشی مُراد ہے + ایک اور منتر (۱۰-۱۳۰-۲) میں آیا ہے کہ "ہمارے پتر یگیون کے کرنے سے ہی منشیہ سے رشی ہو گئے اور میں اپنے من کی آنکھ سے اُن کو دیکھ سکتا ہوں جنہوں نے یہ یگیہ رچے۔ دِویہ سپت رشیوں نے استتی اور چھند اور ودھی کے ساتھ پہلے رشیوں کے رستہ کو دیکھ کر رتھ بانوں کی طرح سے باگ ہاتھ میں لی" + اور یہاں بھی سپت رشیوں سے صاف ویدک سپت رشی ہی مراد ہے + مگر یہ سات رشی کون تھے۔ اس کی کوئی تفصیل ویدمیں نہیں ہے اگرچہ یجروید کے شت پتھ براہمن میں اس کی تفصیل دی ہوئی ہے اور یہ تفصیل وہی ہے جو ہم نے اُوپر

[۳۵] وشنو پُران کے ٹیکا کار شری دھر نے انش ۲ کے ادھیائے ۲۴ کے شلوک ۱۰۵ کی ٹیکا میں ان سات تاروں کے نام یہ لکھے ہیں:۔ مریچی وششٹھ انگرا اتری پُلستیہ پُلہیہ اور کرتو + اور یہ وہا بھارت کے وہ پرورتی دھرم پرایں سپت رشی ہیں جو کلپ بھر رہیں گے اور جن کا ذکر ہم ابھی پیچھے کر آئے ہیں +

وِشنو پُران اور شریمد بھاگوت میں سے وید پرور تک رشیوں کی دی ہے اور جس میں وسِشٹھ ۔ کشیپ ۔ اتری ۔ جمدگنی ۔ گئوتم ۔ وِشوامِتر اور بھردواج شامل ہیں +

ویدوں میں ان سب کے نام آتے ہیں ۔ مگر الگ الگ آتے ہیں ۔ اور ان سے ان کے کچھ کچھ اتہاس بھی ملتے ہیں ۔ مگر پُرانوں میں اور رامائن اور مہابھارت میں ان کی انیک کتھائیں بن گئی ہیں +

یہ کتھائیں اگرچہ خاص اتہاس سے سمبندہ نہیں رکھتی ہیں مگر چونکہ اتہاس میں اُن کا ذکر آتا ہے اور سنسکرت لٹریچر ان سے بھری پڑی ہے اس لئے اِن کا جاننا بھی ضروری ہے اور ایسا ہی ضروری ہے جیسا کہ انگریزی لٹریچر سمجھنے کے لئے رومن اور یونانی متھولوجی کی کتھاؤں کا جاننا ضروری ہے اور اسی لئے ہم ان کا حال سنکشیپ سے برنن کئے دیتے ہیں اور وہ حال یہ ہے :-

(۱) وسِشٹھ

وسِشٹھ کو وشِشٹھ بھی لکھتے پڑھتے ہیں ۔ چنانچہ وشنو پُران اور شریمد بھاگوت کے جن شلوکوں میں سپت رشیوں کے ناموں کی تفصیل درج ہے اور جن کا حوالہ اُوپر درج کیا گیا ہے اُن میں سے وِشنو پُران کے شلوک میں وشِشٹھ اور شریمد بھاگوت کے شلوک میں وسِشٹھ لکھا ہوا ہے ۔ مگر وسِشٹھ کہنا زیادہ صحیح ہے ۔ اس کی ویاکرن پانِنی (۵ ۔ ۳ ۔ ۵۵) کے انوسار یہ ہے کہ لفظ وسو کے آخر میں آتی شے ارتھات تفضیل کُل کے ارتھ

میں اِشٹھ کلمہ توصیفی لگا ہؤا ہے - اور جیسے گرو سے گرِشٹھ اور لگھو سے لگھِشٹھ بنا ہوا ہے ویسے ہی وسو سے وسِشٹھ بنا ہوا ہے اور وسو کا ارتھ ہے دھنوان یا سشیہ وان یا اوتم + اصطلاح میں وسو آٹھ شکتیوں کا نام ہے جن میں اگنی وسِشٹھ ارتھات سب سے اوتم ہے - چنانچہ شریمد بھگوت گیتا (ادھیائے ۱۰ - شلوک ۲۳) میں بھگوان کہتے ہیں کہ وسوؤں میں میں پاوک ارتھات اگنی ہوں + وید کے اکثر منتروں میں وسِشٹھ اسی ارتھ میں آیا ہے (اُداہرن کے لئے دیکھو رگوید ۲ - ۹ - ۱) اور اس ارتھ میں وسِشٹھ اون پرجاپتیوں میں شامل ہے جن کا حال ہم پیچھے لکھ آئے ہیں +

پُرانوں کی رو سے وسِشٹھ پرجاپتی کو کردم رشی کی پُتری اُدرجا بیاہی گئی تھی اور اس استری سے اُن کے چِتر کیتو آدک سات پُتر ہوئے جو تیسرے منونتر کے سپت رشی ہوئے (دیکھو شریمد بھاگوت اسکندھ ۸ - ادھیائے ۱ - شلوک ۴۰) + ساتویں منونتر میں جو اب ورتمان ہے وسِشٹھ آپ سپت رشیوں میں شامل ہوئے اور چونکہ ایک منونتر میں ۷۱ چترُیگ ہوتے ہیں اور ہر چترُیگ کے دواپر میں ایک نیا رشی وید ویاس ہو کر ویدوں کا ویاس کرتا رہتا ہے اِس لئے وسِشٹھ اس منونتر کے آٹھویں چترُیگ میں وید ویاس بھی ہوئے - اور وسِشٹھ کا پُتر شکتی جو اُرندھتی استری سے ہوا پچیسویں چترُیگ میں اور شکتی کا پُتر پراشر چھبیسویں[۲۶] چترُیگ میں اور پراشر کا پُتر کرشن دوئپائن ورتمان اٹھائیسویں[۲۸] چترُیگ

میں وید ویاس ہوئے (دیکھو بھاگوت ۱۲-۱-۱۴ + اور وشنو پران - انش ۳ - ادھیائے ۳) +

پرجاپتی وسشٹھ تو جیسا پیچھے بتایا جا چکا ہے مانسی سرشٹی میں شامل ہیں - مہرشی وسشٹھ جو وید پرورتک ہوئے مِتر اور وَرُن کے پُتر ہیں (دیکھو رگوید - منڈل ۷ - سُوکت ۳۳ - منتر ۱۱ تا ۱۳) - مِتر اور وَرُن دو ناموں سے مرکب ہے اسقات مِتر اور وَرُن سے اور ان دونوں کے بیچ میں آدیاکرن کے انوسار اس طرح سے آیا ہوا ہے جس طرح وِشوامتر میں وشو اور متر کے بیچ میں آیا ہوا ہے - مِتر اور وَرُن یوں تو دو دیوتاؤں کے نام ہیں پر مہابھارت (شانتی پرو - ادھیائے ۳۱۸ - شلوک ۳۹) میں یاگیہ ولکیہ رشی نے اِن کا ارتھ پُرش اور پرکرتی کا کیا ہے - پس مہرشی وسشٹھ متر اور وَرُن کے پُتر ہیں اور رگوید کے منڈل ۷ کے رشی یہ ہی متر اور وَرُن کے پُتر وسشٹھ ہیں + وسشٹھ جی کے پُتر شکتی آدک (جو اَرُندھتی کے پیٹ سے تھے) اور شکتی کے پُتر پراشر بھی ویدک رشی ہوئے ہیں - چنانچہ منڈل ۹ کے سُوکت ۹۷ میں جو ۵۸ منتر ہیں اُن میں سے ۱ تا ۳ کے رشی وسشٹھ اور ۴ تا ۳۰ کے رشی اُن کے پُتر اِندر پرمتی - ورکھ گن - مَنیو - اُپمنیو - ویاگھر پاد - شکتی - کرن شرُت - مرڈیک اور وسُکر ہیں - اور ۳۱ تا ۴۴ کے رشی شکتی کے پُتر پراشر ہیں - اور منڈل ۷ کے سُوکت ۳۳ میں جن "وسشٹھاہ" کا ذکر آیا ہے

لہ یہ رشی یجُروید کی شُکل سنگھتا کے اور اوس سنگھتا کے شت پتھ براہمن کے کرتا ہیں (مُفصل حال کے لئے دیکھو اس گرنتھ کا چھٹا بھاگ اور اُس کے پہلے ادھیائے میں یجُروید کا وِشے) +

اُن سے غالباً یہ ہی سب وسِشٹھ کے بنسج یا گوترج مراد ہیں + شکتی کے پُتر اور وسِشٹھ کے پوتر واسِشٹھ نندن پراشر مہابھارت کے زمانہ میں پھر پرگٹ ہوئے اور وید ویاس کرشن دوئیپائن کے پتا اور وشنو پُران کے وکتا ہوئے (دیکھو وشنو پُران - ۴ - ۲۰ - ۳۸/۵۳) +

سورج بنس کے اکشواکو بنسی راجاؤں نے اپنے پروہتوں کو ان ہی وسِشٹھ کے نام پر وسِشٹھ کا خطاب[۵۵] دیا اور یہاں سے وسِشٹھ کا ایک نیا سلسلہ چلا اور یہ سلسلہ اس بنس کے بانی اکشواکو سے لے کر رامچندر جی تک جو اکشواکو سے ساٹھ پیڑھی پیچھے ہوئے برابر چلا گیا + چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ جب اکشواکو نے اپنے بیٹے وِکُکشی سے کہا کہ شرادھ کے لئے ماس لا اور وہ شکار مار لایا مگر راستہ میں بھوک کے مارے اُس میں سے ایک شش یعنی خرگوش کھا کر سارے ماس کو جھوٹا کر لایا تو اس اپرادھ کے کارن کل آچارج وسِشٹھ نے وِکُکشی کو شاپ دیا اور اس شاپ سے وِکُکشی کا نام ششاد[۵۶] (خرگوش خور) پڑ گیا (دیکھو وشنو پُران - انش ۴ - ادھیائے ۲ - واکیہ ۵ تا ۱۸) + پھر جب اکشواکو سے کوئی ۵۰ پیڑھی پیچھے راجا سُداس ہوا اور اس کا پُتر سوداس جو کلماش پاد کے نام سے مشہور ہے ایک شاپ کے کارن اولاد پیدا کرنے

---

۵۵ اسی طرح سے زمانۂ حال میں مالوہ کے پرسدھ راجا بھوج کے پُتر کیرتی ورما نے ٹھاکر جاجُوک کائیتھ کے پُتر مہیشور کو وسِشٹھ کا خطاب دیا تھا (دیکھو مختصر تاریخ قوم کائیتھ مرتبہ بابو ناگیندر ناتھ باسو) +

۵۶ ششاد کے لئے دیکھو آگے ادھیائے (۴) بنسا ولی نمبر ۱ +

سے رہ گیا تو پُروہت وسِشٹھ نے اُس کی پرارتھنا سے اُس کی استری دَمینتی کو گربھ آدھان کرایا اور اُس گربھ سے اَشمک نامی پُتر پیدا ہوُا جس سے بارہ پیڑھی پیچھے شری رامچندر جی کا جنم اسی اَشمک کے بنس میں ہوُا (دیکھو وشنو پُران - انش ۴ - ادھیائے ۴ + اور مہابھارت آدی پرو - ادھیائے ۱۸۲) + اور رامچندر جی اور اُن کے پتا دشرتھ کے راج میں تو کُل پروہت وسِشٹھ تھے ہی + غرض جس طرح سے کہ اب بھی سوامی شنکر آچارج کی گدی کے وارث کوئی ہوں اور کسی کال میں ہوں ڈھائی ہزار برس سے شنکر آچارج کے نام پر شنکر آچارج ہی کہلاتے چلے آتے ہیں اُسی طرح سے وسِشٹھ جی کی گدی کے ادھکاری بھی جس کسی کال میں ہوئے وسِشٹھ جی کے نام پر وسِشٹھ ہی کہلاتے چلے آئے +

(۲) وِشوامِتر[۵۸]

وِشوامِتر کا برتانت اور بھی اُلجھا ہوُا ہے - یہ کوئی پرجاپتی تو نہیں ہوئے پر وسِشٹھ کی طرح اس منونتر کے سپت رشیوں میں شامل ہیں +

---

۵۷ نیز دیکھو آگے ادھیائے (۴) - بنساولی نمبر ۱ +

۵۸ وشوامِتر کا شبد دو شبدوں سے مرکب ہے اور وہ دو شبد یہ ہیں :-
وشوِجو پانِنی (۶ - ۳ - ۱۳۰) کے انوسار وشوا ہو گیا ہے - اور مِتر - اور اس کا ارتھ ہے - وشو ارتھات سارے جگت کا مِتر +
مہابھارت (انوشاسن پرو - ادھیائے ۹۳) میں سپت رشیوں نے اپنے اپنے نام کی ترُنتی ایک یا تو دھانی کو چکرانے کیلئے عجیب عجیب طرح سے بیان کی ہے - مگر وہ چکرانے کے لئے ہی ہے سمجھانے کے لئے نہیں ہے +

وِشوامِتر رگوید کے ایک منڈل (ارتھات منڈل ۳) کے رشی بھی ہیں پر اس اوستھا میں شؤنک کی آرش انوکرمنی میں جس میں وید کے ہر ایک سوکت اور ہر ایک منتر کا رِشی بتایا ہؤا ہے (اور جس کا ذکر ہم آگے اسی ادھیائے میں مفصل کرینگے) وِشوامتر کو گاتھی کا پُتر لکھا ہے ۔ اور رگوید سنگھتا جو آج کل پرچلت ہے اُس میں بھی اسی طرح دکھایا ہؤا ہے + گاتھی سے گادھی مراد لیتے ہیں اور گادھی کا اتہاس یوں آتا ہے :-

جس طرح اکشواکو سورج بنس کا بانی تھا اُسی طرح اُس کا سمکالین پُروروا چندر بنس کا بانی تھا ۔ اِس پُروروا کے ایک بیٹے آیو سے پُرو بنس چلا اور دُوسرے بیٹے نجے سے وِشوامِتر کا بنس چلا اِس طرح سے کہ نجے سے آٹھ پیڑھی آگے چل کر کُش ہؤا ۔ کُش کا بیٹا کُشامب اور کُشامب کا بیٹا گادھی ہؤا + گادھی کی بیٹی ستیہ وتی بھرگو کُل کے رچیک رشی کو بیاہی گئی [اور رچیک رشی چیون رشی کے پُتر تھے (دیکھو مہابھارت انوشاسن پرو ۔ ادھیائے ۴ ۔ شلوک ۸)] + رچیک نے سنتان پیدا کرنے کے لئے ایک چرو اپنی استری ستیہ وتی کے لئے اور ایک اور چرو اپنی استری کے کہنے سے اُس کی ماں (گادھی کی استری) کے لئے تیار کیا ۔ مگر ستیہ وتی والا چرو جو برہم تیج اُتپن کرنے والا تھا اُس کی ماں نے کھا لیا اور اُس کی ماں کا چرو جو کشتر تیج اُتپن کرنے والا تھا ستیہ وتی نے کھایا[۵۹] +

۵۹ اس سلسلہ میں انوشاسن پرو کے اسی ادھیائے ۴ کے شلوک ۷۰ میں یہ بھی لکھا ہے کہ ان استریوں نے رچیک رشی کے کہنے سے پُتر پراپتی کے لئے اشوتھ (پیپل) اور اُدمبر (بڑ) کے برکشوں سے آلنگن بھی کیا تھا + اور ان برکشوں کی یہ مانتا ہندو استریوں میں اب تک اور شاید اس ہی شلوک کے کارن چلی آتی ہے +

نتیجہ یہ ہؤا کہ ستیہ وتی کا پوتا (ارشٹات ستیہ وتی کے پُتر جمدگنی کا بیٹا) تو پرشورام ہؤا جو رشی پُتر ہوتا ہؤا بھی کشتر تیج سے ایسا بھرپور ہؤا کہ کشتریوں کا بیج ناش کرنے والا ہؤا اور ستیہ وتی کا بھائی (گادھی کا بیٹا) وشوامتر ہؤا جو کشتری پُتر ہوتا ہؤا بھی برہم تیج سے ایسا بھرپور نکلا کہ برہم رشیوں میں شامل ہؤا اور "مہان رشی" وشوامتر کے نام پر جو سپت رشیوں میں شامل ہیں اُس کا نام بھی وشوامتر ہؤا جس طرح کہ اُس کی بہن ستیہ وتی کے بیٹے کا نام مہرشی جمدگنی کے نام پر جمدگنی ہؤا (دیکھو آگے ادھیائے ۴ - بنساولی نمبر ۲) +

اِس حساب سے وشوامتر پُروروا سے اور اُس کے سمکالین اکشواکو سے تیرہ[۱۳] پیڑھی پیچھے ہؤا مگر ہم دیکھتے ہیں کہ اکشواکو سے اٹھارہ[۱۸] پیڑھی پیچھے امبریکھ کا یگیہ ہوتا ہے تو اُسمیں وشوامتر کا ہاتھ ہوتا ہے - ستائیس[۲۷] پیڑھی پیچھے ستیہ ورت (تری شنکو) یگیہ کرتا ہے تو اُسکو وشوامتر یگیہ کراتے ہیں پچاس[۵۰] پیڑھی پیچھے ہریش چندر اس کو بھی وشوامتر ہی یگیہ کراتے ہیں - اور ساٹھ[۶۰] پیڑھی پیچھے جب رام اوتار ہوتا ہے تب پھر وشوامتر ہی شری رامچندر جی کو جنک پوری میں لے جاتے ہیں اور سیتا جی سے اُنکا بیاہ کراتے ہیں + اور اِن سب چرتروں میں وشوامتر کی وسشٹھ سے ٹکر ہوتی رہتی ہے + معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح راج پروہتوں میں ایک گدی وسشٹھ کی قائم ہوگئی تھی اُسی طرح ایک گدی وشوامتر کی بھی قائم ہوگئی تھی اور جس طرح وسشٹھ کی گدی پر بیٹھنے والے ہر زمانہ میں وسشٹھ کہلائے جاتے رہے اُسی طرح وشوامتر کے جانشین بھی ہر زمانہ میں وشوامتر کہلاتے چلے آئے اور اِن دونوں گدیوں میں جو ایک رقابت سی پیدا ہوگئی تھی وہ برابر قایم رہی +

پہلی ہی ٹکر جو وشوامتر کی وسشٹھ کے ساتھ ہوئی یوں ہوئی کہ جب وشوامتر اپنے پتا گادھی کے بعد راج گدی پر بیٹھے اور

کانیہ کبج (قنوج) کے راجا ہوئے تو وہ ایک دِن پھرتے پھراتے وسِشٹھ کے آشرم میں پہونچے + وسِشٹھ کے پاس ایک گائے تھی جو جیسی دیکھنے میں سُندر تھی ویسی ہی دودھ دہی کی سمندر تھی - چنانچہ اسی گائے کے دئے ہوئے پدارتھوں سے وسِشٹھ نے وشوامتر کا ستکار کیا اور ایسا ستکار کیا کہ وشوامتر راج کے بھوگوں کو بھول گیا + چاہا کہ اس کام دھینو کو اپنے ساتھ لے چلے مگر وسِشٹھ کے دل نے نہ چاہا کہ اس کو دے - وشوامتر نے زبردستی کرنی چاہی تو گائے نے پُکار مچائی اور گائے کی پُکار سُنکر پہلَو اور شک اور یَون آدک چھتری جاتیاں اُس کی سہایتا کو آموجود ہوئیں[۱۱] + وشوامتر کے چھکے چھوٹ گئے اور اُس کو اپنا سا مُنہ لے کر لوٹنا پڑا + مگر وشوامتر کو چین کہاں تھا - وسِشٹھ کے برہم تیج نے اُس کے کشتری تیج کو دُھول میں ملا دیا تھا اس لئے اُس نے برہم تیج کو برہم تیج سے ہی دبانا اور برہم تیج کی پراپتی کے لئے تپ کرنا شروع کیا اور ایسا اگر تپ کیا کہ اگرچہ وہ ایک بار مینکا اپسرا کی جادوبھری اداؤں کے پھندے میں پھنس کر اپنے تپ سے گرا اور شکنتلا[۱۲] کا جنم داتا ہوا لیکن پھر سنبھلا

[۱۱] کانیہ کبج (قنوج) کے لئے دیکھو آگے ادھیائے ۴ کی بنسا ولی نمبر ۲ + اور اس گرنتھ کا بھاگ ۳ اور اُسمیں مہابھارت کا بن پرو پانڈووں کی تیرتھ یاترا کے دشے میں +

[۱۱] ان جاتیوں کے لئے دیکھو اس گرنتھ کا دوسرا بھاگ (ادھیائے ۱۰) راجا سگر کے اتہاس میں اور چوتھا بھاگ چندر گپت اور اشوک کے سلسلہ میں +

[۱۲] یہ وہی شکنتلا ہے جس کا پتر بھرت بھارت ورش کا دکھیات راجا ہوا ہے اور جس کا چرتر کالیداس نے اپنے وکھیات ناٹک شکنتلا میں کھینچا ہے + شکنتلا کے باقی حال کے لئے دیکھو ادھیائے ۴ (بنسا ولی نمبر ۹) میں پُرو بنس کے بیسویں راجا دُشینت کا حال جس کو شکنتلا بیاہی گئی تھی +

اور انجام برہم تیج پراپت کرکر چھوڑا اور وششٹھ تک سے منوا دیا کہ وشوامتر برہم رشی ہوگیا (دیکھو بالمیکی رامائن - بال کانڈ - سرگ ۵۲ تا ۵۶ اور سرگ ۶۵ اور مہابھارت - آدی پرو - ادھیائے ۱۷۵) +

وشوامتر پرورِوا کے بنس میں پرورِوا سے تیرھویں پیڑھی پر ہیں (دیکھو آگے بنساولی صفحہ ۸۷ پر) اور چونکہ پرورِوا اکشواکو کا سمکالین ہے اس لئے اکشواکو سے بھی تیرھویں پیڑھی پر ہوئے + مگر اکشواکو سے اٹھارہ پیڑھی بعد (اور پیچھے ادھیائے ۲ میں ہم بتا چکے ہیں کہ یہ پیڑھیاں مکمل نہیں ہیں) راجا امبریکھ ایک یگیہ رچتا ہے اور اس میں بھی وشوامتر کا ہاتھ دکھائی دیتا ہے + یگیہ کا پشو گم ہوجاتا ہے اور امبریکھ کو کہیں نہیں ملتا ہے - یگیہ کرنے والے کہتے ہیں کہ اگر پشو نہیں ملتا ہے تو اس کی جگہ کوئی پرش لاؤ - امبریکھ پرش کی تلاش میں نکلتا ہے[۱] پھر گوتنگ پر رچیک رشی سے ملتا ہے اور ان سے ان کا ایک لڑکا مانگتا ہے - سب سے بڑا لڑکا جس کا نام (حمدگنی) تھا رشی کو پیارا ہے اور سب سے چھوٹا رشی کی استری کو پیارا ہے - اس لئے منجھلا شُنہشیپ[۲] امبریکھ کو ملتا ہے اور وہ اس کو لے کر چل پڑتا ہے + راستہ میں پشکر کا تیرتھ پڑتا ہے اور وہاں شُنہشیپ اپنے ماما وشوامتر سے ملتا ہے اور اس کو اپنی بپتا سناتا ہے - وشوامتر اس کو ایک منتر جپنے کے لئے بتا دیتے ہیں - اجودھیا پہنچکر یگیہ شروع ہوتا ہے - اور شُنہشیپ کو ویشنو یوپ ارتھات یگیہ کے تھمب سے

---

[۱] دیکھو اس گرنتھ کا بھاگ ۳ اور اس میں پانڈوؤں کی یاترا مہابھارت کے بن پرو میں +

[۲] یہ شبد شُون اور شیپ سے مل کر بنا ہے اور اس کا شبدارتھ ہے کتے کی پونچھ +

پشو کی جگہ باندھ دیا جاتا ہے۔ شُنہہ شیپ وِشوامتر کا بتایا ہؤا منتر جپتا رہتا ہے۔ اور اِندر اُس منتر سے پرسن ہو کر شُنہہ شیپ کو ویر گھ آیو کا برادر راجا کو یگیہ کا پھل دیتا ہے (بالمیکی رامائن۔ بال کانڈ۔ سرگ ۶۱ تا ۶۲) +

شُنہہ شیپ کے اس چرتر کا اشارہ رگوید (۱-۲۴-۱۲/۱۳) میں بھی آیا ہے جہاں اِس سُوکت کا رشی جو خود شُنہہ شیپ ہی ہے کہتا ہے :-

۱۲ - یہ منتر مجھ کو دِن رات جپنے کے لئے بتایا ہے اور اِسی کو میرا من جپتا ہے۔ شُنہہ شیپ نے جس (دیوتا) کو یاد کیا ہے وہ راجا وُرن ہم کو مُکتی دے +

۱۳ - تین دُروپد[۱۵] (ارتھات یگیہ کے تھمبوں سے) بندھے ہوئے شُنہہ شیپ نے اُوِتی کے پُتر وُرن کو یاد کیا ہے۔ وِدوان راجا وُرن اُس کے پھندوں کو چھوڑائے +

اِس چرتر کے پشچات وِشوامتر نے شُنہہ شیپ کو اپنا کر تُرم پُتر ارتھات متبنے بنالیا اور اُس کا نام دیورات (ارتھات دیودت) رکھا اس لئے شنہہ شیپ رچیک رشی کے سمبندھ سے بھارگو (بھرگو گوتری) اور وِشوامتر کے سمبندھ سے کوشِک (کُشک گوتری) ہؤا (دیکھو شنو پُران۔ انش ۴۔ ادھیائے ۷۔ واکیہ ۳۷) +

امبریکھ کے نام سے دو راجا وِکھیات ہیں۔ ایک تو اکشواکو کے بھائی نبھگ کا پوتا اور دوسرا اکشواکو کے اپنے ہی کُل میں اکشواکو سے اٹھارہ پیڑھی پیچھے ماندھاتا کا بیٹا (دیکھو آگے ادھیائے ۴۔ بنساولی نمبر ۱) + رامائن میں امبریکھ کو اکشواکو بنسی اور اجودھیا کا راجا کہا گیا ہے۔ اِس لئے رامائن کا امبریکھ یہ پچھلا ہی امبریکھ ہے +

شرمد بھاگوت (اسکندھ ۹۔ ادھیائے ۷) میں یہ کتھا راجا امبریکھ کے

---

[۱۵] دُروپدی کے باپ دُروپد کا نام یہی ویدک شنبد دروپد ہے +

یگیہ کی نہیں بلکہ تری شنکو کے وِکھیات پُتر راجا ہرِشچندر کی بیان کی گئی ہے
جو اسی ماندھاتا کے بڑے بیٹے پُرُکُتس کے بنس میں اکشواکو سے اونتیس[۲۹]
پیڑھی پیچھے ہؤا ہے [دیکھو آگے صفحہ (۸۷)] اور مہابھارت (انوشاسن پرو۔
ادھیائے ۳) میں بھی ایسا ہی بیان کیا گیا ہے اور غالباً یہ ہی ٹھیک معلوم ہوتا ہے
کیونکہ اس سے پہلی کتھا جو رامائن میں بیان کی گئی ہے وہ ہرِشچندر کے پتا
تری شنکو کی ہی ہے + ایتریے براہمن میں بھی شُنہ شیپ کا ذکر ہرِشچندر
ہی کے سمبندھ میں آیا ہے اور برہدّھرم پُران میں بھی ایسا ہی لکھا ہے + اور اگر
ایسا ہی ہے تو یہاں وِشوامِتر امریکھ سے بھی بارہ پیڑھیاں اور آگے جا کر ہوئے +
تری شنکو کی کتھا یہ ہے کہ تری شنکو (جس کا اصل نام ستیہ ورت تھا)
چاہتا تھا کہ میں کوئی ایسا یگیہ رچوں جس سے جیتے جی اسی شریر کے ساتھ
سوَرگ کو جاؤں ۔ مگر کُل پروہت وسِشٹھ نے اُس کے ہاتھ سے ایسا یگیہ کرانے
سے انکار کر دیا تھا اِس لئے تری شنکو پہلے وسِشٹھ کے پُتروں کے پاس گیا
اور جب اُنہوں نے بھی انکار کر دیا اور نہ صرف انکار ہی کیا بلکہ اُس کو گورو کی آگیا
پالن نہ کرنے کے ابرادھ میں چانڈال ہو جانے کا شاپ بھی دیا تو تری شنکو
وِشوامِتر کے پاس پہنچا اور وِشوامِتر نے اُس کو اپنے تپ کے بل سے شریر
سہت سوَرگ لوک میں پہنچا دیا ۔ مگر چونکہ تری شنکو کا شریر شاپ کے کارن
چانڈال کا شریر ہو گیا تھا اِس لئے اِندر نے اُس کو سوَرگ میں داخل نہیں
کیا اور نیچے دھکیل دیا ۔ لیکن وِشوامِتر نے اُس کو زمین پر گرنے سے روک دیا اور وہ
بیچ میں ہی رہ گیا اور اب تک آکاش میں اُلٹا لٹکا ہؤا ایک تارے کی صورت میں نظر
آتا ہے [دیکھو بالمیکی رامائن (بال کانڈ ۔ سرگ ۵۷ تا ۶۰)] + اور اسی رامائن کے
اُدھیہ کانڈ (سرگ ۴ ۔ شلوک ۴۹) میں جہاں لکشمن جی رام چندر جی کو لنکا پر

چڑھائی کرنے کے سمے اچھے اچھے شگون دکھاتے ہوئے کہتے ہیں کہ "بل تری شنکو راج رشی جو ہم اکشوا کو بنسیوں کا پوروہت ہے پروہت (وشوامتر) کے ساتھ پرکاشمان ہے" وہاں وہ تری شنکو کے اسی اتہاس کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور وشوامتر کے لئے پروہت کا شبد پریکت کرکے بتاتے ہیں کہ تری شنکو کے زمانہ میں وشوامتر کی گدی بھی وسشٹھ کی گدی کے مقابلہ میں قائم ہو چکی تھی اور تری شنکو نے وشوامتر کو وسشٹھ کی جگہ اپنا پروہت مان لیا تھا + اور معلوم ہوتا ہے کہ وشوامتر اور وسشٹھ کی گدیوں میں جو رقابت چلی وہ یہاں سے ہی پیدا ہوئی +

وشوامتر کے چرتر یہاں تری شنکو اور اُس کے پُتر ہرشچندر کے ساتھ ہی ختم نہیں ہوتے ہیں بلکہ وسشٹھ کی طرح آگے تک جاری رہتے ہیں + پیچھے بتایا جا چکا ہے کہ سداس جو ہرشچندر سے بھی بیس پیڑھی اور آگے چل کر اکشوا کو سے پچاس پیڑھی پیچھے ہوا ہے اُس کے پُتر سُوداس عُرف کلماش پاد کو وسشٹھ کی کرپا سے بیٹا پراپت ہوا تھا - اور وشوامتر یہاں بھی موجود ہیں - اور وہ اس طرح سے کہ کلماش پاد ایک دن شکار کو جا رہا تھا کہ سامنے سے وسشٹھ کا پُتر شکتی آیا اور راجا کو راستہ نہیں دیا - کلماش پاد کرودھ میں آیا اور شکتی کو بُرا بھلا کہنے لگا - شکتی نے کہا کہ تو راکھشسوں کی سی باتیں کرتا ہے تو راکھشس ہی ہو جا - وشوامتر بھی کہیں سے اُدھر آنکلے اور کلماش پاد کو بھڑکانے لگے - کلماش پاد راکھشس تو ہو ہی گیا تھا وشوامتر کے بھڑکانے میں آگیا اور شکتی کو مار کر کھا گیا (دیکھو مہابھارت - آدی پرو - ادھیائے ۱۷۸ [۱۷۵] +

۱۷۵ وشنو پُران کو اسی شکتی کے پُتر پراشر نے اسی تمہید سے شروع کیا ہے +

شری مہاراجہ رامچندر جی کے زمانہ میں تو وِشوامتر کا ہونا پرسدّھ ہی ہے۔ اور رامچندر جی سدّاس سے بھی دس پیڑھی اور آگے اکشواکو سے کوئی ساٹھ پیڑھی پیچھے ہوئے ہیں +

اِن چرتروں میں ظاہر ہے کہ نتیہ اور نیمتک رشیوں کی کتھائیں آپس میں گڈمڈ ہوئی ہوئی ہیں۔ چنانچہ تری شنکو والی کتھا صاف نتیہ رِشی وِشوامتر کے ساتھ جو آکاش میں چمک رہے ہیں جُڑی ہوئی ہے اور اس کتھا کا کارن ہی شاید وِشوامتر اور تری شنکو کا آکاش میں ایک دوسرے کے پاس واقع ہونا ہے (دیکھو آگے صفحہ ۹۰) اور کلماش پاد والی کتھا جس میں شکتی کا ذکر آیا ہے وہ شکتی کے پتا نتیہ رشی وسشٹھ کے ساتھ جُڑی ہوئی ہے +

وید میں بھی کئی منتر ایسے آتے ہیں جن سے وِشوامتر کے اتہاس پر کچھ روشنی پڑتی ہے۔ اِن میں سے شُنہ شیپ والے اتہاس کا حوالہ جو وید میں آتا ہے اُس کا ذکر تو ہم پیچھے کر چکے ہیں۔ اب تیسرے منڈل میں سے جس کے رشی بھی وِشوامتر ہیں سُوکت ۵۳ کے چند منتر لکھتے ہیں جن سے اِس وِشے میں کچھ اور روشنی پڑے گی +

اِن منتروں کا ارتھ یہ ہے :-

۷ - یہ بھوج (بھوجا) اور یہ انگرس گوتری وِروپ (وِرُوپا) وِشوامتر کو یگیہ میں دھن دے کر اپنی آیو بڑھاتے ہیں +

۸ - مگھوا (اِندر) انیک رُوپ دھارن کر لیتا ہے۔ اپنے شریر کو مایا سے جیسا چاہتا ہے بنا لیتا ہے۔ اور اپنے منتروں سے بُلایا ہوا دیو لوک سے سب جگہ آجاتا ہے[1] +

---

[1] وید کے اس منتر سے ایشور کا اوتار دھارن کرنا سِدّھ ہوتا ہے +


۹ - مہان رشی وِشوامِتر نے سندھو کے جل کو روک دیا - اور جب اُس نے سُداس کا یگیہ کرایا تو اِندر نے (اُس سمے کے) گشک گوتریوں کے ساتھ پیار کیا +

۱۲ - پرتھوی اور آکاش میں دونو جگہ مین نے اِندر کی اُستتی کی اور وِشوامِتر کی کی ہوئی استتی بھارت جن کی رکھشا کرتی ہے +

۱۳ - وِشوامِتراہ (وِشوامِتر کی گوتر میں اُتپن ہونے والوں) نے اِندر کی آرادھنا کی اور اِندر نے ہم کو بل دیا +

اِن منتروں میں جو کہیں مین (وِشوامِتر) - کہیں مہان رشی وِشوامِتر اور کہیں وِشوامِتراہ کے پد آئے ہیں وہ خاص توجہ کے لائق ہیں + مین سے ظاہر ہے کہ اِس منتر کا رشی وِشوامِتر بھوج بنسیوں اور وِروپ بنسیوں کے زمانہ میں تھا + مہان رشی وِشوامِتر سے ظاہر ہے کہ اِس منتر کے رشی وِشوامِتر سے بڑا کوئی اور وِشوامِتر تھا جو اس منتر کے رشی وِشوامِتر کی درشٹی میں مہان رشی تھا اور جس نے سُداس کا یگیہ کرایا تھا + اور وِشوامِتراہ سے ظاہر ہے کہ یہ "مہان رشی وِشوامِتر" کی گوتر کے رشی تھے جو بہوچن (صیغہ جمع) میں وِشوامِتر کے نام پر "وِشوامِتراہ" کہلاتے تھے (اور اس منتر کا رِشی وِشوامِتر بھی شاید ان ہی میں شامل تھا) +

بھوج بنسیوں اور وِرُوپ بنسیوں کا پرسپر سمبندھ وِشوامِتر کے ساتھ پرانوں کی راج بنسا ولیوں کے انوسار یہ ہے :-


منو (وئیسوت)
(سُورج بنس)
(چندر بنس)
(۱) اکشواکو
نبھگ
الا (جو چندرما کے بیٹے بدھ کو بیاہی)
(۱) پرورا (جنکا سمبندھ اُروشی اپسرا سے ہُوا)
(۲) وِکُکشی (ششاد)
نابھاگ
امبریکھ
وِرُوپ
پرکھد آشو
(۶) رتھی تر
رتھی تر کے پروَر
ارتھات پُوروَرج
کشتری بنس میں
ہوتے ہوئے
انگرس گوتری ہوئے
(وشنو پران انش ۴
ادھیائے ۲ شلوک ۱)
اگرچہ اصل میں
انگرس گوتر رتھی تر
کے پشچات اُس
سنتان سے چلی
جو انگرس رشی نے
رتھی تر کی استری
سے پیدا کی
(بھاگوت ۹-۶-۱۳)
آیو
(۳) نہش
(۴) یاتی
پرو
(۵) یدو
کروشٹا
دھوجنی وان
سواتی
رُشنکو
چترَرتھ
(۱۱) مہابھوج (شستی بندو)
(۲) بجے
(۳) بھیم
(۴) کان جن
(۵) ہوترک
(۶) جھنو
(۷) سومنتو
(۸) اجک
(۹) بلاک آشو
(۱۰) کُنش
(۱۱) کُشانب
(۱۲) گادھی
(۱۳) وِشوامتر
(۱۷) یوُناشو
(۱۸) مانڈھاتا
(۱۹) امبریکھ
(۱۹) پرُوکتس
(۲۰) ترِسدسیو
(۲۰) بھرت
(۲۱) بھردواج
(۲۸) ستیہ ورت (تری شنکو)
(۲۹) ہریشچندر
(۳۷) سگر
(۵۰) سُداس
(۵۷) رگھو
(۶۰) شری رامچندر جی مہاراج

اس بنسا ولی سے ظاہر ہے کہ وِرُوپ اور بھوج گادھی کے پُتر وِشوامتر سے پہلے ہو چکے اور اُن کے بنسج اُس کے زمانہ میں تھے۔ اور چونکہ ویدک رشی وِشوامتر بھی اُن کی اس سنتان کو "یہ بھوج" اور "یہ انگرس گوتری وِرُوپ" کہکر اپنے زمانہ میں ظاہر کرتا ہے اِس لئے اِس منتر کا رشی وِشوامتر یہ ہی گادھی کا پُتر وِشوامتر ہے جو کانیہ کُبج (قنوج) کا راجا تھا۔ اور رگوید کی انوکرمنکا میں بھی اُس کو گاتھی (ارنھات گادھی) کا پُتر ہی لکھا ہے ٭ "مہان رشی وِشوامتر" جنہوں نے سُداس کا یگیہ کرایا تھا اس سے پہلے ہو چکے (اور وہ وسِشٹھ آدک سپت رشیوں میں شامل ہیں) ٭

اکثر وِدوان اس سُداس کے وِشے میں دھوکہ کھاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ویدک سداس جس کا یگیہ مہان رشی وِشوامتر نے کرایا تھا وہی سُداس ہے جس کا نام پُرانوں کی اُس بنسا ولی میں جو ہم نے ابھی اُوپر دی ہے سُورج بنس کے اندر نمبر (۵۰) پر آیا ہے اور مہان رشی وِشوامتر جس نے اس کا یگیہ کرایا تھا وہی گادھی کا پُتر وِشوامتر ہے اور اس سے الگ کوئی نہیں ہے ٭ مگر اول تو اِن دونوں (سُداس اور وشوامتر) کے زمانے ایک دُوسرے سے نہیں ملتے پھر پُوِرانک سُداس سروکام کا پُتر اور راجا تل کے مِتر رتو پُران کا پوتا ہے (وشنو پُران انش ۴۔ ادھیائے ۴۔ واکیہ ۳۸۔ ۳۹) اور ویدک سُداس پجون کا پُتر اور دیودت کا پوتا ہے (دیکھو رگوید ۷۔ ۱۸۔ ۲۲ تا ۲۵) ٭ اور پھر پُوِرانک سُداس کے نام کا انتم سکار سُرسہت ہے اور ویدک سُداس کے نام کا انتم سکار سُرِ رہت ہے جس سے پُوِرانک سُداس کا وہ رُوپ جو پرتھما ایک پجن میں بنتا ہے ویدک سُداس کا ششٹی ایک پجن ہو جاتا ہے ٭ اِسلئے

یہ ویدک سُداس پچورانک سُداس سے الگ کوئی اور سُداس ہے اور اُس کا یگیہ کرانے والا وِشوامتر وہ "مہان رشی" وشوامتر ہے جو سپت رشیوں میں شامل ہے + اِسی طرح سے وہ وسِشٹھ بھی جو اس ویدک سُداس سے سمبندھ رکھتا ہے اور جو منڈل (۷) کے سوکت (۸۳) میں کہتا ہے کہ "اے اِندر اور ورُن جس سمے کہ دس راجاؤں نے مل کر سُداس پر اور اُس کے سہایک ترِتسو بنسیوں پر چڑھائی کی اُس سمے تم نے میری استتی کو سُن لیا سُداس اور ترِتسوؤں کی رکھشا کی اور میری ترِتسوؤں کی پروہتائی شتیہ ہوئی" سپت رشیوں میں شامل ہیں +

دوسرے وِشوامتر اور دوسرے وسِشٹھ وہ ہیں جو ان ہی مہرشی وِشوامتر اور مہرشی وسِشٹھ کے گوتر ج ہیں اور جن کو ویدمنتروں میں بہوچن یعنی صیغہ جمع میں وسِشٹھاہ اور وِشوامتراہ کے نام سے پکارا گیا ہے [دیکھو منڈل (۷) کا سوکت ۳۳ (وسِشٹھاہ کے لئے) اور منڈل ۳ کا سوکت ۵۳ (وِشوامتراہ کے لئے)] +

رامچندر جی کے زمانہ میں جو وِشوامتر اور وسِشٹھ ہوئے وہ آدی پروہت وسِشٹھ اور آدی پروہت وِشوامتر کی گدیوں کے وارث تھے اور گدیوں کے ساتھ اُن تمام روایتوں کے بھی وارث ہوئے جو اِن گدیوں کے ساتھ پرم پرا سے لگی ہوئی چلی آتی تھیں + چنانچہ جب وِشوامتر مُنی رامچندر جی کو جنک پوری میں لے کر پہنچے تو جنک کے پروہت شتانند نے وِشوامتر کی مہما برن کرتے ہوئے سارے "وِشوامتراہ" کے چرتر اُن کے چرتروں میں پرو دئے اور بدھ کانڈ (سرگ ۴ شلوک ۴۹) میں تو لچھمن جی نے ان کو سپت رشیوں کے ساتھ آسمان پر ہی چڑھا دیا + اِسی طرح مہابھارت

(انوشاسن پرو۔ ادھیائے ۳ اور ۴) میں وِشوامِتر سمبندھی سارے چرتروں کو گادھی کے پُتر وِشوامِتر کے ساتھ جوڑ کر ادھیائے ۳ کے شلوک ۱۵ میں وِشوامِتر کے وِشے میں یہ لکھ دیا ہے کہ وہ "نِیتہ اُدیچی (ارتھات اُتر کی) دِشا میں اُتّان پاد کے پُتر دھرو (ارتھات قطب شمالی) اور برہم رشیوں (ارتھات سپت رِشیوں) کے مدھیہ میں پرکاشمان رہتا ہے" +

بات یہ ہے کہ جیسا پیچھے بتایا جا چکا ہے گادھی کا پُتر وِشوامِتر اپنے تپ کے بل سے برہم رشی ہو گیا تھا اور رامائن اور مہابھارت کے زمانوں میں جبکہ جاتی کی ویوستھا پورے طور سے جنم سے استھاپت ہو چکی تھی کسی کشتری کا کیول اپنے کرم کے بل سے اُسی جنم میں براہمن ہو جانا بنا کسی اسادھارن کارن کے اسمبھو تھا + چنانچہ خود مہرشی وشِشٹھ کو اس وشے میں شنکا ہوئی ہے اور وہ پتامہ سے پوچھتے ہیں کہ وِشوامِتر دیہانتر پراپت کئے بنا کیونکر براہمن ہو گئے (انوشاسن پرو۔ ادھیائے ۳۔ شلوک ۱۷) + اِس لئے ہمارے خیال میں وِشوامِتر جی کے کرم سے براہمن ہو جانے کو ایک اسادھارن ارتھات غیر معمولی بات قرار دینے کے لئے یہ سب اسادھارن کتھائیں اُن کے ساتھ جُڑ گئی ہیں + مگر دیکھا جاوے تو یہ کوئی ایسی زیادہ اسادھارن بات بھی نہیں ہے کیونکہ وِشوامِتر کا برہم رشی ہو جانا براہمنتو کا پراپت کر لینا ہے (دیکھو انوشاسن پرو کے ادھیائے ۳ کا شلوک ۲) اور براہمنتو کا پراپت کرنا براہمن جاتی کا پراپت کرنا نہیں ہے بلکہ براہمن کے بھاؤ کا پراپت کرنا ہے کیونکہ پانچی (۵-۱-۱۱۹) کے انوسار تو اور تا کے ٹکڑے شبدوں کے انت میں بھاؤ کے ارتھ میں ہی آتے ہیں + اور برسوں کے جپ اور تپ سے بھاؤ کا پلٹ جانا کوئی اچنبے کی بات نہیں

ہے + چنانچہ وِشوامِتر کے سوائے اور بھی بہت سے راجا "کشتر ویتیا دوِج" [اَرتھات کشتر (چھتری پن) سے اُپیت (ملے ہوئے) دوِج (براہمن)] ہوئے ہیں + اور وایو پُران میں صاف لکھا ہے کہ :-

وِشوامِتر - ماندھاتا - سنکرتی - کپی - وارِدھرآشو - پُروکُتس - بھاسوان گرتسمد - پربھو - آرشٹی شین - اجمیڈھ - چھاگ - گارگیہ - ککشی وان - وِرُوپ - مُدگل - ہرِت - رتھی تھر - کنو - وشنو ودِدھ آدک سب "کشتر ویتیا" دِوج تھے جو اپنے تپ سے رشی پدوی کو پہنچے (دیکھو وشنو پُران - انش ۴ - ادھیائے ۲ - واکیہ ۱۰ اپر وِشنو چتی ٹیکا[۵۱۸]) +

خود وِشوامِتر اپنے "مہان کشٹک وَنش" میں آپ ہی برہم رشی نہیں ہوئے بلکہ اور بہت سے برہم رشیوں کو پیدا کرنے والے ہوئے اور وہ سب گوتر کرتا ہوئے + چنانچہ انوشاسن پَرو کے ادھیائے ۴ میں شلوک ۵۰ تا ۶۰ کے اندر کوئی ۶۴ نام ایسے رشیوں کے لکھے ہیں - اور اُن میں یہ وِکھیات ہیں :-

مدھوچھندا[۵۱۹] - دیورات - بجھرو - یاگیہ ولکیہ - گالو - نارد - اشولاین - گارگیہ - جابالی - سُشرت - کپل (مہان رشی) - آئرائن - چامپیہ - اور اوجین[۵۲۰] + ان میں سے پہلے تین وِشوامِتر کی طرح سے ویدک رشی بھی ہوئے ہیں +

---


۵۱۸ یہ پُرش کون تھے اور کس بنس کے تھے ان باتوں کو آگے اسی ادھیائے میں اپنی اپنی جگہ دکھایا جاوے گا +

۵۱۹ بالمیکی رامائن (بال کانڈ - سرگ ۵۷) میں وِشوامِتر کے چار پُتر لکھے ہیں :-
ہوی شینہ - مدھوشینہ - ہارِتھ اور درڈھ نیتر + اور ان میں سے مدھوشینہ غالباً یہ ہی مدھوچھندا ہے +
مدھوچھندا رگوید کے آرمبھ میں ہی سب سے پہلے دس سوکتوں کا رشی ہے +

۵۲۰ چامپیہ چمپا نگری کا رہنے والا معلوم ہوتا ہے اور اوجین شاید اوجین نگری کا نام داتا ہے +

(۳) جمدگنی

جمدگنی کا ذکر بھی پیچھے وِشوامتر کے سلسلہ میں آچکا ہے کیونکہ جہاں یہ پُورانک وِشوامتر کے ساتھ سپت رشیوں میں شامل ہیں وہاں اِیتہاسک یعنی تاریخی وِشوامتر کے ساتھ کانیہ کبج (قنوج) کے راجا گادھی کے بنس سے بھی سمبندھ رکھتے ہیں اس طرح سے کہ وشوامتر گادھی کے بیٹے تھے اور یہ گادھی کی بیٹی کے بیٹے تھے + ان کے پتا رشی رچیک چیون رشی کی سنتان تھے اور چیون رشی بھرگو (پرجاپتی) کی گوتر میں تھے اس لئے جمدگنی بھی بھرگو گوتری ہونے کے کارن بھارگو کہلاتے ہیں + اور اِن کے پُتر پرشورام تو جگت میں بھارگو پرسدھ ہی ہیں + نیچے کے نقشہ سے ان کے بنس کا حال اچھی طرح معلوم ہو جائے گا :-



وید میں جمدگنی کا نام کئی منتروں میں آیا ہے۔ مثلاً رگوید (۳-۵۳-۱۵) میں وِشوامتر کہتے ہیں کہ "جمدگنی دتا (رشتہ جمدگنی کی دی ہوئی) بانی سُوریہ کی پُتری (سوایا کا رہو کر) آکاش میں گونج گئی اور دیوتاؤں میں امرت برسا گئی" + اور اسی وید کے منتر (۷-۹۶-۳) میں وسشٹھ کہتے ہیں کہ "اے

بھدرا سرسوتی بھدر کرو۔ ہم کو چیتنا دو۔ اور وسشٹھ کی استتی سے بھی ایسی ہی پرسن ہو جیسی جمدگنی کی استتی سے"۔ جمدگنی خود اگرچہ وشوامتر کی طرح کسی پورے منڈل کے رشی نہیں ہیں تو بھی کئی سوکتوں کے رشی ہیں۔ چنانچہ منڈل ۸ کا سوکت ۱۰۱ اور ۹ کا ۶۲ اور ۱۰ کا ۱۱۰ اِن ہی کے نام سے منسوب ہیں + ویدک انوکرمنکا میں ان کا پتہ بھارگو (ارتھات بھرگو گوتری) لکھا ہے اور شریمد بھاگوت (۹-۱۶-۲۴) میں ان کو سپت رشی منڈل کے رشی جمدگنی سے ملایا ہوا ہے +

جمدگنی کی نام نرکتی (وجہ تسمیہ) یہ ہے کہ جمدَ (ارتھات پرجولت یعنی روشن کی ہے اگنی جس نے +

(۴) گئوتم

چوتھا رشی جو وسشٹھ آوک کے ساتھ سپت رشیوں میں شامل ہے گئوتم ہے + یہ گوتم کا پُتر ہے اور گوتم رہوگن کا پُتر ہے اور رہوگن وہ راجا ہے جس کو پہلے منونتر میں ہی رکھب دیوجی کے پُتر بھرت نے جمانتر میں جڑ بھرت ہو کر گیان اُپدیش کیا تھا (دیکھو وشنو پُران انش ۲ - ادھیائے ۱۳-۱۶ + اور شریمد بھاگوت اسکندھ ۵ - ادھیائے ۱۰-۱۴) + گئوتم کا نام رگوید کے اندر کہیں نہیں آیا ہے اگرچہ گوتم کا نام کئی منتروں میں آیا ہے - مگر رگوید ۱-۶۲-۱۳ میں جو نودھا کے ساتھ گوتم کا نام آیا ہے اُس کا ارتھ ساین آچارج نے گئوتم کیا ہے اور خود نودھا (جو اس سوکت ۶۲ کا رشی بھی ہے) گوتم پُتر گئوتم ہے (دیکھو آگے رشیوں کے نقشہ میں نمبر ۱۰) + گئوتم پہلے منڈل کے سوکت ۷۸ تا ۹۳ کا رشی

ہے۔ اور سُوکت ۸۷ کے منتر ۲ سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اگنی کا سیوک تھا +
شت پتھ براہمن (۱-۴-۱-۱۰) سے ظاہر ہوتا ہے کہ جس طرح وسِشٹھ اکشواکو
بنسیوں کا پُروہت تھا اُسی طرح گوتم راہوگن ارتھات رہوگن کا پُتر گوتم
وِدیہہ بنسیوں کا جن کے راجا جنک کے نام سے پرسدھ ہیں پُروہت ہُوا +
اور مادھو وِدیہہ نے اپنے پُروہت گوتم کی سہایتا سے اگنی پُوجا کا مت
سرسوتی سے سدانیر (حالیہ دریائے گنڈک) تک پھیلا دیا + اور جس طرح
اکشواکو کے بنس میں رامچندر جی تک کُل پُروہت وسِشٹھ ہی چلا آیا اُسی
طرح جب رامچندر جی وِشوامِتر کے ساتھ جنک پوری میں پہنچے اور راجا جنک
کی پُتری جانکی (سیتا) کے ساتھ اُنکا بواہ ہُوا تب اِس جنک کا پُروہت
بھی اگر گوتم نہیں تو گوتم کا "جیشٹھ سُت" ارتھات بڑا بیٹا شتانند تھا
(بالمیکی رامائن - بال کانڈ - سرگ ۵۱ شلوک ۲) +

گوتم کے وشے میں پُرانوں میں ایک کتھا آتی ہے کہ اِندر نے اُسکی استری
اہلیا کا اِستری دھرم نشٹ کر دیا تھا۔ اور تیتری آرنیک (۱-۱۲-۳۴) میں بھی اِندر کو اہلیا
کا جار لکھا ہے۔ یہ کتھا ایک استعارہ ہے۔ اصلیت اسکی کچھ نہیں ہے۔ مگر بالمیک جی
نے رامچندر جی کے درشنوں سے اہلیا کا اُدّھار کرا کر اس کو ایک اصلیت کی
شکل دیدی ہے (دیکھو اس گرنتھ کا بھاگ ۲۔ ادھیائے ۲۔ نوٹ ۵۷۶)
اور اس سے اکثر سجّن اِس وشے میں دھوکہ کھاتے ہیں۔ لیکن اس میں
دھوکہ کھانے کی کوئی بات نہیں ہے + کمارل بھٹ نے جو سوامی شنکر آچارج
کے زمانہ میں ہوئے ہیں اس وشے میں یوں لکھا ہے کہ اس کتھا میں اِندر
سے مُراد سُورج سے ہے اور اہلیا سے مُراد راتری سے ہے اور اس
کتھا کا ارتھ کیول یہ ہے کہ سُورج نے اودے ہو کر راتری کے

دھرم (اندھکار) کو نشٹ کر دیا (دیکھو میکس مولر صاحب کی کتاب جس کے نام کا ترجمہ یہ ہے کہ قدیم سنسکرت لٹریچر کا اتہاس) + اور مہابھارت (شانتی پرو - ادھیائے ۳۴۲) میں جہاں یہ کتھا اور ایسی ہی اور کتھائیں آئی ہیں شلوک ۲۲ میں ظاہر کر دیا گیا ہے کہ یہ کتھائیں کتھے یعنی آکاش کی دِویہ شکتیوں سے سمبندھ رکھتی ہیں نہ کہ پرتھوی کی ہستیوں سے +

مہاتما بدھ بھی گوتم کہلاتے ہیں اور اس لئے شاید وہ بھی اِسی مہرشی گوتم کی گوتر میں ہونگے +

(۵) بھردواج

مہرشی بھردواج رگوید کے منڈل ۶ کے رشی ہیں + یہ دیوتاؤں کے گورو برہسپتی کے پُتر ہیں اور اس نسبت سے بارہسپتیہ کہلاتے ہیں + بھردواج کا شبد دو شبدوں سے مل کر بنا ہؤا ہے - اور وہ دو شبد یہ ہیں - بھرت اور واج - اور اُس کا ارتھ ہے برہم منتر کیونکہ بھردیا بھرت برہم کا واچک ہے اور واج کا ارتھ منتر ہے + اور وید میں بھی واج اس ارتھ میں آیا ہے + چنانچہ رگوید منڈل ۶ سوکت ۱۶ کا منتر ہم ہے کہ "اے اگنی بھرت واج کے ساتھ تیری استتی کرتا ہے تو اُس کو سکھ دے" اور یہاں واج کا ارتھ منتر ہی ہے + مگر اس منتر میں جو بھرت کا نام آیا ہے اُس کو سائن نے دُشینت کا پرشٹھ پُتر بھرت مانا ہے جو وِشوامتر کے ویر یہ اور مینکا کے پیٹ سے پیدا ہوئی شکنتلا کا بیٹا تھا اور اس حساب سے اس منتر کا رشی جو برہسپتی کا پُتر بارہسپتیہ بھردواج ہے بھرت سے پیچھے ہؤا اور یہ اس طرح ہؤا کہ جب بھرت کی سنتان ہو ہو کر مر گئی اور اُس کو پُتر نہ رہا جانے

کا ڈر ہوا تو اُس نے ایک یگیہ رچا اور مَرُت گن نے جو دیوتاؤں کا ایک گن ہے اُس کے یگیہ سے پرسن ہو کر برہسپتی کے بیٹے بھردواج کو ہی جو سپت رشیوں میں شامل ہیں بھرت کے ہاں پیدا کر دیا (دیکھو وشنو پُران۔ انش ۴۔ ادھیائے ۱۹۔ شلوک ۱۶ تا ۱۹) + اور بھرت کا پُتر ہو کر بھی بھردواج کا ارتھ ٹھیک رہا کیونکہ واج کا ارتھ دھن بھی ہے اور اس ارتھ میں بھردواج بھرت کا دھن[۲۱] ہوا اگرچہ پُرانوں میں اس کی وجہ تسمیہ کچھ کی کچھ بتا دی گئی ہے (دیکھو آگے ادھیائے ۴۔ بنسا ولی نمبر ۹) +

بھردواج آپ (جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے) چھٹے منڈل کے رشی ہیں مگر ان کا نام اور منڈلوں میں بھی آتا ہے۔ مثلاً ۱۔ ۱۲۔ ۱۳ میں آیا ہے کہ "اے اشونی جن یکتیوں سے تم نے سوُریہ کی رکھشا کی۔ من دھاتا (مان[۲۲] دھاتا) کی رکھشا کی۔ بھردواج کی رکھشا کی۔ اُن ہی یکتیوں کو ساتھ لے کر ہماری رکھشا کے لئے آؤ" + ۱۰۔ ۱۵۰۔ ۵ میں آیا ہے کہ "اگنی نے اتری۔ بھردواج۔ گوشٹھ[۲۳]۔ کنو[۲۴]۔ ترسدسیو[۲۵] اں سب کی اور میری آہوَ (سنگرام یا یگیہ) میں رکھشا کی وسشٹھ اگنی کا آہوان کرتا ہے۔ وہ میرا ہتکاری ہو" + ۱۰۔ ۱۸۱۔ ۲ میں آیا ہے کہ

---

[۲۱] اسی طرح سے راجپوتانہ میں کاشتکار راج دھن کہلاتے ہیں (دیکھو فیصلہ ہائیکورٹ پٹنہ الیف۔ اے نمبر ۲۰۷ رجوعہ ۱۹۲۲ء اور راجپوتانہ گزیٹیر) +

[۲۲] مان دھاتا اکشواکو کے بنس میں اکشواکو سے سترہ پیڑھی پیچھے ہوا ہے (دیکھو ادھیائے ۴۔ بنسا ولی نمبر ۱) +

[۲۳] دیکھو آگے رشیوں کی نامادلی کے نقشہ میں سنکھیانک ۳۴ +

[۲۴] دیکھو آگے رشیوں کی نامادلی کے نقشہ میں سنکھیانک ۷ +

[۲۵] دیکھو آگے رشیوں کی نامادلی کے نقشہ میں سنکھیانک ۳۱ +

دھاتری۔ سوِتا۔ اور وِشنو نے یگیہ کے پرم دھام کو برہت (سام = گیت) کے دوارا پالیا۔ اور بھردّواج نے اُس برہت کو اُن سے اور اگنی سے پراپت کیا[۱۲۵] + بھردّواج اور بھرت دو اگنیوں کے بھی نام ہیں اور اس کے لئے دیکھو آگے رشیوں کی ناماولی کے نقشہ میں سنکھیا نک ۸۷ +

(۶) اثری

اَثری کی نام نرکتی یعنی وجہ تسمیہ نرکت (۳-۱۷) میں یوں بیان کی گئی ہے کہ "ا-نری" ارتھات "نہ نری" - ارتھات نہ ہوں تین (گُن) جس میں ارتھات گُنا تیت یا گُنوں سے رہت +

مگر رگوید (۲-۸-۵) میں اثری کا شبد آدھا توسے نری پریتہ کے ساتھ بھکشن کرنے والے کے ارتھ میں اگنی کی صفت میں آیا ہے +

پُرانوں میں اَثری جیسا کہ پیچھے بتایا گیا ہے دس پرجاپتیوں میں شامل ہے۔ ان اسویا[۱۲۶] اِن کی استری تھی اور اُس سے ان کے تین پُتر ہوئے :-

---

[۱۲۵] معلوم ہوتا ہے کہ یہ راز کہ گیت ارتھات گائین ودیا بھی یگیہ کا ایک ٹکنیہ الگ ہے سب سے پہلے اس بھردواج کو ہی معلوم ہوا۔ اور ناٹک ودیا کے آچارج بھرت کا نام بھی شاید اس بھردواج (بھرت واج) سے کچھ سمبندھ رکھتا ہو +

[۱۲۶] اَن اسُویا سوایمبھو منو کی (جو سب سے پہلا منو تھا) اُس پُتری دیوہُوتی کی پُتری تھی جو کردم رشی کو بیاہی گئی تھی اور جس کا پُتر سانکھیہ شاستر کا کرتا کپل تھا [دیکھو شریمد بھاگوت - اسکندھ ۴ ادھیائے ۱ + اور مقابلہ کرو اُس سے وشنو پُران میں انش ۱ کے ادھیائے (۷) کا جہاں اَن اسویا کو کو دکش پرجاپتی کی لڑکیوں میں شمار کیا ہے] +

ضلع گڈھوال کے سب ڈویژن چموَلی میں اَن اسُویا دیوی کا مندر ہمالہ پربت کی ایک چوٹی پر جو دس ہزار فٹ بلند ہے بنا ہوا ہے - اور مارگ شیرش کی پورنماشی کو وہاں بڑا میلہ لگتا ہے + چترکوٹ کے تیرتھوں میں بھی ایک تیرتھ اَن اسُویا سے منسوب ہے اور وہاں اس نام کی ایک ندی بھی بہتی ہے (دیکھو اس گرنتھ کے بھاگ ۲ میں اجودھیا کا نڈ کا آخری فٹ نوٹ) +

برہما کے انش سے سوم - وشنو کے انش سے دتّ جو دتاتریے (ارتھات دتّ آتریے = دتّ اتری گوتری) کے نام سے پرسدھ ہیں - اور مہیش کے انش سے دُرواسا +

ورتمان منونتر کے آدی میں اتری سپت رشیوں میں شامل ہوئے اُن اسُویا پھر اُن کی استری ہُوئی - اور اس جنم میں اُن کے ادیما نامی ایک پُتر اور اَمَلا نامی ایک پُتری ہُوئی[۲۸] +

رگوید میں اتری پانچویں منڈل کے رشی ہیں کیونکہ اس منتر کے جتنے سُوکت ہیں وہ تقریباً سب اُن رشیوں سے منسوب ہیں جو آتریے ارتھات اتری گوتری ہیں - بعض منتروں کے رشی خود اتری ہیں اور وہاں اُن کو کہیں کہیں بھؤم[۲۹] لکھا ہے کیونکہ ایک اور اتری دسویں منڈل کے سُوکت ۱۸۳ کے رشی ہیں اور وہ سانکھیہ[۳۰] ارتھات سنکھ گوتری ہیں +

اتری کرت منتروں میں کسی تاریخی پُرش وشیش کا نام نہیں ملتا مگر اور رشیوں کے منتروں میں تاریخی ہستیوں کے ناموں کے ساتھ اتری کا نام آتا ہے - مثلاً رگوید کے اندر ۱-۱۳۹-۹ میں دِوودَاس کا پُتر پرچھیپ[۳۱] رشی کہتا ہے کہ دُوھینگ[۳۲] - انگرا[۳۳]

---

[۲۸] دیکھو آپتے کی سنسکرت انگلش ڈکشنری +

[۲۹] دیکھو آگے اسی ادھیائے میں رشیوں کی نامادلی کا نقشہ اور اس میں منکھیانک ۷۹ +

[۳۰] دیکھو نقشہ مذکور کا سنکھیانک ۳۲۳ +

[۳۱] یہ اتھرون کا پُتر ہے - اور اتھرون کے لئے دیکھو آگے رشیوں کی نامادلی کے نقشہ کا نمبر ۲۷ +

[۳۲] ایضاً ایضاً ایضاً

پر یہ میدھ[۳۳] - کنو[۳۴] - اتری اور منو میرا جنم جانتے ہیں + ۱-۱۸۳-۵ میں میں اگستیہ کہتے ہیں کہ اے اشونی کمارو تم کو گوتم - پُرومیدھ[۳۵] اور اتری[۳۶] بھجتے ہیں + ۵-۷-۱ میں اتری گونتری اِکھ کہتے ہیں کہ اتری دسیو لوگوں کو جو اگنی کی سیوا نہیں کرتے ہیں دمن کریں +

۵-۴۰-۸ میں اتری کو برھما سے تعبیر کیا ہے + اور وشنو پُران (انش ۱- ادھیائے ۷ - شلوک ۵/۶) میں جو مریچی آدک نو پرجاپتیوں کو جن میں اتری بھی شامل ہے برھما کہا ہے وہ اسی منتر کے آدھار پر ہوگا +

(۷) کشیپ

کشیپ کا شبد کچھپ کا پریائے واچی ارتھات ہم معنی ہے اور کچھپ کچھوے کو کہتے ہیں + مارکنڈے پُران میں کشیپ کی رچنا یوں کی گئی ہے کہ کشیہ پا ارتھات کشیہ کا پان کرنے والا - اور کشیہ مدرا کو کہتے ہیں +

پُرانوں کے انوسار کشیپ مریچی پرجاپتی کے پُتر ہیں اور دکش پرجاپتی کی پُتریوں دِتی اور اَدِتی آدک سے جوان کو بیاہی گئی تھیں وغیرہ

---

۳۳ اس کے لئے دیکھو آگے اسی ادھیائے میں رشیوں کی نامادلی کے نقشہ کا نمبر ۹۳ +

۳۴ اس کے لئے دیکھو آگے اسی ادھیائے میں رشیوں کی نامادلی کے نقشہ کا نمبر ۷ +

۳۵ اس کے لئے دیکھو آگے اسی ادھیائے میں رشیوں کی نامادلی کے نقشہ کا نمبر ۱۶۸ +

۳۶ اس کے لئے دیکھو آگے اسی ادھیائے میں رشیوں کی نامادلی کے نقشہ کا نمبر ۳۲ +

اور آدِتیہ آدک ارتھات سُر اور اسُر آدک سب جیوون کے اُتپاوک ہیں +

ورتمان منونتر کے آدی میں کشیپ (مارچ) بھی سپت رشیوں میں شامل ہوئے اور رگوید کے نویں منڈل کے سوکت (۱۶۴) اور (۹۱) اور (۹۲) اور (۱۱۳) اور (۱۱۴) کے رشی ہوئے + سوکت (۱۱۴) کے منتر (۲) میں کشیپ کا نام بھی آیا ہے اور یہ نام وید میں صرف اسی منتر میں آیا ہے +

[اسی منتر (۹-۱۱۴-۲) میں رشیوں کو منتر کرت ارتھات منتروں کا کرنے والا یا بنانے والا کہا گیا ہے اور یہ بچن کچھ دیا کھیا چاہتا ہے + ہم پیچھے وشنو پُران اور مہا بھارت کے حوالوں میں لکھ آئے ہیں کہ ہر چترُیگ کے انت میں ویدوں کا وِپلو (ناش) ہو جانے پر اُس منونتر کے سپت رشی اُن کا نئے سرے سے پرورتن کرتے ہیں + اس میں سوال اُٹھتا ہے کہ یہ پرورتن کس رُوپ میں ہوتا ہے + ایا کیول ارتھ کا ہی پرورتن ہوتا ہے یا اُس کے ساتھ شبد کا بھی + میمانسک ارتھات جیمنی کی پورو میمانسا کے انویائی کہتے ہیں کہ شبد اور ارتھ لازم ملزوم ہیں اس لئے وید کا پرورتن اُس کے شبد اور ارتھ دونوں کا پرورتن ہے اور یہ ہی وید کی نیتا ہے کہ وہ نتیہ شبد اور اُس کے نتیہ ارتھ کا نتیہ پرورتن ہے + مگر ویاکرن ارتھات ویاکرن کے انویائی کہتے ہیں کہ یہ پرورتن کیول ارتھ کا ہے شبد کا نہیں - اور یہ ارتھ ہی نتیہ ہے - ورنا نوپوروی (ارتھات ورنوں کا آگے پیچھے ہونا) یعنی حرفوں کی ترتیب نتیہ نہیں ہے - رشیوں نے کیول ارتھ کو ہی سمادھی میں دیکھا

اور پھر اُس ارتھ کو اپنے اپنے شبدوں میں ادا کیا + ارتھ کو دیکھنے کی اپیکشا سے رشی منتر درشٹا ہین اور اُس ارتھ کو اپنے شبدوں میں ادا کرنے کی اپیکشا سے وہ منتر کرت ہیں اور (۹ - ۱۱۴ - ۲) میں جو رشیوں کے لئے منتر کرت کا شبد آیا ہے وہ اسی بات کو جتاتا ہے +

وید کے دوسرے منتروں میں اس بات کو اور صاف کر دیا گیا ہے چنانچہ رگوید (۸ - ۵۹ - ۶) میں رشی کہتا ہے کہ اے اِندر اور وُرن جو شُرتی اور متی اور بانی تُم نے رشیوں کو پہلے دی تھی اور جو استھان کہ اُنہوں نے اپنے یگیوں سے رچے تھے وہ سب میں نے اپنے تپ سے دیکھ لئے + اور (۸ - ۹۵ - ۵) میں آتا ہے کہ اے اِندر رشی نے تیرے لئے سچائی سے بھری ہوئی پُرانی دھی (ارتھات پُرانی بُدھی) ظاہر کرنے کے لئے نئی سے نئی بانی ارتھات نئے سے نئے منتر کو اجی جنت (پیدا کیا ہے) + اور (۱۰ - ۷۲ - ۱) کا بچن ہے کہ آؤ ہم - اور جو کوئی اور اُوتر یُگ میں دیکھے - دیوتاؤں کے پُورو جنموں کا حال استُتیوں سے بھرے ہوئے اُکتھوں میں برنن کریں[۳۷] +]

---

[۳۷] برہد دیوتا میں لکھا ہے کہ کسی ایک رشی کے سمپوزن واکیہ کا نام سُوکت ہے - اور جتنے سُوکت کسی ایک رشی کے نام سے پرچلت ہیں وہ سب اُسی رشی کی کرتی ارتھات رچنا ہیں - اور جن کی استُتی ان سُوکتوں میں برنن کی گئی ہے وہ اِن سُوکتوں کے دیوتا ہیں +

برہد دیوتا کے لئے دیکھو آگے نوٹ ۴۲ +

پس وسشٹھ آدک سپت رشی جن کا ذکر ہم کرتے چلے آرہے ہیں نشیہ رشی ہیں اور اس ساتویں منونتر کے وید پرورتک ہیں + یہی سپت رشی اور ان کے نیمتک اوتار اور اُن کے گوترج ورتمان چترنگ میں ویدمنتروں کے درشٹا اور کرتا ہیں اور نشیہ اور نیمتک رشیوں کی کتھائیں آپسمیں گڈمڈ ہوئی ہوئی ہیں +

متسیہ پُران (ادھیائے ۱۳۲) میں رشیوں کی ایک گوتر سوچی دی ہوئی ہے اُس کو ہم نیچے نقل کرتے ہیں + ان میں سے اکثر رشی ویدک رشی یعنی ویدمنتروں کے درشٹا اور کرتا ہوئے ہیں اور اُن کے ناموں پر جو انک دئے ہوئے ہیں وہ اُس سوچی کے سنکھیانک یعنی نمبر شمار ہیں جو ہم نے آگے ایک نقشہ کی شکل میں تمام ویدک رشیوں کی (منڈل وار اور سوکت وار) دی ہوئی ہے + نقشہ کے ان نمبروں پر متسیہ پُران کے اِن رشیوں کا حال ملے گا اور جن رشیوں کے ناموں پر کوئی انک نہیں ہے اُن کا پتہ اُس انوکرمنکا یا انڈکس سے ملے گا جو ہم اس گرنتھ کے انتم بھاگ کے انت میں لگائیں گے + متسیہ پُران کی سوچی یہ ہے :-

(۱) بھرگو گوتری :- کاشیہ - پرچیتا - دَدھیچی - آتم وان - اُدّرو جمدگنی - سارسوت - بید - آرشٹی شین - چیون - وِیت ہوتیہ - سومیدھ وئینیہ (پرتھو) - دِوودواس - برہم وان - گرتسمد - شونک +

(۲) انگرا گوتری :- ترت - بھاردواج - لکشمن - کرت - واچ - گرگ رستی - سنکرتی - گئوری وِیتی - ماندھاتا - امبریکھ - یوناشو - پُروکتس - سمد (یا سُبھر) - سشیہ وان - اجمیڑھ - اشوہاریہ - ہے اُتکیل - کوی - پرشدشو وِرُوپ - کاوَیہ - مدگل - اُتتھیہ - شرڈ وان - واج شروا - ایاسیہ - سُچتی وام دیو - اُرسج - برہدُکتھ - دیرگھ تما - کنکشی وان +

(۳) کشیپ گوتری :- اَوتسار - نِدھرووی - وِدیہ - اَسِت (دیول) +

(۴) اتری گوتری :- اَرچنانا - شیاواشو - گوشٹھِر - کرن شرُت - رِشٹی - سِدھ - پوُرُواتتھی +

(۵) وسِشٹھ گوتری :- شکتی - پراشر - اِندرپرمتی - مَردوسو - مترا دُرن کُنڈِن +

(۶) وشوامِتر گوتری :- دیوُرات - بَل - مدھوچھندا - اگھمرشن - اُشٹک - لوہت - بھرت کیل - ویوشروا - پُران - دھنجے - شِشِر - شالنکاین +

(۷) اگستیہ گوتری :- دِرڑھدیُمن - اِدھم باہو +

اِن کے علاوہ دو اور رشی (وَتسپری اور سنکیل) بھلندن گوتری لکھے ہیں + یہ سب ۹۱ ہوتے ہیں اور اس سب کے وشے میں اسی مشنیہ پُران میں اسی جگہ لکھا ہے کہ "یہ سب براہمن چھتری اور ویش رشیوں اور رشیکاؤن کی سنتان ویدک رشی تھے" +

گرِتسمد اور شوُنک جن کے نام اُوپر بھرگو گوتری رشیوں میں ایک دوسرے کے ساتھ آئے ہیں اُن کے برتانت بھی بچتے ہیں + رگوید کی آرش انوکرمنکا یعنی رشیوں کی فہرست میں جو شوُنک کی ہی بنائی ہوئی ہے گرتسمد کو (جو رگوید کے دوسرے منڈل کا رشی ہے) آنگرس - شوُن ہوتر - بھارگو لکھا ہے (دیکھو آگے نقشہ کا نمبر ۱۸) اور سائن آچارج نے اپنے بھاشیہ میں اس پر یہ ٹیپ دی ہے کہ یہ گرِتسمد پہلے آنگرس کُل میں شُن ہوتر کا پُتر تھا (اس لئے آنگرس شوُن ہوتر ہوُا) پھر بھرگو کُل میں شُنک کا پُتر شوُنک ہوُا (اور اس لئے بھارگو ہوُا) +

وِشنو پُران (انش ۴ - ادھیائے ۸) میں گرتسمد کو چندر بنس کے بانی راجا پُرورَوا کے بنس میں پیڑھی در پیڑھی یوں دکھا کر کہ پُرورَوا - آیو - کشتر وِرِدّھ سوہوتر - گرتسمد (دیکھو آگے ادھیائے ۴ - بنساولی) واکیہ ۶ میں لکھا ہے کہ "گرتسمد کا شُونک چترُورن کا پرورتک ہُوا" + اور شاید وشنو پُران کا یہ سوہوتر ہی ساین آچارج کا شُن ہوتر ہے اگرچہ ایک رشی شُن ہوتر بھی ہے چنانچہ رگوید کے منڈل ۶ کے سُوکت ۳۱ اور ۳۲ کا رشی سوہوتر اور سُوکت ۳۳ اور ۳۴ کا رشی شُن ہوتر ہے + اسی طرح سے ایک سوہوتر بھی اور ہے جو پرُو کے بنس میں بھرت کے بیٹے بھردواج سے تین پیڑھی نیچے شہر ہستناپور کے بانی ہستی کا پتا ہُوا ہے (دیکھو آگے ادھیائے ۴ - بنساولی) مگر یہاں سوہوتر سے وہ سوہوتر ہی مُراد ہے جو گرتسمد کا پتا تھا +

شرمد بھاگوت (۹-۱۷-۳) میں لکھا ہے کہ "گرتسمد سے شُنک ہُوا جس کا شُونک بہورِچ پرورمنی ہُوا" + اور مہابھارت (انوشاسن پرو - ادھیائے ۳۰) کے اندر گرتسمد اور شُونک کے اس پرسپر سمبندھ کے وشے میں یہ اِتہاس آیا ہے کہ (ویُوسوت) منو کے پُتر شریاتی کے بنس میں دو راجا ہئی ہے اور تال جنگھ وتس دیس کے راجا تھے - اسی زمانہ میں کاشی کا راجا ہری اشو تھا - اُس کا بیٹا سُدیو اور اُس کا بیٹا دِوودَاس تھا جس نے وارانسی (بنارس) بسائی - دِوودَاس کا بیٹا پرتردن بڑا پرتاپی ہُوا - ہئی ہے اور اُس کے پُتروں نے اِس کے باپ اور دادا کو مار ڈالا تھا - اس لئے پرتردن نے ہئی ہے پر چڑھائی کی - ہئی ہے کے پُتر مارے گئے اور ہئی ہے آپ بھاگ کر بھرگو رشی کی شرن میں گیا - پرتردن نے اُس کا پیچھا کیا اور بھرگو رشی کے آشرم میں جا کر ہئی ہے کو مانگا - رشی نے کہا

کہ یہاں کوئی چھتری نہیں ہے دوئی جاتی (براہمن) ہیں۔ اس پر پرترون نے کہا کہ آپ کا بچن پرمان۔ ہمی ہے کا چھتری پن آج سے نشٹ ہوا اور یہ ہی میرا کرتویہ تھا + اس طرح بھرگو کے بچن سے ہمی ہے چھتری سے براہمن ہو کر بھرگو گوتر میں دیت ہوئیہ اور رگوید کے منڈل ۷ کے سوکت ۱۵ کا رشی ہؤا (دیکھو آگے کے نقشہ کا نمبر ۸۱) اور پھر اس سے آگے اس گوتر میں اُس کی بنساولی یوں چلی :-

گرتسمد - سوتجیں - ورچس - وِہویہ - وِتتیہ - ستیہ - سنت - شروس تم - پرکاش + واگیندر - پرمتی - رُرو - شُنک - شُونک + اتی

اِس اتہاس کے انوسار شُونک گرتسمد کا شُونک تو ضرور ہے مگر گرتسمد خود آیو کے بیٹے کشتر وِردھ کے بنس میں نہیں ہے جیسا کہ وشنو پُران میں لکھا ہے (اور جیسا کہ ادھیائے (۴) کی بنساولی نمبر ۳ میں دکھایا گیا ہے) بلکہ وہ گرتسمد ہے جو آیو کے دوسرے بیٹے نُہش کے بنس میں یدو بنسی ہمی ہے کے براہمن روپ وِیت ہوئیہ کا گوتر ج ہؤا (اور جس کی بنساولی ادھیائے (۴) کی بنساولی نمبر ۷ میں درج ہے[۳۵]) +

[۳۵] مہابھارت میں جو ہمی ہے کو وتس دیس کا راجا اور شریاتی کا بنج لکھا ہے اسکے دشے میں وشنو پُران (انش ۴ - ادھیائے ۸) سے معلوم ہوتا ہے کہ وتس دیس کا اصلی راجہ تو پرترون ہی تھا (دیکھو بنساولی نمبر ۳) مگر ہمی ہے پرترون کے باپ کو مار کر دنس کا راجا ہو گیا تھا + نیز ہمی ہے سُورج بنسی شریاتی کے بنس میں نہیں بلکہ چندر بنسی یدو کے پُتر سہسرجت کے بنس میں تھا (دیکھو بنساولی ۷) مگر چونکہ شریاتی کی پُتری سوکنیا چیون رشی کو بیاہی گئی تھی اور چیون رشی بھرگو گوتری تھے اور ہمی ہے بھی وِیت ہوئیہ ہو کر بھرگو گوتری ہو گیا تھا اس لئے ہمی ہے کا شریاتی کے بنس سے بھی سمبندھ تھا + پرترون کا بنس اُسی سوہوتر کے دوسرے پُتر کاش یا کاشیہ سے کہ جسکا ایک پُتر گرتسمد اوپر دکھایا گیا ہے چلا ہے مگر جہاں مہابھارت میں (پرترون کے باپ) دوودواس کے باپ اور دادا کا نام رُرو اور سری اشٹو لکھا ہے وہاں پرانوں کی بنساولیوں میں انکے نام بھیم رتھ اور کنیتومان لکھے ہیں + پرترون ویدکا منترکرت رشی بھی ہؤا ہے اور رشیوں کے نقشہ میں اسکا نام سنکھیا نک (۲۰۵) پر آیا ہے +

شرمید بھاگوت میں آیا ہے کہ شئونک نے نیمش آرنیہ میں بارہ برس کا یگیہ رچا تھا اور اس یگیہ میں اُس کو اور اُس کے یگیہ میں شریک ہونے والے اور رشیوں کو لوم ہرش سوت کے پُتر اُگرشروا سوتی نے ویاس جی کے پُتر شُک دیو کی سُنائی ہوئی اور ارجن کے پوتے پریکشت کی سُنی ہُوئی شرمید بھاگوت سُنائی تھی (مفصل حال کے لئے دیکھو آگے اس گرنتھ کا چھٹا بھاگ پُران کے وشے میں) + اسی یگیہ میں اُگرشروا نے شئونک کو مہابھارت بھی سُنائی تھی۔ اور شئونک کے پُوچھنے پر شئونک کی بنساولی یوں بتائی تھی کہ بھرگوکل میں ایک رشی چیون ہوئے تھے۔ اُن کا پُتر پرمتی ہؤا۔ پرمتی کا پُتر رُرو اور رُرو کا پُتر شُنک ہؤا[۳۹] اور یہ شُنک اے شئونک تمہارا پوُرو پتامہ تھا" (دیکھو مہابھارت۔ آدی پروُ۔ ادھیائے ۵ شلوک ۱۰۳۹) + مہابھارت کے ٹیکا کار نیل کنٹھ نے پوُرو پتامہ (پہلا دادا) کا ارتھ کُل پردھان پُرش ارتھات کُل کا پردھان پرش کیا ہے اور اس سے سپشٹ ہے کہ شُنک اس شئونک کا نہ پتا تھا نہ پتامہ بلکہ پوُرو پتامہ ارتھات کوئی دُور کا پوُروج (بنس داتا یا گوتر داتا) تھا اور یہ شئونک (جس نے نیمش آرنیہ میں شرمید بھاگوت اور مہابھارت سُنی تھی) اُس شُنک کا دور جا کر کوئی بنسج یا گوتر ج تھا +

[۳۹] دیکھو پرمتی۔ رُرو۔ شُنک اور شئونک کو ابھی پیچھے مہابھارت (انوشاسن پروُ۔ ادھیائے ۳۰) کے انوسار گرتسمد کے بنس میں دکھایا گیا ہے۔ یہاں ان کو چیون کا پُتر پوُتر آدک بتایا گیا ہے + پہلے کتھن سے اُنکا گرتسمد بنسی ہونا اور دوسرے کتھن سے انکا چیون گوتری ہونا ظاہر کیا گیا ہے + اور گرتسمد اور چیون دونوں بھارگو تھے گرتسمد بھرگو کی شرن لینے سے اور چیون بھرگو گوتر میں جنم لینے سے +

[نیمئش آرنیہ کے لئے دیکھو آگے ادھیائے ۴ کا فٹ نوٹ ۱۸]

شئونک کے وِشے میں اتنی چھان بین ہم نے اس لئے کی ہے کہ رگوید کی آرش انوکرمنکا یعنی ویدک رشیوں کی سُوچی جس کا ذکر پیچھے کئی بار آچکا ہے اور جس سے ہم نے آگے کام لینا ہے شئونک کی رچی ہُوئی ہے اور یہ دیکھنا تھا کہ یہ شئونک کون ہے + سنسکرت ویاکرن کی رو سے شئونک شُنک کا پُتر بھی ہو سکتا ہے اور کوئی دُور کا گوتر ج بھی - اس لئے معلوم ہوتا ہے کہ گرتسمد کا شئونک جس کو وشنو پُران نے چتُر ورن کا پرورنک لکھا ہے اور جس کو شرمد بھاگوت نے یوں بکھانا ہے کہ "گرتسمد سے شُنک ہوا جس کا شئونک بھورِچ پرورمنی ہُوا" اور جس کی بنسا ولی گرتسمد سے شُنک اور شئونک تک سلسلہ وار مہابھارت میں دی ہُوئی ہے شُنک کا پُتر ہے جو مہابھارت سے بہت پہلے ہُوا (کیونکہ یہ شئونک چندر بنس کے بانی پُرورواسے ۲۳ پیڑھی پیچھے آتا ہے اور مہابھارت کے سمے میں جو سُورج بنسی راجا برہدبل تھا وہ پُرورواکے سمکالین اکشواکو سے جو سُورج بنس کا بانی تھا ۹۵ پیڑھی پیچھے ہُوا) اور نیمئش آرنیہ میں بھاگوت اور مہابھارت کا سننے والا شئونک شُنک کا گوتر ج ہے جو مہابھارت سے چار پیڑھی پیچھے ہُوا (اور اس ارتھ میں شُنک کا نام پانِنی کی اشٹ آدھیائی کے سُوتر ۴-۱-۱۰۴ کے گن پاٹھ میں سپشٹ آیا ہُوا ہے) - اور رگوید کی آرش انوکرمنی کا رچنے والا شئونک یہی شئونک ہے[۱۸] +

[۱۸] مہابھارت (آدی پرو - ادھیائے ۸ - شلوک ۲۴-۲۵) میں شُنک کے سم کالین چند رشیوں کے نام بھی اِسی پرسنگ میں آئے ہیں اور وہ یہ ہیں:-
سوشنی (آتریے) - مہا جانو - کُتُپ - شنکھ - تیکیل - اُودالک - کٹھ - شوینت - بھردواج - کٹون کُتسیہ - آرشٹی شین اور گوتم +

اتھروو وید کی پرچلت شاکھا بھی ایک شئونک کے نام سے منسوب ہے۔ اور وہ شئونک بھی یہ ہی شئونک ہے اور اس سلسلہ میں شئونک ویاس جی کے ششیہ سومنتو کے ششیوں کا ششیہ ہے اس طرح سے کہ سومنتو۔ کبندھ۔ پتھیہ شئونک (دیکھو آگے اس گرنتھ کے بھاگ (۶) میں ادھیائے (۱) کا آو اور ادھیائے (۶) کا انت) +

مُنڈک اُپنشد جو اتھروو وید کا ہی اُپنشد ہے اُس میں آیا ہے کہ جو برہم ودیا برھما سے انگرس تک پرم پرا سے آئی وہ انگرس سے آگے مہاشال شئونک کو پراپت ہوئی + معلوم نہیں یہاں شئونک سے کونسا شئونک مُراد ہے مگر مہا شال کا ارتھ کُل پتی ہے اور کُل پتی شئونک یہ ہی شئونک تھا جس کے نیمش آرنیہ کے یگیہ میں مہابھارت سُنائی گئی تھی (دیکھو مہابھارت کا سب سے پہلا شلوک)[۱] +

شئونک نے رگوید کی اور انوکرمنیاں بھی لکھی ہیں مگر اس جگہ ہم کو صرف اُس کی آرش انوکرمنی سے لینا ہے۔ اس انوکرمنی میں اُس نے رگوید کے (منتر درشٹا اور منتر کرتا) رشیوں کی سُوچی دی ہوئی ہے اور اس سُوچی سے ہم ایک سُوچی ان ہی رشیوں کی (منڈل وار اور سُوکت وار) ایک نقشہ کی شکل میں تیار کر کے پیش کرتے ہیں اور

[۱] ٹیکا کار نیل کنٹھ نے کُل پتی کے دسشے میں لکھا ہے کہ کُل پتی اُس کو کہتے تھے جو اکیلا دس ہزار (ودیارتھیوں) کو انّ دان آوک سے پالے۔ اور شئونک کا ارتھ اُس نے اِس جگہ وِدیکی کر کے اس جھگڑے سے چھٹی پائی کہ شئونک کون ہے کون نہیں +

اِن رشیوں کے سمبندھ میں جو برتانت ہم کو معلوم ہوئے ہیں اُنکا سار بھی ہم پرکاشیش ارتھات کیفیت کے روپ میں درج کئے دیتے ہیں + اور چونکہ اُردو میں ان رشیوں کے نام ٹھیک ٹھیک لکھے جانے کٹھن ہیں اس لئے دیوناگری میں بھی ایک سُوچی ان کے ناموں کی الگ نیار کر کے اس ادھیائے کے آخیر میں لگائے دیتے ہیں + اور یہ سب اودیم ہم اس لئے کرتے ہیں کہ اس سُوچی سے جہاں ہمکو وید کے سارے رشیوں کے نام اور برتانت وِدت ہو جاوینگے اور ایک پرکار سے وید کا ایک سرسری درشن بھی پراپت ہو جاوے گا وہاں چند نام ہم کو ان رشیوں میں ایسے بھی ملیں گے جو اتہاس سے سمبندھ رکھتے ہونگے اور جنکے برتانت کی روشنی میں ہم ویدک کال کا نرنے بھی بھانتی کر سکینگے[۱۴۲] +

اور وہ سُوچی یہ ہے :-

---

[۱۴۲] شئونک نے رگوید کے رشی[۱] - چھند[۲] - انوواک[۳] - پاد[۴] - سوکت[۵] - اور دیوتا[۶] کے الگ الگ وشے میں آرش انوکرمنی - چھند انوکرمنی آوک چھ انوکرمنیاں الگ الگ لکھی ہیں اور کاتیائن نے ان سب کو ملا کر ایک انوکرمنی میں درج کر دیا ہے اور اُس کا نام سروانوکرمنی رکھا ہے + شئونک کی انوکرمنیاں شلوک بدھ ہیں کاتیائن کی سروانوکرمنی سوتر بدھ ہے + ویدک دیوتاؤں کے وشے میں برہددیوتا بھی ایک بڑا گرنتھ ہے جو شئونک کی انوکرمنیوں سے پیچھے اور کاتیائن کی سروانوکرمنی سے پہلے کا ہے اور دیوتاؤں کے وشے میں اب یہ ہی گرنتھ پرچلت ہے + اس میں یاسک کا مت پایا جاتا ہے اور بھاگوری اور آشولائن آدک کا ذکر بھی اس میں آتا ہے + یاسک پرسدھ نِرُکت کار ہیں اور کاتیائن اور آشولائن شئونک کی ششیہ پرم پرا میں شمار کئے جاتے ہیں + ان سب کا ذکر اس گرنتھ کے پچھلے بھاگ میں آئے گا + یجروید - سام وید - اور اتھروید کی بھی انوکرمنیاں ہیں اور اتھروید کی انوکرمنی کا نام برہت سروانوکرمنی ہے +

رگوید کے رشیوں کی سُوچی

(اس تفصیل سے کہ کس سُوکت کا کون رشی ہے)

پہلا منڈل

سنکھیا نک (نمبر شمار)	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکتوں کی سنکھیا	پریشیش (کیفیت)
۱	مدھوچھندا (وشوامتر کا پُتر)	انا ۱۰	اس کا ذکر پیچھے وشوامتر کے ذکر میں آچکا ہے +
۲	جیتا (مدھوچھندا کا پُتر)	۱۱	منڈل ۱۰ کے سُوکت ۱۹۰ کا رشی اگھمرشن بھی مدھوچھندا کا پُتر ہے +
۳	میدھاتتھی (کانو)	۱۲ انا ۱۳	دیکھو سنکھیا نک ۷ +
۴	شُنہشیپ	۱۳-۲۴	اجیگرت کا پُتر جو اس کلپ میں رچیک کا پُتر ہو کر وشوامتر کا کرترم پُتر (متبنّا) دیورات ہوا (دیکھو سنکھیا نک ۲۸) + اس کا پورا برتانت پیچھے وشوامتر کے برتانت میں آچکا ہے + پانی (۴-۱-۹۶) میں اجیگرت کا نام آیا ہے +
۵	ہرِنیہ ستوپ (آنگرس)	۲۵-۳۱	سُوکت ۳۱ میں یاتی کا نام آتا ہے اس سے ظاہر ہے کہ ہرِنیہ ستوپ یاتی سے پیچھے ہُوا ہے۔ یاتی کے لئے دیکھو

سنکھیانک (نمبر شمار)	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			آگے ادھیائے (۴) بنساولی نمبر ۴ + آنگرس کا ارتھ آنگرس گوتری ہے اور انگرس کیلئے دیکھو آگے سنکھیانک ۲۷۷ +
۶	گھئور [گھور (آنگرس) کا پُتر]	۳۶	چھاندوگیہ اُپنشد (۳-۱۷-۶) میں آیا ہے کہ گھور (آنگرس) نے دیوکی پُتر کرشن کو سکشا دی مگر یہ کرشن شری کرشن (واسودیو) نہیں ہے بلکہ وہ کرشن ہے جو آٹھویں منڈل کے سوکت ۷۵-۸۷ اور دسویں منڈل کے سوکت ۴۲-۴۴ کا رشی ہے (دیکھو آگے سنکھیانک ۱۴۴-۲۴۴) + شری کرشن جی بھی ماتا دیوکی کے پُتر تھے اس لئے یہاں بھرانتی ہوتی ہے کہ یہ کرشن جنہوں نے گھور سے شکشا لی شری کرشن تھے یا کوئی اور + مگر شری کرشن جی گھور سے بہت پیچھے ہوئے ہیں کیونکہ گھور گوتری رشی کنوجن کے آشرم میں وشوامتر کی پُتری (دُشینت کی استری اور بھرت کی ماتا) شکنتلا پلی تھی شری کرشن جی سے بہت پہلے ہوئے ہیں +
۷	کنو (گھئور = گھور گوتری)	۳۷-۴۳	
۸	پرسکنو (کانو)	۴۴-۵۰	

سنکھیا انک (نمبر شمار)	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			پُرانوں کی بنساولیوں کے انوسار چندر بنس میں بیاتی کے پُتر پُرو کے کُل میں پُرو سے بارہ پیڑھی پیچھے جو انتی بھار (یا انتی نار) راجا ہؤا اُس کے ایک پُتر اپرتی رتھ سے کنو ہؤا اور دوسرے پُتر سومتی سے دُشنیت ہؤا جس کا پُتر شکنتلا کے پیٹ سے بھرت ہؤا (دیکھو ادھیائے ۴ ۔ بنساولی نمبر ۹) کنو کا پُتر میدھاتتھی ہؤا جس سے کانوائن براہمن ہوئے ✣ میدھاتتھی سے پرسکنو آدی اور بہت سے دوی جاتی ہوئے (دیکھو شریمد بھاگوت ۔ سکندھ ۹ ۔ ادھیائے ۲۰ ✣ اور وشنو پُران ۔ انش ۴ ۔ ادھیائے ۱۹ واکیہ ۴ تا ۱) پرسکنو کا نام وید منتروں میں بھی کئی جگہ آیا ہے اور رگوید (۱ ۔ ۴۵ ۔ ۳) میں آئے ہوئے پرسکنو کو یاسک نے نِرکت (۳ ۔ ۱۷) میں کنو کا پُتر لکھا ہے ✣ آٹھواں منڈل تقریباً سارا کانوائن کنو گوتری رشیوں کا ہے ✣
۹	سوَیہ (آنگرس)	۵۱ ۔ ۵۸	رگوید کی انڈیا میں لکھا ہے کہ کوئی کیتس اَیس تُشتر بھ

سنکھیانک (نمبر شمار)	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			دووداس تتر سدشیو۔ رجشوا۔ اور سُوبیہ آوگ وید ک آریاؤنکے راجا تھے اِندر کے خاص پیارے تھے +
۱۰	نودھا (گوتم)	۵۸-۶۴	دیکھو سنکھیانک ۱۴۵ +
۱۱	پراشر (شکتی پُتر)	۶۵-۷۳	ان کا حال پیچھے سپت رشیوں میں وسشٹھ کے حال میں مفصل آچکا ہے +
۱۲	گوتم (رہوگن کا پُتر)	۷۴-۹۳	انکا حال پیچھے سپت رشیوں میں گوتم کے حال میں آچکا ہے +
۱۳	گتس (آنگرس)	۹۴-۱۱۵	ان سوکتوں کے بیچ میں سوکت ۹۹ کا رشی کشیپ (مارنیچ) ہے اور سوکت ۱۰۱ کے رشی راجا ورکھاگر کے پانچ پُتر امبریکھ آدی ہیں اور سوکت ۱۰۵ کا رشی بعض آپتیہ کے پُتر ترت کو بتلاتے ہیں + ترت کے لئے دیکھو سنکھیا نک ۱۱۷ + اور ورکھاگر کے لئے دیکھو سنکھیانک ۲۰۷ + گتس کا نام پانچی (۲-۴-۶۵) میں آیا ہے + اور رگوید میں گتس کا ذکر انیک منتروں میں آتا ہے + سوکت ۱۱۲ کے منتر میں من دھاتا کا نام آیا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ گتس من دھاتا (ماندھاتا) سے پیچھے ہوا

سنکھیانک (نمبر شمار)	رشیوں کے نام اور گوتر	سوگت سنکھیا	پرلیشیش
			ہے + ماندھاتا اکشواکو سے ۱۸ پیڑھی پیچھے ہؤا ہے اور پُروکُتس ماندھاتا کا بیٹا تھا (دیکھو ادھیائے ۴ - بنساولی ۱) نیز دیکھو سنکھیانک ۱۳۱ اور ۹+
۱۴	ککشی وان (دیرگھ تمس کا پُتر)	۱۱۶-۱۲۶	دیرگھ تمس اُتتھیہ کا پُتر تھا دیکھو ۱۶ اور اُتتھیہ برہسپتی کا پُتر تھا + مہابھارت (آدی پروَ - ادھیائے ۱۰۴) میں دیرگھ تمس کا اتہاس آیا ہے اور اس اتہاس کی رو سے اُتتھیہ برہسپتی کا بڑا بھائی تھا اور ککشی وان دیرگھ تمس کے ویریہ سے اُس شُودرا دھایا کی یونی میں اُتپن ہؤا تھا جس کو راجا بلی کی استری نے اپنی جگہ دیرگھ تمس کے پاس بھیجدیا تھا + پھر راجا بلی کے دوبارہ سمجھانے پر اس کی استری آپ دیرگھ تمس کے پاس گئی اور اس یوگ سے اُسکے انگ ۔ بنگ ۔ کلنگ پُنڈر اور سُمھ یہ پانچ پُتر اُتپن ہوئے اور انہوں نے اپنے اپنے نام پر پانچ

سنکھیانک (نمبر شمار)	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			دیس الگ الگ بسائے + راج بنساولیوں کی رو سے یہ راجا ایلی بیاتی کے بیٹے اور پُرو کے بھائی انو کے بنس میں ہے (دیکھو آگے ادھیائے ۱۲ بنساولی ۲۵) + رگوید کے کئی سُوکتوں میں ممتا کے پُتر دیرگھ تمس کا ذکر آیا ہے اور ممتا اُتتھیہ کی استری تھی + رگوید ۱-۱۸۰-۱ میں گلشتی وان کو اُوشج اردھات اُشج گوتری لکھا ہے اور نرُکت ۶-۱۰ میں بھی ایسا ہی مانا ہے + اُشج کے لئے دیکھو پیچھے متشیہ پُران کی رشی گوتر سُوچی صفحہ ۱۰۲ پر +
۱۵	پرُچھیپ (دِوودواس کا پُتر)	۱۲۷-۱۳۹	پُرانوں کی راج بنساولیوں میں ایک دِوودواس کاشی کا راجا ہُوا ہے (دیکھو آگے ادھیائے ۱۲ بنساولی ۳۷) + مگر اُس بنساولی میں دِوودواس کا کوئی پُتر پرچھیپ نہیں لکھا ہے اور اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ پرُچھیپ راج کاج چھوڑ کر برہم رشی ہو گیا ہو +

سنکھیانک (نمبر شمار)	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			یا یہ کہ پُرُچھیپ دوودَاس کے پُتر پرتردن کا کوئی دوسرا نام ہو کیونکہ پرتردن بھی ویدک رشی ہوا ہے + (دیکھو ۲۰۵ اور ۲۲۲) + یا یہ پُرُچھیپ اور دوودَاس کوئی اور ہی ہوں +
۱۶	دیرگھتمس (اُچتھیہ یا اُتتھیہ کا پُتر)	۱۴۰-۱۶۴	دیکھو پیچھے سنکھیانک ۱۴ اور آگے سنکھیانک ۱۷۷
۱۷	اگستیہ (مترا ورُن کا پُتر)	۱۶۵-۱۹۱	اگستیہ بھی اُسی طرح مترا ورُن کا پُتر تھا جس طرح کہ وسِشٹھ اور اس کے لئے دیکھو پیچھے وسِشٹھ کا حال سپت رشیوں کے پرسنگ میں + سُوکت ۱۷۹ کے لئے اگستیہ کے ساتھ اُس کی استری لوپ مُدرا کو بھی سُوکت کا رشی لکھا ہے + اور اگستیہ اور لوپ مُدرا دونوں کے نام بھی اُس سُوکت کے اندر آئے ہیں + اگستیہ کے نام کے ساتھ انیک کتھائیں جُڑی ہوئی ہیں اور ان میں سے کئی کتھائیں مہابھارت کے بن پروَ میں آئی ہیں جن کے لئے دیکھو

سنکھیانک (نمبر شمار)	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			اس گرنتھ کا تیسرا بھاگ مہابھارت کے دشتے میں اور پیچھے اسی بھاگ کے ادھیائے ۲ کا انو واک ۶ + نیز دیکھو سنکھیانک ۱۶۲-۱۶۳ + پانِنی (۴-۱-۱۰۵) میں اگستیہ کا نام آیا ہے + جزیرہ جاوا میں ہندو بھیتا کو ایک رشی اگستیہ نے دکھن سے لے جا کر پھیلایا ہے اور وہاں ان کی بڑی مانتا ہے - مگر معلوم نہیں وہ رشی اگستیہ یہ ہی ہیں یا کوئی اور +

دوسرا منڈل

۱۸	گرتسمد (آنگرس شئون ہوتر بھارگو)	۱ تا ۳	گرتسمد کا ذکر پیچھے شُونک کے پرسنگ میں مفصل آچکا ہے اور یہ دوسرا منڈل سارا گرتسمد سے ہی منسوب ہے +
۱۹	سوم آہوتی (بھارگو)	۴-۷	یہ بھی کوئی گرتسمد گوتری ہی ہوگا + اور اس لئے گرتسمد کی طرح بھارگو ہوا +

سنکھیانک (نمبر شمار)	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پرشیش
۲۰	گرتسمد	۸-۲۶	
۲۱	گرتسمد یا اُس کا پُتر کوُرم	۲۷-۲۹	
۲۲	گرتسمد	۳۰-۴۳	

تیسرا منڈل

یہ سارا منڈل وِشوامِتر سے منسوب ہے کیونکہ اس کے سارے سوکت وِشوامِتر یا اُس کے گوتریوں سے منسوب ہیں۔

۲۳	وِشوامِتر	۱ تا ۱۲	وِشوامِتر کا ذکر پیچھے سپت رشیوں کے پرکرن میں مفصل آچکا ہے +
۲۴	رکھب (وِشوامِتر کا پُتر)	۱۳-۱۴	
۲۵	اُتکیل (کاشیہ ارنھات کت پُتر)	۱۵-۱۷	دیکھو سنکھیانک ۲۶ +
۲۶	کت (وِشوامِتر کا پُتر)	۱۸	
۲۷	گاتھی یا گادھی (کُشک کا پُتر)	۱۹-۲۲	گادھی کا ذکر بھی وِشوامِتر کے پرسنگ میں آچکا ہے +
۲۸	دیوشروا اور دیورات	۲۳	دیورات توشنہہ شیپ کا دوسرا نام ہے جو وِشوامِتر کا کرتم پُتر تھا اور جس کا ذکر پیچھے وِشوامِتر کے حال میں اور جس کا نام پیچھے
	[اسی سوکت ۲۳ میں دیوشروا اور دیوودات نامی دو رشیوں کا ذکر آیا ہے کہ اُنہوں نے اگنی کو درشدوتی اور سرسوتی کے دیس		

سنکھیانک (نمبر شمار)	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پرشیش
	میں متن کر لکالا تھا + اور شاید یہ ہی دو رشی اس سوکت کے رشی ہوں + مگر یہ رشی بھارت ارتھات بھرت گوتری ہیں اور یہ سارا منڈل وشوامتر اور اُسکے گوتریوں سے منسوب ہے +]		اِسی فہرست کے سنکھیانک ۴ میں آچکا ہے اور دیوشروا متسیہ پُران کی اُس نامادلی کے انوسار جو پیچھے دی گئی ہے وِشوامتر گوتری ہے +
۲۹	وِشوامتر	۲۲-۶۲	سوکت ۳۶ کی دسویں رچا کا رشی گھور (آنگرس) ہے۔ ۳۸ کا رشی پرجاپتی ہے۔ ۵۴ تا ۵۶ کا رشی پرجاپتی یا وِشوامتر کا پُتر واچیہ ہے + گھور کیلئے دیکھو سنکھیانک ۶ + سوکت ۶۲ کا منتر ۱۰ ہندوؤں کی سندھیا کا گایتری منتر ہے +

چوتھا منڈل

[یہ سارا منڈل وام دیو سے منسوب ہے۔ کیونکہ اس کے سارے سوکت سوائے تین کے وام دیو کے ہیں]

۳۰	وام دیو	۱-۴۱	متسیہ پُران کی فہرست میں جو پیچھے درج کی گئی ہے وام دیو کا نام انگرس

سنکھیانک (نمبر شمار)	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پرشیش
			گوتری رشیوں میں آیا ہے + برہد آرنیک اُپنشد (۱-۴-۱۰) کا یہ بچن کہ "میں ہی منو ہوا میں ہی سورج" وام دیو کے سُوکت ۲۶ کا پہلا منتر ہے + اور رائیتر ے اُپنشد ادھیائے ۱- کھنڈ ۴ واکیہ ۵ کا (اور یہ ادھیائے ایتریے آرنیک میں دوسرے آرنیک کا چوتھا ادھیائے ہے) یہ بچن کہ "گربھ میں ہی رہتے ہوئے میں نے دیوتاؤں کے سارے جنموں کو جان لیا ۔ سَو لوہی پنجروں نے مجھ کو جکڑ کر رکھا پر میں باز کی طرح اپنے بل سے اُن کے اندر سے نکل آیا" وام دیو کے سوکت ۲۷ کا پہلا منتر ہے + پانِنی (۴-۲-۹) میں وام دیو کا نام آیا ہے + راماین میں وام دیو کو وسشٹھ کے ساتھ راجا دشرتھ کا رتوِج لکھا ہے۔

سنکھیانک (نمبر شمار)	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			(دیکھو بال کانڈ سرگ ۷، شلوک ۲۵ + اور انتم کانڈ کے انتم سرگ کا شلوک ۶۰) پر یہ وام دیو اور ہے جو اس ویدک رشی وام دیو سے بہت پیچھے راماین کے زمانہ میں ہوا ہے + اسی طرح مہابھارت (بن پروَ۔ ادھیائے ۱۹۲) میں ایک وام دیو کا ذکر اجودھیا کے ایک اکشواکو بنسی راجا پرکشیت کے سمبندھ میں آیا ہے جس کے تین پُتر شَل دل اور بل تھے +
۳۱	ترَسدسیو (پروُکتس کا پُتر)	۴۲	نیز دیکھو آگے سنکھیانک ۲۴۹ + راج بنساولیوں کی رو سے اکشوا کو بنسی وِکُکشی کے کُل میں ماندھاتا کا ایک پُتر پُروُکتس تھا اور اُس کا پُتر ترسدسیو تھا + دیکھو سنکھیانک (۹) اور ادھیائے ۴ کی بنساولی ۱۷ +
۳۲	پُرومیدھ اور اجمیدھ (سوہوتر کے پُتر)	۴۴-۴۳	سوہوتر کے لئے دیکھو آگے سنکھیانک ۸۲ +
۳۳	وام دیو	۵۸-۴۵	وام دیو کا ذکر اوپر نمبر ۳۰ پر آچکا ہے +

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش

پانچواں منڈل

اس سارے منڈل کے رشی اتری ہیں۔ کیونکہ اس منڈل کے جتنے سوکت ہیں وہ اتری کے ہیں یا آتریے یعنی اتری گوتری رشیوں کے ہیں اور اتری کا ذکر پیچھے سپت رشیوں کے ذکر میں مفصل آچکا ہے ✣

۳۴	بُدھ اور گوشُٹھر (آتریے)	۱	پانِنی (۴-۱-۱۰۴) میں گوشُٹھر کا نام آیا ہے ✣
۳۵	کُمار (اتری کاپُتر) یا ورِش (جرکاپُتر)	۲	یہ کُمار سپت وَدھری ہے (دیکھو سنکھیانک ۶۷) ✣ پانِنی کے سُوتر ۴-۱-۹۹ کے گن پاٹھ میں بھی ایک کُمار کا نام آیا ہے ✣
۳۶	وسوشرُت (آتریے)	۳-۶	
۳۷	اِکھ (آتریے)	۷-۸	
۳۸	گے (آتریے)	۹-۱۰	دیکھو سنکھیانک ۲۵۲
۳۹	شمبھر (آتریے)	۱۱-۱۴	
۴۰	دھرُن (آنگرس)	۱۵	
۴۱	پرُو (آتریے)	۱۶-۱۷	راج بنساولیوں میں ایک پرُو بیاتی کا بیٹا ہے ✣ بیاتی کے لئے دیکھو سنکھیانک ۲۱۰ ✣

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پرلیشیش
۴۲	دِوُت مرکت واہا (آترے)	۱۸	دیکھو سنکھیانک ۱۱۷+
۴۳	وَوری (آترے)	۱۹	
۴۴	پرَیشوَنت (آترے)	۲۰	
۴۵	سَس (آترے)	۲۱	
۴۶	وِشوَسام (آترے)	۲۲	
۴۷	دیمُن (وِشوَچرشنی)	۲۳	
۴۸	بندھو۔ سوبندھو۔ شُرت بندھو۔ وِپرَبندھو (گئو پایِنا یا لئو پایِنا)	۲۴	دیکھو سنکھیانک ۲۵۰ (یہ بندھو آدک اگستیہ رشی کی بہن کے بیٹے تھے)+
۴۹	وسُویو (آترے)	۲۵-۲۶	
۵۰	تری آرُن۔ تری وِرِشن۔ ترَسدسیو (پرَدکتس کا پُتر) یا اشومیدھ (بھرت کا پُتر) یا انتری	۲۷	ترسدسیو کے لئے دیکھو سنکھیانک ۳۱+ اسی ترسدسیو کے بنس میں سات پیڑھی آگے تری شنکو کا پتا تری آرُونی ہُوا ہے اور وہ شاید یہ تری اُرُن ہی ہو + ایک تری آرُونی بھرت کے پُتر بھردواج کے بنس میں بھی ہُوا ہے +
۵۱	وِشوَارا (آتریئی)	۲۸	یہ استری تھی +
۵۲	گئوری وِیتی (شاکتیہ ارتھات شکتی کا پُتر)	۲۹	دیکھو سنکھیانک ۱۱+ متسیہ پُران میں ایک گئوری وِیتی کو انگرا گوتری

سنکھیا نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			لکھا ہے +
۵۳	بھرُو (آتریے)	۳۰	شریمد بھاگوت (اسکندھ ۱۱ - ادھیائے ۷) کے انوسار اتھروید کی ایک شاکھا بھرُو کے نام سے ہے مگر وہ بھرُو شئونک (آنگرس) کا شِشیہ ہے + ایک بھرُو پیچھے وِشوامتر کے حال میں وِشوامتر کے پُتروں یا شیشوں کی شریني میں بیان کیا گیا ہے + ایک بھرُو ویدو کے پُتر کروشٹا کے بنس میں روم پاد کا پُتر ہوا ہے جس سے چوتھی پیڑھی میں چیدی ہوا ہے + چیدیوں کا ذکر وید میں کئی جگہ آیا ہے اور بھرُو کا نام بھی وید میں کئی جگہ آیا ہے اور خود اس سُوکت ۳۰ کے منتر ۱۴ میں آیا ہے + پانِنی (۴-۱-۱۰۵) میں بھی بھرُو کا نام آیا ہے +
۵۴	اُوسیجو (آتریے)	۳۱	دیکھو سنکھیا نک ۴۷-
۵۵	گاتو (آتریے)	۳۲	

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
۵۶	سَمُورَن (پرجاپتی کا پُتر)	۳۳-۳۴	پُرانوں کی رو سے سُورج کی پُتری تپتی جو چھایا استری سے تھی اور ساوَرنی (منو) کی بہن تھی وہ اس سَمُورَن کو بیاہی گئی تھی (شریمد بھاگوت ۸-۱۳-۱۰) + راج بنسا ولیوں میں سَمُورَن پرو کے بنس میں اجمیڑ کا پوتا اور کورو کا پتا ہے اور مہابھارت (آدی پرو - ادھیائے ۱۷۱-۱۷۳) میں اس سَمُورَن کے ساتھ سُورج کی پُتری تپتی کے بیاہ کی کتھا جوڑی ہوئی ہے + سَمُورَن کی بنساولی کے لئے دیکھو ادھیائے ۹ کی بنساولی ۱/۹ اور دوسری کتھاؤں کے لئے دیکھو آگے سنکھیانک ۲۱۲ اور ۲۲۷ +
۵۷	پربھُوسو (آنگرس)	۳۵-۳۶	دیکھو آگے سنکھیانک ۱۷۱ +
۵۸	اتری	۳۷-۴۳	ان کا ذکر پیچھے سپت رشیوں میں آچکا ہے +
۵۹	اَوتسار (کاشیپ)	۴۴	دیکھو سنکھیانک ۱۷۸ +
۶۰	سداپرن (آنڑے)	۴۵	

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
۶۱	پرتی کشتر (آترے)	۴۶	
۶۲	پرتی رَتھ (آترے)	۴۷	
۶۳	پرتی بھانو (آترے)	۴۸	
۶۴	پرتی پربھا (آترے)	۴۹	
۶۵	سُوشتی (آترے)	۵۰-۵۱	
۶۶	شیا واشو (آترے)	۵۲-۶۱	دیکھو سنکھیانک ۷۸ + ۲۰۹
۶۷	شُرُتی وِد (آترے)	۶۲	
۶۸	اَرچَنانا (آترے)	۶۳-۶۴	
۶۹	رات ہوَیہ (آترے)	۶۵-۶۶	
۷۰	یجَت (آترے)	۶۷-۶۸	
۷۱	اُردھ چکری (آترے)	۶۹-۷۰	
۷۲	باہو ورِکت (آترے)	۷۱-۷۲	
۷۳	پیُور (آترے)	۷۳-۷۴	
۷۴	اَوسیُو	۷۵	دیکھو سنکھیانک ۵۴ +
۷۵	اتری	۷۶-۷۷	دیکھو سنکھیانک ۵۸ و ۷۹ +
۷۶	سپت وَدھری (آترے)	۷۸	دیکھو نیچے نوٹ ۴۳ +

۴۳ اسی سوکت ۷۸ میں جس کا رشی سپت وَدھری ہے اتری اور سپت وَدھری دونوں کے نام آئے ہیں اور ربط عبارت سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا اتری ہی سپت وَدھری ہے +
(دیکھو اگلا صفحہ)

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پرکاشش
۷۷	سثیہ شروا (آترے)	۷۹-۸۰	اکشواکو کے بھائی نرشیشت کے بنس میں ویتی ہوتر کا پُتر سثیہ شروا ہوا ہے اور یہ سثیہ شروا شاید وہی ہو +
۷۸	شیا واشو (آترے)	۸۱-۸۲	دیکھو سنکھیانک ۶۶ +
۷۹	اَتری (بھوُم)	۸۳-۸۶	دیکھو سنکھیانک ۵۸ و ۷۵ + مقابلہ کے لئے دیکھو سنکھیانک ۳۲۳ + چودھویں منو نشر کے منو کا نام بھی بھوُم ہے +
۸۰	ایویامرُت (آترے)	۸۷ +	

چھٹا منڈل

اس سارے منڈل کا رشی برہسپتی کا پُتر بھردواج ہے (جس) کا مفصل ذکر پیچھے پہلے رشیوں میں آچکا ہے) ۔کیونکہ اس منڈل کے ۷۵ سوکتوں میں سے سوائے نمن لکھت سوتروں کے جو وہ بھی بھردواج گوتریوں کے ہیں باقی سب بھردواج کے ہیں +

۸۱	ویت ہویہ (آنگرس)	۱۵	ویت ہویہ کا ذکر پیچھے گرتسمد اور

نوٹ ۱۷ سپت وَدھری کا شبد ارتھ ہے ہفت زخہ یعنی سات (ماہ) کا زخہ یا بچڑا یا نر بل ۔اور تلک کے قطبی خیال کے بموجب اس سے مُراد ہے وہ سورج جو قطب شمالی میں چھ مہینہ کا دن کر چکنے کے بعد قطب جنوبی میں چھ مہینہ کی رات اور ایک مہینہ کی شام یعنی کل سات مہینہ کے لئے پڑا ہوا قطب شمالی کے لئے سپت وَدھری بنا ہوا ہے + اسی سوکت کے آخری دو منتر میں آشیرواد ہے کہ تو دس مہینہ کے گربھ سے نکل کر جیتی جاگتی مان کے لئے جیتا جاگتا کمار پیدا ہو ۔اور یہ منتر تلک کے قطبی خیال کے لئے وشیش گئو رکھتے ہیں +

سنکھیانک (نمبر شمار)	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			شتُونک کے پرسنگ میں مفصل آچکا ہے ✣
۸۲	سوہوتر (بھردواج کا پُتر)	۳۱-۳۲	راج بنسا ولیونکی رو سے سوہوتر بھردواج کا پڑوتا ہے اس طرح سے کہ بھردواج - تینو برہت کشتر - سوہوتر ✣ ہستناپور کا بانی ہستی اس سوہوتر کا پُتر تھا (دیکھو سنکھیانک ۳۲) ✣ اور اگر بھردواج کے پُتر سے مُراد بھردواج کا گوتری ہے تو یہ سوہوتر کشتر وِردھ کا بیٹا ہے ✣ مفصل حال اسکا پیچھے گرتسمد اور شتُونک کے حال میں آچکا ہے ✣
۸۳	شُن ہوتر	۳۳-۳۴	شُن ہوتر کا ذکر بھی نیچے سوہوتر کے ساتھ آچکا ہے ✣
۸۴	نر	۳۵-۳۶	نر اور نارائن دو پرسدھ رشی ہیں ✣ شری کرشن جی اور ارجن کو ان دو رشیوں کا اوتار بھی کہا گیا ہے مہابھارت کا ہر ایک پربھ نر اور نارائن کی استتی سے شروع ہوتا ہے - مگر معلوم نہیں کہ یہ نر جو یہاں ان سوکتوں کا رشی ہے اور نارائن جو دسویں منڈل کے سُوکت ۹۰ کا رشی ہے اور جس کا نام

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			آگے سنکھیانک ۲۷۰ پر آیا ہے وہ کون سے نر اور نارائن ہیں + بھاگوت (اسکندھ ۴ - ادھیائے ۱ - شلوک ۵۲-۵۹) کے انوسار نر اور نارائن دھرم کی استری مُورتی سے پیدا ہوئے +
۸۵	شن یو (بارہسپتیہ)	۴۶-۴۴	دیکھو سنکھیانک ۸۷ +
۸۶	گرگ (بھاردواج)	۴۷	چندربنسی یاتی کے پُتر پُرو کے بنس میں جو بھرت کا پُتر بھردواج ہوا ہے اُس کے پُتر منیو کا ایک پُتر گرگ ہُوا ہے جس سے گرگ گوتر کے گارگیہ براہمن ہُوئے (وشنو پُران - انش ۴ ادھیائے ۱۹ - واکیہ ۲۳) + نیز دیکھو سنکھیانک ۸۲ + پانِنی (۴-۱-۱۰۵) میں گرگ کا نام آیا ہے +
۸۷	شن یو (بارہسپتیہ)	۴۸	شن یو کا نام دیدمیں ۱۰-۱۴۳-۶ کے اندر آیا ہے + مہابھارت (بن پرو - ادھیائے ۲۱۹ - شلوک ۲) کے انوسار شن یو برہسپتی کا پُتر ہے - تارا استری سے - اور اگنیوں میں ایک اگنی ہے +

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			بھردواج اور بھرت نام کی اگنیاں شش یو کے پُتر ہیں + اس بھرت کے ایک پُتر بھرت اور ایک پُتری بھرتی ہوئی +
۸۸	رِجشوا (بھاردواج)	۷۹-۵۲	رِجشوا کا نام وید میں کئی جگہ آیا ہے اور وہ اِندر کا سہایک کوئی راجرشی ہے - دیکھو سنکھیانک ۹ +
۸۹	پایو (بھاردواج)		پایو کا نام بھی وید میں کئی جگہ آیا ہے + دیکھو سنکھیانک ۲۶۷ +

ساتواں منڈل

اس سارے منڈل کے رشی وسِشٹھ ہیں (جن کا مفصل ذکر پیچھے سپت رشیوں میں آچکا ہے) کیونکہ اس منڈل کے ۱۰۴ سوکتوں میں سے سوائے اِن دو تین کے جو وہ بھی وسِشٹھ کے ہی ہونگے باقی سب وسِشٹھ کے ہیں

۹۰	وسِشٹھ اور وسِشٹھ پُتر	۳۳	وسِشٹھ پُتروں کا حال وسِشٹھ کے پرسنگ میں آچکا ہے +
۹۱	وسِشٹھ یا کمار (آگنے)	۱۰۱-۱۰۲	

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پرشتیش

آٹھواں منڈل

یہ منڈل تقریباً سارا پرگاتھ آدک کانو ارتھات کنو گوتری رشیوں کا ہے۔ اور کنو جیساکہ پیچھے سنکھیانک (۷) کی کیفیت میں دکھایا جاچکا ہے پرو کے بنس میں بھرت کے پتا دُشنیت کے چاچا تھے + پانِنی کی اشٹ آدھیائی میں بھردواج کا نام ۴-۱-۱۰۴ میں اور کنو کا نام ۴-۱-۱۰۵ میں آیا ہے +

۹۲	پرگاتھ (گھئور یا کانو) + میدھاتتھی یا میدھیاتتھی (کانو) آسنگ (پرایوگی) اور اُسکی پتنی	۱	گھور اور کنو اور میدھاتتھی کے لئے دیکھو سنکھیانک ۶ اور ۷ + اور پرایوگ جس کی نسبت سے آسنگ پرایوگی ہے اُس کے لئے دیکھو آگے سنکھیانک ۱۵۵
۹۳	میدھاتتھی (کانو) اور پریمیدھ (آنگرس)	۲	پریمیدھ اجمیڈھ کا پُتر تھا (شریمد بھاگوت - اسکندھ ۹ - ادھیائے ۲۱ - شلوک ۲۱) اور اجمیڈھ کے لئے دیکھو سنکھیانک (۳۲) اور ادھیائے ۴ کی بنساولی نمبر ۹ +
۹۴	میدھاتتھی (کانو)	۳	دیکھو سنکھیانک ۹۲ +
۹۵	دیواتتھی (کانو)	۴	
۹۶	برھاتتھی (کانو)	۵	

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
۹۷	وَتس (کانو)	۶	یہ کاشی کے راجا پرترون کا پُتر تھا۔ بعض کا خیال ہے کہ پرترون کا ہی دوسرا نام وتس تھا۔ پرترون کے لئے دیکھو سنکھیانک ۲۰۵ ۔ ایک وتس اگنی پُتر ہے اور دسویں منڈل کے سُوکت ۱۸۷ کا رشی ہے جس کے لئے دیکھو سنکھیانک ۳۶۷ ۔ پانِنی (۴-۱-۱۰۵) میں گرگ آدی گن میں وتس کا نام آیا ہے ۔
۹۸	پُتر وتس (کانو)	۷	
۹۹	سدھونس (کانو)	۸	
۱۰۰	شش کرن (کانو)	۹	
۱۰۱	پرگاتھ (کانو)	۱۰	دیکھو سنکھیانک ۹۲ ۔
۱۰۲	وتس (کانو)	۱۱	دیکھو سنکھیانک ۹۷۰ ۔
۱۰۳	پُروت (کانو)	۱۲	پانِنی (۴-۱-۱۰۳) میں پروت کا نام آیا ہے ۔
۱۰۴	نارد (کانو)	۱۳	دیکھو آگے سنکھیانک ۲۱۵-۲۱۶ ۔
۱۰۵	گوشوکتی اور اشوسوکتی (کانو)	۱۴-۱۵	
۱۰۶	اِرمبھٹی (کانو)	۱۶-۱۸	
۱۰۷	سوبھری (کانو)	۱۹-۲۲	اکشوا کو بنسی ماندھاتا کی پُتریاں سوبھری

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پرشیش
			رشی کو بیاہی گئی تھیں + ماندھاتا کے لئے دیکھو آگے سنکھیانک ۳۱۴ اور پیچھے سنکھیا نک ۳۱ + نیز دیکھو آگے سنکھیانک ۱۳۲ +
۱۰۸	وِشومنا (وئیشو)	۲۳-۲۶	
۱۰۹	منو (ویوسوت)	۲۷-۳۱	ورتمان منونتر اسی ویوسوت منو سے شروع ہوتا ہے + دیکھو سنکھیا نک ۲۲۷ +
۱۱۰	میدھیاتتھی (کانو)	۳۲-۳۳	دیکھو پیچھے سنکھیا نک ۹۲ +
۱۱۱	نیپاتتھی (کانو)	۳۴	
۱۱۲	شیا واشو (آترے)	۳۵-۳۸	دیکھو پیچھے سنکھیا نک ۸۷ +
۱۱۳	نابھاک (کانو)	۳۹-۴۲	پانینی (۴-۱-۱۱۲) کے شِو آدی گن میں نبھاک رشی کا نام آتا ہے - یہ نابھاک اُن کی سنتان ہوگا + راج بنسا ولیوں میں نبھگ سورج بنس کے بانی اکشوا کو کا ایک بھائی ہے اور نابھاگ نبھگ کا پُتر ہے + رگوید (۸-۸۱-۲) کے اندر بھی نابھاک کا نام آیا ہے +

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پرتشیش
۱۱۴	وِرُوپ (آنگرس)	۴۴-۴۳	وِرُوپ کا نام رگوید میں کئی جگہ مثلاً (۳-۵۳-۷) میں آیا ہے + توضیح کے لئے دیکھو پیچھے وشوامِتر کا حال سپت رشیوں کے پرسنگ میں صفحہ ۸۷ پر +
۱۱۵	تری شوک (کانو)	۴۵	
۱۱۶	وَش (اَشو کا پُتر)	۴۶	پانی (۴-۱-۱۲۳) کے شُبھر آدی گن میں ایک اَشو کا نام آیا ہے + اور سُوتر ۴-۱-۱۱۰ تو اَشو سے ہی شروع ہوتا ہے +
۱۱۷	ترِت (آپتیہ)	۴۷	تیتری براہمن (کانڈ ۳-پرپاٹھک ۲-انوواک ۸) میں ایک کتھا آئی ہے کہ ایکت - دُوِت اور ترِت تین بھائی تھے - پہلے اور دُوسرے نے مِل کر تیسرے ترِت کو ایک کُوپ (کنوئیں) میں پھینکدیا پھر برہسپتی نے اُس کو کُوپ میں سے نکالا + رگوید میں ایکت کا ذکر تو کہیں نہیں آیا ہے - مگر دُوِت اور ترِت کا ذکر اسی سوکت ۴۷ میں

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			آیا ہے اور ترت کو آپتیہ لکھا ہے + آپتیہ کا ارتھ یا تو آپ ارتھات آپ سے نسبت رکھنے والا ہے جو کوپ کی مناسبت سے درست ہے یا آپ نامی کسی رشی سے سمبندھ رکھنے والا ہے + مہابھارت (شانتی پرو۔ ادھیائے ۳۳۵) میں ان کو پرجاپتی کے پتر بیان کیا گیا ہے + لوکمانیہ تلک ان تینوں بھائیوں کو برس کے تین چترماس سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کتھا کا مطلب یہ ہے کہ قطب شمالی میں پہلے دو چترماس آٹھ مہینہ کا دن کرکے ترت ارتھات تیسرے چترماس کو اندھیرے میں ڈال دیتے ہیں + گویا تلک کے نزدیک ترت آدک کوئی حقیقی ہستیاں نہیں ہیں بلکہ محض مجازی نام ہیں + شت پتھ براہمن (کانڈ ۱۔ ادھیائے ۲۔ براہمن ۳) میں لکھا ہے کہ یہ ترت

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پرلیشیش
			آدک اِندر کے ساتھی ہیں (جیسے کہ براہمن راجا کا ساتھی ہے) اور اس لئے یہ اور خاص کر ترِت اُس دوش کے بھاگی ہیں جو اِندر کو توشٹری کے پُتر وِشوروپ کو مار دینے سے برہم ہتیا کا لگتا ہے (دیکھو سنکھیانک ۲۲۶) + سنکھیانک ۲۱۳ - ۲۱۴ - اور ۳۲۷ پر بھی ان کے نام آتے ہیں +
۱۱۸	پَرگاتھ (کانو)	۴۸	دیکھو سنکھیانک ۹۲ +
۱۱۹	پرسکنو (کانو)	۴۹	یہ گیارہ سُوکت ۴۹ تا ۵۹ والکھلیہ کہلاتے ہیں اور بطور ضمیمہ کے سمجھے جاتے ہیں - اس لئے ساین آچارج نے ان سُوکتوں کو اپنے بھاشیہ میں نہیں لیا ہے اور اس لئے اُس کے بھاشیہ کا سُوکت ۴۹ اِن والکھلیہ سہت سُوکتوں کا سُوکت ۶۰ ہے - اور اسی طرح سے آگے سمجھنا چاہیئے +
۱۲۰	پُشٹی گو (کانو)	۵۰	
۱۲۱	سُرُشٹی گو (کانو)	۵۱	
۱۲۲	آیو (کانو)	۵۲	
۱۲۳	میدھیہ (کانو)	۵۳	
۱۲۴	ماترِشوا (کانو)	۵۴	
۱۲۵	کرشن (کانو)	۵۵	
۱۲۶	پرِشدھر (کانو)	۵۶	
۱۲۷	میدھیہ (کانو)	۵۷ - ۵۸	
۱۲۸	سوپرن (کانو)	۵۹	والکھلیہ کا شبد دیا کرن کی رو

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			سے کسی رِشی ولکِل سے نسبت رکھتا ہؤا معلوم ہوتا ہے جیسے یاگنیہ وَلکیہ رشی یگنیہ ولک سے نسبت رکھتا ہے + پُرانوں میں والکھلیہ ساٹھ ہزار رشی ہیں جو پرجاپتی کرتو کی سنتان ہیں اس کلپ کے سب سے پہلے منو ارتھات سوایمبھو منو کی پُتری دیو ہُوتی کی ایک بیٹی سے (بھاگوت ۴ ۱/۲ ۳) + یہ قد میں انگوٹھے کے برابر ہیں اور سُورج کے رتھ کے آگے آگے چلتے ہیں اور شاید ان سے سُورج کی کرنیں مُراد ہیں + کرتو کا حال پرجاپتیوں کی ذیل میں اس ادھیائے کے شروع میں ہی آچکا ہے +
۱۲۹	بھرگو (پراگاتھ ارتھات پرگاتھ کا پُتر)	۶۰-۶۱	پرگاتھ کے لئے دیکھو سنکھیانک ۱۱۸ +

	رشیوں کے نام اور گوتر		پریشیش
			اور ۹۲+ پانِنی (۴-۱-۱۱۱) میں بھرگ کا نام آیا ہے + اور رگوید میں بھی کئی جگہ آیا ہے + بنسا ولیوں میں بھرگ کاشی کے راجا پرتردن کے بنس میں آخری راجا ہے (دیکھو آگے ادھیائے ۴ - بنسا ولی نمبر ۳) +
۱۳۰	پَرگاتھ (کانو)	۶۴-۶۵	دیکھو سنکھیانک ۱۱۸ اور ۹۲ +
۱۳۱	کلی (پراگاتھ)	۶۶	پانِنی (۴-۲-۸) میں کلی کا نام آیا ہے - رگوید (۱-۱۱۲-۱۵) میں بھی ایک کلی کا نام آیا ہے +
۱۳۲	مشیہ (سامد)	۶۷	سنکھیانک ۱۰۷ پر سوبھری رشی کا ذکر آیا ہے جنہوں نے ماندھاتا کی پُتریوں کو بیاہا تھا - اِن کی کتھا میں آتا ہے کہ اُنہوں نے جل کے اندر ایک مشیہ کو جس کا نام سمدھا اپنے بال بچّوں کے ساتھ کھیلتے دیکھا تھا اور اس کے بال بچّوں کو دیکھ کر ہی ان کا جی بیاہ کرنے کو چاہا تھا + یہ مشیہ جو اس سوکت کا رشی ہے

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوُکت سنکھیا	پریشیش
			اُسی سمد کا کوئی لگنا ہوگا ٭
۱۳۳	پریمیدھ	۶۸-۶۹	دیکھو سنکھیانک ۹۳ ٭
۱۳۴	پُروہنما (آنگرس)	۷۰	
۱۳۵	سوویتی اور پُرومیدھ	۷۱	دیکھو سنکھیانک ۳۲ ٭
۱۳۶	شریت (پراگاتھ)	۷۲	
۱۳۷	گوپ وَن (آترے)	۷۳-۷۴	پانِنی (۲-۴-۶۷) میں گوپ وَن کا نام آیا ہے
۱۳۸	وِرُوپ (آنگرس)	۷۵	دیکھو سنکھیانک ۱۱۴ ٭
۱۳۹	کُروُستی (کانو)	۷۶-۷۸	
۱۴۰	کرشنو (بھارگو)	۷۹	بھارگو سے مراد بھرگو گوتری ہے۔ اور بھرگو کے لئے دیکھو سنکھیانک ۱۸۳ ٭
۱۴۱	ایکدیو (نوُدھس)	۸۰	پیچھے سنکھیانک ۱۰ پر اور آگے سنکھیانک ۱۴۵ پر نودھا (نودھس) کا نام آیا ہے یہ نوُدھس اُسی نودھس کا گوتری ہے ٭
۱۴۲	کُسیدی (کانو)	۸۱-۸۳	
۱۴۳	اُشنا (کاذیہ)	۸۴	اُشنا اگرچہ خود کوی ہیں لیکن یہ کوی پُتر (کاذیہ) بھی ہیں (دیکھو آپ کی ڈکشنری) ٭ نیز دیکھو سنکھیانک ۱۷۶ ٭

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوُکت سنکھیا	پرشیش
۱۴۴	کرشن (آنگرس)	۸۵-۸۷	دیکھو سنکھیانک ۶ + پانِنی (۴-۱-۱۰۵) میں کرشن کا نام گرگ آدمی گن میں آیا ہے +
۱۴۵	نودھا (گئوتم)	۸۸	دیکھو سنکھیانک ۱۰ + ۸۵ + ۱۴۱ + ۲۰۲ +
۱۴۶	نِرمیدھ اور پُرومیدھ	۸۹-۹۰	نِرمیدھ کے لئے دیکھو سنکھیانک ۱۵۲ +
۱۴۷	اَپال (آتریے)	۹۱	
۱۴۸	شرُت ککش یا سوککش (آنگرس)	۹۲-۹۳	
۱۴۹	وِندو یا پُوت دکش (آنگرس)	۹۴	پانِنی (۴-۱-۱۰۴) میں بندو کا نام آیا ہے + مگر یہاں وِندو ہے +
۱۵۰	تِرشچی (آنگرس)	۹۵-۹۶	
۱۵۱	ریبھ (کاشیپ)	۹۷	پانِنی (۴-۱-۱۰۵) میں ریبھ کا نام آیا ہے + اور رگوید میں ریبھ کا ذکر کئی جگہ آیا ہے +
۱۵۲	نِرمیدھ	۹۸-۹۹	دیکھو سنکھیانک ۱۴۴ + ۱۴۶ +
۱۵۳	نیم (بھارگو)	۱۰۰	
۱۵۴	جمدگنی (بھارگو)	۱۰۱	جمدگنی پرشورام کے پتا تھے اور ان کا حال پیچھے پت رشیوں کے پرسنگ میں وشوامتر کے ساتھ آچکا ہے + دیکھو سنکھیانک ۱۸۰ اور ۲۹۰ +
۱۵۵	پریوگ (بھارگو)	۱۰۲	دیکھو سنکھیانک ۹۲ +

سنکھیا نک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پرشیش
۱۵۶	سوبھری (کانو)	۱-۳	دیکھو سنکھیا نک ۱۰۷ اور ۱۳۲ +

نواں منڈل

۱۵۷	مدھوچھندا	۱	دیکھو سنکھیا نک ۱ +
۱۵۸	میدھاتتھی	۲	دیکھو سنکھیا نک ۳ +
۱۵۹	شُشنہ شیپ	۳	دیکھو سنکھیا نک ۴ +
۱۶۰	ہرنیہ ستوپ (آنگرس)	۴	دیکھو سنکھیا نک ۱۸۷ +
۱۶۱	اَست (کاشیپ) یا دیول	۵-۲۴	شریمد بھگوت گیتا (ادھیائے ۱۰- شلوک ۱۳) میں بھی اَست اور دیول دونوں نام ساتھ آئے ہیں + مگر مہابھارت (شلیہ پرو- ادھیائے ۵۰) سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ دونوں نام ایک ہی رشی کے دو نام ہیں + اسی ادھیائے سے ظاہر ہے کہ یہ اَست یا دیول ایک بڑا یوگی تھا جو اپنے یوگ بل سے انترکش چر تھا اور تھات آکاش میں اُڑ کر چلتا تھا- مگر ایک بھکشو جیگیشو یہ جو اس سے آکر ملا اس

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پرکاشیش
			سے بھی اَدھک یوگ بل رکھتا تھا اور اُس نے اس کو موکش دھرم سکھایا + شانتی پرو کے ادھیائے ۲۲۹ میں بھی دیول اور جنگیشویہ کا سموا د آتا ہے اور اسی پرو کے ادھیائے ۲۷۵ سے پھر اِست اور دیول کا ایک ہی وِنتی ہونا ظاہر ہے + دریائے سندھ کے کنارے پر ایک تیرتھ دیول نامی ہے اور وہ شاید اسی دیول کے نام پر ہو +
۱۶۲	دِرڈھ آچیُت (اگستیہ پُتر)	۲۵	مُنشیہ پُران کی ناماولی جو پیچھے دی گئی ہے اُس میں درڈھدُمن اور اِدھم باہو دو رشی اگستیہ گوتری دکھائے گئے ہیں اور وہ دو شاید یہ ہی دونوں رشی ہوں + مگر مہابھارت (انُ پرو - ادھیائے ۹۹) میں لکھا ہے کہ اگستیہ رشی کے لوپ مُدرا استری سے ایک پُتر سورڈھسیو ہؤا جو پتا کے لئے اِدھم ادھات
۱۶۳	اِدھم واہ (دِرڈھ آچیُت کا پُتر)	۲۶	

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پرکاشیش
			اِیندھن لایا کرتا تھا اور جو اس لئے اِدھم وَاہ کہلایا + دیکھو سنکھیانک ۱۷ +
۱۶۴	نِرمیدھ (آنگرس)	۲۷	دیکھو سنکھیانک ۳۱۲ اور ۱۵۲ +
۱۶۵	پریمیدھ (آنگرس)	۲۸	دیکھو سنکھیانک ۱۳۳ +
۱۶۶	نِرمیدھ (آنگرس)	۲۹	دیکھو سنکھیانک ۱۶۴ +
۱۶۷	وِندو (آنگرس)	۳۰	دیکھو سنکھیانک ۱۷۹ +
۱۶۸	گوتم (راہوگن ارتھات رہوگن کا پُتر)	۳۱	دیکھو سنکھیانک ۱۷۲ +
۱۶۹	شیاواشو (آتریے)	۳۲	دیکھو سنکھیانک ۷۸ +
۱۷۰	تِرت	۳۳-۳۴	دیکھو سنکھیانک ۱۱۷ +
۱۷۱	پرَبھُوسو (آنگرس)	۳۵-۳۶	دیکھو سنکھیانک ۵۷ +
۱۷۲	رہوگن	۳۷-۳۸	رہوگن کا حال پیچھے سپت رشیوں میں گئوتم کے سمبندھ میں کیا جا چکا ہے + پانِنی (۴-۱-۱۰۵) کے گن پاٹھ میں گرگ آدی کے ساتھ رہوگن کا نام آیا ہے +
۱۷۳	برِہت متی (آنگرس)	۳۹-۴۰	
۱۷۴	سیدھانتھی (کانو)	۴۱-۴۳	دیکھو سنکھیانک ۹۲ +
۱۷۵	ایاسیہ (آنگرس)	۴۴-۴۶	شریمد بھاگوت (سکندھ ۹ - ادھیائے ۷ - شلوک ۲۳)

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پرشیش
			میں لکھا ہے کہ ہریشچندر کے اُس یگیہ میں جس میں شُنہ شیپ پشو بنا تھا وِشوامِتر اور جمدگنی اور وسِشٹھ کے ساتھ چوتھا رتوِج ایاسیہ تھا + برہد آرنیک اُپنشد کے دلش براہمن (۲-۶-۳) میں ایاسیہ کو برھما (سویمبھو) سے سولہ نام پیچھے لکھا ہے +
۱۷۶	کوی (بھارگَو)	۴۷-۴۹	شرید بھاگوت (۴-۱-۷) کے انوسار کوی یگیہ اور دکشنا کے بارہ پُتروں میں سے ایک پتر ہیں جو اس کلپ کے سب سے پہلے منونتر میں ہوئے ہیں اور وہ شاید یہی ہیں + دیکھو سنکھیانک ۱۴۳-۱۸۳-۱۹۳-۱۹۹- اور ۲۸۷ + ایک کوی اکشوا کو کا بھائی بھی تھا (دیکھو آگے ادھیائے ۴) + نیز دیکھو سنکھیانک ۹ +
۱۷۷	اُچتھیہ (آنگرس)	۵۰-۵۲	سنکھیانک ۱۴ کی کیفیت میں اُتتھیہ یا اُچتھیہ کو برہسپتی کا پُتر بتایا گیا ہے۔ اور برہسپتی انگرس کا پُتر تھا (دیکھو

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوگت سنکھیا	پرلیشیش
			مہابھارت۔ بن پرو۔ ادھیائے ۲۱۷ شلوک ۱۸ + اور بھاگوت ۹-۱۴-۶) اِس لئے اُچتھیہ بھی آنگرس ارتھات انگرس گوتری ہوا + انگرس کے لئے دیکھو سنکھیانک ۲۷۷ +
۱۷۸	اُوتسار (کاشیپ)	۵۳-۶۰	دیکھو سنکھیانک ۵۹ +
۱۷۹	اَہی یو (آنگرس)	۶۱	دیکھو سنکھیانک ۲۹۸ +
۱۸۰	جَدگنی (بھارگو)	۶۲	دیکھو سنکھیانک ۱۵۴ + بھرگو کے لئے جس کے گوتری ہونے کے کارن یہ بھارگو کہلاتے ہیں دیکھو آگے سنکھیانک ۱۸۳
۱۸۱	نِدھرُوی (کاشیپ)	۶۳	مثسیہ پُران کی سوچی میں اسکا نام آیا ہے +
۱۸۲	کشیپ (مارتیچ)	۶۴	کشیپ سپت رشیوں میں شامل ہیں اور مریچی جن کے پُتر ہونے سے یہ مارتیچ کہلائے دس پرجاپتیوں میں شامل ہیں اور اِن دونوں کا حال ہم پیچھے سپت رشیوں کے پرسنگ میں کرآئے ہیں + نیز دیکھو سنکھیانک ۲۰۱ +
۱۸۳	بھرگو (وارُنی)	۶۵	بھرگو دس پرجاپتیوں میں شامل ہیں جیسا کہ اس ادھیائے کے

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پرشیش
			آرمبھ میں ہی بیان کیا جا چکا ہے + اور مہابھارت (آدی پرو۔ ادھیائے ۵ شلوک ۷/۸) میں آیا ہے کہ برہما نے بھرگو کو ورُن کے یگیہ میں اگنی میں سے پیدا کیا تھا اس سمبندھ سے بھرگو وارُنی ہوئے +
۱۸۴	شت وئیکھانس	۶۶	دیکھو آگے سنکھیانک ۲۷۹ +
۱۸۵	وسِشٹھ آدک سپت رشی	۶۷	یہ وسِشٹھ آدک سپت رشی اسی سُوکت کے الگ الگ منتروں کے الگ الگ رشی ہیں + اور ان سب کا ذکر پیچھے آچکا ہے + مقابلہ کے لئے دیکھو سنکھیانک ۲۱۸ اور ۳۱۷ جہاں یہ سپت رشی پورے سُوکت کے مشترکہ رشی ہیں +
۱۸۶	وتسپری (بھلندن پتر)	۶۸	پانِنی (۴-۱-۱۱۲) میں بھلندن کا نام آیا ہے + اور پرانوں کی راج بنسا ولیوں میں بھلندن اکشواکو کے بھائی دِشٹ سے تیسری پیڑھی میں ہے۔ اِس

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			طرح سے کہ:- دِشٹ - ناابھاگ بھلندن - وتس پری + مثنیہ پُران کی سُوچی میں بھی اس کا نام آیا ہے +
۱۸۷	ہرنیہ ستوپ (آنگرس)	۶۹	دیکھو سنکھیانک ۱۶۰ +
۱۸۸	رینو (وِشوامتر)	۷۰	دیکھو اس سے اگلا ادھیائے ۴۷ (بنساولی ۲) جہاں یہ دکھایا گیا ہے کہ وشوامتر کے بھانجے جمدگنی نے رینو کی بیٹی کو بیاہا تھا + یہ رینو پرسین جت ہے جو سورج بنس میں اکشواکو سے ۱۶ پیڑھی بعد آتا ہے +
۱۸۹	رکھب یا ورکھب (وِشوامتر)	۷۱	
۱۹۰	ہری منت (آنگرس)	۷۲	
۱۹۱	پوتر (آنگرس)	۷۳	
۱۹۲	گنتی وان (دیرگھ تمس کا پتر)	۷۴	دیکھو سنکھیانک ۱۴ +
۱۹۳	کوی (بھارگو)	۷۵-۷۹	دیکھو سنکھیانک ۱۷۶ + ۱۹۹ +
۱۹۴	وسو (بھاردواج)	۸۰-۸۲	
۱۹۵	پوتر	۸۳	دیکھو سنکھیانک ۱۹۱ +

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوُکت سنکھیا	پرشیش
۱۹۶	پرجاپتی (واچا پُتر واچیہ)	۸۴	
۱۹۷	وین (بھارگو)	۸۵	دیکھو آگے سنکھیانک ۳۰۳ ÷
۱۹۸	آگرشٹا۔ ماکھا۔ سکتا آدی رشی گن		
۱۹۹	اُشنا (کاویہ ارتھات کوی کا پُتر)	۸۷-۸۹	دیکھو سنکھیانک ۱۴۳ و ۱۷۶ ÷
۲۰۰	وسشٹھ	۹۰	ان کا مفصل حال سپت رشیوں میں آ ہی چکا ہے ÷
۲۰۱	کشیپ (مارتیچ)	۹۱-۹۲	دیکھو سنکھیانک ۱۸۲ ÷
۲۰۲	نودھا (گئوتم)	۹۳	دیکھو سنکھیانک ۱۴۵ ÷
۲۰۳	کنو (آنگرس)	۹۴	دیکھو سنکھیانک ۷ ÷ ۸ ÷
۲۰۴	پرسکنو (کانو)	۹۵	دیکھو سنکھیانک ۸ و ۱۱۹ ÷
۲۰۵	پرتروَن (ودِ وواس کا پُتر)	۹۶	پرتروَن کا حال پیچھے شونک کے پرکرن اور ہی ہے کے سمبندھ میں دِکھایا جا چکا ہے ÷ مشیہ پران کی نامادلی میں ایک کاشیہ کو بھرگو گوتری رشیوں کے اندر لکھا ہے اور وہ کاشیہ اسی پرتروَن کا پُوروج تھا کشتر وردھ کے بنس میں (دیکھو پیچھے سنکھیانک ۱۵) ÷
۲۰۶	وسشٹھ (مترا وَرُن کا پُتر)	۹۷	اِس سوُکت ۹۷ کی مختلف رچاؤں کے

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پرلیشیش
	اور منیو۔ منیو آدک واسشٹھ۔		وسشٹھ آدک کے مختلف رشی منتر کرتا ہیں + منیو آدک کا ذکر پیچھے سپت رشیوں کے پرسنگ میں وسشٹھ کے ساتھ آچکا ہے +
۲۰۷	امبریکھ (راجا ورکھاگر کا پُتر)	۹۸	رگوید (۱۰۰-۱-۱۷) میں آیا ہے کہ "اے اِندر۔ راجا ورکھاگر کے پُتر رجراشو۔ امبریکھ۔ سہدیو۔ بھے مان۔ اور سوردھا تیری استُتی میں یہ اُکتھ (ستوتر) گاتے ہیں" + اور ورکھاگر کے ان پُتروں میں سے امبریکھ کو اس سوکت ۹۸ کا رشی قرار دیا ہے۔ جیسا کہ پہلے منڈل کے سوکت ۱۰۰ کا (جس کا حوالہ اوپر درج کیا گیا ہے) اِن پانچوں پُتروں کو رشی قرار دیا گیا ہے (دیکھو سنکھیانک ۱۳) + مگر راج نبسا دلیوں میں سُورج بنسی اکشواکو کے بھائی نبھگ کے پُتر نابھاگ کا بیٹا بھی امبریکھ نامی ہے۔ اور اکشواکو کے بنس میں بھی اور آگے

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پرلشیش
			چل کر ماندھاتا کا بیٹا امبریکھ نام کا ہے ۔ اور ممکن ہے کہ ان دونوں امبریکھ میں سے ہی کوئی سا امبریکھ اس سُوکت کا رشی ہو کیونکہ دونوں امبریکھ بڑے دھرماتما ہوئے ہیں + پہلے امبریکھ کا تو بیٹا وِرُوپ بھی آٹھویں منڈل کے سُوکت ۴۳-۴۴ کا رشی ہے (دیکھو سنکھیانک ۱۱۴) پھر اُس کے پتا کے رشی ہونے میں کیا آشچرج ہے ۔ اور دوسرے امبریکھ کا برتانت شُنہ شیپ سے سمبدھ ہے اور شُنہ شیپ رگوید کے پہلے منڈل کے سُوکت ۲۴-۳۰ کا رشی ہے (دیکھو سنکھیانک ۴) اس لئے اگر وہ بھی اس سوکت ۹۸ کا رشی ہو تو آشچرج نہیں + پھر جب ان دونوں امبریکھ سے آگے تک کی تاریخی ہستیاں ویدمنتروں کی رشی ہیں تو پھر ان دونوں تاریخی

سنکھیا نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پرشیش
			امبر یکھ میں سے کسی ایک کا منتر درشٹا رشی ہو جانا کیا آشچرج ہے + مگر انو کرمنی کا بچن پرمان ہے +
۲۰۸	ریبھ سُونو ارتھات ریبھ کے دو پُتر (کشیپ گوتری) +	۹۹-۱۰۰	پانینی (۴-۱-۱۰۵) میں ریبھ کا نام گرگ آدک رشیوں کے اندر آیا ہوا ہے - اور رگوید میں ریبھ کا نام انیک منتروں میں آیا ہے (دیکھو سنکھیا نک ۱۵۱ +
۲۰۹	اندھی گو (شیاد آشو کا پُتر)		دیکھو سنکھیا نک ۶۶ +
۲۱۰	بیاتی (ناہُش ارتھات راجہ نہُش کا پُتر	۱۰۱	دیکھو سنکھیا نک ۲۱۱ +
۲۱۱	نہُش (مانو)		دیکھو سنکھیا نک ۲۱۲ +
۲۱۲	منو (سامورن پرجاپتی)		دیکھو سنکھیا نک ۵۶ +
۲۱۳	ترِت آپتیہ	۱۰۲	دیکھو پیچھے سنکھیا نک ۱۱۷ +
۲۱۴	دوِت	۱۰۳	
۲۱۵	پرُوت اور نارد (کانو) یا کشیپ کی پُتریاں شکھنڈی نام کی دو اپسرائیں +	۱۰۴	پانینی (۴-۱-۱۰۳) میں پروت کا نام آیا ہے اور نارد کو سب جانتے ہی ہیں + مہابھارت (درون پرو - ادھیائے ۵۵) میں آتا ہے کہ یہ دونوں بڑے مِتر تھے پر یہ دونوں راجا سرنجے

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سنکھیا	پریشیش
			کی بیٹی پر موہت ہو گئے اور اس موہ میں ان دونوں نے ایک دوسرے کو شاپ دیدیا۔ پروت نے کہا کہ تو اپنی اچھا سے سورگ میں نہ جائے اور نارد نے جواب دیا کہ تو بھی میرے بنا سورگ میں نہ جائے ٭ ایک نارد پرجاپتیوں میں بھی شامل ہیں جیسا کہ اس ادھیائے کے شروع میں ہی دکھایا گیا ہے ٭
۲۱۶	پروت اور نارد	۱۰۵	دیکھو سنکھیانک ۱۰۳ ٭ ۱۰۴ ٭ ۲۱۵ ٭
۲۱۷	اگنی (چاکشوش) اور چکشوس (مانو) اور منو (آپنیو اور نفات آپسو کا پُتر)	۱۰۶	چاکشوس چکشوس کا پُتر ہے اور چھٹے منو کا نام بھی چاکشوش اسی نسبت سے ہے۔ دیکھو۔ شرمد بھاگوت۔ (اسکندھ ۸۔ ادھیائے ۵۔ شلوک ۷) نیز دیکھو سنکھیانک ۲۴۷ ٭
۲۱۸	سپت رشی (وششٹھ آدک)	۱۰۷	ان سپت رشیوں کا ذکر پیچھے مفصل آچکا ہے ٭ نیز دیکھو سنکھیانک ۳۱۷
۲۱۹	گئوری ویتی شکتی آدک	۱۰۸	دیکھو سنکھیانک ۱۱ ٭ ۵۲ ٭ ۲۵۸ ٭
۲۲۰	اگنی	۱۰۹	دیکھو سنکھیانک ۲۴۸ ٭
۲۲۱	تری آرُن اور ترسدستیو	۱۱۰	دیکھو سنکھیانک ۵۰ ٭

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
۲۲۲	انانت (پرچھیپ کا پُتر)	۱۱۱	دیکھو سنکھیانک ۱۵ +
۲۲۳	شِشو (آنگرس)	۱۱۲	
۲۲۴	کشیپ (مارِیچ)	۱۱۳-۱۱۴	دیکھو سنکھیانک ۱۸۲ +

دسواں منڈل

۲۲۵	ترِت (آپٹیہ)	۱-۷	دیکھو سنکھیانک ۱۱۷ +
۲۲۶	تری شِرس (توشٹری پُتر)	۸-۹	پُرانوں کی کتھا ہے کہ آٹھ وسوؤں میں سے ایک وسو پربھاس تھا جو برہسپتی کی بہن کو بیاہا گیا تھا اور اس کے وِشوکرما اور توشٹری آدک کئی پُتر ہوئے تھے۔ توشٹری (توشٹا) کا پُتر وِشوروپا تھا جو اس کارن سے کہ اُس کے تین سر تھے تری شِرس کہلاتا تھا (دیکھو وشنو پُران۔ انش ۱۔ ادھیائے ۱۵۔ شلوک ۱۲۱) + تیتری سنگھتا میں لکھا ہے کہ اس کے تین مکھ تھے۔ ایک مکھ سے یہ سوم پیتا تھا۔ دوسرے سے مدِرا پیتا تھا

سنکھیا نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پرلیشیش
			اور تیسرے سے کھانا کھاتا تھا + اِندر نے اس کارن سے کہ وہ اسُروں کے ساتھ بھی میل رکھتا تھا اُس کو مار ڈالا اور اس طرح سے اِندر برہم ہتیا کا بھاگی ہُوا + اس پر توشٹا نے اِندر کو مارنے کے لئے ورِتر پیدا کیا - مگر وہ بھی اِندر کے ہاتھ سے مارا گیا + یہ کتھا شریمد بھاگوت میں بھی چھٹے اسکندھ کے ادھیائے ۷ تا ۱۲ میں آئی ہے - مگر وہاں توشٹا اُن بارہ آدتیوں میں سے ایک ہے جو اَدِتی کے پیٹ سے پیدا ہوئے تھے + رِگوید (۲-۱۶) میں آیا ہے کہ رِبھکت والے ورِتر کو میگھ (بادل) سمجھتے ہیں اور اتہاس والے اس کو توشٹری کا پُتر اسُر کہتے ہیں (دیکھو سنکھیا نک ۲۲۷ - اور ۱۱۷) +
۲۲۷	یم اور یمی	۱۰	اُوپر سنکھیا نک ۲۲۶ میں جس وشوکرما کا ذکر آیا ہے اُس کے دو پُتریاں

سنکھیا نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			تھیں۔ ایک سنگیا اور دوسری چھایا + دونوں دِوسوان (سورج) کو بیاہی گئیں + سنگیا سے منو (ویوسوت) جو ورتمان ساتویں منونتر کا منو ہے اور یم اور یمی (دوجڑواں بھائی بہن) پیدا ہوئے + سنگیا سورج کا تاپ نہ سہہ سکی اور بن میں نکل گئی اور اپنی جگہ چھایا کو چھوڑ گئی + چھایا سے منو (ساورنی) ۵۴۴ جو آٹھویں منونتر کا منو ہے اور تپتی کنیا اور سنیچر پیدا ہوئے + پیچھے سے سورج کو معلوم ہوا کہ یہ استری سنگیا نہیں ہے چھایا ہے اور وہ سنگیا کی تلاش میں نکلا اور اس کو ایک بن میں جا پایا + سنگیا اشونی ارتھات

۵۴۴ ساورنی منو سوارو چش منونتر میں سورتھ راجا تھا جو بھگوتی مہامایا کے بر سے آٹھویں منونتر میں ساورنی منو ہوا اور جس کی کتھا دیوی بھاگوت میں آتی ہے + ساورنی کا ارتھ ہے سُورنا کا پُتر۔ اور سُورنا کا ارتھ ہے اُسی ورن کی استری برخلاف اُورنا کے جو دوسرے ورن کی ہو +

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پرلیشیش
			گھوڑی بنی ہوئی تھی[۴۵] سورج گھوڑا بن گیا اور اُس سے دو جڑواں پُتر پیدا ہوئے جو اشونی کُمار کہلائے + (یہ اشونی کمار پراتہ کال کے وہ جُڑواں نُور ہیں جن میں رات کی جاتی ہوئی تاریکی کے ساتھ دن کی آتی ہوئی روشنی جُڑی ہوتی ہے اور جس کو انگریزی میں ٹوائی لائیٹ کہتے ہیں) + پُران کی اس کتھا کا آدھار رگوید کے اسی منڈل ۱۰ کے سوکت ۱۷ کے پہلے دو منتر ہیں جن کا لفظی ترجمہ یہ ہے :- "توشٹا اپنی پُتری کا بیاہ رچنا چاہتا ہے اور اس لئے سارا بھون اِکٹھا

[۴۵] پُران کی اس کتھا کا یونان کی اس کتھا سے مقابلہ کرو کہ آرگس کے ایک راجا کی ایک بیٹی تھی - آیو اس کا نام تھا - دیوتا جوپیٹر (برہسپتی) اُس پر عاشق تھا اور وہ جوپیٹر (Jupiter) کی استری جونو (Juno) کے ڈر سے گائے بن گئی +

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پرلشیش
			ہوتا ہے۔ یم کی ماتا جو وِوسوان (سورج) کی بڑی استری ہے الوپ ہو جاتی ہے۔ اور آپ چھپ کر اپنی سوَرنا (ہم رنگ) کو وِوسوان کے لئے دے دیتی ہے۔ پھر سرینیو (سنگیا) بھی دو اور جُڑواں پُتر اشونی کمار پیدا کرتی ہے"۔ (دیکھو نِرُکت ۱۲-۱۱ + نیز دیکھو نِرُکت ۱۲-۱ اشونیو کی نام نرکتی کے دشتیں)+
			اِن منتروں سے توشٹا وشوکرما کا بھائی نہیں بلکہ خود وشوکرما ہی وِدت ہوتا ہے۔ اس لئے بعض توشٹا کو وشوکرما ہی سمجھتے ہیں۔ اور آپٹے کی سنسکرت ڈکشنری میں بھی ایسا ہی لکھا ہے + آگے سوکت ۸۱-۸۲ میں وِشوکرما کو بھُوون ارتھات بھُون سمبندھی لکھا ہے (دیکھو سنکھیانک ۲۶۳) اور بھُون کے لئے دیکھو آگے

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			سنکھیانک ۳۳۷ + اس دسویں سُوکت میں جس کے رشی یَم اور یمی ہیں یمی اپنے بھائی یَم سے کہتی کہ میں تجھ کو اپنا پتی بنانا چاہتی ہوں تو مجھ کو اپنی جایا (استری) بنا۔ مگر یَم جواب دیتا ہے کہ بہن بھائی کا ایسا کرنا پاپ ہے اور کہتا ہے کہ ابھی وہ زمانہ نہیں آیا ہے جس میں بھائی بہن سے بیاہ کرے۔ اس لئے تو میرے بھن کسی اور کو اپنا پتی بنانے کی اِچھّا کر۔ (دیکھو آگے ادھیائے ۵۔ ویدک سبھیتا کے دسویں میں۔ اور اُس میں ناٹک کا پرکرن) +
۲۲۸	ہَوِرْدھان (آنگی)	۱۱-۱۲	ایک انگ کا نام آگے سنکھیانک ۳۱۸ میں آیا ہے اور یہ ہَوِرْدھان اُس انگ کا گوتری تھا اس طرح سے کہ انگ۔ وین۔ پرِتھو۔ وِجِت آشوْ (انتر دھان)

سنکھیا نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			ہوَرِدھان (شریمد بھاگوت ۴-۲۴-۵) دیکھو سنکھیا نک ۳۰۳ +
۲۲۹	وِوسوان (آدتیہ ارتھات اَدِتی کا پُتر سُورج)	۱۳	ورتمان ساتواں منو (وَیُوسوت) اِسی وِوسوان کا پُتر ہے (دیکھو سنکھیا نک ۲۲۶) +
۲۳۰	یَم (وَیُوسوت ارتھات وِوسوان کا پُتر) +	۱۴	دیکھو سنکھیا نک ۲۲۶ + ۲۲۷ + ۲۲۹ +
۲۳۱	شنکھ (یامائن ارتھات یم گوتری)	۱۵	دیکھو سنکھیا نک ۲۳۰ + رگوید کا شانکھیائن براہمن اور شانکھائن کے گرہیہ اور شروت سُوتر اسی شنکھ کی گوتر کے رشیوں کے بنائے ہوئے ہیں + پانِنی (۴-۱-۹۸) اور (۴-۱-۱۰۵) میں شنکھ کا نام آیا ہے +
۲۳۲	دمن (یامائن ارتھات یم گوتری)	۱۶	
۲۳۳	دیوشروا "	۱۷	مقابلہ کے لئے دیکھو سنکھیا نک ۲۸۰
۲۳۴	شنکُشک (یامائن ارتھات یم گوتری)	۱۸	
۲۳۵	مَتھِت "	۱۹	
۲۳۶	وِمد (اَئیدر ارتھات اِندر کا)	۲۰-۲۶	ان ہی سوکتوں میں سے سُوکت ۲۳

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پرشیش
	یا وَسُوکرت (وَشکر کا) +		کے اندر رشی وِمد اور وِمد گوتریوں کا ذکر بھی آیا ہے +
۲۳۷	وَشکر (اَیندر ارتھات اِندر کا)	۲۷-۲۹	ایک وَشکر وسِشٹھ کا پُتر بھی ہے (دیکھو پیچھے وسِشٹھ کا حال سپت رشیوں کے پرسنگ میں) + نیز دیکھو سنکھیانک ۲۵۳ +
۲۳۸	گوش (اَیلوش)	۳۰-۳۴	سوکت ۳۴ کا رشی یا گوش ہے۔ یا اکش (مجوان کا پُتر) +
۲۳۹	لُش (دھاناک)	۳۵-۳۶	
۲۴۰	اَبھی تپا (سُوریہ پُتر)	۳۷	
۲۴۱	اِندر (مُشک وان)	۳۸	پیچھے اس ادھیائے کے آرمبھ میں ہی بتایا جا چکا ہے کہ ہر منونتر کا اِندر بھی الگ ہوتا ہے اس لئے یہ اِندر کسی اور منونتر کا اِندر ہوگا + دیکھو سنکھیانک ۱۴ + رگوید میں اِس کا نام کئی جگہ آیا ہے + ۱-۱۱۷-۷ میں آیا ہے کہ جب گھوشا اپنے پتا کے گھر میں رہتی ہوئی بڈھی ہوگئی تب اشونی کماروں نے اس کو ایک پتی دیا۔
۲۴۲	گھوشا (کَکشی وان کی پُتری برہم وادِنی)	۳۹-۴۰	

سنکھیا نک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوُکت سنکھیا	پریشیش
۲۴۳	سوہشتیہ (گھوشا کا پُتر)	۴۱	دیکھو سنکھیا نک ۲۴۲ +
۲۴۴	کرِشن (آنگرس)	۴۲-۴۴	دیکھو سنکھیا نک ۶ +
۲۴۵	وَتس پری (بھلندن کا پُتر)	۴۵-۴۶	دیکھو سنکھیا نک ۱۸۶ +
۲۴۶	سپت گو (آنگرس)	۴۷	اسی سوُکت کے اندر سپت گو کا نام بھی آتا ہے +
۲۴۷	اِندرہ (وئی کُنٹھ)	۴۸-۵۰	پانچویں منو (رئیوت) کے انتر میں شُبھر کی استری وِکُنٹھا کا پُتر (شریمد بھاگوت - اسکندھ ۸ - ادھیائے ۵ - شلوک ۴) +
۲۴۸	اگنی (شوُچیک)	۵۱-۵۳	اگنی کی استری سواہا سے پاوَک - پوَمان - اور شُچی تین پُتر ہوئے + اور ان سے ۴۵ اگنیاں اور ہوئیں - اور یہ ۴۵ اپنے تین پتا اور ایک پتامہ (سواہا پتی اگنی) کے ساتھ مل کر ۴۵ + ۳ + ۱ = ۴۹ ہوئیں + اگنی (شوُچیک) جو اس سوُکت کا رشی ہے ان ہی میں سے ایک شُچی کا پُتر ہے (شریمد بھاگوت اسکندھ ۴ - ادھیائے ۲ -

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			شلوک ۶۰ — ۶۱) +
۲۴۹	برہدا کتھ (وام دیو گوتری)	۵۴-۵۶	دیکھو سنکھیانک ۳۰ +
۲۵۰	بندھو۔ سوبندھو۔ شُرت بندھو۔ وِپرُبندھو (گوپایَن) +	۵۷-۶۰	دیکھو سنکھیانک ۴۸ +
۲۵۱	نابھانے دِشٹھ (مانو)	۶۱-۶۲	شرمد بھاگوت (اسکندھ ۹ — ادھیائے ۴ — شلوک ۱۱) کے ٹیکا کار نے لکھا ہے (بھورِچ براہمن ارتھات رگوید کے براہمن کے حوالہ سے) کہ نابھانے دِشٹھ منو کے پُتر اکشوا کو کے بیٹے نبھگ کا دوسرا نام ہے +
۲۵۲	گے (پلات ارتھات پتی کا پُتر)	۶۳-۶۴	راج بنسا ولیوں میں ایک گے منو کے پُتر سُدیُمن کا بیٹا تھا۔ اور یہ سُدیُمن وہ ہے جو لڑکی (اِلا) سے لڑکا ہو گیا تھا (دیکھو سنکھیانک ۲۷۵) +
۲۵۳	وسوکرن (وُسکر کا پُتر)	۶۵-۶۶	دیکھو سنکھیانک ۲۳۶ + ۲۳۷ +
۲۵۴	ایاسیہ (آنگرس)	۶۷-۶۸	دیکھو سنکھیانک ۱۷۵ +
۲۵۵	سومنتر (وِدھری اشو کا پُتر)	۶۹-۷۰	
۲۵۶	برہسپتی (آنگرس)	۷۱	دیکھو سنکھیانک ۱۷۷ +

سنکھیا نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
۲۵۷	برہسپتی (آنگرس) یا برہسپتی (لئوکیہ) یا اَدِتی (دکش کی پُتری)	۷۲	اَدِتی کے ویدک ارتھ کے لئے دیکھو رگوید (۱-۸۹-۱۰) اور سوکت ۴-۲۲ جہاں اس کے ارتھ اِدینا دیوماتا کئے گئے ہیں +
۲۵۸	گئوری ویتی (شکتی پُتر)	۷۴-۳	دیکھو سنکھیا نک ۲۱۹ +
۲۵۹	سِندھو کشِت (پریہ میدھ کا پُتر یا شِشیہ)	۷۵	دیکھو سنکھیا نک ۹۳ + اس سوکت میں دریائے سندھ اور اس کے مشرقی اور مغربی معاونوں کا اور گنگا جمنا آدک ندیوں کا برنن ہے + اور اس لئے یہ سوکت اتہاس کے لئے وشیش گئورو رکھتا ہے +
۲۶۰	جَرت کرن (اِراوت کا پُتر) سرپ جاتی کا +	۷۶	
۲۶۱	سیوم رشمی (بھارگو)	۷۷-۸	رگوید - ۱۱۲-۱۶ اور ۸-۵۲-۲ میں سیوم رشمی کا ذکر آیا ہے +
۲۶۲	اگنی (شوچیک یا وَیشوانر) یا ساپتی (واجمبھر) +	۷۹-۸۰	دیکھو سنکھیا نک ۲۴۸ شوچیک کے لئے - اور شریمد بھگوت گیتا ادھیائے ۱۵ شلوک ۱۴ وَیشوانر کیلئے +

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
۲۶۳	وِشوکرما (بھوون)	۸۱-۸۲	دیکھو سنکھیانک ۲۲۶ + ۲۲۷ + ۳۳۷ +
۲۶۴	منیو (تپس کا پُتر)	۸۳-۸۴	
۲۶۵	سُوْرْیا (ساوِتری)	۸۵	اس سوکت کے منتر بواہ کی پدھتی سے سمبندھ رکھتے ہیں اور اس کے لئے دیکھو ادھیائے (۵) اسی بھاگ کا ویدک سمیتا کے وشے میں +
۲۶۶	ورِکھاکپی (اِندر پُتر)	۸۶	ورِکھاکپی کا نام وید میں اسی سوکت ۸۶ کے کئی منتروں میں آیا ہے + عام طور پر ورِکھاکپی سُورج کا ارتھ دیتا ہے خصوصاً اُس سُورج کا جو شام کو سمندر میں ڈوبتا دکھائی دیتا ہے - اور بعض کا خیال ہے کہ ہنومان جی کا بندر بن کر لنکا کا سمندر پھلانگنے کا خیال رامائن کے مصنف والمیک نے وید کے اسی کپی یعنی بندر سے اُڑایا ہو (دیکھو آرکٹک ہوم مصنفہ تلک) + مگر مہابھارت (انوشاسن پرو- ادھیائے ۶۶ شلوک ۲۳) میں اگستیہ

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			کنو - بھرگو اور اتری کے ساتھ درکھا کپی کا نام بھی رشیوں کے ذیل میں آیا ہے +
۲۶۷	پایو (بھاردواج)	۸۷	رگوید میں پایو کا شبد انیک منتروں (مثلاً ۱-۳۱-۱۳) میں آیا ہے مگر وہاں وہ شبد کیول گن واچک یوگک ہے روڑھی نہیں + دیکھو سنکھیانک ۸۹ +
۲۶۸	مُوردھنوان (آنگرس) یا (وام ویوبہ)	۸۸	وام ویو کے لئے دیکھو پیچھے سنکھیانک ۳۰ +
۲۶۹	رینو (وِشوامتر)	۸۹	دیکھو سنکھیانک ۱۸۸ +
۲۷۰	نارائن	۹۰	یہ سوکت رگوید کا پرسدھ پُرش سوکت ہے - اس کا رشی نارائن اور دیوتا پُرش ہے + براہمن آدک جاتیوں کی شکھ آدک سے اُتپتی کے وشے میں اسی سوکت کی رچا (۱۲) آئی ہے + کبی کالیداس نے اُروشی اپسرا کا ایک رشی نارائن کی جانگھ سے پیدا ہونا لکھا ہے معلوم نہیں وہ

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			رشی نارائن کون سے ہیں + (دیکھو سنکھیانک ۸۴) +
۲۷۱	اَرُن (ویت ہوتیہ کا پُتر)	۹۱	ویت ہوتیہ کے لئے دیکھو سنکھیانک ۸۱ +
۲۷۲	شاٹیات (مانو)	۹۲	شریاتی منو (ویوسوت) کا پُتر اور اکشواکو کا بھائی تھا۔ شاریات اسی شریاتی کے بنس کا کوئی رشی ہوگا جو شریاتی کی نسبت سے شاریات اور منو کی نسبت سے مانو ہوا +
۲۷۳	تانو (پارتھیہ)	۹۳	
۲۷۴	اَربُد (کدرو کا پُتر سرپ جاتی کا)	۹۴	اَربُد کا نام وید کے اندر بھی آیا ہے اور کئی منڈلوں کے سوکتوں میں آیا ہے۔ اور کدرو پُتروں کا ذکر بھی ۸-۴۵-۲۶ میں آیا ہے + پُرانوں میں کدرو دکش (پراچیتس) کی پُتری اور کشیپ کی استری اور ناگوں کی ماں ہے (دیکھو سنکھیانک ۳۵۸) + پانینی (۴-۱-۱۲۳) میں کدرو کا نام شُشبھر آدک گن کے اندر شامل ہے + مہابھارت (بن پرو) میں پانڈوؤں

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			کے تیرتھ یاترا کے سلسلہ میں آئرت دیس کے اندر اَربُد پربت کا ذکر آیا ہے جس سے غالباً حالیہ کوہ آبو مراد ہے اور یہ اَربُد پربت شاید اسی رشی اَربُد سے منسوب ہوگا + (دیکھو سنکھیانک ۳۵۵) +
۲۷۵	پُرورَوا (اِلاپُتر) اور اُروشی	۹۵	اس سوکت میں پُرورَوا اور اُروشی کا سمواد ہے - اور یہ سمواد اُن کتھاؤں کا بیج ہے جو پُرورَوا اور اُروشی کے وشے میں شت پتھ براہمن اور مہابھارت اور پُرانوں میں آئی ہیں اور جن کے آدھار پر انجام کالیداس نے اپنا ناٹک وِکرم اُروشی رچا ہے + ان سب کا اور اِلا کا ذکر ہم اس سے اگلے ادھیائے میں کریں گے +
۲۷۶	سَرو ہَری (اِندر کا)	۹۶	
۲۷۷	بھشنگ (اتھروَن کا پُتر)	۹۷	مُنڈک اُپنشد (مُنڈک ۱ - کھنڈ ۱) میں آیا ہے کہ :- سب دیوتاؤں سے

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			پہلے برھما جگت کا کرتا اور دھرتا ہوُا - اُس نے ساری وِدیاؤں کی پرتشٹھا برھم وِدیا اپنے بڑے بیٹے اتھرو کو بتائی + اتھرو کو جو برھم وِدیا برھما نے بتائی وہ اتھرو نے انگرِ کو بتائی - اُس نے بھاردواج (ارتھات بھردواج گوتری) ستیہ واہ کو بتائی - بھاردواج نے انگرس کو" + پس سب سے پہلا رِشی جو برھما کے پیچھے ہوُا اتھرو ہے جس کے نام سے اتھرو وید پرسدھ ہے + رگوید (۶-۱۶-۱۳) میں آیا ہے کہ: "اے اگنی - تجھ کو اتھروا نے کمل میں سے منتھن کر نکالا ہے اُس کمل میں سے جو سارے جگت کا دھارک اور رکھک ہے" + اِس منتر سے ظاہر ہے کہ جب برھما جی اُس کمل میں سے پیدا

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			ہو چکے جو وشنو کی نابھی میں سے نکلا تھا اور جس کا برنن شریمد بھاگوت (اسکندھ ۳ - ادھیائے ۸) میں آیا ہے تو اُن کے پِتر اتھروا نے اُن کی سِکشا سے اُسی کمل کو منتھا اور اُس میں سے اگنی کو پرگٹ کیا اور برہم کی اُپاسنا کو اگنی کے روپ میں رچا +
			اتھروا جو لفظ اتھرون کی شکل فاعل ہے اُسکا نام پارسیوں[۵۴۶] کی مقدس کتاب اوستا میں بھی اتھرون کی شکل میں آیا ہے اور اس سے ظاہر ہے کہ اتھروا ہندوؤں اور پارسیوں کا مشترک رشی ہے اور اُن پرانے وقتوں کا ہے کہ جب پارسی لوگ ابھی ہندوستان میں ہی رہتے ہوئے ہندو آریا جاتی میں شامل

[۵۴۶] پارسیوں کے لئے دیکھو آگے ادھیائے ۵ +

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پرتیشیش
			تھے اور ہندوستان سے الگ ہوکر پارسی نہیں کہلائے تھے + پارسیوں کی آتش پرستی اور ہندوؤں کا اگنی ہوتر اسی اتھروا کی رچنا ہے + پُرانوں کی رُو سے اتھروَن اس کلپ کے شروع میں ہی ہوا ہے اور اس کلپ کے سب سے پہلے منو (سوایمبھو) کی پُتری دیوہُوتی سے جو آٹھ لڑکیاں پیدا ہوئیں اور بھرگو آدک پرجاپتیوں کو بیاہی گئیں اُن میں سے ایک (شانتی) اتھروَن کو بیاہی گئی تھی + دیوہُوتی کردم رشی کو بیاہی گئی تھی اور سانکھیہ درشن کا کرتا کپل اسی کردم رشی کا پُتر تھا (شریمد بھاگوت اسکندھ ۴ - ادھیائے ۱) +
۲۷۸	دیواپی (رشٹی شین کا پُتر)	۹۸	وید میں اسی سُوکت کے اندر دیواپی کا نام آیا ہے اور ہم اِس دیواپی

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			کے وِشے میں آگے کچھ وستار سے لکھیں گے + پانچویں ۸-۱-۱۰۸ کے گن پاٹھ میں رشٹی شین کا نام آیا ہے +
۲۷۹	وَمَر (وئی کھانس)	۹۹	کرشن یجُروید کی تیتریا شاکھا کے کلپ سوتر بھی کیا شرُوت اور کیا سمارت کسی وئی کھانس ابھاگ وئی کھنس گوتری کے ہیں + [دیکھو اس گرنتھ کا چھٹا بھاگ ویدانگ (کلپ) کے پرکرن میں] + رگوید میں وَمَر کا نام (۱-۵۱-۹) اور (۸-۱۰۲-۲۱) میں آیا ہے +
۲۸۰	دُوسیو (وَندن پُتر)	۱۰۰	اسی سوکت کے اندر دُوسیو کا نام بھی آیا ہے اور وَندن کا نام رگوید میں کئی جگہ آیا ہے +
۲۸۱	بُدھ (سوم کا پُتر)	۱۰۱	یہ بُدھ اُس پُروروا کا پِتا ہے جس کا نام سنکھیانک ۲۷۵ میں آیا ہے +
۲۸۲	مُدگل (بھرگیاشو کا پُتر)	۱۰۲	مُدگل کا نام رگوید کے اندر بھی اسی سُوکت میں آیا ہے + راج بنسا دلیوں

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			کی رو سے ایک مدگل اُس اجمیڑ کے بنس میں جو منڈل ۴ کے سوکت ۴۳-۴۴ کا رشی ہے اور جس کا نام پیچھے سنکھیانک ۳۲ میں ہے بھرمیاشو کا پتر ہے (دیکھو ادھیائے ۴ بنساولی ۹۷) اور وہ بھرمیاشو کا پُتر مدگل شاید یہ ہی بھرگیاشو کا پُتر مدگل ہو جس کو اس سوکت ۱۰۲ کا رشی مانا ہے + اور یہ کوئی سندیہہ جنک بات نہیں ہے کیونکہ بھرمیاشو جس کا دوسرا نام ہری اشو ہے اجمیڑ کے بیٹے نیل کے بنس میں اجمیڑ سے کُل پانچ پیڑھی پیچھے ہے مگر یاشک نے اس سوکت میں آئے ہوئے مدگل کو بھرگیاشو کا پُتر ہی مانا ہے اور اُس کا ایک اتہاس بھی دیا ہے + (دیکھو رتر سوکت ۸-۲۳) + پانچی (۴-۱-۱۰۵) میں بھی مدگل کا نام گرگ آدک

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			گن میں شامل ہے + مشیہ پران کی نامالی میں مدگل کو انگرا گوتریوں میں شامل کیا ہے +
۲۸۳	اپرتی رتھ (اِندر کا)	۱۰۳	ایک اپرتی رتھ پرو کے بنس میں کنو کا پتا بھی ہؤا ہے ۔ دیکھو سنکھیا نک (۷) +
۲۸۴	اَشٹک (وَیشوامِتر)	۱۰۴	
۲۸۵	سومِتر یا دُرمِتر (کُتس کا پُتر)	۱۰۵	پانچنی (۴-۱-۹۶) میں سومِترا اور دُرمِترا کے نام آئے ہیں ۔ اور کُتس کے لئے دیکھو پیچھے سنکھیا نک ۱۱۳ +
۲۸۶	بھُوتانش (کاشیپ)	۱۰۶	
۲۸۷	دِوَبہ (آنگرس) یا دَکشنا (پرجاپتی کی سُتا)	۱۰۷	دَکشنا کا نام اسی سوکت میں کئی جگہ آیا ہے اور رگوید ۳-۵۸-۱ سے ظاہر ہے کہ دَکشنا سے مُراد اُشا ہے + مگر یہاں انوکرمنکا میں اس کو پرجاپتی کی سُتا لکھا ہے اور اس کی پُورانک کتھا یہ ہے کہ سوایمبھوو منو جو اس کلپ کا سب سے پہلا ہی منو اور سویمبھوُ (برھما) کا پُتر تھا اُس کی

سنکھیا نک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
۲۸۸	پنی نامک اُسرگن اور سرما نام کی دیوشونی (دیو لوک کی کُتیا) ✣	۱۰۸	ایک پُتری رُچی (پرجاپتی) کو بیاہی گئی تھی اور اس پرجاپتی کا سُت نگیہ اور سُنا دکشنا تھی ✣ دیکھو شریمد بھاگوت (اسکندھ ۴ - ادھیائے ۱ - شلوک ۴) اور آگے سنکھیا نک ۳۱۰ ✣ پروفیسر میکس مولر صاحب کا خیال ہے کہ اس سُوکت میں کسی ویدک رشی نے ایک خیال باندھا ہے جس میں گئوویں سورج کی کرنیں ہیں - پنی تاریکی کے اسُر ہیں جو اِن کرنوں کو چُرا کرلے جاتے ہیں اور سرما اُشا یعنی صبح ہے جو پھر ان کرنوں کو واپس لاتی ہے ✣ پروفیسر صاحب کا خیال یہ بھی ہے کہ ایک اسی سُوکت پر کیا مدار ہے ویدکے اکثر سُوکتوں کے بیانات اسی قسم سے تاریکی اور روشنی - دن اور رات - صبح اور شام کے چرتروں کے بیانات ہیں ✣
	نوٹ :- اس سُوکت میں ان دونوں (پنی اور سرما) کا آپس میں سمواد ہے اِندر کے پروہت برہسپتی کی گئووں کی چوری کے وشے میں اور چونکہ منتروں کے دکشا اُن منتروں کے رشی سمجھے جاتے ہیں اسلئے یہاں یہ دونوں اس سُوکت کے منتروں کے دکشا ہو کر اُن کے رشی ہوئے ✣		

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریچیش
			کلکتہ کی یونیورسٹی نے رگوید کا انڈیا نامی ایک کتاب مصنفہ بابو انباش چندر داس شائع کی ہے اُس میں مصنف کتاب نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ پنی آریا جاتی کی ایک قوم تھی جو تجارت پیشہ تھی اس کے اکثر گروہ خانہ بدوش پھرتے تھے اور لوگوں کے مویشی اُٹھا لے جاتے تھے۔ اور یہ سوکت کسی ایک ایسے ہی واقعہ کی طرف اشارہ کرتا ہے + بابو صاحب کا خیال ہے کہ ملک فینیشیا یا پیشیا انہی پنی لوگوں کا آباد کیا ہوا تھا + اور شاید سنسکرت کے شبد پنی بمعنی بازار اور پنیہ بمعنی تجارتی شے کا ماخذ بھی یہی پنی ہوں +
۲۸۹	جوہُو (برہم جایا) یا اُوَرڈھو ناتھا (برہم پُتر)	۱۰۹	اس سوکت کے منتر ۴ میں جوہُو کا ذکر بھی آیا ہے کہ برہما نے اس کو تیاگ دیا تھا مگر دیوتاؤں نے اس کو اپاپا

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			بتایا اور سپت رشیوں نے اس کی ساکشی دی + اور جوہو سے مراد واک یا بانی سے ہے جیسا کہ پیچھے اس ادھیائے کے آرمبھ میں ہی بتایا جا چکا ہے + شہر بمبئی میں ایک استھان سمندر کے کنارے جوہو کہلاتا ہے اور وہ شاید اسی جوہو کے نام پر ہو +
۲۹۰	جمدگنی (بھارگو) یا پرشورام (جمدگنی کا پُتر)	۱۱۰	دیکھو سنکھیانک ۱۵۴ +
۲۹۱	اَشٹرادنشٹر (وئی روپ)	۱۱۱	وِرُوپ کا پُتر - اور وِرُوپ کے لئے دیکھو سنکھیانک ۱۱۴ +
۲۹۲	نبھ پربھیدن (وئی روپ)	۱۱۲	〃
۲۹۳	شت پربھیدن (وئی روپ)	۱۱۳	〃
۲۹۴	سدّھری (وئی روپ) یا گھرم (تپس کا پُتر)	۱۱۴	〃
۲۹۵	اُپشنت (وِرشٹی ہوَیہ کا پُتر)	۱۱۵	اُپشنت کا نام رگوید میں کئی جگہ آیا ہے - مگر اس کے پتا یا گوتر کرتا کا نام وِرشٹی ہوَیہ نہ جانے کہاں سے

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			لیا گیا ہے۔ اور ایسا ہی اور رشیوں کا حال ہے کہ ان میں سے اکثر کے نام تو وید کے اندر مل جاتے ہیں مگر اُن کے پِتا یا گوتر کرتا کے نام نہیں ملتے +
۲۹۶	اگنی ئیت یا اگنی یوپ ستھور کا پُتر	۱۱۶	
۲۹۷	بھکشو (آنگرس)	۱۱۷	دیکھو بھکشو کا شید بُدھون کے زمانہ سے ہی نہیں نکلا ہے بلکہ ویدک کال سے ہی چلا آتا ہے + دیکھو سنکھیانک ۱۶۱
۲۹۸	اُرکشے (اَہی یوکا)	۱۱۸	دیکھو سنکھیانک ۱۷۹ +
۲۹۹	لو (اِندر کا)	۱۱۹	اس سوکت میں اِندر لو کے روپ میں اپنی استُتی آپ کرتا ہے +
۳۰۰	بر ہددِو (اتھروَن کا پُتر)	۱۲۰	اتھروں کے لئے دیکھو پیچھے سنکھیانک ۲۷۷ +
۳۰۱	ہرنیہ گربھ (پرجاپتی کا پُتر)	۱۲۱	یہ سوکت ہرنیہ گربھ کے نام سے ہی شروع ہوتا ہے اور اس میں آتا ہے کہ ہرنیہ گربھ سب کا ایک پتی سب سے پہلے ہُوا +
۳۰۲	چترِہا (وسشٹھ کا پُتر)	۱۲۲	دیکھو پیچھے وسشٹھ کا حال سپت

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوُکت سنکھیا	پریشیش
۳۰۳	وین (بھارگو)	۱۲۳	رشیوں میں + یہ وین (بھارگو) ٹھیک معلوم نہیں کہ کون ہے پر پُرانوں کے انوسار سوایمبھُو منو [سوایمبھُو (برہما) کا پُتر] جو سب سے پہلا منو ہُوا ہے اُس کا ایک پُتر اُتّان پاد تھا۔ اُتّان پاد کا پُتر دُھرو تھا جو لوک پرسدّھ ہے۔ دھرو کے بنس میں کئی پیڑھی پیچھے انگ ہُوا اور اُس انگ کا بیٹا وین تھا اور شاید یہ وین ہی وہ وین (بھارگو) ہو جو اس سوُکت ۱۲۳ کا رشی ہے کیونکہ اسی منڈل کے سوُکت ۱۲۸ کا رشی انگ ہے جو وین کا پتا تھا اور اُس کے آگے سوُکت ۱۴۸ کا رشی پرتھو ہے جو وین کا پُتر تھا اور جس کے نام پر بھومی کا نام پرتھوی ہُوا + دیکھو سنکھیانک ۳۱۸ - ۳۲۸ - ۲۲۸ +

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			وید کے اندر ویَن کا نام انیک سوکتوں میں آیا ہے اور اس سوکت ۱۲۳ کے منترا میں بھی آیا ہے - اور اس سوکت ۱۲۳ کا دیوتا بھی ویَن ہے + اور ہماری اس شنکا کا کارن کہ ویدک ویَن یہی پُورانک ویَن ہے یا کوئی اور یہ ہے کہ پوراوں میں لکھا ہے کہ یہ ویَن دُرآچاری تھا اور رشیوں نے اُس کو مار کر اُس کی چھاتی سے پرتھو کو پیدا کیا [دیکھو وشنو پران انش ۱ - ادھیائے ۱۳ + اور شریمد بھاگوت اسکندھ ۴] + مگر جیسا کہ ہم نے اوپر بیان کیا یہ باتیں سب سے پہلے منو سرشٹی کی ہیں اور اب ساتویں منو سرشٹی ہے اور اس عرصہ میں باتیں نہ جانے کیا کی کیا بن گئی ہیں +
۳۰۴	اگنی - دُرن - سوم	۱۲۴	دیکھو سنکھیانک ۱۸۳ - ۲۴۸ + ۲۸۱ - ۳۶۵ +

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
۳۰۵	واک (امبھرن رشی کی پُتری) برہم ودُشی		اَمبھرن کا نام رگوید (۱-۱۲۳-۵) میں آیا ہے اور واک کا شبد کئی منتروں میں آیا ہے۔ اس سوکت کی دیوتا بھی یہی واک ہے ارتھات یہاں واک اپنی ہی استتی کرتی ہے + متسیہ پُران کی نامادلی میں ایک واچ کو انگرا گوتریوں میں لکھا ہے اور شاید وہ واچ اور یہ واک ایک ہی ہوں + برہد آرنیک اُپنشد کے ونش براہمن (۶-۵-۳) میں واک کو امبھنی سے اور امبھنی کو آدتیہ (سورج) سے لکھا ہے اور شاید امبھنی اور امبھرن ایک ہوں +
۳۰۶	کُلمل برہسپتی (شلوش کا) یا اَہنوتک (وام دیو کا)	۱۲۶	وام دیو کے لئے دیکھو پیچھے سنکھیانک ۳۰ + اَہنوتک کا نام اسی سوکت ۱۲۶ کے پہلے منتر میں آیا ہے +
۳۰۷	کُشِک (سوبھری کا پُتر) یا راتری (بھردواج کی پُتری)	۱۲۷	سوبھری کے لئے دیکھو سنکھیانک ۱۰۷ + اس سوکت کی دیوتا بھی راتری ہی ہے +
۳۰۸	وِہوَیہ (آنگرس)	۱۲۸	وِہوَیہ کا نام رگوید (۱-۱۰۸-۶) اور

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			(۲-۱۸-۷) میں آیا ہے اور یہ شاید گرتسمد بنسی شونک کا پُورَوج تھا جسکا حال پیچھے بیان کیا جا چکا ہے +
۳۰۹	پرجاپتی (پرمیشٹھی)	۱۲۹	پرمیشٹھی سے مُراد برھما ہے +
۳۱۰	یگنیہ (پرجاپتی کا پُتر)	۱۳۰	یہاں پرجاپتی سے مُراد رُچی پرجاپتی سے ہے جس کے لئے دیکھو سنکھیانک ۲۸۷ + پانِنی (۴-۱-۱۵۴) میں بھی یگنیہ کا نام آیا ہے +
۳۱۱	سوکیرتی (ککشی وان کا پُتر)	۱۳۱	دیکھو سنکھیانک ۱۴ +
۳۱۲	شک پُوت (نرِمیدھ کا پُتر)	۱۳۲	دیکھو سنکھیانک ۱۶۴ +
۳۱۳	سُداس (پجون کا پُتر)	۱۳۳	سُداس کے وشے میں ہم پیچھے وشوامتر کے حال میں مفصل بحث کر آئے ہیں +
۳۱۴	مان دھاتا (یووناشو کا پُتر) اور گودھا (برھم وادنی)	۱۳۳	مان دھاتا (یووناشو کا پُتر) سُورج بنسی اکشواکو کے کُل میں شری رامچندر جی سے بیالیس ۴۲ پیڑھی پہلے بڑا پرسدھ راجرشی ہُوا ہے دیکھو سنکھیانک ۳۱ + گودھا کا نام رگوید (۸-۶۹-۹) اور (۱۰-۲۸-۱/۱۱) میں آیا ہے اور پانِنی (۴-۱-۱۲۳) میں بھی آیا ہے +

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
۳۱۵	کُمار (یا ماین)	۱۳۵	دیکھو سنکھیانک ۲۳۰ تا ۲۳۵ + پانِنی (۴-۱-۹۹) میں کُمار کا نام آیا ہے +
۳۱۶	وات رَشن گوتر کے مُنی	۱۳۶	مُنیو وات رشناہ ارتھات وات رشن گوتری مُنیوں کا ذکر اسی سوکت ۱۳۶ کے منتر ۲ میں آیا ہے +
۳۱۷	وشِشٹھ آدک سپت رشی	۱۳۷	دیکھو سنکھیانک ۲۱۸ +
۳۱۸	اَنگ (اُرو کا پُتر)	۱۳۸	یہ اَنگ اُس ورن کا پتا تھا جس کا ذکر سنکھیانک ۳۰۳ میں آیا ہے (دیکھو وشنو پُران - انش ۱ - ادھیائے ۱۳ - شلوک ۲۷) +
۳۱۹	وِشوادسو (گندھرو)	۱۳۹	وِشوادسو (گندھرو) کا نام وید میں اسی سوکت کے اندر آیا ہے + پُرانوں کی رو سے جب پرتھو نے گئو روپی پرتھوی کو دھوکر اُس میں سے اناج نکالا تھا تب گندھروں میں سے اسی وِشوادسو نے دوگدھا ارتھات دوہنی بن کر اس میں سے گندھ روپی دودھ نکالا تھا +
۳۲۰	اگنی (پاوک)	۱۴۰	اگنی (پاوک) اس سوکت کا رشی ہے

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
	کا رشی ہے اور رُشدھ اگنی دیوتا ہے ✣		اور رشدھ اگنی دیوتا ہے (دیکھو سنکھیانک ۲۴۸)
۳۲۱	اگنی (تاپس)	۱۴۱	دیکھو سنکھیانک ۲۴۸ ✣
۳۲۲	شارنگ ارتھات شرنگ گوتر کے رشی اور درون آدک کئی اور رشی ✣	۱۴۲	
۳۲۲	آتری (سانکھیہ ارتھات سنکھ گوتری)	۱۴۳	مقابلہ کے لئے دیکھو سنکھیانک ۷۹ ✣ اس سے ظاہر ہے کہ آتری دو ہوئے ہیں ایک بھئوم اور ایک سانکھیہ۔ ان میں شاید ایک پرجاپتیوں میں سے ہے اور دوسرا سپت رشیوں میں سے ✣ سنکھ کا حال معلوم نہیں کہ کون ہے مگر شریمد بھاگوت (۳-۸-۷/۸) سے ظاہر ہے کہ سنت کپل نے سانکھیاین کو اور سانکھیاین نے پراشر کو گیان سکھایا اور سانکھیاین کا نام سنکھ سے مرکب ہے۔ جیسے باورایین کا نام بدر سے (گوتر کے ارتھ میں) ✣ شنکھ کا نام تو پانینی

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			کے کئی سوتروں میں آیا ہے مگر معلوم نہیں کہ شنکھ اور سنکھ ایک ہی ہیں یا الگ الگ ÷
۳۲۴	سونِرن (تارکشیہ کاپُتر) اُوزدھوکرشن (یامایَن)	۱۴۴	دیکھو سنکھیانک ۳۵۸ ÷ دیکھو سنکھیانک ۳۱۵ ÷
۳۲۵	اِندرانی	۱۴۵	
۳۲۶	دیومُنی (اِرنمد کاپُتر)	۱۴۶	
۳۲۷	سودیدا (شرِیش کاپُتر)	۱۴۷	
۳۲۸	پرِقھو (وین کا پُتر)	۱۴۸	دیکھو سنکھیانک ۳۰۳ ÷
۳۲۹	آرچن یا اَرچت (ہرنیہ ستوپ کا پُتر) ÷	۱۴۹	دیکھو سنکھیانک ۱۸۷ ÷
۳۳۰	مرڈیک (واسشٹھ)	۱۵۰	دیکھو وسشٹھ کا حال سپت رشیوں کے پرسنگ میں ÷ وید میں مرڈیک کا نام بھی اس سُوکت میں آیا ہے ÷
۳۳۱	شردّھا (کاماینی)	۱۵۱	اس سُوکت کی دیوتا بھی شردّھا ہے ارتھات اس سُوکت کے اندر استتی بھی شردّھا کی ہی ہے ÷ اسکو کاماینی اس لئے کہا ہوگا کہ من میں سب سے پہلے کام اُتپن ہوتا ہے (دیکھو

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			رگوید - ۱۰-۱۲۹-۴) پھر شردّھا پیدا ہوتی ہے ✣ پُرانوں میں شردّھا کو دکش کی اُن تیرہ ۱۳ پُتریوں میں شُمار کیا ہے جو دھرم کو بیاہی گئی تھیں اور کام کو شردّھا کا پُتر بیان کیا گیا ہے (دیکھو وشنو پُران = ۱-۷-۲۸) ✣
۳۳۲	شاس (بھاردواج)	۱۵۲	شاس کا نام بھی اِس سُوکت کے اندر آیا ہے ✣
۳۳۳	اِندر کی ماتا	۱۵۳	
۳۳۴	یمی (وِوسوان کی پُتری)	۱۵۴	یم کی بہن (دیکھو سنکھیانک ۲۲۷) ✣
۳۳۵	شرمنبھ (بھاردواج)	۱۵۵	شرمنبھ کا نام بھی اِس سُوکت میں آیا ہے
۳۳۶	کیتو (اگنی پُتر)	۱۵۶	کیتو کا نام اِس سُوکت میں آیا ہے ✣
۳۳۷	بھُون (آپتیہ) یا سادھن (بھوُدن)	۱۵۷	بھُون کا نام اس سُوکت کے اندر آیا ہے اور یہ بھُون ترِت (آپتیہ) کے سب سے بڑے بھائی ایکت کا دوسرا نام ہوگا ✣ دیکھو سنکھیانک ۱۱۷ اور ۲۶۳ ✣
۳۳۸	چکشو (سُوریہ کا پُتر)	۱۵۸	چکشو کا شبد اس سُوکت میں آیا ہے مگر ربط عبارت سے وہ کیول آنکھ

منکھیا نک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			کا واچک وِدِت ہوتا ہے۔ یوں چھوٹے منونتر کا منوچا کشش چکشوش (چکشو) کا پُتر ہے اور وہ چکشو یہ چکشو ہوگا جس کو اس سوکت ۱۵۸ کا رشی مانا ہے + مقابلہ کے لئے دیکھو سنکھیا نک ۲۱۷ +
۳۳۹	شچی (پُلوم کی پُتری)	۱۵۹	شچی اندرانی کا نام ہے۔ اور وہ ایک اسُر پُلوم کی پُتری تھی + پھر گو رشی کی استری پُلوما جس سے چیون رشی پیدا ہوئے اُس کا بھی ایک اسُر پُلوم سے کچھ جھگڑا ہوا تھا اور اُس کی کتھا مہابھارت (آدی پرو — ادھیائے ۵) میں آئی ہے +
۳۴۰	پُورن (وئشوامتر)	۱۶۰	
۳۴۱	یکشم ناشن (پرجاپتی کا پُتر)	۱۶۱	یکشم تپ دق کو کہتے ہیں۔ اس سوکت میں رشی یکشم ناش کرنے کی پرارتھنا کرتا ہے۔ اس لئے وہ یکشم ناشن ہے + یکشم اور راج یکشم کے بدا اس سوکت کے اندر آئے ہیں +

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
۳۴۲	رکشوہا (اگنی) برہم پُتر +	۱۶۲	یہ سوکت گرہ رکھشا کے وشے میں ہے + اور اس کے اندر رکشوہا کا شید آیا ہے جس کا ارتھ ہے راکشسوں کا ہنن کرنے والا +
۳۴۳	وِوُرِہا (کاشیپ)	۱۶۳	یہ سوکت بھی یکشم کی بیماری کے دور کرنے کے وشے میں ہے - اس میں رشی کہتا ہے کہ میں یکشم کو وِوُرہا ہی دور کر دونگا - اس سے وہ رشی وِوِرِہا ہے - وُرِ دھاتو سے اُوِین کے ارتھ میں +
۳۴۴	پرچیتا (آنگرس)	۱۶۴	منوسمرتی (ادھیائے ۱ - شلوک ۳۵) میں پرچیتا کو دس پرجاپتیوں میں سے ایک پرجاپتی شمار کیا ہے (دیکھو پیچھے پرجاپتیوں کا حال اسی ادھیائے کے آرمبھ میں) + پُرانوں میں پرچیتس دس ہیں مگر وہ سب ایک جان ہیں اور دھرم نبی وکش اُن کا پُتر ہے (دیکھو شریمد بھاگوت - اسکندھ ۴) +

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوُکت سنکھیا	پریشیش
۳۴۵	کپوت (نرِرتی کا پُتر)	۱۶۵	مثیہ پُران کی نامادلی میں پرچیتا کو بھرگو گوتریوں میں لکھا ہے + وید میں کپوت اور نرِرتی دونوں شبد اسی سوُکت میں آئے ہیں + نرِرتی کا نام وید میں اور کئی سوُکتوں میں بھی آیا ہے - اور اُس سے دکھن کا یا زمین کے نصف کرہ جنوبی کا دیوتا (یَم) مُراد ہے + منوسمرتی (ادھیائے ۱۱ شلوک ۱۱۹) میں گئوہتیا کے پرایشچت کے لئے نرِرتی کا پُوجن لکھا ہے + پُرانوں میں نرِرتی ادھرم کی استری ہے اور مرشیو اُس کا پُتر ہے (مہابھارت - آدی پرو - ادھیائے ۶۶ شلوک ۵۴-۵۵) ساین نے نرِرتی کو پاپ دیوتا لکھا ہے + کپوت (کبوتر) کا نرِرتی کے اسی پُتر کپوت کے ہم نام ہونے کے کارن گھر میں ہونا پاپ سمجھا گیا ہے اور یہ سوُکت اُس پاپ کے

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
۳۴۶	رکھب (وِراج کا یا شکر کا پُتر)	۱۶۶	پرایشچت کے وشے میں سمجھا جاتا ہے۔ وید کے اندر رکھب اور وِراج کے نام اس سوکت میں آئے ہیں۔ مقابلہ کے لئے دیکھو سنکھیانک ۱۸۹۔
۳۴۷	وِشوامِتر اور جمدگنی	۱۶۷	یہ دونوں سپت رشیوں میں شامل ہیں اور ان کے حالات پیچھے مفصل بیان کئے جا چکے ہیں۔ اس سوکت کے آخری منتر میں بھی ان دونوں کے نام اکٹھے آئے ہیں۔
۳۴۸	اَنِل (واتاین = وات گوتری)	۱۶۸	اَنِل اور وات دونوں ہوا کو کہتے ہیں اور شاید اس ہی لئے اَنِل کو واتاین لکھا ہے۔ وات کا شبد بھی اس سوکت میں آیا ہے۔ دیوتا بھی اس سوکت کا وایو یعنی وات (باد) یا ہوا ہے۔ پُرانوں میں ایک وات دوسرے منونتر کے سپت رشیوں میں سے ہے۔ ایک اور واتاین یعنی وات گوتری رشی کا حال آگے سنکھیانک ۳۶۶ پر آیا ہے۔

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پرلیشیش
			اَنل آٹھ وسوون میں سے ایک وسو کا نام بھی ہے +
۳۴۹	شُبر (ککشی وان کا)	۱۶۹	دیکھو سنکھیانک ۱۸۷ +
۳۵۰	وِبھراٹ (سُوریہ یا سُوریہ پُتر)	۱۷۰	وید میں وبھراٹ کا شبد اسی سوکت میں آیا ہے +
۳۵۱	اِٹ (بھارگو)	۱۷۱	وید میں اِٹ کا شبد اسی سوکت میں آیا ہے +
۳۵۲	سمورت (آنگرس)		اس سوکت میں سم پور بک ورِت دھاتو سے مرکب سم ورت کا شبد بھی آیا ہے اور رشی کا نام جھلکاتا ہے + مہابھارت (بن پرو) میں ایک تیرتھ کا ذکر آیا ہے جس کا نام برھم رشی سمورت کے نام پر سمورت ہے + شرمد بھاگوت (۹-۲-۲۶) سے ظاہر ہے کہ یہ انگرس کا پُتر تھا اور اس نے اُس راجا مرت کا یگیہ کرایا تھا جو اکشواکو کے بھائی دِشٹ کے بنس میں ہؤا ہے اور جس کا یگیہ پر سِدھ ہے + برہسپتی

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
			اور اُتتھیہ اس کے بھائی تھے (دیکھو سنکھیانک ۱۷۷) +
۳۵۳	دُھرو (آنگرس)	۱۷۳	اس سوکت میں راجا کی استُتی ہے اس لئے یہ استُتی ہی اس کا دیوتا ہے۔ دُھرو کا شبد اس استُتی میں بار بار آیا ہے اور دُھرو کا ارتھ ہے اچل کیونکہ دُھرد یعنی قُطب بھی اچل ہے + پُرانوں کے اتہاس میں دُھرو سب سے پہلے منو یعنی سوایمبھو و منو کے بیٹے اُتّان پاد کا بیٹا ہے اور انگ اور وین اور پرتھو جن کے ذکر پیچھے کئی دفعہ آئے ہیں اسی کی سنتان ہیں + (دیکھو سنکھیانک ۳۰۳) +
۳۵۴	ابھی وُرت (آنگرس)	۱۷۴	اس سوکت کا دیوتا بھی راج استُتی ہے اور اس میں "ابھی ورت" دھاتو سے مُرکّب ابھی وُرت آدک کئی شبد آئے ہیں جس کا ارتھ ہے کسی کی طرف جانا یا رُخ کرنا یا رجوع

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پرکاشیش
			کرنا + اور یہی شبد رشی کا نام جھلکاتے ہیں +
۳۵۵	اَوُرد دھو گِراوا (اَربُدکا پُتر)	۱۷۵	دیکھو سنکھیانک ۲۷۴ جہاں سُوکت ۹۴ کا رشی اَربُد ہے + اُس سُوکت کا اور نیز اس سُوکت کا دیوتا گِراوان ہے ۔ گراؤن یا گراوان کا ارتھ کوش میں پتھر یا پہاڑ کا ہے اَربُد سرپ جاتی کا ہے اور سرپ جاتی کا سمبندھ پہاڑ سے ظاہر ہے اور اسی سمبندھ سے نگ سے ناگ بنا ہے +
۳۵۶	سُونو (رِبھو کا پُتر)	۱۷۶	رِبھو وید میں رِتوؤں یعنی موسمون کے ابھی مانی دیوتا ہیں ۔ اور کئی سُوکتوں کے دیوتا ہیں ۔ چوتھے منڈل کے سُوکت ۳۳ تا ۳۷ جن کے رشی وام دیو ہیں خصوصاً ان کی استُتی میں ہیں + اس سُوکت ۱۷۶ کے دیوتا بھی یہی رِبھو ہیں اور اسمیں رِبھوؤں کا نام بھی آیا ہُوا ہے +

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
۳۵۷	پتنگ (پرجاپتی کا پُتر)	۱۷۷	پتنگ کا نام وید کے اندر بھی اس سُوکت میں آیا ہے + اور پتنگ کا ارتھ سُورج ہے کیونکہ وہ آسمان میں پتنگ ارتھات پرندہ کی سمان اُڑا چلا جاتا ہے +
۳۵۸	ارِشٹ نیمی (تارکشیہ)	۱۷۸	ارِشٹ نیمی (تارکشیہ) کا نام وید میں بھی اس سُوکت کے اندر آیا ہُوا ہے اور اس سُوکت کا دیوتا بھی تارکشیہ ہے + پُرانوں کی رو سے ارِشٹ نیمی گرُڑ کا بھائی ہے اور کشیپ کا پُتر ہے دکش کی پُتری وِنتا کے پیٹ سے گرُڑ کے بھائی کا دوسرا نام اُرن ہے۔ وہ سورج کا رتھبان ہے اور اس کا نام ارشٹ نیمی شاید اس وجہ سے ہے کہ اُس کے رتھ کے چکر کی نیمی ارشٹ ارتھات اَبدھ ہے + اُرن کا ارتھ اُس سُرخی کا ہے جو صبح سورج کے نکلنے سے

نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			پہلے آسمان پر نمودار ہوتی ہے ؛ پانِنی (۴-۱-۱۰۵) کے گرگ آدی گن میں تَرکش رشی کا نام آیا ہے اور اس سُوکت کے انوسار تارکشیہ کا ارتھ تَرکش گوتری ہے - پس ارشٹ نیمی (تارکشیہ) تَرکش گوتری یعنی تَرکش کا پوتا ہے اور اُس کا پتا کشیپ جو جوتارکش ہے (دیکھو آپتے کی سنسکرت ڈکشنری) تَرکش کا پُتر ہے ؛ مہابھارت (بن پرو - ادھیائے ۱۸۴) میں رشی ارشٹ نیمی کی ایک کتھا ہے جس کے ایک راجکمار کے سمبندھ میں آئی ہے ؛
۳۵۹	شوِی (اوشی نرکا پُتر) ؛ پرتردن (کاشی کا راجا) ؛ وسومنا یا وسومان ؛ رودھاسو کا پُتر ؛	۱۷۹	اِس سُوکت کے تین منتر ہیں اور تینوں کا رشی الگ الگ ہے ؛ شوِی اور اُسکا پتا اوشی نر دونوں اتہاسی یعنی تاریخی ہستیاں ہیں اور یاتی کے پُتر اور پرد کے بھائی آنو کے بنس میں آنو سے سات آٹھ

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			پیڑھی پیچھے ہُوئے ہیں + (پیاتی کے لئے دیکھو پیچھے سنکھیا تک ۲۱۰) + پرترون بھی تاریخی ہستی ہے جس کے لئے دیکھو سنکھیانک (۲۰۵) + ایک وسومان پُرورَوا کے پُتر اور آیو کے بھائی شُرت آیو کا بیٹا بھی ہے - یہاں وسومان اور وسومنا خبر نہیں کس رِوہداشو کے پُتر ہیں + رِوہداشو اور وسومان کے شبد وید میں کئی جگہ آئے ہیں مگر وہ کیول گُن واچک یوگک شبد پرتیت ہوتے ہیں - رِوڑھی نہیں +
۳۶۰	جے (اِندر کا پُتر)	۱۸۰	اِس سُوکت کا دیوتا اِندر ہے چناچہ اِندر کا نام اس سُوکت کے اندر آیا ہے +
۳۶۱	پرَتھ (واسشٹھ) سپرتھ (بھاردواج) دھرم (سُوریہ)	۱۸۱	اس سُوکت کے تین منتروں کے بھی تین رِشی الگ الگ ہیں اور اِن تینوں رِشیوں کے نام بھی پرتھ سپرتھ اور دھرم اس سُوکت کے

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پریشیش
			کے اندر آئے ہیں اور اسی طرح سے وسِشٹھ - بھردواج اور سُوریہ کے نام بھی آئے ہیں +
۳۶۲	تپُر مُوردھا (برہسپتی کا پُتر)	۱۸۲	ان دونوں باپ بیٹوں کے نام (اگر یہ دونوں باپ بیٹے ہی ہیں) اس سُوکت کے اندر آئے ہیں - اور برہسپتی اس سُوکت کا دیوتا ہے +
۳۶۳	پرجاوان (پرجاپتی کا پُتر)	۱۸۳	یہ سُوکت بجمان اور اُس کی پتنی کو پرجا پیدا کرنے کی آشیرواد دیتا ہے +
۳۶۴	توشٹا (گربھ کرتا) یا وشنو (پرجاپتی کا پُتر)	۱۸۴	یہ سُوکت گربھ کے لئے آشیرواد دیتا ہے +
۳۶۵	سنتیہ دھرتی (وُرن کا پتر)	۱۸۵	وُرن وید کا وہ دیوتا ہے جو رت اور ستیہ کا ادھشٹا تا ہے - اس لئے ستیہ دھرتی اس کا پُتر ہُوا - وُرن کا نام اس سُوکت کے اندر آیا ہے اور یہ سُوکت سوستی اَین کا ہے +
۳۶۶	اُل (واتاین)	۱۸۶	دیکھو سنکھیا نک ۳۴۸ +
۳۶۷	وتس (اگنی کا پُتر)	۱۸۷	اس سُوکت کا دیوتا بھی اگنی ہے + اگنی کے لئے دیکھو پیچھے سنکھیا نک ۲۴۸


سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سُوکت سنکھیا	پرلیشش
			نیز دیکھو سنکھیانک ۹۷ +
۳۶۸	شچیئن (اگنی کا پُتر)	۱۸۸	اس سُوکت کا دیوتا بھی اگنی (جات ویدس) ہے +
۳۶۹	سارپ راگیئی	۱۸۹	اس سُوکت کا دیوتا بھی سارپ راگیئی ہے یا سُورج ہے (کیونکہ راگیئی جس کا ارتھ رانی ہے سُورج کی رانی کے لئے خاص طور پر آتا ہے) + سائن آچارج نے سارپ (سرپ جاتی کی) راگیئی (رانی) سے پرتھوی کا ابھانی دیوتا سمجھا ہے + شت پتھ براہمن (۲-۱-۴-۳۰) میں اس کو خود پرتھوی ہی مانا گیا ہے - اور ائیترے براہمن (۵-۴-۴) میں بھی ایسا ہی مانا گیا ہے + مگر ممکن ہے کہ یہ راگیئی سرپ جاتی کی کوئی رشیکا ہو - جس طرح کہ آزبدا اور اُس کا پُتر اُدر دھو گراوا (سنکھیانک ۲۷۴ اور ۳۵۵ پر) اسی سرپ جاتی کے رشی ہوئے ہیں +

سنکھیانک نمبر شمار	رشیوں کے نام اور گوتر	سوکت سنکھیا	پریشیش
۳۷۰	اگھمرشن (مدھوچھند اکاپُتر)	۱۹۰	دیکھو سنکھیانک ۱ ÷ وید کا یہ منتر کہ "سُوریا چندرمسو دھاتا یتھا پُورو مکلپیت" اسی سوکت کا منتر ۳ ہے ÷
۳۷۱	شمُونن	۱۹۱	شمُونن کا شید اسی دسویں منڈل کے سوکت ۹۳ کے منتر ۱۲ میں آیا ہے ÷ اور یہ سوکت ۱۹۱ اس بات کی سکشا دیتا ہے کہ سب مِل جُل کر چلو (سم گچھدھوم) اور سب کام سم متی کے ساتھ کرو ÷ (اور یہ وید کی آخری سکشا ہے)

رشیوں کی اس فہرست سے جو شمُونن کی آرش انوکرمنی سے اُودھرت کی گئی ہے اور جس کو کاتیائن نے بھی اپنی سروآنوکرمنی میں مانا ہے اور جو رگوید سنگھتا کی چھپی ہوئی پُستکوں میں جو آج کل پرچلت ہیں اسی طرح دی ہوئی ہے اور جس کو سب مانتے ہیں وِدت ہوگا کہ اِس فہرست میں اِندر آدک دیوتاؤں اور بھرگو آدِک پرجاپتیوں اور وسِشٹھ آدِک سپت رشیوں اور اگنیہ نیشہ اور نیمیٹک رشیوں کو چھوڑ کر جو خاص اتہاس سے سمبندھ نہیں رکھتے ہیں چند ایسی وِیکتیاں یا ہستیاں بھی ہیں جو کیول اتہاس سے ہی سمبندھ رکھتی ہیں ۔ اور اُن ہستیوں کے نام اور سنکھیانک یعنی اس فہرست میں اُن کے نمبر شمار یہ ہیں جو آگے درج کئے جاتے ہیں :۔

میدھاتِتھی	۳	سوہوتر	۸۲
کنو	۷	گرگ	۸۶
پرسکنو	۸	پریہ میدھ	۹۳
پراشر	۱۱	منو (ویوسوت)	۱۰۹
پرچیپ	۱۵	وِرُوپ	۱۱۴
دیرگھتمس	۱۶	جمدگنی	۱۵۴
گرتسمد	۱۸	پرترون	۲۰۵
وِشوامتر	۲۳	امبریکھ	۲۰۷
گادھی	۲۷	یاتی	۲۱۰
ترشدسیو	۳۱	نہُش	۲۱۱
پُرومیڈھ / اجمیڈھ	۳۲	نبھگ	۲۵۱
		پُرورَوا	۲۷۵
بھرو	۵۳	پرشورام	۲۹۰
سموَرَن	۵۶	مان دھاتا	۳۱۴
وِیت ہوتر	۸۱	شِوی	۳۵۹

اِن ہستیوں میں سُورج بنس کی آخری ہستی ترشدسیو ہے جو سُورج بنس کے بانی اکشوا کو سے بیس پیڑھی پیچھے ہے + اور چندر بنس کی آخری ہستیاں اپنی اپنی شاخوں میں یہ ہیں:- گرتسمد - پرترون - وشوامتر - دیرگھتمس - پرشورام بھرو - سموَرَن + ان میں سموَرَن سب سے پیچھے ہے اور اکشوا کو کے ہمکالین پُرورَوا سے جو چندر بنس کا بانی ہے اُنتیس پیڑھی پیچھے ہے جیسا کہ اُس نقشہ سے واضح ہوگا جو اگلے صفحہ (۲۰۰) پر دیا جاتا ہے:-



نوٹ:- اس شجرہ کے ساتھ اُس شجرہ کو بھی دیکھو جو پیچھے صفحہ ۸۷ پر درج کیا گیا ہے۔ پوری بنسا ولیاں انکی اس سے اگلے ادھیائے میں اپنی اپنی جگہ پر دی گئی ہیں۔ یہاں اُن بنسا ولیوں کے نمبر دیدئے گئے ہیں۔

اس بنساولی سے ظاہر ہے کہ زمانہ کے لحاظ سے آخری رشی جو ویدمنتروں کا درشٹا ہؤا ہے وہ راجرشی سمورَن ہے جو اکشواکو کے سمکالین پُروروا سے ۲۹ یا ۳۰ پیڑھی پیچھے ہؤا ہے + شونک کی آرش انوکرمنکا میں اس کو پرجاپتی کا پُتر لکھا ہے مگر مہابھارت میں جو سُورج کی پُتری تپتی کے بواہ کی کتھا اس کے ساتھ جوڑی گئی ہے اُس سے ظاہر ہے کہ ویدک رشی سمورَن راج بنساولی کا یہ ہی سمورَن ہے جس کے بنس میں کورو پیدا ہوا + اب ہم اس سے پچھلے دونوں ادھیاؤں میں دکھا آئے ہیں اور آگے پھر دکھائیں گے کہ اِن بنساولیوں میں ایک پیڑھی بحساب اوسط سو برس کی ہے - اس لئے اِن ویدک رشیوں کا کال منو کے بیٹے اکشواکو سے لے کر تیس۳۰ پیڑھی آگے تک یعنی تین ہزار برس آگے تک رہا اور چونکہ اکشواکو کا زمانہ اُس برفانی طوفان سے شروع ہوتا ہے جس کو آج تقریباً چودہ ہزار برس ہوئے اور جس کا ذکر ہم پیچھے کر آئے ہیں اس لئے ان ویدک رشیوں کا زمانہ یعنی ویدک کال آج سے چودہ ہزار برس پہلے سے لے کر آج سے گیارہ ہزار برس پہلے تک رہا + طوفان سے پہلے کا زمانہ اتہاس سے پہلے کا زمانہ ہے اور اُس کی کچھ کچھ جھلک وید کے منتروں میں دکھائی دیتی ہے چنانچہ رگوید (۳-۳۲-۱۳) میں رشی وِشوامِتر کہتے ہیں کہ میں اُس اِندر کی استتی کرتا ہوں جس کے لئے پُورو کال (زمانہ سابق) میں مدھیم کال (زمانہ درمیانی) اور نُوتن کال (زمانہ حال) میں اوروں نے بھی استتیاں کی ہیں + اور اسی طرح سے رگوید (۶-۲۱-۵) میں بھردواج کہتے ہیں کہ اے اِندر جو رشی کہ پُورو کال میں یا مدھیم کال میں یا نُوتن کال میں ہوئے ہیں اُنہوں نے اپنی استتیوں سے تیری مِتر تا پراپت کی ہے اب تو میری استتی بھی سُن +

پس ویدک کال کا یہ زمانہ جو ہم نے آج سے چودہ ہزار برس پہلے شروع ہونا قرار دیا ہے ویدک کال کا نوتن کال یعنی زمانہ حال ہے جس کا اتہاس اکشواکو سے شروع ہوتا ہے + اس سے پہلے کا زمانہ جو پُوروکال اور مدھیم کال کا زمانہ ہے اتہاس سے پہلے کا زمانہ ہے جو جیولوجی کے اُن زمانوں سے تعلق رکھتا ہے جن کا حال ہم نے دوسرے ادھیائے میں بیان کیا ہے[۴۷۶] رشیوں کی اُس فہرست میں جو ہم نیچے دے آئے ہیں سنکھیا نک ۲۷ پر دیوآپی کا نام آیا ہے جو دسویں منڈل کے سُوکت ۹۸ کا رشی ہے اور اس کے نام کے آگے ہم نے یہ نوٹ دیا ہؤا ہے کہ اس کا ذکر ہم آگے کریں گے + چنانچہ ہم اب اُس کا ذکر کرتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ اس سُوکت میں دیوآپی اِندر سے پرارتھنا کرتا ہے کہ شنتنو کے لئے بادل برسا - اور اس کا اتہاس یاسک آچارج نے نِرکت (ادھیائے ۲- کھنڈ ۱۰ تا ۱۲) میں یوں برنن کیا ہے کہ دیوآپی (آرشٹی شین ارتھات

---

[۴۷۶] اس سلسلہ میں یہ معلومات بھی دلچسپی سے خالی نہ ہونگیں کہ برطانیہ اور امریکہ کے کھُدائی کرانے والوں نے ملک فلاسطین کے اندر کوہ کارمل کے دامن میں غاروں کا ایک سلسلہ دریافت کیا ہے جن میں کوئی ایک لاکھ برس سے لگاتار انسان کی رہائش کے آثار پائے جاتے ہیں - چند مکمل پنجر انسانوں کے ایسے ملے ہیں جو آج سے پچہتر ہزار برس پہلے کے جانچے گئے ہیں اور ایک آدمی کی ٹوٹی ہوئی ران کی ہڈی آج سے نوّے ہزار برس پہلے کی جانچی گئی ہے + ہندوستان کے اتہاس میں یہ لاکھ لاکھ برس کے زمانے اور اس سے بھی پہلے کے زمانے وہی زمانے ہیں جن کو ویدمیں اسجگہ پُوروکال اور مدھیم کال کہا ہے + مگر جن کی کوئی تاریخ نہیں ہے +

رِشٹی شین کا پُتر) اور شنتنو کورو ونش کے دو بھائی تھے چھوٹا بھائی شنتنو راجا بن گیا اور بڑا بھائی دیوآپی تپسوی ہوگیا شنتنو کے راج میں بارہ برس تک برکھا نہیں ہوئی اور براہمنوں نے اُس سے کہا کہ تُو نے ادھرم کیا ہے جو بڑے بھائی کی جگہ آپ راجا بن بیٹھا ہے اس لئے دیو تیرے لئے برکھا نہیں کرتا ہے۔ اس پر شنتنو دیوآپی کے پاس گیا اور اُس سے کہا کہ تم راج سنبھالو۔ پر دیوآپی نے کہا کہ راج تم ہی کئے جاؤ میں تمہارا پروہت بن کر تُم سے یگیہ کراؤنگا اور برکھا ہو جائے گی۔ اور یہ سوکت اُسی یگیہ کے وشے میں ہے۔ اِتی +

اب پُرانوں کی بنسا ولی میں دیوآپی اور شنتنو کورو ونش میں پرتیپ کے بیٹے دو سگے بھائی ہوئے ہیں اور اگر وید کے دیوآپی اور شنتنو پُرانوں کے یہ ہی دیوآپی اور شنتنو ہیں جو پرتیپ کے بیٹے ہیں تو ویدک رشیوں کا زمانہ مہابھارت کے زمانہ تک چلا جاتا ہے کیونکہ دیوآپی رگوید کے منڈل ۱۰ کے سوکت ۹۸ کا رشی ہے اور اُس کا بھائی شنتنو مہابھارت کے پرسِدّھ جودھا بھیشم پتامہ کا پتا ہے + مگر یہ بات اَپرمانک ہے اور سروتھا امانیہ ہے اس لئے وشنو پُران کے ٹیکا کار شری دھر نے نوٹ کیا ہے کہ ویدک سوکت میں جس آکھیان کا اشارہ ہے وہ کسی اور کلپ کا آکھیان ہے اس کلپ کا آکھیان نہیں ہے + اور شری دھر کا یہ کہنا نرمول نہیں ہے کیونکہ ویدک دیوآپی آرشٹی شین ہے ارتھات رشٹی شین کا آتمج یا گوترج ہے اور پُورانک دیوآپی پرتیپ کا آتمج ہے + پھر وید میں ان دونوں کو ایک دُوسرے کے بھائی نہیں لکھا ہے مگر پُرانوں میں یہ ایک دوسرے کے سگے بھائی ہیں اور یاسک نے پُرانوں کے اس برنن سے ہی متاثر ہوکر

اِن دونوں کو اپنے نرکت میں بھی ایک دُوسرے کا بھائی لکھدیا ہے + اور پھر ویدک آکھیان اور پُورانک آکھیان میں بھی کچھ بھید ہے کیونکہ ویدک آکھیان تو یہ ہے کہ دیوآپی نے شنتنو کا پروہت بن کر یگیہ رچا اور اُس یگیہ کے پربھاو سے ورشٹی ہوئی اور پُرانوں کا آکھیان یہ ہے کہ شنتنو نے براہمنوں کے کہنے سے دیوآپی کے پاس ایسے لوگ بھیجدیئے جو وید کے وِرودھی تھے اور اُن کی سنگت سے دیوآپی بھی وید کا وِرودھی ہوگیا اور دھرم سے پتت ہوگیا اور پتت ہو جانے سے راج کا ادھکاری نہ رہا ۔ شنتنو ادھکاری ہوگیا اور ورشٹی ہوگئی (دیکھو شریمد بھاگوت ۔ اسکندھ ۹ ۔ ادھیائے ۲۲ ۔ شلوک ۱۴ تا ۱۷ + اور وشنو پُران انش ۴ ۔ ادھیائے ۲۰ ۔ واکیہ ۹ تا ۳۰) +

علاوہ اس کے شریمد بھاگوت (۱۲ ۔ ۲ ۔ ۳۷) میں اور وشنو پُران (۴ ۔ ۲۴ ۔ ۱۱۸) میں یہ بھی لکھا ہے کہ کلجُگ کے انت اور ست جُگ کے آدی میں یہ پُروبنسی شنتنو کا بھائی دیوآپی پھر نئے سرے سے کشتر بنس کا پرورتن اور ورن آشرم دھرم کا پرتھن کرے گا اور ہر چترُ یُگ میں یونہی ہوا کرے گا + اور اس سے ظاہر ہے کہ رگوید (۱۰ ۔ ۹۸) میں جو دیوآپی اور شنتنو کا ذکر آیا ہے وہ کسی ایسے چترُ یُگ کا ذکر ہے کہ جب دیوآپی کسی پچھلے کلجُگ کے انت اور ست جُگ کے آدمیں رشٹی شین کا پُترِ بنا اور نئے سرے سے کشتر بنس کا پرورتک اور ورن آشرم دھرم کا پرچارک ہُوا +

اِن باتوں کو دھیان میں نہ رکھ کر مسٹر پارجیٹر (Pargiter) آدک فرنگی وِدوانوں نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ ویدک کال مہابھارت کے زمانہ

سے ملا ہوا ہے۔ اور ریاست گوالیار کے ایک ریٹائیرڈ چیف جسٹس رائے بہادر چنتامنی وِنایک وَیدیہ نے بھی جو یونیورسٹی بمبئی کے آنریری فیلو بھی تھے اپنی ایک تصنیف میں جو مرہٹی زبان میں مہابھارت کا ایک اُپسنگھار (خلاصہ) ہے اور جس کا ترجمہ ہندی میں مہابھارت میمانسا کے نام سے ہوا ہے ان ہی لوگوں کی پیروی کی ہے + مگر یہ اُن کی بھول ہے اور اس بھول کے جو کارن ہیں وہ ہم اُوپر بیان کر آئے ہیں + اسی طرح سے جو یہ وِدوان رگوید (۴-۱۵-۹) میں ساہدیوئہ سومک (ارتھات سہدیو کے پُتر سومک) کا نام آجانے سے یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ یہ سومک اور سہدیو وہ ہیں جو پُورانک راج بنسا دلیوں میں دروپدی کے باپ دروپد کے دادا اور پردادا ہیں اور اسلئے انکے نام بھی اسبات کی دلیل ہیں کہ وید کا زمانہ مہابھارت کے زمانہ سے ملا ہوا ہے وہ بھی ٹھیک نہیں ہے کیونکہ وید میں اکثر ایسے نام اور شبد آتے ہیں کہ جن سے پچھلے راجاؤں نے اپنے نام رکھے ہیں اور اُن سے یہ صادق نہیں آتا کہ وہ ویدک نام اور یہ پچھلے نام ایک ہی زمانہ کے ہیں تاوقتیکہ کوئی اور قراین اسبات کے ثبوت میں پیدا نہ ہوں + مثلاً وید میں ایک راجا سُداس کا ذکر آیا ہے اور پُورانک راج بنسا دلیوں میں ایک سُداس تو اسی سومک کے پتا سہدیو کا دادا ہوا ہے اور ایک سُداس وہ ہوا ہے جو راجیندر جی سے بھی بارہ پیڑھی پہلے ہوا ہے اور جس کا مفصل ذکر ہم پیچھے رشی وسشٹھ اور رشی وشوامتر کے پرسنگ میں کر آئے ہیں۔ اور اگر ویدک ناموں کی شناخت کا دارو مدار صرف اسی بات پر رکھا جائے کہ وہ پُورانک ناموں سے مطابقت کھاجاویں تو ویدک سُداس پُورانک سُداسوں میں سے چاہے جونسا سُداس قرار دیا جا سکتا ہے۔ مگر ایسا نہیں ہو سکتا +

لوگ کہیں گے کہ اگر یہ ہی بات ہے کہ ویدک ناموں اور پُورانک ناموں کی ایکتا سے ہی ان نام دھاری ویدک اور پُورانک ہستیوں کی ایکتا سمجھ لینی ٹھیک نہیں ہے تو اس بات کا ہی کیا ثبوت ہے کہ تم نے جو ویدک رشیوں کو ان ہی ناموں کے آدھار پر پُورانک منوسولیوں کے راجاؤں سے جا ملایا ہے وہ ضرور ٹھیک ہے + اس کا جواب یہ ہے کہ ہم نے جو کچھ قرار دیا ہے وہ شونک کی انوکرمنی میں دئے ہوئے پتہ کے بموجب قرار دیا ہے اور جو نقشہ ہم نے ان راج رشیوں کا نیچے صفحہ (۲۰۰) پر دیا ہے اُس پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ یہ سلسلہ مسلسل ہے اور اس میں کہیں کوئی کھانچہ نہیں ہے + برخلاف اس کے اگر رگوید میں آئے ہوئے دیوآپی اور سومک کو مہابھارت کے زمانہ کا دیوآپی اور سومک سمجھا جائے تو ان میں اور سمورن میں جو وید کا آخری رشی ہے کوئی ساٹھ پینسٹھ پیڑھی کا کھانچا رہیگا (کیونکہ سمورن تو پُروروا سے تیس پیڑھی نیچے ہے اور دیوآپی اور سومک مہابھارت کے سمے میں ہوکر راجا بربل کے سمکالین ہوئے جو پُروروا کے سمکالین اکشواکو سے ۹۵ پیڑھی نیچے ہے) اور سمورن سے ساٹھ پینسٹھ پیڑھی پیچھے تک کسی راجا کا منتر درشٹا رشی نہ ہونا اور پھر دفعتہً دیوآپی اور سومک کا نکل پڑنا قرین قیاس نہیں ہے۔ اس لئے ویدک رشیوں کا زمانہ درمیان جُگ میں اکشواکو سے شروع ہوکر کوروسے پہلے سمورن تک ہی رہا اور اُس سے آگے نہیں بڑھا + اکشواکو سے سمورن تک تیس پیڑھیاں ہیں۔ ایک پیڑھی یا یوں کہو کہ ایک نام پیچھے سو برس نکلتے ہیں اسلئے تیس پیڑھیوں کا زمانہ تین ہزار برس نکلتا ہے۔ اکشواکو کا زمانہ آج سے چودہ ہزار برس پہلے ہے اسلئے یہ ویدک کال جو اکشواکو سے سمورن تک ہے آجسے چودہ ہزار برس پہلے سے آجسے گیارہ ہزار برس پہلے تک رہا۔ اور اسکا اتہاس جیسا کچھ اور جتنا کچھ کہ ملتا ہے اس سے اگلے ادھیائے میں بیان کیا جاویگا +

ऋग्वेद के ऋषि

इन ऋषियों के नाम पीछे उर्दू में भी दिये जा चुके हैं परन्तु उर्दू में यह नाम न ठीक लिखे जा सकते हैं न पढ़े जा सकते हैं। इसलिये यहां इन नामों को देवनागरी में भी लिख दिया जाता है ताकि ठीक पढ़े जायें।

पहिला मंडल

संख्यांक	ऋषियों के नाम	गोत्र
१.	मधुच्छन्दा	विश्वामित्र का पुत्र
२.	जेता	मुधुच्छन्दा का पुत्र
३.	मेधातिथिः	काण्व
४.	शुनः शेप	
५.	हिरण्यस्तूप	आङ्गिरस
६.	घौर	घोर आङ्गिरस का पुत्र
७.	कण्व	घौर=घोर गोत्री
८.	प्रस्कण्व	काण्व
९.	सव्य	आङ्गिरस
१०.	नोधा	गौतम
११.	पराशर	शक्ति पुत्र
१२.	गोतम	रहुगण का पुत्र
१३.	कुत्स	आङ्गिरस
१४.	कक्षिवान्	दीर्घतमस का पुत्र
१५.	परुच्छेप	दिवोदास का पुत्र
१६.	दीर्घतमस	उचथ्य अथवा उतथ्य का पुत्र
१७.	अगस्त्य	मित्रावरुण का पुत्र

दूसरा मंडल



१८.	गृत्समद	आङ्गिरस, शौनहोत्र, भार्गव
१९.	सोमाहुति	भार्गव
२०.	गृत्समद	
२१.	गृत्समद	अथवा उसका पुत्र कूर्म्म
२२.	गृत्समद	

तीसरा मंडल

२३.	विश्वामित्र	
२४.	ऋषभ	विश्वामित्र का पुत्र
२५.	उत्कील	कात्य अर्थात् कुत का पुत्र
२६.	कत	विश्वामित्र का पुत्र
२७.	गाथी अथवा गाधी	कुशिक का पुत्र
२८.	देवश्रवा और देववात	
२९.	विश्वामित्र	

चौथा मंडल

३०.	वामदेव	
३१.	त्रसदस्युः	पुरुकुत्स का पुत्र
३२.	पुरुमीढ और अजमीढ	सुहोत्र के पुत्र
३३.	वामदेव	

पाँचवाँ मंडल

३४.	बुध और गविष्ठिर	आत्रेय

३५.	कुमार वृश	अत्री का पुत्र जिर का पुत्र
३६.	वसुश्रुत	आत्रेय
३७.	इष	आत्रेय
३८.	गय	आत्रेय
३९.	सुतम्भर	आत्रेय
४०.	धरुण	आङ्गिरस
४१.	पुरु	आत्रेय
४२.	द्वित मृक्तवाहा	आत्रेय
४३.	वत्रि	आत्रेय
४४.	प्रयस्वन्त	आत्रेय
४५.	सस	आत्रेय
४६.	विश्वसाम	आत्रेय
४७.	द्युम्न	विश्वचर्षणि
४८.	बन्धु, सुबन्धु, श्रुतबन्धु, विप्रबन्धु	गौपायना अथवा लौपायना
४९.	वसूयव	आत्रेय
५०.	त्यरुण त्रैवृष्ण त्रसदस्यु अश्वमेध अत्रि	पुरुकुत्स का पुत्र भारत
५१.	विश्ववारा	आत्रेयी
५२.	गौरिवीतिः	शाक्त्य अर्थात शक्ति का पुत्र
५३.	वभ्रु	आत्रेय
५४.	अवस्यु	आत्रेय
५५.	गातु	आत्रेय
५६.	संवरण	प्रजापति का पुत्र
५७.	प्रभूवसु	आङ्गिरस

५८.	अत्रि	
५९.	अवतसार	काश्यप
६०.	सदापृण	आत्रेय
६१.	प्रति क्षत्र	,,
६२.	प्रति रथ	,,
६३.	प्रति भानु	,,
६४.	प्रति प्रभ	,,
६५.	स्वस्ति	,,
६६.	श्यावाश्व	,,
६७.	श्रुतविद	,,
६८.	अर्चनाना	,,
६९.	रात हव्य	,,
७०.	यजत	,,
७१.	उरुचक्रि	,,
७२.	बाहुवृक्त	,,
७३.	पौर	,,
७४.	अवस्यु	,,
७५.	अत्रि	,,
७६.	सप्तवधि	,,
७७.	सत्यश्रवा	,,
७८.	श्यावश्व	,,
७९.	अत्रि	भौम
८०.	एवयामरुद	आत्रेय

छटा मंडल

८१	वीतहव्य	आङ्गिरस
८२	सुहोत्र	भरद्वाज का पुत्र
८३	शुनहोत्र	
८४	नर	
८५	शंयु	बार्हस्पत्य
८६	गर्ग	भारद्वाज
८७	शंयु	बार्हस्पत्य
८८	ऋजिश्वा	भारद्वाज
८९	पायु	,,

सातवाँ मंडल

९०	वसिष्ठ और वसिष्ठ पुत्र	
९१	वसिष्ठ अथवा कुमार	आग्नेय

आठवाँ मंडल

९२	प्रगाथ	घौर अथवा काण्व
	मेधातिथि अथवा मेध्यातिथि	काण्व
	आसङ्ग	प्रायोगि
	आसङ्ग की पत्नि	
९३	मेधातिथि	काण्व
	प्रियमेध	आङ्गिरस
९४	मेधातिथि	काण्व
९५	देवातिथि	,,

९६	ब्रह्मातिथि	काण्व
९७	वत्स	,,
९८	पुनर्वत्स	,,
९९	सध्वंस	,,
१००	शशकर्ण	,,
१०१	प्रगाथ	,,
१०२	वत्स	,,
१०३	पर्वत	,,
१०४	नारद	,,
१०५	गोपूक्ति और अश्व-सूक्ति	,,
१०६	इरिम्बिठि	,,
१०७	सोभरि	,,
१०८	विश्वमना	वैयश्व
१०९	मनु	वैवस्वत
११०	मेधातिथि	काण्व
१११	नीपातिथि	,,
११२	श्यावाश्व	आत्रेय
११३	नाभाक	काण्व
११४	विरूप	आङ्गिरस
११५	त्रिशोक	काण्व

११६	वश	अश्व का पुत्र
११७	त्रित	आप्त्य
११८	प्रगाथ	काण्व

अथ बालखिल्यम्

११९	प्रस्कण्व	काण्व
१२०	पुष्टिगु	,,
१२१	श्रुष्टिगु	,,
१२२	आयु	,,
१२३	मेध्य	,,
१२४	मातरिश्वा	,,
१२५	कृश	,,
१२६	पृषध्र	,,
१२७	मेध्य	,,
१२८	सुपर्ण	,,

इति बालखिल्यम्

१२९	भर्ग	प्रागाथ अर्थात प्रगाथ का पुत्र
१३०	प्रगाथ	काण्व
१३१	कलि	प्रागाथ
१३२	मत्स्य	सामद
१३३	प्रियमेध	

१३४	पुरुहन्मा	आङ्गिरस
१३५	सुदीति और पुरुमीढ़	
१३६	हर्यत	प्रागाथ
१३७	गोपवन	आत्रेय
१३८	विरूप	आङ्गिरस
१३९	कुरुसुति	काण्व
१४०	कृत्नु	भार्गव
१४१	एकद्यू	नौधस
१४२	कुसीदी	काण्व
१४३	उशना	काव्य
१४४	कृष्ण	आङ्गिरस
१४५	नोधा	गौतम
१४६	नृमेध और पुरुमेध	
१४७	अपाल	आत्रेय
१४८	श्रुतकक्ष अथवा सुकक्ष	आङ्गिरस
१४९	बिन्दु अथवा पूतदक्ष	,,
१५०	तिरश्ची	,,
१५१	रेभ	काश्यप
१५२	नृमेध	
१५३	नेम	भार्गव
१५४	जमदग्नि	,,
१५५	प्रयोग	,,
१५६	सोभरि	काण्व

नवाँ मंडल

१५७	मधुच्छन्दा	
१५८	मेधातिथि	
१५९	शुनः शेप	
१६०	हिरण्यस्तूप	आङ्गिरस
१६१	असित देवल	काश्यप
१६२	दृढ़च्युत	आगस्त्य
१६३	इध्मवाह	दृढ़च्युत का पुत्र
१६४	नृमेध	आङ्गिरस
१६५	प्रियमेध	,,
१६६	नृमेध	,,
१६७	विन्दु	,,
१६८	गोतम	राहूगण अर्थात रहूगण का पुत्र
१६९	श्यावाश्व	आत्रेय
१७०	त्रित	
१७१	प्रभूवसु	आङ्गिरस
१७२	रहूगण	
१७३	बृहन्मति	आङ्गिरस
१७४	मेधातिथि	काण्व

१७५	अयास्य	आङ्गिरस
१७६	कवि	भार्गव
१७७	उचथ्य	आङ्गिरस
१७८	अवत्सार	काश्यप
१७९	अमहीयु	आङ्गिरस
१८०	जमदग्नि	भार्गव
१८१	निध्रुवि	काश्यप
१८२	काश्यप	मारीच
१८३	भृगु	वारुणि
१८४	शत वैखानस	
१८५	वसिष्ठ आदिक सप्तऋषि	
१८६	वत्सप्रि	भलन्दन का पुत्र
१८७	हिरण्यस्तूप	आङ्गिरस
१८८	रेणु	वैश्वामित्र
१८९	ऋषभ अथवा वर्षभ	वैश्वामित्र
१९०	हरिमन्त	आङ्गिरस
१९१	पवित्र	,,
१९२	कक्षीवान	दीर्घतमस् का पुत्र
१९३	कवि	भार्गव
१९४	वसु	भारद्वाज
१९५	पवित्र	
१९६	प्रजापति	वाचा पुत्र वाच्य
१९७	वेन	भार्गव

१९८	आकृष्टा, माषा, सिकता आदि ऋषिगण	
१९९	उशना	काव्य अर्थात् कवि का पुत्र
२००	वसिष्ठ	
२०१	कश्यप	मारीच
२०२	नोधा	गौतम
२०३	कण्व	आङ्गिरस
२०४	प्रस्कण्व	काण्व
२०५	प्रतर्दन	दिवोदास का पुत्र
२०६	वसिष्ठ मन्यु, उपमंयु आदिक	मित्रावरुण का पुत्र वासिष्ठाः
२०७	अम्बरीष	राजा वृषागिर का पुत्र
२०८	रेभसूनू अर्थात रेभ के दो पुत्र	कश्यप गोत्रि
२०९	अन्धीगु	श्यावश्व का पुत्र
२१०	ययाति	नाहुष अर्थात् राजा नहुष का पुत्र
२११	नहुष	मानव
२१२	मनु प्रजापति	सांवरण
२१३	त्रित	आप्त्य
२१४	द्वित	
२१५	पर्वत और नारद अथवा कश्यप की पुत्रियां शिखण्डी नाम की दो अप्सरायें	काण्व

२१६	पर्वत और नारद	
२१७	अग्नि चक्षुष मनु	चाक्षुष मानव आप्सव अर्थात अप्सु का पुत्र
२१८	सप्त ऋषि	वसिष्ठ आदिक
२१९	गौरिवीति, शक्ति आदिक	
२२०	अग्नि	
२२१	त्यरुण और त्रसदस्यू	
२२२	अनानत	परुच्छेप का पुत्र
२२३	शिशु	आङ्गिरस
२२४	कश्यप	मारीच

दसवाँ मंडल

२२५	त्रित	आप्त्य
२२६	त्रिशिरस	त्वष्टृ का पुत्र
२२७	यम और यमी	
२२८	हविर्धान	आङ्गि
२२९	विवस्वान	आदित्य अर्थात अदिति का पुत्र
२३०	यम	वैवस्वत अर्थात विवस्वान का पुत्र
२३१	शंख	यामायन अर्थात यम गोत्रि
२३२	दमन	यामायन अर्थात यम गोत्रि
२३३	देवश्रवा	,, ,, ,,
२३४	संकुसुक	,, ,, ,,
२३५	मथित	,, ,, ,,
२३६	विमद	ऐन्द्र अर्थात इन्द्र का अथवा वसुकृत

		वसुक्र का
२३७	वसुक्र	ऐन्द्र अर्थात् इन्द्र का
२३८	कवष	ऐलूष
२३९	लुश	धानाक
२४०	अभितपा	सूर्य पुत्र
२४१	इन्द्र	मुष्कवान
२४२	घोषा	कक्षिवान की पुत्री ब्रह्मवादिनी
२४३	सुहस्त्य	घोषा का पुत्र
२४४	कृष्ण	आङ्गिरस
२४५	वत्सप्रि	भलन्दन का पुत्र
२४६	सप्तगु	आङ्गिरस
२४७	इन्द्र	वैकुण्ठ
२४८	अग्नि	सौचीक
२४९	बृहदुक्थ	वामदेव गोत्री
२५०	बन्धु, सुबन्धु, श्रुतबंधु विप्रबन्धु,	गोपायनः
२५१	नाभानेदिष्ट	मानव
२५२	गय	प्लात अर्थात् प्लति का पुत्र
२५३	वसुकर्ण	वसुक्र का पुत्र।
२५४	अयास्य	आङ्गिरस।
२५५	सुमित्र	वधिअश्व का पुत्र
२५६	बृहस्पति	आङ्गिरस
२५७	बृहस्पति बृहस्पति अदिति	” लौक्य दक्ष की पुत्री
२५८	गौरिवीति	शक्ति पुत्र

२५९	सिन्धुक्षित	प्रियमेध का पुत्र अथवा शिष्य
२६०	जरत्कर्ण	इरावत का पुत्र सर्पजाति का
२६१	स्थूमरश्मि	भार्गव
२६२	अग्नि सप्ति	सौचीक अथवा वैश्वानर वाजम्भर
२६३	विश्वकर्मा	भौवन
२६४	मन्यु	तपस का पुत्र
२६५	सूर्य्या	सावित्री
२६६	वृषाकपि	इन्द्र पुत्र
२६७	पायु	भारद्वाज
२६८	मूर्धन्वान	आङ्गिरस अथवा वामदेव्य
२६९	रेणु	वैश्वामित्र
२७०	नारायण	
२७१	अरुण	वीतहव्य का पुत्र
२७२	शार्यात्	मानव
२७३	तान्व	पृथु का पुत्र
२७४	अर्बुद	कद्रु का पुत्र सर्पजाति का
२७५	पुरूरवा उर्वशी	इला पुत्र
२७६	सर्वहरी	इन्द्र का
२७७	भिषग	अथर्वण का पुत्र
२७८	देवापि	ऋष्टिषेण का पुत्र
२७९	वम्र	वैखानस
२८०	दुवस्यु	वन्दन पुत्र
२८१	बुध	सोम का पुत्र

२८२	मुद्गल	भर्म्याश्व का पुत्र
२८३	अप्रतिरथ	इन्द्र का
२८४	अष्टक	वैश्वामित्र
२८५	सुमित्र अथवा दुर्मित्र	कुत्स का पुत्र
२८६	भूतांश	काश्यप
२८७	दिव्य दक्षिणा	आङ्गिरस प्रजापति की सुता
२८८	पणि नामक असुर और सरमा नाम की देवशुनी	कुतिया
२८९	जुह्व ऊर्ध्वनाभा	ब्रह्मजाया ब्रह्मपुत्र
२९०	जमदग्नि परशुराम	भार्गव जमदग्नि का पुत्र
२९१	अष्ट्रादंष्ट्र	वैरूप
२९२	नभ प्रमेदन	,,
२९३	शत प्रमेदन	,,
२९४	सञ्जि धर्म	,, तपस का पुत्र
२९५	उपस्तुत	वृष्टिहव्य का पुत्र
२९६	अग्नियुत अथवा अग्नियूप	स्थूर का पुत्र
२९७	भिक्षु	आङ्गिरस
२९८	अरुक्षय	अमहीयु का
२९९	लव	इन्द्र का
३००	बृहद्दिव	अथर्वण का पुत्र
३०१	हिरण्य गर्भ	प्रजापति का पुत्र
३०२	चित्रमहा	वसिष्ठ का पुत्र

२५९	सिन्धुक्षित	प्रियमेध का पुत्र अथवा शिष्य
२६०	जरत्कर्ण	इरावत का पुत्र सर्पजाति का
२६१	स्यूमरश्मि	भार्गव
२६२	अग्नि सप्ति	सौचीक अथवा वैश्वानर वाजम्भर
२६३	विश्वकर्मा	भौवन
२६४	मन्यु	तपस का पुत्र
२६५	सूर्य्या	सावित्री
२६६	वृषाकपि	इन्द्र पुत्र
२६७	पायु	भारद्वाज
२६८	मूर्धन्वान	आङ्गिरस अथवा वामदेव्य
२६९	रेणु	वैश्वामित्र
२७०	नारायण	
२७१	अरुण	वीतहव्य का पुत्र
२७२	शार्यात्	मानव
२७३	तान्व	पृथु का पुत्र
२७४	अर्बुद	कद्रु का पुत्र सर्पजाति का
२७५	पुरूरवा उर्वशी	इला पुत्र
२७६	सर्वहरी	इन्द्र का
२७७	भिषग	अथर्वण का पुत्र
२७८	देवापि	ऋष्टिषेण का पुत्र
२७९	वम्र	वैखानस
२८०	दुवस्यु	वन्दन पुत्र
२८१	बुध	सोम का पुत्र

२८२	मुद्गल	भर्म्याश्व का पुत्र
२८३	अप्रतिरथ	इन्द्र का
२८४	अष्टक	वैश्वामित्र
२८५	सुमित्र अथवा दुर्मित्र	कुत्स का पुत्र
२८६	भूतांश	काश्यप
२८७	दिव्य दक्षिणा	आङ्गिरस प्रजापति की सुता
२८८	पणि नामक असुर और सरमा नाम की देवशुनी	कुतिया
२८९	जुह्व ऊर्ध्वनाभा	ब्रह्मजाया ब्रह्मपुत्र
२९०	जमदग्नि परशुराम	भार्गव जमदग्नि का पुत्र
२९१	अष्ट्रादष्ट्र	वैरूप
२९२	नभ प्रमेदन	,,
२९३	शत प्रमेदन	,,
२९४	सध्नि धर्म	,, तपस का पुत्र
२९५	उपस्तुत	वृष्टिहव्य का पुत्र
२९६	अग्नियुत अथवा अग्नियूप	स्थूर का पुत्र
२९७	भिक्षु	आङ्गिरस
२९८	अरुक्षय	अमहीयु का
२९९	लव	इन्द्र का
३००	बृहद्दिव	अथर्वण का पुत्र
३०१	हिरण्य गर्भ	प्रजापति का पुत्र
३०२	चित्रमहा	वसिष्ठ का पुत्र

३०३	वेन	भार्गव
३०४	अग्नि, वरुण, सोम	
३०५	वाक	अम्भृण ऋषि की पुत्री ब्रह्म विदुषी
३०६	कुल्मलवर्हिष अंहोमुक	शिलूष का वामदेव का
३०७	कुशिक रात्रि	सोभरी का पुत्र भरद्वाज की पुत्री
३०८	विहव्य	आङ्गिरस
३०९	प्रजापति	परमेष्ठी
३१०	यज्ञ	प्रजापति का पुत्र
३११	सुकीर्ति	कक्षिवान् का पुत्र
३१२	शकपूत	मृमेध का पुत्र
३१३	सुदास	पिजवन का पुत्र
३१४	मान्धाता गोधा	युवनाश्व का पुत्र ब्रह्मवादिनी
३१५	कुमार	यामायन
३१६	वातरशन गोत्र के मुनि	
३१७	वसिष्ठ आदिक सप्तऋषि	
३१८	अङ्ग	उरु का पुत्र
३१९	विश्वावसु	गंधर्व
३२०	अग्नि	पावक
३२१	अग्नि	तापस
३२२	शार्ङ्ग अर्थात् शृङ्ग गोत्र के ऋषि	
३२३	अत्रि	सांख्य
३२४	सुपर्ण ऊर्ध्व कृशन	तार्क्ष्य का पुत्र यामायन
३२५	इन्द्राणी	

३२६	देवमुनि	इरम्मद का पुत्र
३२७	सुवेदा	शिरीश का पुत्र
३२८	पृथु	वेन का पुत्र
३२९	अर्चन अथवा अर्चित	हिरण्यस्तूप का पुत्र
३३०	मृडीक	वासिष्ठ
३३१	श्रद्धा	कामायनी
३३२	शास	भारद्वाज
३३३	इन्द्र की माता	
३३४	यमी	विवस्वान की पुत्री
३३५	शिरिम्बिठ	भारद्वाज
३३६	केतु	अग्नि पुत्र
३३७	भुवन साधन	आप्त्य भौवन
३३८	चक्षु	सूर्य्य का पुत्र
३३९	शची	पुलोम की पुत्री
३४०	पूरण	वैश्वामित्र
३४१	यक्ष्मनाशन	प्रजापति का पुत्र
३४२	रक्षोहा	अग्नि ब्रह्म पुत्र
३४३	विवृहा	काश्यप
३४४	प्रचेता	आङ्गिरस
३४५	कपोत	निऋर्ति का पुत्र
३४६	ऋषभ	विराज का अथवा शक्कर का
३४७	विश्वामित्र और जमदग्नि	
३४८	अनिल	वातायन=वात गोत्री

३४९	शबर	कक्षीवान का
३५०	विभ्राट	सूर्य अथवा सूर्य पुत्र
३५१	इट	भार्गव
३५२	संवर्त	आङ्गिरस
३५३	ध्रुव	,,
३५४	अभीवर्त	,,
३५५	ऊर्ध्वग्रावा	अर्बुद का पुत्र
३५६	सनु	ऋभु का पुत्र
३५७	पतङ्ग	प्रजापति
३५८	अरिष्टनेमि	तार्क्ष्य
३५९	शिवि प्रतर्दन वसुमना, वसुमान्,	उशीनर का पुत्र काशी का राजा रोहिदश्व का पुत्र
३६०	जय	इन्द्र का पुत्र
३६१	प्रथ सप्रथ धर्म्म	वासिष्ठ भारद्वाज सौर्य
३६२	तपुर्मूर्धा	बृहस्पति का पुत्र
३६३	प्रजावान	प्रजापति का पुत्र
३६४	त्वष्टा विष्णु	गर्भकर्ता प्रजापति का पुत्र
३६५	सत्यधृति	वरुण का पुत्र
३६६	उल	वातायन
३६७	वत्स	अग्नि का पुत्र
३६८	श्येन	,, ,, ,,
३६९	सार्पराज्ञी	
३७०	अघमर्षण	मधुच्छन्दा का पुत्र
३७१	संवनन	

چوتھا ادھیائے

ویدک کال کا اِتہاس

(اب سے چودہ ہزار برس پہلے سے گیارہ ہزار برس پہلے تک)

پیچھے بتایا جا چکا ہے کہ سرشٹی کا درتمان مُہگ دھرم پاد ویوسوتھا کے انوسار ساتویں منونتر کا اٹھائیسواں چترُیگ ہے اور اِس چترُیگ کا آخری دوگھ یا طوفان ہم جگ کا وہ آخری طوفان ہے جو آج سے کوئی چودہ ہزار برس پہلے پرتھوی پر آیا ۔ یہ ادگھ ایک پرکار کی کھنڈ پرلے تھا جو بہت سے مُلکوں کو لے ڈوبا ۔ اور ملک ایسے ڈوبے کہ پھر مُدتوں تک نہیں ابھرے پر بھارت ورش پھر سنبھلا اور اپنے پچھلے سنسکاروں کو ساتھ لے کر آگے بڑھا ۔ سب سے پہلا راجا جو اس کھنڈ پرلے کے پشچات بھارت میں پرگٹ ہوا اِکشواکو تھا ۔ یہ اسی منونتر کے منو کا پُتر مانا گیا اور چونکہ منو وِوسوت یا وِوسوان ادتیات سورج کا پُتر مانا جاتا تھا اور اس نسبت سے ویوسوت کہلاتا تھا اِس لئے اکشواکو کا بنس سورج بنس کہلایا ۔ اکشواکو کی بہن اِلا چندر کے بیٹے بُدھ کو بیاہی گئی ۔ بُدھ کا بیٹا پُورَوا ہوا اور پُورَوا کا بنس چندر کے نام پر چندر بنس کہلایا ۔

ان بنسوں میں تین ہزار برس تک ایسے راجا بھی اُتپن ہوتے رہے

جو برہم رشیوں کی سمان وید منتروں کے درشٹا اور کرتا رہے اور ویدک رشیوں کی شریٹی میں شامل ہوئے (جیسا کہ اس سے پچھلے ادھیائے میں کھول کر دکھایا گیا ہے) اور اس لئے ہم نے اس تین ہزار برس کے کال کو جو اب سے چودہ ہزار برس پہلے سے گیارہ ہزار برس پہلے تک کا کال ہے ویدک کال کا نام دیا ہے + اس کال کا اتہاس ویدک کال کا اتہاس ہے اور اسکا پرتاثت جیسا کچھ کہ ہم کو وید پُران رامائن مہابھارت اور اٹھارہ (اوراُور) شاستروں سے وِدت ہُوا ہے اس ادھیائے میں برنن کیا جاتا ہے +

اس اتہاس میں زیادہ تر پُرانوں کی روائتیں ہیں اور اتنے پُرانے زمانے کے اتہاس میں جو آج سے کم سے کم چودہ ہزار برس پہلے شروع ہوتا ہے اور ہو بھی کیا سکتا ہے + اور ہندوستان کا اتہاس تو اتنا پُرانا رہا دُوسرے ملکوں کے اتہاس جو اس سے بہت پیچھے شروع ہوتے ہیں وہ بھی روایتوں سے ہی شروع ہوتے ہیں + ایران کا سب سے پہلا بادشاہ کیومرث تھا اور ایرانیوں میں روایت ہے کہ وہ آدم تھا یا آدم کا بیٹا تھا + یونان میں ایک طوفان آیا جو غالباً نوح کا وہ طوفان ہی تھا جو آدم کے بعد زمین پر نازل ہُوا - اس طوفان میں صرف ایک جوڑا استری پُرش کا بچا - اس نے زیُوس (zeus) دیوتا سے پرارتھنا کی کہ ہم اکیلے ہیں ہمیں ساتھی دو - زیُوس نے کہا کہ اچھا اپنے سروں پر پتھر رکھو - اُنہوں نے ایسا ہی کیا اور پُرش کے پتھروں سے پُرش اور استری کے پتھروں سے استریاں پیدا ہو گئیں + یوروپ کی عیسائی سلطنتیں جو زمانہ حال کی نہایت مہذب سلطنتیں ہیں اپنی تاریخ عیسےٰ مسیح سے شروع کرتی ہیں اور عیسےٰ مسیح کو مریم کے پیٹ سے خُدا کا بیٹا مانتی ہیں +

یہ سب روایتیں ہی ہیں اور ایسے زمانوں کی روایتیں ہیں جو ہمارے اس ادھیائے کے زمانہ سے بہت نیچے کے زمانے ہیں ۔ پھر ہمارے اس اتہاس میں جو اُن سے بہت پہلے کا زمانہ ہے روایتوں کا ہونا کیا تعجب ہے ۔ اور یہ روایتیں بالکل بے بنیاد بھی نہیں ہیں ۔ بات کا بتنگڑ ضرور ہیں مگر ان کی تہ میں اصلیت جھلکتی ہے اور سمجھنے والے سمجھ سکتے ہیں کہ یہ اصلیت کیا ہے ۔

روایتوں کو چھوڑ کر راج بنسا ولیاں جو پُرانوں میں دی ہُوئی ہیں نہایت قابلِ قدر چیز ہیں اور ہندو اتہاس کی جان ہیں ۔ اِن میں اکشواکو سے لے کر جو اب سے کم سے کم چودہ ہزار برس پہلے ہُوا ہے گپت بنس کے راجاؤں تک جن کا سلسلہ فرنگی مورخوں کے نزدیک عیسےٰ مسیح سے کوئی پانچسو ۵۰۰ برس بعد تک اور ہندو اتہاس کے انوسار مسیح سے کوئی ۷۵ برس پہلے تک رہا بارہ تیرہ ہزار برس کی مسلسل بنساولیاں درج ہیں اور پروفیسر ایچ ایچ وِلسن (H.H.Wilson) صاحب جنہوں نے وِشنو پُران کا انگریزی میں ترجمہ کیا ہے ان بنساولیوں کے وشے میں اپنے دیباچہ میں یوں لکھتے ہیں :-

"(وشنو پُران کے) چوتھے انش میں وہ تمام مادّہ شامل ہے جو ہندوؤں کے پاس اپنے پُرانے اِتہاس کا موجود ہے ۔ یہ بنسوں اور بنسجوں کی ایک خاصی مفصل فہرست ہے اگرچہ واقعات کا بیان اس میں کچھ نہیں ہے ۔ اور اس میں کلام نہیں ہوسکتا کہ یہ اگر واقعات کا نہیں تو ذاتیات کا ایک سچا چٹھا ہے ۔ ہاں اس میں شروع شروع کے بنسوں کے راجاؤں کی بڑی بڑی عمروں کی بابت جو مریح لغویات درج ہیں اُن سے ان کی مانتا

پر حرف آتا ہے اور بعض کے چرتر بھی اس میں فضول قصّے ہیں تاہم بنسا ولیوں میں ایک ایسی سادگی اور یکسانیت ہے اور بعض چرتروں میں امکان اور قیاس کا ایسا قرینہ ہے کہ وہ اِن روایتوں کو وثوق کی شکل دیتے ہیں اور گمان غالب پیدا کرتے ہیں کہ یہ روایتیں بالکل بے بنیاد نہیں ہیں × × × × × × × بھاگوت کے بعد تو وشنو پُران اُن دُوسرے پُرانوں کی طرح سے جن میں یہ بنسا ولیاں دی ہوئی ہیں راجاؤں اور اُن کے بنسوں کا بیان اور بھی زیادہ صحت کے ساتھ دیتا ہے اور پولیٹکل اور تاریخی واقعات ایسے پیش کرتا ہے کہ جن پر اُن کے اغلب ہونے کے لحاظ سے کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا - اور حقیقت میں اُن کی تمام صداقت اب ایسے طور پر قایم ہو چکی ہے کہ اُس کی تردید نہیں ہو سکتی +

"پتھر کے میناروں - چٹانوں اور سکّوں پر جو کتبے ملے ہیں اور جو اب حال میں ہی مسٹر جیمس پرنسیپ (James Prinsep) صاحب کی عجیب ذہانت اور استقلال کے باعث پڑھے اور سمجھے جا سکتے ہیں اُن سے گپت بنسی اور اندھر بنسی وغیرہ بنسوں کے نام اور راجاؤں کے القاب کی تصدیق ہوتی ہے جو پُرانوں میں درج ہیں اور ایک ایسا قائم نقطہ ملتا ہے جس سے ہم ذاتیات اور واقعات کے سن و سال کا شمار کر سکتے ہیں +"

ان ہی بنسا ولیوں سے ہم نے اپنے اتہاس میں کام لیا ہے اور عمروں کے معاملہ میں جہاں بائیبل نے آدم اور اُس کی اولاد کو نو سو برس کی عمریں دی ہیں وہاں ہم نے ایک پڑھی یا ایک نام پیچھے کُل سو برس بحساب اوسط لگائے ہیں اور اس اوسط کی مفصل وجوہات پچھلے ادھیاؤں میں بیان کی جا چکی ہیں + یہ بنسا ولیاں جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے ایک

طرف اکشواکو کے سورج بنس سے اور دوسری طرف اُس کی بہن اِلا کے چندر بنس سے شروع ہوتی ہیں +

اِلا کی کتھا یہ ہے کہ اس جُگ کے آرمبھ میں جو ہم جُگ کے آخری طوفان کے بعد شروع ہؤا اور جس کا ذکر پیچھے کئی بار آچکا ہے منو[۱] (ویوسوت) نے پُتر کی کامنا سے ایک یگیہ رچا مگر اُس کی استری نے پُتر کی جگہ پُتری کی کامنا اور ہوتا کے اُپچار سے پُتری ہی ہوئی اور وہ پُتری اِلا[۲] ہوئی + یہ دیکھ کر منو بہت گھبرایا + بھگوان کو اُس پر دیا آئی - پُتری سے پُتر بنا دیا اور پُتر کا نام سُدیُمن ہؤا + سُدیُمن کے تین پُتر ہوئے - اُتکل - گے اور مَل (یا وِنَت) + مگر پھر وہ استری

[۱] منو (ویوسوت) کی اُتپتی بھی پُرانوں میں جس طرح لکھی ہے اس کا خلاصہ یہ ہے :-

برہما

مریچی (پرجاپتی)	دکش (پرجاپتی)
کشیپ (پُتر)	اَدِتی (پُتری)

آدِتیہ (اَدِتی کا بیٹا جسکے دوسرے نام وِوسوت (وِوسوان) یا سورج ہیں

منو (ویوسوت یعنی وِوسوت کا بیٹا)

چندرما کی اُتپتی کے لئے دیکھو اگلے صفحہ کا فٹ نوٹ ۳ +

[۲] وید میں اِلا اگنی کا نام ہے کہ جس کی آرادھنا سے یہ پیدا ہوئی تھی اور ساتھ ہی سرسوتی کے کنارے اُس دیس کا بھی نام ہے جہاں یہ پیدا ہوئی تھی +
(دیکھو رگوید - منڈل ۳ - سوکت ۲۳ + ۲۴) +
ہوتا کے لئے دیکھو آگے ادھیائے ۵ کا فٹ نوٹ ۱۲۸ +

ہوگیا اور چندرما[۵۳] کے پُتر بُدھ سے اُس کے ایک پُتر ہُوا جس کا نام پُروُرَوا ہُوا +

اِلا کا پُتری سے پُتر اور پُتر سے پُتری ہوجانا فِطرت اور قُدرت کے خلاف اور ایک ہنسی کی سی بات معلوم ہوتی ہے مگر اوّل تو یہ ہزاروں برس کی بات ہے نہ جانے اصل بات کیا تھی اور کیا کی کیا بن گئی ہے۔ دوسرے اب بھی قدرت کبھی کبھی ایک دو نمونے اس طرح کے پیدا کردیتی ہے اور دِکھا دیتی ہے کہ انسان کی کیا ہستی ہے جو قُدرت کے معاملات میں دخل دے + چنانچہ الہ آباد کے انگریزی اخبار لیڈر مطبوعہ ۲۴ اگست ۱۹۲۵ء میں لندن کے اخبار مورننگ پوسٹ سے نقل کی ہوئی یہ خبر دیکھنے میں آئی کہ فرانس کے ملک میں ایک لڑکی لڑکا ہوگئی اور ۱۹۱۱ء میں اس کی شادی ایک لڑکی سے ہوگئی۔ مگر شادی کے کچھ عرصہ بعد میاں بیوی میں بدمزگی پیدا ہوئی اور بیوی نے میاں کے خلاف بدچلنی کی بنا پر طلاق کا دعوےٰ دائر کیا۔ دوران مقدمہ میں خاوند کی پیدائش کا سرٹیفکیٹ عدالت میں پیش ہُوا تو اس کی رو سے خاوند لڑکی نکلا اور عدالت نے قرار دیا کہ چونکہ قانوناً فریقین عورت ہیں اس لئے دعویٰ طلاق ناجائز ہے۔ سایلہ بیوی کے وکیل نے عرض کی کہ اصل واقعات کی موجودگی میں یہ قانونی بحث بے معنی ہے مگر عدالت نے جواب دیا کہ سِول کوڈ (قانون دیوانی) کے بموجب

---

[۵۳] پُورانک متھالوجی (متھیالوکی) میں چندرما یا سوم اتری کا پُتر تھا۔ اس نے برہسپتی کی استری تارا کو ہرلیا تھا اور اُس سے بُدھ پیدا ہُوا تھا +
اتری کے لئے دیکھو پیچھے صفحہ ۹۷ +

اس قسم کا کوئی سوال شادی کے چھ مہینہ بعد قابل لحاظ نہیں ہے + شادی کو پندرہ سال ہو چکے تھے اور اس لئے بیوی کا دعویٰ خارج[۵۴] ہوا +

اس واقعہ کے چار سال بعد لاہور کے اُردو اخبار ہندو سماچار مطبوعہ ۵ دسمبر ۱۹۲۹ء میں یہ خبر نکلی کہ :-

"پٹور ضلع مدراس میں ایک ۲۵ سالہ جوان مرد دست قدرت کی سحر طرازیوں سے بالکل خوبصورت عورت بن گیا ہے - وہ کچھ عرصہ سے اپنے جسم میں تبدیلیاں دیکھ رہا تھا اور آخر کار قدرت کی حیرت انگیز طاقت سے اُس کی تمام بلندیاں پستیوں میں اور پستیاں بلندیوں میں تبدیل ہوگئیں - اب وہ پردے میں ہے اور کسی مرد کے سامنے منہ نہیں کھولتا + پارسال اٹلی میں ایک عورت پوری مرد بن گئی تھی" +

اس طرح کے بہتیرے واقعات آئے دن ہوتے رہتے ہیں اور اخباروں میں نکلتے رہتے ہیں پھر کیا تعجب ہے جو اسی طرح سے اِلا بھی استری سے پُرش اور پُرش سے پھر استری ہوگئی ہو + ہاں پُرانوں کی کتھا میں ایک لُطف اور ہے اور وہ یہ ہے کہ ہر اوستھا میں اِلا کے اولاد بھی ہوگئی + چنانچہ سُدیمن رُوپی پُرش اوستھا میں اُس کے اپنی استری سے اُتکل - گے اور ملل تین پُتر ہوئے اور اِلا روپی استری اوستھا

---

[۵۴] اصل انگریزی کے لئے دیکھو انگریزی کی عبارت نمبر (۲) جو اس بھاگ کے آخر میں بطور ضمیمہ کے لگائی گئی ہے - اور جس میں ایک دو مثالیں اس قسم کی اور ایزاد کی گئی ہیں +

میں اُس کے اپنے پتی بُدھ سے جو چندرما کا بیٹا تھا پُروُرَوا نامی ایک پُتر ہوُا + اُتکل نے وہ دیس بسایا جس کا پُرانا نام اُسی کے نام پر اُتکل ہے اور جو اب اُڑیسہ کہلاتا ہے ۔ گے نے گیا بسائی (اگرچہ مہابھارت کی رو سے گیا کا بانی وہ گے ہے جس کا ذکر آگے بنسا ولی ۲ میں آتا ہے اور غالباً وہی ٹھیک ہے) اور بِمل دکھن میں جا بسا + پُروُرَوا نے اپنا استھان پرتشٹھان[۵] میں جمایا۔ اور اُس سے چندر بنس چلا + یہ سب چاہے سُدیُمن کی اولاد تھے چاہے بُدھ کی ایک طرح سے اِلا کی ہی اولاد تھے اور بیٹی کی اولاد ہونے کے کارن منو کی گدی کے وارث نہیں ہوئے + اِس لئے منو کا بیٹا اکشواکو جو سب سے بڑا بیٹا تھا گدی کا مالک ہوُا اور اس سے سورج بنسی راجاؤں کا سلسلہ چلا + اور پہلے ہم سورج بنس کے ہی راجاؤں کا حال لکھیں گے +

---

۵ پریاگ یا الہ آباد کے قلعہ کے مشرقی جانب ایک گاؤں جھُونسی ہے ۔ کہتے ہیں کہ پرتشٹھان اسی جگہ آباد تھا ۔ کسی وقت میں جل کر خاک ہو گیا اور جھُونسی کہلایا + اپنی سرسبزی کے زمانہ میں یہ چندر بنسی راجاؤں کی راجدھانی رہا اور اُس کے بعد عرصہ تک وِدیا کا ایک اگرہار رہا ۔ اور سوامی شنکر آچارج کے زمانہ تک جو مسیح سے پانچ سو برس پہلے کا زمانہ ہے قائم تھا ۔ (شنکر آچارج کے لئے دیکھو بھاگ ۷ ۔ ویدانت کا وشے)

کالیداس نے اپنے ناٹک وِکرم اُروشی کا استھان اسی پرتشٹھان میں قایم کیا ہے اور اس ناٹک کا خلاصہ ہم آگے اسی ادھیائے میں پُروُرَوا اور اس کی استری اُروشی کے حال میں بیان کریں گے +

سُورج بنس

سُورج کے بیٹے منو کے دس پُتر تھے۔ ایک اکشوا کو جو سب سے بڑا تھا اور جس سے اس بنس کا سلسلہ چلا۔ اور نو اور جن کے نام یہ ہیں :-

(۱) کوی (۲) پرِشدھر (۳) کرُوش (۴) دھرشٹ یا ورشٹ (۵) نبھگ (۶) نرِشینت (۷) نرگ (۸) شریاتی (۹) دِشٹ۔ اور ان کے مختصر حالات یہ ہیں :-

(۱) کوی :- یہ پرم ہنس ہوکر مکت ہوگیا اور اس سے کوی بنس نہیں چلا +

(۲) پرِشدھر :- یہ گئویں چراتا تھا + ایک دن ایک شیر گئوؤں پر آپڑا۔ یہ تلوار لے کر اُس کو مارنے اُٹھا۔ مگر تلوار غلطی سے ایک گائے کے لگی اور وہ مرگئی۔ اور اس گووُدھ کے اپرادھ میں پرِشدھر شوُدر ہوگیا اور اِس کا شوُدر بنس ہمیشہ گئویں ہی چراتا رہا +

(۳) کرُوش :- اس سے کارُوش چھتریوں کا بنس چلا + کاروش دیس (حالیہ شاہ آباد واقع صوبہ بہار) ان ہی لوگوں کا بسایا ہوا تھا۔ بالمیکی رامائن میں اسکا برنن کرُوشا کے نام سے آیا ہے اور اُس برنن سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ دیس رامائن کے زمانہ سے پہلے آباد تھا اور رامائن کے زمانہ میں تاٹکا راچھسی کے ہاتھوں سے اُجڑ کر تاٹکا کا بن بن گیا تھا (دیکھو آگے بھاگ ۲ میں رامائن کا حال اور اس میں بال کانڈ کا نوٹ ۳۵) +

(۴) دھرِشٹ یا ورِشٹ :- یہ براہمن ہوگیا اور اُس سے دھارشٹ یا وارشٹ براہمن چلے +

(۵) نبھگ :- اس کا بنس بھی چھ پیڑھی آگے چل کر براہمن ہوگیا اور وہ چھ پیڑھیاں یہ ہیں :- نبھگ۔ نابھاگ۔ امبریکھ۔ وِرُوپ۔

پرکھدا شو - رتھی تر + ان میں سے انجگ نابھانے دشٹ کے نام سے رگوید منڈل ۱۰ کے سوکت ۶۱ اور ۶۲ کا رشی ہے اور اس کا یہ نام پچھلے ادھیائے کے اُس نقشہ میں جس میں رشیوں کی فہرست دی گئی ہے سنکھیا نک ۲۵۱ پر آیا ہے + امبریکھ منڈل ۹ کے سوکت ۹۸ کا رشی ہے جیسا کہ نقشہ مذکور کے سنکھیا نک ۲۰۷ پر دکھایا گیا ہے - اور وِرُوپ (آنگرس) آٹھویں منڈل کے سوکت ۴۳ اور ۴۴ اور ۴۵ کا رشی ہے اور اُس کا نام سنکھیا نک ۱۱۴ اور ۱۳۸ پر آیا ہے + امبریکھ بھگوان کا بڑا بھگت ہوا اور اُس کی بھگتی کے آگے دُرواسا جیسے رشی نے بھی اپنا سر جھکایا + مہابھارت (شانتی پرو - ادھیائے ۹۸) میں ایک کتھا آئی ہے - اس میں رَن سے مُنہ نہ موڑنے والے جودھاؤں کی مہما برنن کی گئی ہے - اور اُس کے پرسنگ میں برنن کیا گیا ہے کہ اس امبریکھ کا سینا پتی سودیو اسی بات سے کہ وہ رَن سے مُنہ نہیں موڑتا تھا دھرم کے مارگ میں امبریکھ سے بھی بڑھ گیا + چھٹے اور آخری رتھی تر کی استری سے انگرا رشی نے سنتان پیدا کی اور وہ سنتان آنگرس ارتھات انگرس گوتری براہمن ہوئی (دیکھو شریمد بھاگوت ۹-۶-۲۳ + اور وشنو پُران ۴-۲-۱۰ + اور وہ بنساولی جو پیچھے صفحہ ۸۷ پر دی گئی ہے) +

(۶) نرِشّینت :- اس کا کشتر بنس گیارہ نام آگے چل کر اگنی ویشیہ پر ختم ہو گیا - کیونکہ اگنی ویشیہ براہمن ہو گیا اور جاتوکرنیہ کے نام سے دکھیات ہوا + شریمد بھاگوت (۹-۲-۲۱) میں اس وشے میں یوں آیا ہے کہ :-

"اُس سے (یعنی دیودت سے) اگنی ویشیہ - ساکشات بھگوان اگنی -

پُتر ہوئے۔ یہ جاتوکرنیہ کے نام سے جہان رشی ہوئے اور کانپن (ارتھات کنیا پُتر) دکھیات ہیں" + برہد آرنیک اُپنشد کے ونش براہمنوں میں جاتوکرنیہ کو آسُرائن اور یاسک سے لکھا ہے اور پھر اسی شِشیہ پرم پرا میں جاتوکرنیہ سے سترہ ۱۷ پیڑھی پیچھے اگنی ویشیہ کو ایک جگہ شانڈلیہ سے اور دوسری جگہ گارگیہ سے لکھا ہے + پانِنی (۴-۱-۱۰۵) کے گرگ آدی گن میں جتوکرن (جاتوکرن) کا نام آیا ہے اور اس سے ظاہر ہے کہ جاتوکرنیہ اس جتوکرن یا جاتوکرن کا کوئی گوترج تھا + اسی گن میں آپور ویدک آچارج اگنی ویش کا نام آیا ہے مگر پتہ نہیں کہ اُس کا بنسا ولی کے اگنی ویشیہ سے کیا سمبندھ ہے + معلوم ہوتا ہے کہ بنسا ولیوں کا اور شریمدبھاگوت کا اگنی ویشیہ اصل میں اگنی ویش ہی ہے اور غلطی سے اگنی ویشیہ چھپ گیا ہے اور ونش براہمنوں کا اگنی ویشیہ اس اگنی ویش کا کوئی گوترج ہے +

جاتوکرنیہ سے تین ۳ پیڑھی پہلے ویتی ہوتر کا پُتر ستیہ شروا رگوید کے منڈل ۵ کے سوکت ۹۷ کا رشی ہوا +

(۷) بھرگ :- اس کا بنس بھی چھ نام چل کر اوگھوت یا اوگھوان کے ساتھ براہمن ہوگیا + اس اوگھوت کی بہن اوگھوتی سُدرشن کو بیاہی تھی - سُدرشن کا ٹھیک پتہ نہیں کہ کون تھا مگر مہابھارت (انوشاسن پرو - ادھیائے ۲) سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایک سُدرشن اکشوا کے ایک بیٹے دشاشو کے بنس سے سمبندھ رکھتا تھا - اس طرح سے کہ دشاشو کے جانشین ایک دوسرے کے بعد مدرآشو - دیوتی مان - سودیو - دُرجے اور دُریودھن ہوئے - دریودھن کی بیٹی سُدرشنا ہوئی - اور سدرشنا کا بیٹا سُدرشن ہوا - اور شاید یہ سُدرشن ہی

وہ سُدرشن ہے جس کو اوگھوتی بیاہی گئی تھی + کورو کشیتر میں ایک تیرتھ سپت سارسوت (سات سرسوتی) کے نام سے پرسدھ ہے اور ان سات سرسوتیوں میں ایک سرسوتی اوگھوتی ہے اور وہ غالباً اسی اوگھوتی کے نام پر اوگھوتی کہلاتی ہے کیونکہ مہابھارت میں اسی انوشاسن پروّ کے ادھیائے ۲ میں لکھا ہے کہ سُدرشن اپنی استری اوگھوتی کے ساتھ کورو کشیتر میں رہا کرتا تھا + اسی سُدرشن کے زمانہ میں وہ طوفان آیا جس کو نوح کا طوفان کہتے ہیں اور جس کا حال ادھیائے (۲) میں مفصل بیان کیا جا چکا ہے +

(۸) شریاتی :- اس کے بنس کا کچھ حال معلوم نہیں - سوائے اس کے کہ ریوتی جو شری کرشن جی کے بھائی بلدیو جی کو بیاہی گئی تھی اسی بنس کے ایک راجا ککُدمی کی بیٹی تھی + پُرانوں میں ککُدمی اور اُس کے باپ ریوت اور دادا آنرت کو شریاتی کے ساتھ ہی لگتے ہوئے تین راجا بیان کیا گیا ہے اور ککُدمی کی بیٹی ریوتی کے بیاہ کو بلدیو جی کے ساتھ یوں جوڑا گیا ہے کہ ککُدمی اپنی بیٹی ریوتی کو ساتھ لے کر برہم لوک میں برہما جی سے یہ مشورہ کرنے چلا تھا کہ وہ ریوتی کو کس کے ساتھ بیاہے - مگر راستہ میں گندھروون کا راگ ہو رہا تھا اور وہ اُس کو سُننے کے لئے ٹھیر گیا اور اُس میں ایسا مست ہوا کہ جُگ کے جُگ بیت گئے اور اُس کو کچھ خبر نہیں ہوئی - انجام جب وہ برہما جی کے پاس پہنچا اور اُن سے ریوتی کے وشے میں ذکر کیا تو برہما جی نے کہا کہ تُم جس سمے کی باتیں کر رہے ہو اُس کو تو ستائیس[۲۷] چترُیگ بیت چکے اور اٹھائیسویں[۲۸] کے بھی تین جُگ بیت کر چوتھا کلجُگ شروع ہونے والا ہے اور اس سمے میں بھگوان کے اوتار شری کرشن جی کے بھائی بلدیو جی ہی ایک ایسے پُرش ہیں کہ جن کے ساتھ تُم ریوتی کو بیاہ سکتے

ہو ۔ یہ سُن کر گگدمی برہم لوک سے لوٹ آیا اور بلدیو جی کے ساتھ ریوتی کو بیاہ دیا ۔ اس عرصہ میں گگدمی کی راجدھانی کُشستھلی غارت ہو چکی تھی اور اُس کی جگہ دوارکا بن چکی تھی اگرچہ اُس کا دیس اب تک اُس کے دادا آنرت کے نام پر آنرت دیس کہلاتا تھا ۔ حالیہ سوراشٹر یا کاٹھیاواڑ بھی پُرانا آنرت کا دیس ہے اور رئیونک (حالیہ گرنار) اسی آنرت کے بیٹے ریوت کے نام پر ہے ۔

[اس سلسلہ میں دیکھو آگے چندر بنس کے بانی پُورَوا کا حال کہ جس طرح یہاں ککدمی نے گندھرووں کے راگ میں مست ہو کر مُجگ کے مُجگ بتا دئے اُسی طرح وہاں پُورَوا نے اپسرا اُروشی کے رُوپ کے موہ میں پیڑھیوں کی پیڑھیاں گذار دیں اور ان کتھاؤں کا جو مطلب ہے وہ ہم وہاں ہی بیان کریں گے] ۔

شریاتی کی کنیا سُکنیا چیون رشی کو جو بھارگو ارتھات بھرگو رشی کے گوتر ج تھے بیاہی گئی تھی ۔ اور یہاں بھی شریاتی کی کنیا سے شریاتی بنس کی ہی کوئی کنیا مُراد ہو سکتی ہے ۔ کیونکہ چیون رشی جو پرشورام کے پتا جمدگنی کے دادا تھے گادھی اور وشوامتر کے زمانہ میں شریاتی کے بھائی اکشواکو سے کئی پیڑھی پیچھے ہوئے ہیں جیسا کہ اس سے پچھلے ادھیائے میں دکھایا جا چکا ہے ۔

ویدوں میں چیون کا ذکر کئی جگہ آیا ہے اور رگوید (۱-۱۱۶-۱۰) میں چیون کے اس بیاہ کی طرف اشارہ بھی پایا جاتا ہے اگرچہ وہاں چیون کی جگہ چیوان کا شبد ہے اور اکثر وِدوان اُس کا ارتھ ڈوبتا ہوا سورج کرتے ہیں ۔ شاریات (مانو) کے نام سے ایک رشی منڈل ۱۰ کے سوکت ۹۲ کا رشی ہوا ہے اور وہ اسی شریاتی کا کوئی گوتر ج ہوگا ۔ رشیوں کے نقشہ میں اس کا نام سنکھیا نک ۲۷۲ پر آیا ہے ۔

(۹) دِشٹ:- اس کا پُتر نابھاگ[۵۶] (جو اکشواکو کے پانچویں بھائی نبھگ کے بیٹے نابھاگ سے الگ ایک اور نابھاگ ہے) ویشیہ ہوگیا۔ مگر ویشیہ ہونے سے پہلے نابھاگ کے ایک بیٹا ہوگیا تھا۔ اور اُس سے اُس کا کشتر بنس چلتا رہا۔ اس بیٹے کا نام بھلندن یا بلندھن تھا + پانچی (۴-۱-۱۱۲) میں بھلندن کا نام رشیوں کی ذیل میں آیا ہے اور بھلندن کا پُتر وتس پریتی یا وتس پری رگوید کے منڈل ۹ کے سوکت ۶۸ اور منڈل ۱۰ کے سوکت ۴۵ کا رشی ہوا ہے اور اس کا نام پچھلے ادھیائے کے اُس نقشہ میں جس میں رشیوں کی فہرست درج ہے سنکھیا نک ۱۸۶ اور ۲۴۵ پر آیا ہے + دِشٹ سے چودھویں[۵۷] پیڑھی میں اوپکشت کا بیٹا مرُت[۵۸] ایک چکرورتی راجا ہوا اور وہ اپنے یگیہ کے کارن بڑا مشہور ہوا۔ رشی سنموُرت نے جس کا نام پچھلے نقشہ میں سنکھیا نک ۳۵۲ پر آیا ہے اس کا یگیہ کرایا تھا + مرُت سے دس پیڑھی اور دِشٹ سے چوبیس[۲۴] پیڑھی آگے ترِن بندو کا بیٹا وِشال ہوا جس نے وِشالا یا ویشالی بسائی + رامچندر جی کے زمانہ میں یہاں کا راجہ سومتی تھا۔ مگر بنسا ولی میں سومتی وِشال سے چھ پیڑھی اور دِشٹ سے تیس پیڑھی نیچے آتا ہے حالانکہ رامچندر جی اپنی بنسا ولی میں دِشٹ

---

[۵۶] رگوید (۸-۴۱-۲) میں رشی نابھاگ کا نام آیا ہے اور وہ شاید یہی نابھاگ ہو (دیکھو برکت ۱۰-۵+ اور پچھلے ادھیائے ۳ میں رشیوں کے نقشہ کا سنکھیا نک ۱۱۳)+

[۵۷] میتر ایانی اُپنشد سے ظاہر ہے کہ اس اُپنشد میں جو گیان ہے وہ ایک رشی شاکائینیہ نے راجا بربدرتھ کو جو اکشواکو بنسی تھا میتر ے رشی کی زبانی بیان کیا تھا۔ اس راجا کا دوسرا نام مرُت تھا اور شاید وہ مرُت یہی مرُت ہو اگرچہ اُس کے پتا کا نام وہاں شبرش اور یہاں اوپکشت لکھا ہے اور اُس کا بنس بھی وہاں اکشواکو کا اور یہاں اکشواکو کے بھائی دِشٹ کا ہے +

کے بھائی اکشواکو سے ساٹھ پیڑھی پیچھے آتے ہیں اس سے ظاہر ہے کہ دِشٹ کی بنساولی میں سومتی سے پہلے تیس پیڑھیاں گم ہیں ۔ سومتی کے بیٹے جنمیجے کے بعد یہ بنساولی ختم ہے ۔

[ترہُت دیس کے ضلع مظفر پور میں ایک گاؤں بسارھ نامی آباد ہے اور کننگھم صاحب کے نزدیک یہ گاؤں اسی وِشالا نگری کا ایک کھنڈر ہے ۔ اس کے پاس ایک ٹیلہ ہے جس کا نام وِشال کا گڑھ ہے ۔ ۱۹۰۳-۴ء میں اس ٹیلے کی کھدائی ہوئی تھی اور اُس کھدائی میں سے گپت بنس کے راجاؤں کے زمانہ کی چند مُہریں برآمد ہوئی تھیں جن پر ترہُتی (جو ترہُت کا اصلی اور پُرانا نام ہے) اور وَیشالی کے نام کندہ ہیں ۔ چینی سیّاح (ہون سانگ) جو ساتویں صدی عیسوی میں ہندوستان آیا تھا اُس کے زمانہ تک وَیشالی قائم تھی اور ساڑھ یاسرتی (۱۳۰ میل) کے گھیرے میں آباد تھی ۔ جینیوں کے آخری تیرتھنکر مہاویر کا جنم اسی استھان میں ہُوا تھا اور مہاتما بُدھ کے کئی چرتروں کا استھان بھی یہ ہی وَیشالی ہے ۔ مہاتما کے زمانہ میں وَیشالی مگدھ دیس کے اُوتّر میں گنگا پار آباد تھی اور لِچھوی جاتی کی راجدھانی تھی اور اُس کی تین فصیلیں تھیں ۔

بُدھ گھوش نے جو بُدھوں کا ایک وِکھیات گرنتھ کار ہے وِشالی کی وجہ تسمیہ کے وِشے میں ایک عجیب گپ ہانکی ہے اور وہ یہ ہے کہ بنارس کا ایک راجا تھا اُس کی رانی کے گربھ سے ماس کا ایک لوتھڑا اُتپن ہوا ۔ اُس کو ایک ٹوکری میں رکھ کر گنگا میں بہا دیا گیا ٹوکری ایک رشی کے ہاتھ لگی ۔ رشی کے پتوبل سے لوتھڑے کے دو ٹکڑے ہو گئے اور دونوں میں جان پڑ گئی ۔ وہ دونوں دو جُڑواں بچوں کی طرح پلے ۔ اُن کی کھال ایسی صاف اور شفاف تھی کہ اُن کے پیٹ

میں اَن اور جل صاف دِیکھتا تھا۔ اس لئے لوگ اُن کو بچھوی یعنی کھال ہین کہتے تھے۔ بچھوی سے وہ بچھوی کہلائے + وہ اپنے ہم عُمر بچوں سے زِیادہ بلوان تھے اور اُن کو مارتے اور پیٹتے رہتے تھے اس لئے لوگ کہتے تھے کہ یہ وَرجتوَیہ یعنی نکال دینے کے لائق ہیں۔ اس کارن سے وہ ورجی۔ وجّی یا بجّی کہلائے + یہ دونوں جُڑواں بچے ایک لڑکا اور ایک لڑکی تھے۔ اِن دونوں کی آپس میں شادی ہوگئی (اور اس سے بچھوی جاتی میں بھائی اور بہن کی شادی جائز ٹھیری) پھر ان کے بھی اسی طرح کئی جُڑواں بچے ہُوئے اور اُن سب کی اولاد اتنی پھیلی کہ نگری میں نہ سمائی۔ نگری بڑھائی گئی اور بڑھتے بڑھتے اتنی وِشال ہوگئی کہ اس کا نام ہی وِشالا ہوگیا + اِتی + یہ بُڈھوں کے گرنتھوں کا حال ہے] +

(۱۰) اب منو کے سب سے بڑے بیٹے اور ان بھائیوں میں سب سے بڑے بھائی اکشواکو کا حال سُنئے جو منو کی گدی کا وارث ہوا اور جس کا بنس مہاتما بُدّھ کے زمانہ تک مسلسل چلا آیا + اس ادھیائے میں ہم صرف اُن راجاؤں کا ذکر کریں گے جو ویدک کال میں ہوئے اور چونکہ یہ ویدک کال جیسا کہ ہم اس سے پچھلے ادھیائے میں دکھا آئے ہیں اکشواکو اور اس کے سمکالین پُرُورَوا سے تیس پیڑھی آگے تک رہا اس لئے اس ادھیائے میں ہم اکشواکو اور پُرُورَوا دونوں کی تیس ۳۰ تیس ۳۰ پیڑھیوں ہی کا حال برنن کریں گے +

اکشواکو کی تیس ۳۰ پیڑھیاں سلسلہ وار یہ ہیں :-

بنساولی نمبرا

(۱) اِکشواکو
(۲) وِکُکشی (ششاد)
(۳) پُرنجے (ککُشتھ)
(۴) اَنینا
(۵) پرِتھو
(۶) وِشٹراشو (وِشورندھی)
(۷) چندر
(۸) یُون آشو[۵۸]
(۹) شاوَست
(۱۰) برِہدآشو
(۱۱) کووَلے آشو
(۱۲) دِرڑھ آشو
(۱۳) نکُمبھ
(۱۴) اَمِت آشو
(۱۵) کرِشن آشو

(۱۶) پرسین جِت
(۱۷) یُون آشو
(۱۸) مانڈھاتا
(۱۹) پُرُکُتس — امبریکھ — مُچکُند
(۲۰) ترس دسّیو
(۲۱) اَنرنیہ (اَن ارنیہ)
(۲۲) پرِکھد اشو
(۲۳) ہری اشو
(۲۴) ہَشت
(۲۵) سومنا
(۲۶) تری دھنوّا
(۲۷) تری آرونی
(۲۸) ستیہ ورت (تری شنکو)
(۲۹) ہرِشچندر
(۳۰) روہِت (روہِت آشو)

[اِس سے آگے سلسلۂ نسب کے لئے دیکھو بھاگ (۲) کا ادھیائے (۱)]

ان میں سے بہت سے راجاؤں کا اتہاس تو کچھ معلوم نہیں۔ باقیوں

---

۵۸ بھوشیہ پُران میں یُون آشو سے پہلے بھدر آشو اور آیا ہے۔

کا جو معلوم ہے وہ روایتوں سے ملا ہوا ہے - اور وہ ہم نیچے کرم پورک (نمبروار) درج کرتے ہیں :-

(۱) اِکشواکو :-

یہ وِوَسوّت (ارتھات سورج) کے بیٹے وَیوسوّت منو کا سب سے بڑا بیٹا تھا اور اس لئے یہ سورج بنسی راجاؤں کا پرورتک ارتھات بانی ہؤا + اس کے وِکُکشی کے علاوہ جو اس کی گدّی کا وارث ہوا بنسی اور دنڈک آدِک اور بھی بہت سے پُتر ہوئے - بنسی متھلا دیس کے راجگان جنک کا بانی ہؤا اور اس کا حال ہم اس سے اگلے بھاگ میں شری رامچندر جی کے حال کے ساتھ جن کو یہاں کے ایک راجا جنک کی پُتری شری جانکی (سیتا) جی بیاہی گئی تھیں بیان کرینگے اور وہاں ہم دیکھیں گے کہ جہاں شری رامچندر جی اپنے بنس میں ۶۰ یا ۶۲ پیڑھیوں کے پیچھے آتے ہیں - وہاں یہ جنک اپنے بنس میں ۲۲ پیڑھیوں ہی کے پیچھے آتا ہے + اس سے ظاہر ہے کہ جنک کے بنس میں کوئی چالیس پیڑھیاں گم ہیں - اور اُس کے بنس میں ہم کو سو برس فی پیڑھی یا فی نام دینے کی بجائے ڈھائی سو برس فی نام سے بھی زیادہ دینے پڑیں گے + دنڈک کے نام سے دنڈک بن کا وہ دیس منسوب ہے جہاں شری رامچندر جی نے بن باس کی دَشا میں بچرتے ہوئے حالیہ شہر ناسِک کے قریب راون کی بہن شورپ نکھا کی ناسِکا (ناک) کاٹی تھی اور ناسِک کے نام کا کارن شورپ نکھا کی یہی ناسِکا ہے + ایک اور بیٹے دَشاشو کا حال ہم پیچھے بیان کر چکے ہیں جس کے بنس میں ایک بیٹی سُدرشنا کا بیٹا سُدرشن اکشواکو کے بھائی بزرگ کے بنس کی ایک بیٹی ادگھوتی

سے بیاہا گیا تھا +

رگوید میں اِکشواکو کا ذکر ۱۰ — ۶۰ — ۴ میں ارتھات منڈل ۱۰ کے سُوکت ۶۰ کے منتر ۴ میں آتا ہے اور اس طرح آتا ہے کہ "اِکشواکو دھن وان اور بلوان اپنے دھرم کرم میں وردّھی کو پاتا ہے" + اس منتر کے رشی بندھو آدک ہیں جو اگستیہ رشی کے بھانجے ہیں اور جن کا ذکر پیچھے رشیوں کے نقشہ میں سنکھیا نک ۲۵۰ پر آیا ہے +

[مدراس کے ضلع کرشنا میں ایک کتبہ براھمی اکشروں میں لکھا ہوا ملا ہے جن میں ایک راجہ اپنے آپ کو اِکھاکو یعنی اِکشواکو بنسی کہتا ہے - اور کتبہ شناس اس کتبہ کو تیسری صدی عیسوی کا بتاتے ہیں + [دیکھو آرکیولوجکل ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند کی رپورٹ بابت ۱۹۳۴-۳۵ء کتبہ جات جنوبی ہند کے وشے میں] +

(۲) وِکُکشی :-

یہ اکشواکو کا سب سے بڑا بیٹا تھا جو اکشواکو کی گدّی کا وارث ہوا اور جس سے اصل سورج بنس چلا - شری رام چندر جی اسی بنس میں اکشواکو سے ساٹھ پیڑھی پیچھے پیدا ہوئے +

وِکُکشی کو ششاد (شش آد = خرگوش خور) بھی کہتے ہیں کیونکہ روایت ہے کہ اُس کے پتا اِکشواکو نے اس سے کہا تھا کہ شرادھ کے لئے کچھ مانس لے آ اور یہ کئی جانور شکار کر کے لے آیا تھا - مگر راستہ میں بھوک کے مارے ایک شش یعنی خرگوش اُن میں سے کھا آیا تھا + کُل آچارج وسشٹھ جی نے اس بات کو تاڑ لیا اور اُس تمام مانس کو جھوٹا سمجھ کر پھنکوا دیا اور وِکُکشی کو شاپ دیا کہ تو جگت میں ششاد ارتھات خرگوش خور کہلائے گا - چنانچہ اسی شاپ کے کارن وہ آجتک

ششاد کہلاتا ہے +

راجپوتانہ کی حالیہ ریاست اودے پور کے مہارانا جو اپنا سلسلۂ نسب اسی سورج بنس سے ملاتے ہیں سسودیہ کہلاتے ہیں ۔ اور یہ لفظ سسودیہ اسی ششاد سے ششادیہ کا بگڑا ہؤا معلوم ہوتا ہے + کرنل ٹاڈ صاحب اپنی کتاب راجستھان میں لکھتے ہیں کہ اُن کا یہ نام اُن کی ایک پُرانی راجدھانی سسود کے نام پر ہے اور اس راجدھانی کا نام سسود اس لئے رکھا گیا تھا کہ یہاں ایک مہارانا نے ایک بڑی سخت دوڑ کے بعد ایک ششش یعنی خرگوش شکار میں مارا تھا + مگر یہ روایت بھی اگر صحیح ہے تو اُسی پُرانی روایت کی ایک بگڑی ہوئی شکل معلوم ہوتی ہے جو پُرانوں نے وِکُکشی کے ششاد ہونے کے وشے میں برنن کی ہے +

(۳) پُرنجے :-

اس کو اِندرواہ اور ککشتھ بھی کہتے ہیں اور اس کے ان ناموں کی کتھا یہ ہے کہ ایک بار دیوتاؤں اور اسُروں میں بڑا بھاری سنگرام ہؤا ۔ دیوتا ہارے اور پُرنجے سے سہایتا چاہی ۔ پُرنجے نے کہا کہ اگر اِندر بیل بن کر میرا واہن بنے تو میں اُس پر سوار ہو کر لڑ سکتا ہوں چنانچہ اِندر بیل بنا اور پُرنجے اُس کے ککُد ارتھات کوہان پر بیٹھ کر چلا اور اسُروں کو مار کر اُن کے پُر ارتھات نگر کو جیت لیا اور پُر جیتنے سے پُرنجے اور اِندر کو اپنا واہن بنانے سے اِندرواہ اور اُس کے ککُد پر سوار ہونے سے ککُستھ کہلایا +

(۴) اَنینا :-

اس کے نام کا پد چھید یہ ہے کہ اَن اینس ارتھات نِردوش +

(۵) پرتھو:-

پُرانوں میں ایک راجا پرتھو کی کتھا آئی ہے جو دُھرو کے بنس میں وین کا بیٹا اور انگ کا پوتا ہے + کتھا یہ ہے کہ وین دُرآچاری تھا اس لئے رشیوں نے اس کو اپنے شاپ سے مار دیا اور اس کی چھاتی سے ایک پُتر پیدا کر دیا - وہ پُتر پرتھو ہؤا جو بڑا دھرماتما اور سدآچاری اوتھا - اُس نے دھرتی کو جوتا اور اُس سے ناج بات کو پیدا کیا اور اس کارن سے دھرتی پرتھو کی استری پرتھوی کہلائی (دیکھو وشنو پُران - انش ۱ - ادھیائے ۱۳ + شریمد بھاگوت - اسکندھ ۴ - ادھیائے ۲۲ + مہابھارت - درون پرو - ادھیائے ۶۹ + منوسمرتی ادھیائے ۹ رشلوک ۴۴) + اکشواکو بنسی پرتھو کا نام اسی دھرو بنسی پرتھو کے نام پر اس کارن سے ہے کہ جیسے اُس پرتھو نے اپنے منونتر میں جو سب سے پہلا منونتر ہے سب سے پہلے زمین کو جوتا تھا ایسے ہی اس پرتھو نے اپنے منونتر میں جو ساتواں منونتر ہے سب سے پہلے فنِ زراعت کو جاری کیا +

(۸) یوَن آشو:-

ٹاڈ صاحب نے اپنی بنساولی میں یوَن آشو کی جگہ یَوَن کا نام لکھا ہے اور پھر راجپوتوں کو مُلک سِتھیا کی قوم یَوَن سے منسوب کیا ہے + مگر یہ ٹھیک نہیں ہے نہ یہاں یُوَن آشو کی جگہ یَوَن کا نام ہے اور نہ یُوَن مُلک سِتھیا کے اصلی باشندے ہیں + سِتھیا والے خود ہندوستان سے نکلے ہوئے ہیں اور اُن کی اپنی ہی روایت ہے کہ وہ اِلا کی پُتری سے پیدا ہوئے ہیں جس کی صورت کمر سے اوپر استری کی سی اور

کمر سے نیچے سانپ کی سی تھی + اور ہم پیچھے بتا آئے ہیں کہ اِلا منو کی پُتری تھی جو استری سے پُرش اور پُرش سے استری ہوگئی تھی اور بُدھ کو جس کا چِتھ سانپ ہے بیاہی گئی تھی + اور قوم یَوَن تو صاف ہندوستان کی ہی اُن جاتیوں میں سے ایک جاتی تھی جو باہر جاکر چھتری دھرم سے پتِت ہوگئی تھیں اور جن کا حال ہم آگے اسی ادھیائے میں بیان کرینگے (دیکھو بنساولی ۴۷ میں تُروشو کا حال) +

ایک اور یوَن آشو اسی اکشواکو بنس میں نمبر ۱۷ پر آیا ہے اور جس طرح کہ اودے پور کے راجپوت اپنا نکاس دِگشتی (مشتاد) سے بتاتے ہیں اُسی طرح جودھپور کے راجپوت اپنا نکاس اُس یوَن آشو سے بتاتے ہیں۔ جیسا کہ ہم آگے دِکھائیں گے +

(۹) شاوَشت :-

اِس نے شاوستی پوری بسائی جو بعد میں شراوستی کہلائی + کوشل دیس کی سب سے پہلی راجدھانی یہی شاوستی تھی + اجودھیا بعد میں بنی جس کو شری رام چندر جی کے پتا راجا دشرتھ نے رچا اور اپنی راجدھانی بنایا + مہاتما بُدھ کے زمانہ میں شُودرک کا پتا پرسین جِت پھر اپنی راجدھانی کو اجودھیا سے شراوستی میں لے گیا + شراوستی اجودھیا کے اوتر میں تھی اور اب یہ جگہ ساہت ماہت کہلاتی ہے + باقی حال کے لئے دیکھو بھاگ ۴ کے ادھیائے (۱) میں پرسین جِت کا حال +

(۱۱) کووَلے آشو :-

کووَلے سنسکرت میں نیلے کمل کو کہتے ہیں۔ اس لئے کووَلے آشو کا ارتھ ہے وہ پُرش جس کا اشو (گھوڑا) رنگ

میں کووے جیسا ہو یا جو خود رنگ روپ میں نیلے گھوڑے جیسا ہو ۔
کووے آشو کو دھندھو مار بھی کہتے ہیں کیونکہ اس نے دھندھو یا دُندو نامی ایک اسُر کو مارا تھا ۔

جا بھارت کے بن پروَ میں مارکنڈے سماسیا پروَ کے اندر اس کی کتھا یوں آئی ہے کہ کووے آشو کے زمانہ میں ایک رشی تھے جن کا نام اوتنک تھا وہ ایک دن کووے آشو کے پاس آئے اور بولے کہ مرودیس میں میرے آشرم کے پاس بالوکا سمندر ہے جسکو اوجالک کہتے ہیں ۔ وہاں دُھندھو نام کا ایک دیئتیہ رہتا ہے جو مدھو کیٹبھ کا پُتر ہے ۔ ہر سال جب یہ دیئتیہ جاگتا ہے تو اس کے سانس سے ریت کے بادل اوٹھ کھڑے ہوتے ہیں اور آسمان پر چھا جاتے ہیں اور سُورج کو ڈھک لیتے ہیں ۔ مجھ کو اس سے بڑی تکلیف ہوتی ہے کرپا کر کے اس کو ماریئے اور پرتھوی پر شانتی پھیلائیے ۔ کووے آشو اوتنک رشی کے کہنے سے مرودیس میں گیا اور اُس دیئتیہ کو مار کر مرودیس میں شانتی پھیلائی ۔

اِس کتھا کا مطلب صاف ہے کہ کووے آشو نے ہندوستان کا وہ ریگستانی علاقہ آباد کیا جو اب راجپوتانہ میں شامل ہے ۔ بالو کے سمندر سے اس علاقہ کی وہ شور ریت مُراد ہے جو سورج کی کرنوں سے پانی کی طرح چمکتی ہے ۔ ایسی ریت کو اُردو فارسی میں تُراب اور سنسکرت بھاشا میں مرگ ترشنا یا مرگ جل کہتے ہیں کیونکہ مرگ یعنی ہرن اس کو دُور سے جل کی طرح چمکتا ہؤا دیکھتا ہے اور ترشنا یعنی پیاس کے مارے اس کی طرف بھاگتا ہے ۔ مگر جوں جوں یہ اُس کی طرف بھاگتا

ہے وہ پیچھے ہٹتا جاتا ہے + مہابھارت میں اس علاقہ کا نام سیندھو آرنیہ آیا ہے اور اُس کے لئے دیکھو آگے بھاگ ۳ میں مہابھارت کا بن پرو۔ اور اُس میں پانڈووں کی تیرتھ یاترا کا تیرتھ نمبر ۲۶ + راجپوتانہ کی ریاست جودھپور (واقع مرو دیس) کے راجا اپنا نکاس ایک یووَن آشو راجا سے بتلاتے ہیں - اور وہ یووَن آشو اسی کو وے آشو سے چھ پیڑھی آگے اس بنس کا سترھوان راجا ہوا ہے اور اُس کا حال آگے بیان کیا جاتا ہے :-

(۱۷) یووَن آشو :-

اِس کا بیٹا مان دھاتا ایک بڑا وِکھیات اور چکرورتی راجا ہوا ہے اور اُس کو سرو سادھارن (عام) لوگوں کے مقابلہ میں ایک اسادھارن پُرش ظاہر کرنے کے لئے اُس کے جنم کی ایک اسادھارن کتھا جُڑی ہے اور یوں جُڑی ہے کہ یووَن آشو کے سنتان نہیں ہوتی تھی اس لئے رِشیوں نے اس کی سنتان کے لئے ایک یگیہ رچا اور اس کی استری کو پلانے کے لئے جل کا ایک کلش منتروں کی شکتی سے تیار کیا - مگر رات کو رشی تو سو گئے اور یووَن آشو کو جو پیاس لگی تو وہ اُس کلش کا جل پی گیا - پراتہ کال جب رشی اُٹھے اور کلش کو خالی دیکھا اور پوچھ تاچھ کرنے سے اُن کو وِدِت ہوا کہ یووَن آشو اُس کو پی گیا ہے تو بولے کہ اس جل کا پربھاو یہ تھا کہ جو کوئی اس کو پیئے اُس کو گربھ رہ جائے اور اُس گربھ سے ایک پرتاپی پُتر پیدا ہو - یہ جل پلانا تھا رانی کو پر پی گیا راجا اس لئے اب راجا کے اُدر میں ہی گربھ اوتپن ہوگا + چنانچہ یووَن آشو کو گربھ ہو گیا اور سمے پاکر وہ گربھ ایک پُتر کی صورت میں اُس کے اُدر کو پھاڑ کر نکلا - اور

یہ پُشتر مان دھاتا تھا +

کرنیل ٹوڈ صاحب مصنف راجستھان لکھتے ہیں کہ جودھپور کے راٹھور راجپوتوں میں ایک روایت ہے کہ وہ اپنے ایک پُورُوج یوون اشو کے دوارا جو اوتّر دیس کا راجا تھا اِندر کی راٹھ یعنی ریڑھ کی ہڈّی سے اوتپنّ ہوئے ہیں اور یہ روایت صاف اسی یوون آشو کا پتہ دیتی ہے جو جودھپور سے اُوتّر میں کوشل دیس کا راجا تھا + اس یوون آشو سے ۷۰ نام آگے اسی بنس میں ۷۸ پر مرو کا نام آتا ہے اور اُس کے نام پر مارواڑ کا دیس اب تک مرودیس کہلاتا ہے اور اور اس سے اس روایت کی اور تصدیق ہوتی ہے کہ راٹھوروں کا نکاس اسی مرو کے پُوروج یوون آشو سے ہے + مرو کے لئے دیکھو اس بنس کا سلسلۂ نسب اس گرنتھ کے دوسرے بھاگ کے پریششٹ یعنی ضمیمہ میں +

[راٹھوروں کی اس روایت کے متعلق کہ وہ یوون آشو سے اِندر کی راٹھ یا ریڑھ کی ہڈی کے ذریعے پیدا ہوئے تھے مقابلہ کرو بائیبل (پُرانے عہد نامہ کی کتاب جینیسس چیپٹر ۲- پیرا ۲۱-۲۲) کے اس کتھن کا کہ خدا نے آدم کو اکیلا اور بغیر کسی رفیق کے دیکھکر اُس کے جسم میں سے ایک پسلی نکالی اور اُس کو عورت (حوّا) بنایا اور آدم سے ملایا] +

(۱۸) مان دھاتا:-

جب مان دھاتا اس طرح سے پیدا ہؤا تو سوال اٹھا کہ یہ کس کا دودھ پیئے گا - اِندر نے آکر کہا کہ مام دھاتا - (یہ) مجھ کو پیئے گا + یہ کہکر اِندر نے اپنی اُنگلی اُس کے مُنہ میں دیدی - لڑکے نے وہ امرت کی بھری ہوئی

اُنگلی چھوڑی تو ایک دن میں ہی بڑا ہوگیا اور اِندر کے ان شبدوں سے کہ مام دھاتا اُس کا نام بھی مام دھاتا یا مان دھاتا ہی پڑگیا +

"مان دھاتا" کا سادھارن ارتھ ہے مان کا دھارن کرنے والا - مگر اس کے جنم کو اسادھارن رنگ دینے کے لئے اس کے نام کا بھی اسادھارن ارتھ کیا گیا +

مان دھاتا کے راجیہ کے وِشے میں یہ شلوک پرسدّھ ہے کہ جہاں سورج اودے ہوتا ہے اور جہاں ڈوبتا ہے یعنی ساری پرتھوی میں مان دھاتا کا راجیہ تھا (دیکھو وِشنو پُران ۴-۲-۶۵ + اور شریمد بھاگوت ۹-۶-۳۷) اور یہ کتھن آج کل کی اس انگریزی کہاوت کے مانند ہے کہ سلطنت برطانیہ پر سورج کبھی نہیں چھپتا +

مہابھارت (شانتی پروا-راج دھرم-ادھیائے ۶۵) میں ایک کتھا آئی ہے کہ وِشنو نے اِندر کے روپ میں ماندھاتا کو درشن دے کر کشتری دھرم کی مہما بتائی اور کہا کہ اس دھرم کی مہما اس میں ہے کہ اَور سارے ورنوں اور آشرموں کی رکھشا اس کشتری دھرم سے ہی ہے - اور اسی سلسلہ میں یہ بھی بتایا کہ یَون شک اندھر پُلِند آدک جاتیاں بھی (اگرچہ وہ کشتریوں کی اُچّ پدوی سے گر گئی ہیں) اس کارن سے کہ وہ رکھشا کا دھرم نباہتی ہیں ویدک یگیہ یاگ کر سکتی ہیں +

[ان جاتیوں کے لئے دیکھو آگے اسی ادھیائے میں بنساولی نمبر ۴ مین درھیو کے بنس کا حال - اور بھاگ ۲ کے ادھیائے ۱ میں راجا سگر کا حال اور بھاگ ۴ کے ادھیائے ۵ میں اشوک کا حال]

اسی طرح سے رشی اُتتھیہ نے مان دھاتا کو دھرم کے وشے میں

ایک بڑا اوتم اُپدیش کیا اور یہ اُپدیش مہابھارت (شانتی پرو۔ ادھیائے ۹۰ اور ۹۱) میں درج ہے اور دیکھنے کے لائق ہے + ایک اور اُپدیش اسی راجا ماندھاتا کو انگ دیس کے راجا وسوروم نے دنڈ کے دشے میں کیا ہے اور وہ شانتی پرو کے ادھیائے ۱۲۲ میں درج ہے +

مان دھاتا کو چندربنسی مہابھوج کی پُتری بندومتی بیاہی گئی تھی + مہابھوج کا دوسرا نام ششبندو (برو ئے بھاگوت) یا شت بندو (برو ئے وشنو پُران) ہے اور یہ اکشواکو کے سمکالین پرورَوا سے ۱۱ پیڑھی پیچھے یدو کے بنس میں ہوا ہے (دیکھو بنساولی نمبر ۸)۔ مان دھاتا اکشواکو سے ۱۸ پیڑھی پیچھے ہُوا ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ یا تو مہابھوج کے بنس میں چھ سات پیڑھیاں گم ہیں یا اُس بنس کی ۱۱ پیڑھیوں کا کال مان دھاتا کے بنس کی ۱۸ پیڑھیوں کے کال کے برابر ہے +

مان دھاتا کے تین بیٹے ہوئے۔ ایک پُرو کُتس جس سے اس کا راج بنس آگے چلا۔ دوسرا امبریکھ جس سے ہرت گوتر کے ہاریت براہمن چلے۔ تیسرا مچکُند جو ایک بڑا جوگی ہُوا + حالیہ راجدھانی دھولپور میں ایک تیرتھ مچکُند کے نام سے پرسِدھ ہے اور وہ تیرتھ غالباً اسی مچکُند کے نام پر ہے کیونکہ جب کُتس کے مارے جانے پر اس کا سسُسر جراسندھ (جو مگدھ دیس کا راجا تھا) یَون دیس کے راجا کال یَون کو ساتھ لے کر متھرا پر چڑھ آیا تھا اور شری کرشن جی کال یَون کو اپنے پیچھے بھگاتے ہوئے مچکُند کی گپھا میں لے آئے تھے اور وہاں لاکر اس کو بھسم کر دیا تھا تو مچکُند متھرا کے آس پاس ہی ہونا چاہیئے تھا اور یہ مچکُند

جو دھولپور میں ہے متھرا کے پاس ہی ہے +

مان دھاتا رگوید منڈل ۱۰ کے سُوکت ۱۳۴ کا رشی ہے اور اس کا نام پیچھے رشیوں کے نقشہ میں سنکھیا نک ۳۱۴ پر آیا ہے + رگوید کے اندر بھی مان دھاتا کا نام ۸—۳۹—۸ اور ۸—۶—۱۲ میں آیا ہے + اصل شبد ان منتروں میں من دھاتری (من دھاتا) ہے مگر سایَن نے اس کا ارتھ یووَن آشو کا پُتر من دھاتا کیا ہے اور وہ بنسا ولیوں کا یہ ہی مان دھاتا ہے +

مان دھاتا کے کئی پُتریاں بھی تھیں جو سوبھری رشی کو بیاہی گئیں + سوبھری رگوید منڈل (۸) کے سُوکت ۱۹ تا ۲۲ اور سُوکت ۱۰۳ کے رشی ہیں اور ان کا ذکر رشیوں کے نقشہ میں سنکھیا نک ۱۰۷ اور ۱۵۶ پر آیا ہے + سوبھری کانو ارتھات کنو گوتری تھے اور کنو وہ رشی تھے جن کے آشرم میں چندر بنسی بھرت کی ماتا شکنتلا پلی تھی + اور یہاں تک سُورج بنس اور چندر بنس کی پیڑھیاں ملتی چلی آتی ہیں کیونکہ جہاں سورج بنس میں ماندھاتا کا نمبر ۱۸ ہے وہاں چندر بنس میں پرو بنسی کنو رشی کا نمبر ۱۹ ہے (دیکھو آگے بنسا ولی نمبر ۹) +

(۱۹) پُرُوکُتس :-

مان دھاتا کے تین بیٹے تھے جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے - ان میں سے امبریکھ اور مُچکُند کا حال اوپر آچکا ہے - پُرُوکُتس کا بڑا چرتر یہ ہے کہ اس نے اُس دیس کے ناگوں کو جہاں دکھن میں نربدا بہتی ہے گندھروؤں سے بچایا اور

اس کے بدلے میں ناگوں نے اپنی بہن نربدا[۵] کو اُس کے ساتھ بیاہ دیا +
پُروکُتس کا راج اس طرح سے دکھن کے سرے تک پھیل گیا اور آرئیہ
سبھیتا کا ڈنکا تمام شمالی ہند میں بج گیا اور شمالی ہند آریا ورت کہلایا +
صوبجات متوسط کے ضلع نیمار میں اب بھی ایک مقام مان دھاتا کے
نام پر مانڈھاتا کہلاتا ہے - یہ دریائے نربدا کے اندر ایک جزیرہ ہے -

---

[۵] نربدا ندی صوبجات متوسط میں امرکنٹک کی پہاڑی پر سے نکلتی ہے اور پچھم کو بہتی ہے - اسی جگہ سے دریائے سون نکلتا ہے اور کچھ دُور پچھم کی طرف بہکر یکایک پورب کو ہو لیتا ہے اور ایک چھوٹی سی ندی جوھیلا کو اپنے ساتھ لیکر دریائے گنگا کے ساتھ خلیج بنگالہ میں جا گرتا ہے + لوگوں میں اس نظارہ کی ایک دلچسپ کتھا بن گئی ہے اور جنرل سلیمن (Sleeman) صاحب نے جو پہلے ان صوبجات میں ایجنٹ گورنر جنرل کے اسسٹنٹ تھے اور پھر لکھنؤ کے رزیڈنٹ ہو گئے تھے اپنے سفرنامہ رمبلز (Rambles) میں اس کا ذکر کیا ہے + کتھا یہ ہے کہ نربدا کا بیاہ سون سے ہونے والا تھا اور سون بڑی دھوم دھام سے برات لئے آرہا تھا کہ نربدا نے اپنی سہیلی جوھیلا کو سون کا رنگ روپ دیکھنے کے لئے بھیجا + جوھیلا گئی تو سون اُس پر ہی موہت ہو گیا اور جوھیلا کو اپنے ساتھ لے کر یا تو نربدا کے لئے پچھم کو آرہا تھا یا اولٹا پورب کو ہو لیا + نربدا جھنجھلائی اور جھگیائی اور سانپ کی طرح بل کھاتی ہوئی دوسری جانب پچھم کو ہولی +

ناگوں کا اپنی بہن نربدا کو پُروکُتس سے بیاہ دینے کی کہانی بھی اسی طرح سے ایک تاریخی واقعہ کا استعارہ ہے اور وہ واقعہ یہ ہے کہ اکشواکو بنسیوں کا راج پُروکُتس کے زمانے میں نربدا تک پہنچ گیا تھا + ناگوں کے لئے دیکھو اس گرنتھ کا بھاگ ۲ - ادھیائے ۱ - نوٹ ۱۴ +

اور سکند پُران کے نربدا کھنڈ کے انوسار یہ وہ مقام ہے جو پہلے وَیدُرنیہ منی پربت کہلاتا تھا + معلوم ہوتا ہے کہ جب یہ دیس پُروکُتس کے قبضہ میں آیا تو اُس نے اس پربت کا نام اپنے پتا کے نام پر مان دھاتا رکھا + مان دھاتا اب ایک تیرتھ ہے اور نربدا کا ماہاتمیہ اس جگہ گنگا جی سے بھی زیادہ مانا جاتا ہے + ناگوں کے ساتھ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے اس کا سمبندھ بہن بھائی کا سا تھا اور اس لئے روایت ہے کہ جو کوئی صبح شام نربدا کا سمرن کرے اس کو ناگوں کا زہر کبھی نہ چڑھے +

پُروکُتس آپ وید کے کسی سُوکت کا رشی نہیں ہؤا - اگرچہ اس کا پتا ماندھاتا اور اس کا پُتر ترسدسیو دونوں وید رشی ہوئے ہیں مگر اور رشیوں نے اس کا ذکر کیا ہے + چنانچہ رگوید (۱-۱۱۲-۷) میں آیا ہے کہ اے اشونی کماروں جن اُوتیوں (عجکتیون) سے تُم نے پُروکُتس کی رکھشا کی تھی اُن ہی اُوتیوں کو لے کر ہمارے پاس آؤ + اور اس رکھشا سے شاید کسی اُس رکھشا کی طرف اشارہ ہو جو پُروکُتس کو ناگوں کے پکش میں گندھرووں کے ساتھ یُدھ کرنے میں پراپت ہوئی ہوگی + پُروکُتس کا ذکر رگوید کے اور بھی کئی منتروں میں آتا ہے +

(۲۰) ترسدسیو (ترس دسیو) :-

اس نام کی بُرکتی یہ ہے کہ ترس (ڈرتے ہیں) دسیو لوگ جس سے (دیکھو بھاگوت ۹-۶-۳۳) + سنسکرت کا یہ ہی ترس فارسی کا تَرس ہے جو ترسیدن مصدر یعنی ڈرنا سے بنتا ہے - اور دسیو وہ لوگ ہیں جن میں بھاگوت کے اسی اشلوک کے انوسار راون آدک شامل تھے + وید میں

دسّیو لوگوں کا اکثر ذکر آیا ہے اور یہ ذکر اس طرح سے آیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ دسّیو ہندوستان کی وہ اَن آریہ اور اَویدِک جاتیاں تھیں جن کو ویدک آریاؤں نے اوتّر سے دکھن میں اور دکھن سے لنکا میں دھکیل دیا یہاں تک کہ انجام شری رامچندر جی نے لنکا میں بھی آریہ سبھیتا کا ڈنکا بجا دیا + دسّیو لوگوں کا ذکر ہم اس سے اگلے ادھیائے میں ویدک سبھیتا کے پرسنگ میں مفصل کرینگے + ترسدسّیو پہلے مان دھاتا کا گُن واچک یعنی توصیفی نام تھا۔ پھر اُس کے پوتے ترسدسّیو نے اُس کو اپنا اصلی نام بنا لیا۔ ارتھات ترسدسّیو کا شبد جو پہلے مان دھاتا کے لئے یوگِک تھا اُس کے پوتے کے لئے رُوڑھی ہوگیا[1]۔ اور وید کے اکثر شبد اسی طرح سے جو پہلے یوگِک تھے نیچے رُوڑھی ہوگئے ہیں +

ترسدسّیو رگوید منڈل ۴ کے سُوکت ۴۲ کا رشی ہے۔ اِس سُوکت میں اس نے اپنے آپ کو اِندر ورُن آدک مان کر راجا کی راجائی کو ایشور کرت قرار دیا ہے۔ اور منوسمرتی (ادھیائے ۷۔ شلوک ۴) میں جو راجا کو آٹھ دیوتاؤں اِندر آدک کے انشوں سے بنا ہؤا مانا ہے وہ غالباً اسی سُوکت کی ویاکھیا ہے + رگوید (۱۰-۱۱۲-۱۴) میں رشی گتس نے ترسدسّیو کے نام کو بھی اُس ہی پرشنسا سے یاد کیا ہے کہ جس پرشنسا سے اُس کے پتا پُروکُتس کے نام کو (۱۰-۱۱۲-۷)

[1] مزید مثالوں کے لئے دیکھو آگے ہرِشچندر کا نام اسی سلسلہ کے نمبر (۲۹) میں اور رام اور دشرتھ کے نام ادھیائے (۵) کے فٹ نوٹ ۲۲ میں +

میں یاد کیا ہے + اسی طرح سے ۱۰-۱۵۰-۵ میں آیا ہے کہ اگنی نے اتری - بھردواج - گوشٹھر - کنو اور ترسدسیو کی رکھشا کی +

بھوشیہ پُران میں ترسدسیو کی جگہ ترِنشداشو بن گیا ہے اور اس نام کا کارن یہ لکھا ہے کہ اُس کے رتھ میں تیس ۳۰ گھوڑے جُتے تھے + رشیوں کے نقشہ میں ترسدسیو کا نام سنکھیانک ۲۱ پر آیا ہے +

(۲۱) اَنرنیہ (اَن ارنیہ) :-

اِس کے وشے میں وشنو پُران (۴ - ۳ - ۷) میں لکھا ہے کہ یہ راون کے ہاتھ سے مارا گیا - اور اس کی وجہ ظاہر ہے - کیونکہ اس کا پتا ترسدسیو اور پردادا مان دھاتا دسیو لوگوں کے دُشمن تھے اور راون جیسا کہ ہم پیچھے بتا چکے ہیں دسیو تھا + مگر یہ راون وہ راون نہیں ہو سکتا جس کو شری رام چندر جی نے لنکا میں جا کر مارا تھا کیونکہ شری رام تو اکشواکو سے ساٹھ ۶۰ پیڑھی پیچھے ہوئے ہیں اور انرنیہ ابھی اکیسویں ۲۱ پیڑھی میں ہی تھا + پیچھے بتایا جا چکا ہے کہ اکشواکو کے نویں بھائی دِشٹ کے بنس میں دِشٹ سے چوبیس ۲۴ پیڑھی آگے چل کر ترِن بندو کا بیٹا وِشال ہؤا جس نے وَیشالی بسائی + اِس وِشال کی بہن اِڈوِڈا وِنروس رشی کو بیاہی گئی اور اُس سے ایک پُتر پیدا ہوا جو بڑا دھن وان ہونے کے کارن دھنڈ ارتھات دھن کا دینے والا کہلایا (دیکھو شریمد بھاگوت ۹ - ۲ - ۳۲) + اور چونکہ پُرانوں میں دھن کا دیوتا کُبیر ہے اِس لئے یہ دھنڈ بھی کُبیر کہلایا +

ایک راچھسی نے کُبیر کو دھنوان اور روپ وان دیکھ کر چاہا کہ اُس کے بھی ایک پُتر کُبیر جیسا ہو اور اس لئے اُس نے وِشرَوَس سے پُتر کی کامنا پرگٹ کی۔ رشی نے اُس کی اِچھا پوری کی اور اُس سے ایک پُتر پیدا ہؤا جو اس طرح سے کُبیر کا سونتیلا بھائی ہؤا اور راوَن کہلایا + وِشرَوَس کا بیٹا ہوکر راوَن ویاکرن کے انوسار راون کیوں کہلایا اور وَیشرَوَس کیوں نہ کہلایا اس کا کارن ٹیکا کار ملّی ناتھ نے رگھووَنش (۱۲-۹۱) کی ٹیکا میں یہ دیا ہے کہ "جب وِشرَوَس کے ساتھ سنتان واچک اَن پرتیہ لگایا جاتا ہے تو وِشرَوَس کی جگہ وِشرَوَن اور رَوَن آدیش ہو جاتے ہیں"۔ اس لئے وِشرَوَس کی سنتان وِشرَوَن کی نسبت سے وَیشرَوَن (کُبیر) اور رَوَن کی نسبت سے راوَن ہے + اگرچہ بالمیکی رامائن کے اوتر کانڈ میں جو بالکل نیچے کی گھڑت ہے راوَن کے ارتھ کچھ اور ہی گھڑ دئے گئے ہیں + وِشرَوَن اور رَوَن دونوں نام پانِنی (۴-۱-۱۱۲) کے شِوآدی گن میں آئے ہیں اور اس سوتر کے انوسار بھی جیسے وِشرَوَن کا گوتر ونشی شرَوَن کہلائیگا ایسے ہی رَوَن کا گوتر راوَن کہلائیگا اور ان سے اگلی پیڑھیاں بھی اسی طرح سے وَیشرَوَن اور راوَن کہلاتی چلی جائیں گی۔ جیسے یدو بنسی یادو اور رگھو بنسی راگھو پیڑھی در پیڑھی کہلاتے چلے جاتے ہیں۔ پس راوَن کسی وِیکتی وشیش کا نام نہیں ہے بلکہ رَوَن کے گوتر کی ہر ایک وِیکتی کا نام ہے مگر چونکہ ان سب میں وہ راوَن سب سے زیادہ وکھیات ہؤا ہے جو سیتا جی کو ہر کر لے گیا اور

شری رام چندر جی کے ہاتھ سے مارا گیا اس لئے ہر ایک راون کے چرتر اسی ایک راون کے چرتر سمجھے جانے لگے ہیں (چنانچہ دیکھو آگے بنسا ولی ۷ میں سہسر آرجن کا حال) ٭

(۲۸) شتیہ ورت (تری شنکو) :-

اس کی ایک کتھا بالمیکی رامائن (بال کانڈ - سرگ ۵۷ تا ۶۰) میں آتی ہے اور اس کا سار یہ ہے کہ جب تری شنکو وشوامتر کے پرتاپ سے شریر سہت سورگ میں پہنچا اور اندر نے اس کو سورگ سے نیچے گرا دیا تو وشوامتر نے اس کو نیچے گرنے سے روک دیا اور وہ آکاش میں لٹکتا رہ گیا اور اب تک اسی طرح ایک تارا بنا ہوا لٹک رہا ہے ٭ معلوم نہیں اس کتھا کی اصلیت کیا ہے مگر اتنا ضرور ہے کہ تری شنکو اور وشوامتر نام کے دو تارے آکاش میں ایک دوسرے کے پاس چمکتے ہیں اور شاید اُن سے اس کتھا کا مضمون سوجھا ہو (دیکھو پیچھے صفحہ ۸۵) ٭

(۲۹) ہرشچندر
(۳۰) روہت

ہرشچندر کا ذکر بھی پیچھے اس پرسنگ میں آچکا ہے کہ شُنہ شیپ کے چرتر کو رامائن تو امبریکھ کے یگیہ سے اور بھاگوت ہرشچندر کے یگیہ سے منسوب کرتی ہے ٭ امبریکھ کے یگیہ کا حال تو پیچھے بیان کیا جا چکا ہے - ہرشچندر کے یگیہ کی کتھا یہ ہے کہ ہرشچندر نے ورُن دیوتا سے منّت مانی تھی کہ اگر اُس کے پُتر ہؤا تو وہ اُس پُتر سے ہی اُس کا

یگیہ کردے گا۔ پُتر پیدا ہؤا (اور وہ پُتر روہت تھا) تو ہرشچندر اُس کے موہ میں آگیا اور طرح طرح کے بہانوں سے یگیہ کو ٹالتا رہا + اس پر وَرُن کو کرودھ آیا اور ہرشچندر کے پیٹ میں پانی پڑ گیا + یہ دیکھ کر روہت شُنہہ شیپ کو اُس کے پِتا اَجیگرت (رشی رچیک) سے مول لے آیا اور اپنے پتا سے کہا کہ اس کے ساتھ وَرُن کا یگیہ کر دیا جاوے + چنانچہ اُس کے ساتھ یگیہ کیا گیا مگر وشوامتر کی کرپا سے شُنہہ شیپ کو کوئی آنچ نہیں پہنچی + روہت بھی بچ گیا اور ہرشچندر کی مکتی ہو گئی +

ہرشچندر کے ناٹک میں جو لیلا دکھائی جاتی ہے وہ شریمد بھاگوت میں نہیں ہے۔ مگر اس سلسلہ میں جو وشوامتر اور وسشٹھ کا جھگڑا آپس میں ہے اُس کی طرف ایک شلوک میں (اور وہ شلوک سکندھ ۹ - ادھیائے ۷ کا شلوک ۷ ہے) کچھ اشارہ ہے + اور اس شلوک کا ارتھ یہ ہے کہ تری شنکو کا پُتر ہرشچندر ہؤا جس کے نِت وشوامتر اور وسشٹھ پکشی بن کر برسوں تک یدھ کرتے رہے + دیوی بھاگوت میں یہ لیلا ساری برنن کی گئی ہے +

رگوید (۹-۶۶-۲۶) میں ہرشچندر کا شبد آیا ہے اس طرح کہ "ہرشچندرو مَرُدگنہ" + مگر وہاں وہ کسی وِیکتی وشیش کا نام نہیں ہے بلکہ مَرُدگن کا وشیشن ارتھات گُن واچک ہے۔ اور یہ ہی گُن واچک پیچھے گُنی کے ارتھ میں ہو کر راجا ہرشچندر کا نام بن گیا ہے + اِسی طرح سے روہت کا شبد بھی رگوید میں آیا ہے مگر کسی کا نام ہو کر نہیں آیا ہے +

چندر بنس

اب چندر بنس کا حال سُنئے + پیچھے (اس ادھیائے کے آرمبھ میں ہی) بتایا جا چکا ہے کہ سُورج بنس منو (ویوسوت) کے بیٹے اکشواکو کی سنتان ہے تو چندر بنس اُسی منو کی بیٹی اِلا کی سنتان ہے اس طرح سے کہ سوم ارتھات چندر کا بیٹا بدھ جو تارا نامی استری کے پیٹ سے پیدا ہؤا تھا اس اِلا کو بیاہا گیا اور اس سے پُرورَوا پیدا ہؤا + پُرورَوا کا سمبندھ اِندر لوک کی اپسرا اُروشی سے ہؤا اور اس سمبندھ سے آیو آدک کئی پُتر ہوئے اور اُن سے چندر بنس چلا +

رگوید (منڈل ۱۰ سوکت ۹۵) میں پُرورَوا اور اُروشی کا ذکر آتا ہے - اس سوکت کے ۱۸ منتر ہیں - ان منتروں میں پُرورَوا اور اُروشی کا سمواد ہے - اور اس لئے یہی دونوں ان منتروں کے رشی ہیں - اور رشیوں کے نقشہ میں جو اس سے پہلے ادھیائے میں دیا گیا ہے ان کا نام سنکھیانک ۲۷۵ پر آیا ہے + شت پتھ براہمن (۲-۵-۱) میں ان منتروں کی کچھ ویاکھیا ہے اور پُرانوں نے ان منتروں کے آدھار پر پوری کتھا جوڑ دی ہے + چنانچہ شریمد بھاگوت اور وِشنو پُران میں ان منتروں کی یہ کتھا آئی ہے کہ اُروشی جو اِندر لوک کی ایک اپسرا تھی اِندر لوک میں دیو رشیوں کو پُرورَوا کے وِکرم[۱۱] آدک گُنوں کی مہما گاتے سُنا کرتی تھی - اس لئے اُس کے من میں پُرورَوا کو دیکھنے کی ابھلاکھا اُتپن ہوئی + چنانچہ

[۱۱] وِکرم کے ارتھ کے لئے دیکھو آگے نوٹ ۱۲

وہ پُرُورَوا کو دیکھنے کے لئے منشیہ لوک میں آئی اور دیکھتے ہی اُس پر موہت ہوگئی + پُرُورَوا بھی اُس پر نوچھاور ہوگیا اور اُس کو اپنے پاس رکھنا چاہا + اُرُوشی تو بھگوان سے چاہتی تھی کہ پُرُورَوا کے پاس رہے جھٹ راضی ہوگئی مگر وہ یہ بھی جانتی تھی کہ وہ سدا اُس کے پاس نہیں ٹھیر سکتی - اِس لئے اُس نے بہانے کے لئے یہ دو شرطیں ٹھیرائیں ایک یہ کہ میرے دو مینڈھے ہیں میں اِن کو پُتروں کے سمان رکھتی ہوں یہ میرے پاس سے جانے نہ پائیں - اور دوسری یہ کہ میں تم کو ننگا نہ دیکھوں + پُرُورَوا نے یہ شرطیں مان لیں اور اُرُوشی اُس کے پاس رہنے لگی + تھوڑے ہی دنوں میں اِندر کو اُرُوشی کی یاد آئی - اور گندھرووں کو حکم دیا کہ اُرُوشی کو لاؤ + گندھرو پہلے ہی سے سب بات جانتے تھے - آدھی رات کو آئے اور اُرُوشی کے مینڈھے اوٹھا کر لے اُڑے + مینڈھے مِمیائے تو اُرُوشی چونکی اور ہاتھ مل کر چلّانے لگی کہ ہائے میرے پُتروں کو کوئی لئے جارہا ہے اور مجھ اناتھ کا کوئی سہائے نہیں + پُرُورَوا پاس ہی لیٹا ہؤا تھا اُٹھا اور اندھیرے میں دھنُش بان لے کر دوڑا + گندھرووں نے ایک دم بجلی چمکائی اور اُرُوشی نے اس کو ننگا دیکھ لیا + اثنت یہ ہؤا کہ جب پُرُورَوا مینڈھوں کی طرف سے ناکام لوٹ کر آیا تو اُرُوشی کو بھی نہ پایا - بہت گھبرایا مگر آخر چُپ کر کے بیٹھ رہا + کچھ دنوں بعد پُرُورَوا نے اُرُوشی کو کورو کشیتر میں سرسوتی کے کنارے دیکھا اور اُن دونوں کا آپس

میں سموا د شروع ہُوا (اور وید کے سوکت (۱۰-۹۵) میں اِسی سموا د کا برنن ہے) + پُرورَوا نے کہا کہ تو مجھ کو چھوڑ کر کہاں چلی گئی - میرے پاس آ نہیں تو میں ابھی مرتا ہوں - اُروشی نے کہا کہ مرت دھیرج دھر - میں اِندر لوک کی رہنے والی ہوں - مُنشیہ لوک میں تیرے پاس سدا نہیں رہ سکتی - ہاں برسویں دن ایک رات کے لئے تیرے پاس آجایا کروں گی اور مجھ سے تیرے ایک بیٹا ہو جایا کرے گا - اور اب بھی میں تجھ سے گربھ وتی ہوں + اور جو تو سدا میرے ساتھ رہنا چاہتا ہے تو یہ سُرگ کی اگنی لے ویدمنتروں سے اس کی سیوا کیا کر اِس کرم کے پربھاو سے تجھ کو اِندر لوک کی پراپتی ہو گی اور پھر تو وہاں میرے ساتھ رہا کریگا + چنانچہ پُرورَوا اگنی لیکر چلا آیا مگر من میں بچارا کہ تو نے اُچت نہیں کیا جو اُروشی کو چھوڑا اور اگنی کو لایا + لوٹا کہ اُروشی کو لے آئے مگر اب اُروشی تو کیا ملنی تھی وہ اگنی بھی نہیں ملی جو اُروشی نے دی تھی + اگنی کی جگہ شمی کی لکڑی دیکھی - سمجھا کہ اگنی اس کے اندر ہے وہاں سے اُس کو نکالنا چاہیئے - چنانچہ شمی کی دو ارنیاں بنائیں اور اُن کو متھ کر اگنی پیدا کی + پھر چونکہ تریتا جُگ کا آرمبھ ہو چکا تھا اور اُس کے ہردے میں رِگ - سام - اور یجُر روپی تری وِدیا کا پرکاش ہو چکا تھا اس لئے اُس نے اس ایک اگنی کو آہوَنیہ گارہپتیہ اور دکشن اگنی روپ سے تری ورت کیا اور اس تری ورت اگنی سے وید وِہت کرم کرتے کرتے اِندر لوک کو

پراپت کیا اور اُروشی کے ساتھ رہنے سہنے لگا +

مہابھارت (آدی پرو - ادھیائے ۷۵ - شلوک ۲۳/۲۴) میں ان کتھاؤں کا صرف اتنا اشارہ آیا ہے کہ پُروراوا گندھرو لوک سے اُروشی کے ساتھ تین پرکار کی اگنیوں کو بھی ساتھ لایا تھا + شریمد بھاگوت (۹-۱۴-۴۸) میں خاص اس وشے میں یوں آیا ہے کہ "پہلے ایک ہی وید سب بانی کا بیج پرنو (اوم) تھا - ایک ہی دیو نارائن تھا - ایک ہی اگنی تھی - اور ایک ہی ورن تھا - پُروراوا سے تریتا یُگ کے آرمبھ میں تری ودیا ہوئی" + اور وشنو پُران (۴-۶-۹۶) کا آشے بھی یہ ہی ہے +

ان کتھاؤں میں سب سے بڑی بات جو خاص توجہ کے لائق ہے وہ اس بات کا برنن ہے کہ پُروراوا کو جس کا زمانہ سورج بنس کے بانی اکشواکو کے ساتھ ست جُگ سے شروع ہوا تھا اُروشی کی تلاش میں سارا ست جُگ اور تریتا جُگ کا بھی کچھ حصہ لگ گیا - اور اِس برنن کی تہ میں کچھ اور بات ہے + ہم آگے (بھاگ ۴ - ادھیائے ۱) میں دیکھیں گے اور کچھ اسی بھاگ کے ادھیائے ۲ میں دیکھ بھی آئے ہیں کہ جہاں سورج بنس میں اِکشواکو سے لے کر راجا برہدبل تک جو مہابھارت کے زمانہ میں ہوا ۹۵ پیڑھیاں اور راجا پرسین جت تک جو مہاتما بُدھ کے زمانہ میں ہوا ۱۲۱ پیڑھیاں ہوئیں وہاں چندر بنس کی اُس شاخ میں جو پُرو سے چلی اکشواکو کے سمکالین پُروراوا سے لے کر راجا برہدبل کے سمکالین مہاراجہ یدھشٹھر تک ۴۷ پیڑھیاں اور راجا پرسین جت کے سمکالین اودین تک ۴۳

پیڑھیاں ہوئیں گویا دونوں صورتوں میں چندربنس کی پیڑھیاں سورج بنس کی پیڑھیوں کے مقابلہ میں بقدر ۹۵ - ۴۷ = ۴۸ یا ۱۲۱ - ۷۳ = ۴۸ کم ہوئیں ۔ اسی طرح سے چندربنس کی دُوسری شاخ میں جو یدو سے چلی شری کرشن جی تک جو اسی راجا برہدبل کے سمکالین تھے ۵۱ پیڑھیاں ہوئیں اور یہ پیڑھیاں بھی سورج بنسی پیڑھیوں سے ۹۵ - ۵۱ = ۴۴ یعنی تقریباً اتنی ہی کم رہیں ۔ اور اتنی پیڑھیوں کا کم رہنا اور اُن کا پتہ نہ لگنا اِدھر پُورو بنس کے لئے جس میں یدشٹھر آدک پانڈو اور دُریودھن آدک کئورو پیدا ہوئے تھے اور اُدھر یادو بنس کے لئے جس میں شری کرشن جی پیدا ہوئے تھے ہانی کارک تھا اس لئے ہمارا خیال ہے کہ اس ہانی کو چھپانے کے لئے ہی پُروراوا کی یہ کتھا رچی گئی ہے کہ اُس نے اُروشی کے بجوگ میں سارا ست جگ اور تریتا جگ کا بھی ایک حصّہ گزار دیا ۔ اور اس طرح سے وہ اکیلا ہی ست جگ کے سارے چار ہزار برس اور تریتا یُگ کے آٹھ سو برس جو اڑتالیس پیڑھیوں کے اڑتالیس سو برس ہوئے پورے کر گیا ۔ مگر یہ پیڑھیاں کہاں گم ہوئیں ۔ ایا پُروراوا کے بعد ہی گم ہوئیں جیسا کہ اس کتھا سے ظاہر ہوتا ہے یا کہیں آگے جا کر ۔ ہمارا خیال ہے کہ یہ پیڑھیاں آگے جا کر سمورن اور کورو کے بیچ میں جو پُرو کے بنس میں ۲۹ اور ۳۰ پر آئے ہیں گم ہوئی ہیں ۔ سمورن تک رشی کال برابر چلا آیا ہے جیسا کہ اس سے پہلے ادھیائے میں دکھایا گیا ہے ۔ اور سورج بنس اور چندربنس کی بنسا ولیاں بھی ایک

دوسرے کے مطابق رہی ہیں مثلاً پرسین جت جو سورج بنس میں اکشواکو سے ۱۶ پیڑھی پیچھے ہے اُس کی بیٹی رینُکا جمدگنی کو جو چندر بنس میں پُروَرَوا سے ۱۴ پیڑھی پیچھے ہے بیاہی گئی تھی اور مان دھاتا جو سُورج بنس میں اکشواکو سے ۱۸ پیڑھی بعد ہے شش بندو کی بیٹی کو بیاہا گیا تھا جو چندر بنس کے بدوکُل میں پُروَرَوا سے گیارہ پیڑھی پیچھے ہے (دیکھو پیچھے بنساولی ۱ اور آگے بنساولیاں ۲ اور ۵) + کہا جا سکتا ہے کہ پُروَرَوا تو پُرانوں کی کتھا کے بموجب گندھرو لوک میں ٹھیک اڑتالیس ۴۸ سو برس تک رہا اور نیچے مُنشیہ لوک میں اُس کی سنتان چلتی رہی ۔ تو بھی چندر بنس میں سورج بنس کے مقابلہ میں مہابھارت کے زمانہ تک ۴۸ پیڑھیوں کی کمی تو ضرور رہی اور یہ کمی پُروَرَوا کے عین بعد تو ہوئی نہیں کیونکہ اِدھر جمدگنی تک اور اُدھر شش بندو تک اس کی پیڑھیاں سورج بنس کے قریب قریب مطابق رہیں اس لئے کہیں آگے جا کر ہی ہوئی اور وہ آگے کی جگہ ہم کو سمورَن اور کورو کے بیچ میں نظر آتی ہے اور سمورَن کے ساتھ سورج کی پُتری تپتی کے بیاہ کی کتھا کا جُڑا جانا بھی یہ ہی ظاہر کرتا ہے (دیکھو پیچھے رشیوں کے نقشہ کا سنکھیانک ۵۶) + تپتی کے بیاہ کے وشے میں ہم اس ادھیائے کے آخر میں جہاں سمورَن کا ذکر آویگا کچھ اور روشنی ڈالیں گے +

[پیچھے بیان کیا جا چکا ہے کہ اکشواکو کے آٹھویں بھائی شریاتی کے بنس میں راجا ککُدمی تھا اور اُس کی بیٹی ریوتی شری کرشن جی کے بھائی

بلدیو جی کو بیاہی گئی تھی - اس ککُدمی کے باپ اور دادا کا حال تو معلوم ہے کہ باپ ریوت اور دادا آنرت تھا مگر ان سے پہلی پیڑھیوں کا حال معلوم نہیں کہ وہ کون تھیں اور ایا یہ آنرت آدک شریاتی کے بنس میں بھی تھے یا نہیں - اور یہ بات بھی شری کرشن جی کے کُل کے لئے ہانی کارک تھی - اس لئے اس ہانی پر پردہ ڈالنے کے لئے یہ کتھا رچی گئی کہ یہ آنرت آدک شریاتی کے ساتھ لگتی ہوئی ہی پیڑھیاں تھیں پر ککُدمی اپنی بیٹی ریوتی کو اپنے ساتھ لے کر برہم لوک میں برہما جی سے اس بات کا مشورہ کرنے جا رہا تھا کہ ریوتی کس کو بیاہی جائے کہ راستے میں وہ گندھرووں کا راگ سُننے کے لئے ٹھیر گیا اور اُس میں ایسا مست ہؤا کہ مُجگ کے مُجگ بیت گئے اور اُس کو کچھ خبر نہیں ہوئی - انجام جب وہ برہما جی کے پاس پہنچا تو اس وقت شری کرشن جی کا زمانہ تھا اور برہما نے کہا کہ اب ریوتی کو بلدیو جی کے ساتھ بیاہ دینا چاہیئے + اور معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح وہاں ککُدمی کے لئے یہ کتھا جوڑی گئی تھی کہ وہ گندھرووں کے راگ میں مُجگوں تک مست رہا ٹھیک اسی طرح یہاں پُروروا کے لئے یہ کتھا رچی گئی کہ وہ ایک اپسرا کے موہ میں مُجگوں تک موہت رہا] +

کبی کالیداس نے وِکرم اُروشی نامی ناٹک میں پُروروا اور اُروشی کے چرتروں کا ایک بچتر چتر کھینچا ہے - کبتا کی خوبیاں جو اس ناٹک میں ہیں اُن کا ذکر تو ہم اس گرنتھ کے چھٹے بھاگ میں ساہتیہ کے پرکرن میں کریں گے پر نتو یہاں صرف اِس ناٹک کا خلاصہ لکھدیتے ہیں جس سے معلوم ہوگا کہ کالیداس نے جو پُروروا اور اُروشی کا چتر کھینچا

ہے وہ کیا کہتا ہے ؛ خلاصہ یہ ہے :-

انک (۱)

پردے کے پیچھے سے آواز آتی ہے کہ ارے کوئی دیوتاؤں کا پکشی پاتی آکاش میں اُڑنے والا ہو تو آئے اور ہم کو بچائے ؛ پردہ اُٹھتا ہے تو دکھائی دیتا ہے کہ چند اپسرائیں آکاش میں یہ دُہائی دے رہی ہیں اور سامنے سے ایک راجا رتھ میں بیٹھا اُڑا آرہا ہے اور رتھ کو ٹھیرا کر کہتا ہے کہ میں راجا پُرُورَوا ہوں سورج کی اُپاسنا کرکے آرہا ہوں میرے پاس آؤ اور بتاؤ کہ تم کو کس سے بچاؤں ؛ اپسرائیں راجا کے سامنے آتی ہیں اور کہتی ہیں کہ ہم اپنی پیاری سکھی اُرُوشی کے ساتھ جو تپسویوں کا تپ بھنگ کرنے کے لئے اِندر کا کومل شستر ہے اور روپ سے گروِت گوری کا جواب اور سوزگ کا بھوشن ہے کُبیر کے بھون سے لوٹ کر آرہی تھیں کہ ہرنیہ پور نواسی دَیتیہ کیشی اُس کو چِتر لیکھا کے ساتھ ہر کرلے گیا - اُس کو جس پرکار ہو سکے بچائیے اور ہم پر کرپا کیجئے ؛ راجا جواب دیتا ہے کہ تم کچھ سوچ مت کرو میں ابھی جاتا ہوں اور اُس جالم (ظالم) کی خبر لیتا ہوں تم یہاں ہی ہیم کوٹ کی شِکھر پر ٹھیری رہو ؛ یہ کہکر راجا اُڑ جاتا ہے اور دم کے دم میں کیشی کو جا لیتا ہے اور اُرُوشی کو اُس کے پنجے سے چھُڑا کر اپسراؤں کو سونپ دیتا ہے ؛ مگر راجا اُرُوشی کی سُندرتا پر موہت ہو جاتا ہے اور اُرُوشی راجا کی بیرتا اور سُندرتا دونوں پر نوچھاور ہو جاتی ہے ؛ اِتنے ہی میں گندھرو چِتر رتھ آتا ہے اور کہتا

ہے کہ راجا تو سچ مچ وِکرم کی مہما سے اِندر کا کاج سنوارنے کے یوگیہ ہے ہم بھی اِندر کی آگیا سے اُروشی کو چھوڑانے چلے تھے۔ پرمارگ میں تیری جے کے اُدا ہرن سُنے اور تیرے پاس آئے اب چلو اُروشی کو اِندر کے پاس لے چلو وہ تم سے بہت پرسن ہوں گے۔ پہلے نارائن نے اُروشی رچ کر

۱۱۲ وِکرم کے ارتھ بیرتا کے ہیں اور وِکرم کبی کالیداس کے سوامی راجا وِکرم آدتیہ (بکرماجیت) کا نام بھی ہے۔ اس لئے کالیداس نے بڑی چترائی سے وِکرم کے شبد کو اُروشی کے ساتھ جوڑ کر اپنے ناٹک کا نام وِکرم اُروشی رکھا ہے۔ جس کے اصلی ارتھ تو یہ ہیں کہ وِکرم ارتھات بیرتا سے اُروشی کی پراپتی (پُرُودَوا کو) جس طرح کہ ابھگیان شاکنتلا کا جو اسی کالیداس کے دُوسرے ناٹک شکنتلا کا اصلی نام ہے ارتھ یہ ہے کہ ابھگیان ارتھات مُدرا کے گیان سے شکنتلا کی پراپتی (دُشینت کو) پر اس کے سادھارن ارتھ یہ پرتیت ہوتے ہیں کہ وکرم اور اُروشی۔ اور اس طرح سے کالیداس نے بڑی یکتی سے اُروشی کے ساتھ وِکرم کا نام لگا کر اپنے ناٹک کے ساتھ اپنے سوامی کا نام بھی سدا کے لئے روشن اور امر کر دیا ہے + اور وِکرم کا شبد بھی کالیداس نے اپنی طرف سے نہیں لگایا ہے بلکہ پُرانوں سے لے کر لگایا ہے جیسا کہ پیچھے پُرُودَوا کے حال کے شروع میں ہی دکھایا جا چکا ہے اور یہ کالیداس کی اور وِدوتا ہے + وِکرم کی مہا کے شبد جو کالیداس نے یہاں استعمال کئے ہیں وہ بھی اسی پرکار سے وِکرم آدتیہ کی مہما کو بتاتے ہیں اور کالیداس کی کبتا کی داد دیتے ہیں +

اِندر کو دی[۱۳] تھی اب تم نے دیئتوں سے چھوڑا کر دی ہے + راجا اوتر دیتا ہے کہ ایسا نہ کہئے یہ جو کچھ ہے اِندر کا ہی پرتاپ ہے + چِتر رتھ پرتی اوتر دیتا ہے کہ تمہارا ایسا کہنا بھی نیکت ہے کیونکہ اَن اُتسیک (اَن اہمان) وِکرم[۱۴] کا نکار ہے + پرینام یہ کہ راجا نے اُروشی چِتر رتھ کو سونپ دی اور اُروشی چِتر رتھ کے ساتھ اُڑ گئی مگر اپنا چِت راجا میں لپٹا ہؤا چھوڑ گئی اور راجا کے چِت کو اپنے ساتھ اُڑا لے گئی ۔ جیسے کوئی راج ہنسی مرِنال میں سے سُوت چیر کر لے اُڑتی ہے +

انک (۲)

راجا کی ایک رانی تھی جو کاشی نریش اوشی[۱۵] نر کی پُتری اُوشی نری تھی ۔ اُس نے راجا کی یہ دَشا دیکھی اور ایک داسی سے کہا کہ اس کا پتہ لگا اور راجا کے (سہچاری اور ہاسیہ کاری منتری) وِدُوشک

---

[۱۳] اس کی کتھا اس طرح سے ہے کہ جب نارائن رشی بیٹھے ہوئے تپ کر رہے تھے تو چند اپسرائیں اُن کا تپ بھنگ کرنے کے لئے ان کو لبھانے آئیں ۔ اس پر نارائن نے اپنی اُرو یعنی جانگھ میں سے اُروشی کو پیدا کر کے اُن کے سامنے کھڑا کر دیا کہ تم سے اچھی اچھی اپسرائیں تو میری اُرو میں بس رہی ہیں تم مجھ کو کیا لبھاؤ گی +

[۱۴] یہاں بھی وہی وِکرم آدتیہ کی دُھن نکلتی ہے جو اوپر نمبر ۱۳ میں دکھائی گئی ہے +

[۱۵] اوشی نر پرُورَوا کے بیٹے آیو کے بنس میں یَیاتی کے ایک بیٹے انو کے کُل میں پرُورَوا سے تیرھویں پیڑھی میں ہوا ہے ۔ اس لئے یہ کالیداس کی غلطی ہے کہ وہ اوشی نر کو پرُورَوا کا سمکالین ظاہر کرتا ہے + دیکھو آگے بنسا ولیاں ۱۴ اور ۱۵ +

سے لگا ٭ داسی آئی دیکھا کہ راجا کارج آسن پر براجمان راج کاج کر رہے ہیں اور وِدُوشک باہر کھڑا ہے ٭ داسی وِدُوشک کے پاس گئی اور اُس کو باتوں میں لگا کر اُس نے راجا کا سارا بھید نکال لیا اور رانی کو جا سُنایا ٭ راجا کارج آسن سے اُٹھ کر باہر آئے اور وِدُوشک سے اُروشی کے وِشے میں بات چیت کرنے لگے ٭ اسی سمے اُروشی مدن (کام دیو) کے نیوگ سے راجا سے ملنے آئی اور راجا کو وِدُوشک کے ساتھ بات چیت کرتے دیکھ کر تِرسکرنی ودیا کے پربھاو سے ترسکرت (اوروں کو دکھائی دینے کے ناقابل) ہو کر اُن کی بات چیت سُننے لگی ٭ راجا نے باتوں باتوں میں کہا کہ اُروشی بڑی کٹھور ہے کہ اپنے پربھاو سے میرے انوراگ کو جانتی ہے اور پھر میرا اپمان کرتی ہے ٭ اُروشی نے یہ سُن کر ایک بھوج پتر پر یہ شلوک لکھا اور راجا کی طرف اُڑا دیا کہ "سوامی یدی میں آپ جیسے انوراگی کے اوپر ایسی ہی کٹھور ہوں جیسی کہ آپ اگیانتا سے مجھ کو سمجھتے ہیں تو پھر یہ کیوں ہو رہا ہے کہ نندن بن[۱۱۶] کی شیتل سوگندھی وایو بھی پاری جات کے پھولوں کی سیجا پر پڑی ہوئی مجھ کو نہیں سُہاتی ہے" ٭ راجا یہ پتر اوٹھا کر پڑھ ہی رہا تھا کہ چِتر لیکھا سامنے آکر کھڑی ہوئی اور بولی کہ مہاراج کی جے ہو ٭ راجا نے کہا کہ ہیں تو کہاں اور اکیلی۔ تیری سکھی کہاں ہے۔ اُس کے بنا تو ایسی لگتی ہے جیسی گنگا کے بنا جمنا سنگم میں ٭ چِتر لیکھا نے کہا کہ پہلے بادل ہی آتا ہے اور پیچھے

---

[۱۱۶] نندن بن اِندر لوک میں ایک بن کا نام اور پاری جات اندر لوک میں ایک برکش کا نام ہے ٭

بجلی ۔ میں بجلی کا سندیسہ لائی ہوں اور وہ یہ ہے کہ پہلے بھی مہاراج نے اُس کو دانوؤں کے پنجہ سے چھوڑایا تھا اب بھی مہاراج ہی اُس کو مدن کے پھندے سے چھوڑائیں ٭ راجا نے کہا کہ جب وہ بھی ایسی ہی تپی ہوئی ہے جیسا کہ میں تو پھر ہم دونوں کے جُڑ جانے میں کسر ہی کیا ہے ٭ یہ سنتے ہی اُرَوشی جھٹ پرگٹ ہوگئی اور بولی کہ مہاراج کی جے ہو ٭ راجا نے کہا کہ میری جے میں اب کیا سندیہہ رہا جب تیرے مُکھ سے یہ جے کا شبد جو اِندر کے سوائے اور کسی پُرش کے لئے نہیں نکلتا آج میرے لئے نکلا ہے ٭ یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ پردہ کے پیچھے سے آواز آئی کہ اے چِترلیکھا اُرَوشی کو لے کر جلدی چل ۔ بھرت مُنی نے جو آٹھوں رس اور لکشمی نے والا پریوگ (ناٹک) تُم میں نِیکشت کیا ہے اُس کو آج راجا اِندر دیکھنا چاہتے ہیں ٭ یہ سُن کر اُرَوشی کو بڑا دُکھ ہوا پردہ پر آدھین تھی اس لئے راجا کو چھوڑ چلی گئی ٭ راجا کی یہ دَشا ہوئی کہ ؎

دِل کی دِل میں ہی رہی بات نہ ہونے پائی
ایک بھی اُس سے ملاقات نہ ہونے پائی

بے چین ہو کر راجا نے وِدُوشک سے کہا کہ لا وہ بھوج پتر ہی لا اُسی سے اپنا دل بہلاؤں ۔ مگر وِدُوشک نے جو دیکھا تو پتے کا پتا نہ تھا راجا اور بے چین ہوا اور وِدُوشک کے ساتھ پتے کو ڈھونڈنے لگا ٭

اُدھر سے رانی داسی کے مُکھ سے راجا کے بھید کو سُن کر کرودھ میں بھری ہوئی راجا کے پاس چلی آرہی تھی کہ یہ بھوج پتر ہوا میں اُڑتا ہوا اُس کے اُوپر (پازیب) سے آکر بجا ۔ رانی نے اُس کو اوٹھایا

اور اُس کے لیکھ کو پڑھا تو اور جل گئی اور لپک کر راجا کے پاس گئی اور بولی کہ جس کو تم ڈھونڈ رہے ہو وہ یہ رہا۔ راجا یہ دیکھ کر گھبرا گیا اور سوائے اس کے اور کچھ نہ بول سکا کہ دیوی میرا اپرادھ چھما کرو۔ رانی نے کہا کہ اپرادھ تو میرا ہے کہ تم مجھ کو نہیں چاہتے اور پھر میں تمہارے پاس آکر کھڑی ہوتی ہوں۔ اچھا لو اب میں جاتی ہوں۔ یہ کہا اور برسات کی ندی کی سمان ملین مکھ و یگ سے بل کھاتی ہوئی چلی گئی۔

انک (۳)

بھرت مُنی کے دو رشتہ پُتّو اور گاتو آپس میں بات چیت کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں اور اُن کی بات چیت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ پریوگ جس کے لئے اُروشی کو اِندر لوک میں بُلایا گیا تھا لکشمی سویمبر کا پریوگ تھا۔ اُروشی اُس میں لکشمی بنی تھی اور جب سویمبر کے سمے اُس سے پوچھا گیا کہ تو اِن مہا پرشوں میں سے جو تیرے سویمبر کے لئے یہاں سماگت ہوئے ہیں کس کو چاہتی ہے تو اُس کے مُکھ سے پُرشوتّم کی جگہ پُرورَوا کا نام نکل گیا۔ اور گُرو نے اِس دوش کے پیچھے اُس کو شاپ دیدیا کہ آج سے دِویہ لوک میں تیرا ٹھکانا نہیں ہوگا۔ پرنتو اِندر نے اُس پر دیا کی اور کہا کہ یدی پُرورَوا میں تیرا چت ہے تو تُو اُس کے پاس چلی جا اور جب تک وہ تجھ سے کوئی لڑکا نہ دیکھ لے تب تک اُس کے پاس رہ اور پھر دِویہ لوک میں آجا۔

اِدھر رانی راجا سے بگڑ کر تو چلی آئی پر اپنے من میں پچتائی کہ میں نے بڑا پاپ کیا جو راجا کا نِرادر کیا + اور نِری پچتائی ہی نہیں بلکہ پاپ نِوارن کے لئے اُس نے برت رکھا اور راجا کے ساتھ چندرما کے درشن کر کے برت کھولا اور راجا سے چھما مانگ کر کہا کہ آج سے میرے دل میں کوئی مَیل نہیں آپ جس استری کو چاہیں بُلا لیں میں اُس سے کوئی دویش نہیں رکھوں گی بلکہ پریم رکھوں گی + اُروشی دِویہ لوک کو چھوڑ کر پرتھوی پر آچکی تھی اور پُرورَوا کے محل میں چھپی ہوئی راجا اور رانی کی یہ سب باتیں سُن رہی تھی۔ آخر رانی کے یہ پریم بھرے بچن سُن کر پرگٹ ہوئی اور بولی کہ مہاراج کی جے ہو۔ اب تو دیوی نے بھی آگیا دے دی اور اب میں آپ کے پاس بیٹھ سکتی ہوں + راجا نے اُس کو اپنے پاس بٹھالیا اور رات زیادہ ہونے پر واسگرِہ (خوابگاہ) میں اُس کے ساتھ پرویش کیا +

انک (۴)

دو اپسرائیں آپس میں باتیں کرتی دِکھائی دیتی ہیں۔ سہجنیا پوچھتی ہے کہ سکھی تو اُداس کیوں دکھائی دیتی ہے۔ چِترلیکھا اوتر دیتی ہے کہ سکھی مجھکو دھیان کرنے سے پرتیت ہوا ہے کہ اُروشی پُرورَوا کو ساتھ لے کر گندھ مادن بن میں بہار کرنے گئی ہوئی تھی وہاں کسی بات پر راجا سے کُپت (غصّہ) ہو کر چلدی اور گورو کے شاپ سے دیوتاؤں کے نیم کو بھول کر کمار بن میں گھس گئی اور گھستے ہی لتا بن گئی + اب راجا ہے کہ اُس کی تلاش میں باؤلا ہوا پھرتا ہے۔ اور

مجھ کو اُس کی اس بادل گت سے اور اُروشی کی اس دشا سے دُکھ ہو رہا ہے + سہجنیا کہتی ہے کہ سکھی ایسی وِیکتیوں کے دُکھ چرکال تک نہیں رہتے ہیں جلدی ہی کوئی نہ کوئی اُپائے نکل آئیگا جس سے ان دونوں کا سماگم پھر ہو جائیگا +

اِس کے ساتھ ہی پردہ اُٹھتا ہے اور راجا بن میں باؤلوں کی طرح پھرتا دکھائی دیتا ہے ۔ کالے بادل میں بجلی چمکتے دیکھتا ہے تو چلّاتا ہے کہ یہ دیکھو کوئی راچھس میری سُندری کو اُڑائے لئے جاتا ہے + مور کو کو ناچتے دیکھتا ہے تو کہتا ہے کہ ہاں تُو اب اس خوشی میں ناچ رہا ہے کہ میری پیاری اب نہیں رہی کیونکہ جب تک وہ رہی اُس کے سامنے تیرا رنگ پھیکا رہا اور تجھے ناچ کی نہ سُوجھی + کویل کو کُو کُو سُنتا ہے تو کہتا ہے کہ اگرچہ اس کو بھی میرے دُکھ کا خیال نہیں ہے مگر چونکہ اس کی آواز میں مجھ کو اپنی پیاری کی آواز کی دُھنی سنائی دیتی ہے اس لئے خیر میں اس کو کچھ نہیں کہتا + ہنسوں کو اُڑتے دیکھتا ہے تو کہتا ہے کہ اے ہنسوں تم مانسر وور کو تو پیچھے جانا پہلے مجھ کو میری پیاری کا پتہ تو بتاتے جاؤ کہ وہ کہاں ہے کیونکہ ست پرش اوروں کے کارج کو سواتھ سے بڑا سمجھتے ہیں اور اس میں کوئی سندیہہ نہیں کہ تم نے اُس کو اوشیہ دیکھا ہوگا نہیں تو یہ چال تم نے کہاں سے اُڑائی + بھونرے سے کہتا ہے کہ ارے تجھ سے تو میں اپنی پیاری کا پتہ کیا پوچھوں تجھ کو اگر اُس کے مُکھ کی سوگندھی کہیں چھو گئی ہوتی تو پھر تُو ان پھولوں کے رسوں میں بھرمتا نہ ہوتا + آخر کو پُرورَوا ایک لتا دیکھتا ہے اور کہتا ہے کہ ہو نہ ہو میری پیاری یہی ہے ۔ اس کے کومل پتّوں

پر مینہ کی بوندیں پیاری کے کومل انگوں پر آنسوؤں کی دھارا ہیں۔ اس کے پھول کیا جھڑے ہوئے ہیں پیاری نے اپنے بھوشن اتارے ہوئے ہیں۔ بھونروں کے شبدوں سے اس کا نہ گونجنا بتلاتا ہے کہ وہ کسی چنتا میں چپ کھڑی ہے اور پرتھوی پر اس کا بکھرنا درشاتا ہے کہ وہ اپنے کوپ (غصّہ) سے بچتا کر میرے چرنوں میں لوٹ رہی ہے + یہ کہہ کر راجا اُس لتا سے چمٹ جاتا ہے اور آنکھیں بند کر کے کہتا ہے کہ اہا ہا یہ تو سچ مچ میری پیاری اُروشی ہی ہے کیونکہ اس کے سپرش سے مجھ کو پیاری کے سپرش کا سا آنند ہوتا ہے + اور سچ مچ وہ لتا اُروشی ہی تھی جو راجا کے چھوتے ہی اپنے اصلی روپ میں آگئی تھی اور راجا کو جو آنکھیں بند کئے چمٹا ہوا تھا اِس کی کچھ خبر نہیں تھی + آخر کو جب راجا نے آنکھ کھولی تو اُروشی کو اپنی بغل میں پایا۔ خوشی سے اُچھل پڑا اور بولا کہ پیاری تو کہاں + اُروشی نے کہا کہ یہاں سے کمار کارتیکے کا بن لگتا ہے اور اُن کا شاپ ہے کہ اگر کوئی استری اِس بن میں گھسے گی تو وہ جڑ لتا ہو جاوے گی میں بھول کر یہاں گھس آئی اور لتا بن گئی۔ پر تو اس شاپ سے نِوارن کا کارن تو ایک شگمنی منی ہے اُس کے بنائیں اس شاپ سے کیونکر نکلی + راجا نے کہا کہ ایک منی تو مجھ کو اس بن پھرتے ہوئے ملی تھی وہ میں نے اُٹھالی تھی + اُروشی نے کہا کہ دیکھوں۔ راجا نے دِکھائی تو اُروشی نے کہا کہ یہی تو وہ شگمنی منی ہے اور اسی کے پرتاپ سے ہم بچھڑے ہوئے پھر ملے ہیں۔ پر اب راجدھانی سے آئے بہت دن ہو گئے پرجا ہم کو دوش دیتی ہوگی چلئے لوٹ چلئے +

انک (۵)

تپھی وشیش کے کارن پُرورَوا اور اُروشی گنگا جمنا کے سنگم میں اشنان کرکے آئے ہیں اور اُپکاریا (پٹ بھون) میں بیٹھے شرنگار کر رہے ہیں کہ ایک ایک داسی باہر سے چلائی کہ ہا دِھک ہا دِھک میں منی کو پنکھے پردھرے آرہی تھی کہ ایک گرِدّھ (گدّھ) اُس کو ماس کا ٹکڑا سمجھ کر میرے ہاتھ میں سے اُڑا لے گیا + راجا یہ سُنتے ہی اُٹھ دوڑا - کیونکہ یہ منی وہی سنگنی منی تھی جو اُروشی کے ساتھ اس کے سنگمن (ملاپ) کا کارن ہوئی تھی - اور پُکارا کہ دھنُش لاؤ + یُونی[1] دھنُش بان لے کر آئی مگر اتنے میں وہ گدّھ بان کی مار سے دُور نکل گیا اور راجا نے حکم دیا کہ اچھا شکاری لوگ اس کا پیچھا کریں اور جہاں یہ بیٹھے اُس کو نشانہ بنائیں + تھوڑی دیر نہ گذری تھی کہ ایک کنچکی (انتہ پُرچاری وِردّھ براہمن) نے منی لاکر پیش کی اور اُسکے ساتھ ہی ایک بان پیش کیا اور کہا کہ مہاراج کے پرتاپ نے اس بان کے رُوپ میں اُس دُشٹ گدّھ کے تن کو بیندھا اور یہ منی اُس کے مُکھ سے نکالی + راجا نے بان اُٹھا کر دیکھا تو اُس پر یہ کھُدا ہوا تھا کہ "یہ بان پُرورَوا اور اُروشی کے پُتر آیوش کا ہے اور دویشیوں کی آیوش (عمر) کاہرنے والا ہے" + ساتھ

[1] پچھلے زمانوں میں جن میں کبھی کالیداس اور اُس کے سوامی وکرم آدتیہ کا زمانہ بھی شامل ہے یُونان جاتی کی استریاں جن کو فرنگی مورخ یُونانی قوم سے تعبیر کرتے ہیں ہندوستان کے راجاؤں کے محلوں میں داسیوں کا کام کرتی تھی اور راجا کے دھنش بان کو سنبھال کر رکھنا اُن کا ایک خاص کام تھا + کالیداس نے اپنے زمانے کی اس بات کو پُرورَوا کے زمانے میں بھی دھر دیا حالانکہ پُرورَوا کا زمانہ ابھی تاریخ کی دُھند سے باہر نہیں نکلا تھا + اسی طرح کالیداس کا نیپش آرنیہ کا ذکر پُرورَوا کے زمانہ میں کرنا اور راجا اوشی نر کو پُرورَوا کا سمکالین ظاہر کرنا بھی ٹھیک نہیں ہے (دیکھو آگے نوٹ ۱۸ اور پیچھے نوٹ ۱۰) +

ہی یہ خبر آئی کہ ایک تاپسی ایک کمار کو لئے باہر کھڑی ہے اور اُروشی سے ملنا چاہتی ہے ۔ راجا نے اُس کو اندر بُلوایا اور اُروشی کو بھی بُلا بھیجا ۔ اُروشی آئی تو تاپسی نے اُس سے کہا کہ اُروشی لے اب اپنے پُتر کو سنبھال چیون رشی نے کہا ہے کہ اب یہ پُتر ہمارے آشرم میں رہنے کے یوگیہ نہیں رہا ہے کیونکہ آج اُس نے ایک گرِدھ کو اپنے بان سے مار دیا ہے ۔ راجا چکرایا کہ یہ کیا ماجرا ہے تو اُروشی نے بیان کیا کہ مہاراج یہ میرے اُدر سے آپکا پُتر ہے ۔ مَیں نے اپنے پربھاو سے اپنے گربھ آکار کو آپ پر پرگٹ ہونے نہ دیا اور جب یہ پیدا ہوا تب آپ نیمش[۱] آرنیہ میں یگیہ کر رہے تھے اور میں اُس کو چیون رشی کے آشرم میں چھوڑ آئی تھی کہ اس کو پال پوس کر اور پڑھا لکھا کر ہوشیار کر دیں چنانچہ آج انہوں نے میری یہ امانت واپس کی ہے اور اس کی وِدھِش ودیا کی پریکشا آپ نے کر ہی لی ہے ۔ راجا نے کہا تب تو میرے

[۱] یہ آرنیہ یا بن صوبہ اودھ کے ضلع سیتا پور میں دریائے گومتی کے کنارے واقعہ ہے اور اب اس کو نیمشار کہتے ہیں ۔ پہلے زمانوں میں رشی لوگ یہاں بڑے بڑے یگیہ کیا کرتے تھے ۔ چنانچہ ارجن کے پوتے پریکشت کے مرنے کے بعد شونک آدک رشیوں نے شریدھا گوت کی کتھا اسی بن میں ایک بڑے یگیہ کے سلسلے میں لوم ہرش کے بیٹے اگرشروا سوت کے مُکھ سے سنی تھی ۔
نمش وشنو کو اور وشنو یگیہ کو کہتے ہیں اور نمش کی نسبت سے اس آرنیہ کو نیمش آرنیہ ارتھات یگیہ کرنے کرانے کا بن کہتے ہیں ۔ بعض اسکو سیتا جی کے پتا راجا جنک کے نمی کے بانی نمی یا کسی اور رشی نمی سے منسوب کرتے ہیں ۔ پُرانوں میں اس کی ہما بڑھانے کے لئے اس کے ارتھ اور ہی کر دئے گئے ہیں ۔ مثلاً واراہ پُران نے نمش کا ارتھ چشم زدن (پلک جھپکانا) لے کر اس بن کے نام کی وجہ یہ بتائی ہے کہ یہاں وشنو نے ایک دانو کو چشم زدن میں مار دیا تھا ۔ اور وایو پُران نے لفظ نیمش کو نمی سے مرکب مان کر یہ وجہ بتائی ہے کہ یہاں وشنو کے سُدرشن چکر کی نیمی کسی سے میں آن کر گری تھی ۔

اہو بھاگیہ کہ مجھ کو اِندر کے پُتر جینت جیسا پُتر پراپت ہوا ۔ یہ سُن کر اُروشی رونے لگی اور راجا نے گھبرا کر پوچھا کہ پیاری یہ رونے کا کیا سمے ہے ۔ اُروشی نے جواب دیا کہ مہاراج اِندر کے نام پر مجھ کو یاد آئی کہ جب اِندر نے مجھ کو آپکے پاس بھیجا تھا تو کہا تھا کہ میں آپ کے پاس تب تک رہ سکوں گی جب تک آپ میرے سے اُتپن ہوا کوئی پُتر نہ دیکھ لیں ۔ اب تک میں نے آپ سے اس پُتر کو چھپائے رکھا پر اب دیو یوگیہ سے آپ نے یہ پُتر دیکھ لیا اور اِندر کا نیم پورا ہو گیا اب میں آپ کے پاس نہیں رہ سکتی اور نیم انوسار واپس جاتی ہوں ۔ راجا نے کہا تو ہم بھی راج پاٹ آیوش کو سونپ بن کو جاتے ہیں ۔ آیوش نے کہا کہ تات آپ یہ کیا کرتے ہیں کہ جو جُوا بیل کے کندھوں پر رکھنے کے یوگیہ ہے وہ آپ بچھڑے کے کندھے پر رکھتے ہیں ۔ راجا نے کہا کہ بیٹا سانپ کے بچے میں ہنسا کی وہی شکتی ہے جو سانپ میں اور راجا کے بالک میں رکھشا کی وہی سامرتھ ہے جو راجا میں ۔ اس لئے منتریوں کو چاہیئے کہ راج ابھیشک کا سامان لائیں جو میں ابھی تمہارا ابھیشک کر دوں ۔ اتنے میں ہی آکاش میں ایک پرکاش دکھائی دیا اور اُس پرکاش میں سے نارد جی کا سروپ نکلا ۔ راجا پُروروا نے اُٹھ کر ارگھ دیا اور ابھیوندنا کی تو نارد جی نے کہا کہ راجن میں اِندر کا ایک انوشاسن تم کو سُنانے آیا ہوں اور وہ یہ ہے کہ ایک سُراسُر سنگرام ہونے والا ہے اُس میں تم کو اِندر کا ساتھ دینا ہوگا اس لئے تم ابھی سنیاس دھارن نہ کرو اور شستر مت تیاگو ۔ راج کاج میں تت پر رہو اور یہ اُروشی سدا تمہاری سہدھرم چارنی رہیگی ۔ آیوش کو یوو راج بناؤ اور یوو راج ابھیشک کا یہ سنبھار (سامان) جو اِندر نے بھیجا ہے اس سے اُس کا ابھیشک کرو ۔ چنانچہ آیوش کو بھدر پیٹھ پر بٹھایا گیا اور جتنا یوگیہ اُسکا ابھیشک

کر دیا گیا۔ نارد جی نے سواشتی بچن کہا۔ ماتا پتا نے آشیرواد دی اور پردے کے پیچھے سے بیٹا لک نے تال اڑائی کہ:۔ جیسے امرتی اتری برھما کے انوروپ ہوئے۔ چندرما اتری کے۔ بدھ چندرما کے اور ویو (پُرورَوا) بدھ کے ویسے ہی تم بھی لوک میں کانتی پھیلانے والے گنون سے اپنے پتا کے انوروپ ہو"۔ اب نارد نے پرورَوا سے پوچھا کہ تم اِندر سے اور کیا چاہتے ہو اور راجا نے اوتر دیا کہ جب اِندر پہلے ہی مجھ سے پرسن ہیں تو میں اس سے بڑھ کر اور کیا چاہوں ہاں اگر اِندر کچھ اور دیا کریں تو ایسا کریں کہ لکشمی اور سرسوتی جو آپس میں وِرودھی ہیں اور جن کا اکٹھا ہونا دُرلبھ ہے ست پُرشوں کے کلیان کے لئے سدا مل کر رہیں[۱۵]"۔ اِتی۔

پُرورَوا کے کئی پُتر ہوئے مگر اُن میں سے کیول دو ونش وزدھک ہوئے ایک آیوش یا آیو اور دوسرا نجے جس کا نام وشنو پُران میں مادسو لکھا ہے۔ آیو کے بنس میں کاشی آدک کاشی (بنارس) کے راجا اور یدو اور پُرو آدک ہوئے جیسا کہ آگے بنساولی ۳ اور ۴ سے ظاہر ہوگا۔ اور نجے کے بنس میں وشوامتر اور پرشورام ہوئے جیسا کہ اگلی بنساولی نمبر ۲ سے ظاہر ہوگا۔


---

[۱۵] لکشمی (دھن) اور سرسوتی (وِدیا) کا پرسپر ورودھ پرسِدّھ ہے۔ جہاں دھن ہے وہاں وِدیا نہیں اور جہاں ودیا ہے وہاں دھن نہیں چنانچہ ایک بزرگ نے فارسی زبان میں کہا ہے:۔

ابلہان را ہمہ شربت ز گلاب و قند است۔ قوتِ دانا ہمہ از لختِ جگر مے بینم
اسپ تازی شدہ مجروح بزیر پالان۔ طوقِ زرّین ہمہ در گردنِ خرمے بینم

کالیداس کی پرارتھنا ہے کہ لکشمی اور سرسوتی اپنا ورودھ چھوڑ دیں اور مل کر رہیں تاکہ ودیا وان دھن سے اور دھنوان ودیا سے ہین نہ رہیں۔

بنساولی نمبر ۲



ان مہاپُرشوں میں سے جہنو کے دشے میں لکھا ہے کہ گنگا کا ایک نام جاھنوی ان ہی کی نسبت سے ہے + اس کی کتھا یہ ہے کہ یہ گنگا کنارے یگیہ کر رہے تھے کہ گنگا کی ایک لہر جو آئی تو ان کا یگیہ بہا کر لیگئی - اس پر ان کو کرودھ آیا تو یہ ساری گنگا کو ایک گھونٹ میں پی گئے - مگر پھر دیوتاؤں اور رشیوں کے کہنے سے اسکو اپنے مکھ سے پیدا کر دیا اور اس کو اپنی پُتری کر کے مانا اور اس سے وہ جاھنوی (جہنو کی پُتری) کہلائی + سار آنش اس کتھا کا ظاہر ہی ہے کہ کیا ہے + جاھنوی گنگا کی ایک الگ دھارا ہے - بھاگیرتھی (گنگا) جب گنگوتری سے آگے چل کر بھیروں گھاٹی میں اُترتی ہے تو یہ جاھنوی وہاں اُس سے مل جاتی ہے - جہنو اس کے کنارے رہتے تھے اس لئے اُن کی نسبت سے یہ جاھنوی کہلائی جیسے دوسری دھارا بھیگرتھ کی نسبت سے بھاگیرتی کہلائی (مفصل حال کے لئے دیکھو بھاگ ۲ - ادھیائے ۱ - راجا سگر کے حال میں) +

کُش[۱۰] کی نسبت سے اِس بنس کے لوگ کُش سے آگے کوشک کہلاتے ہیں - چنانچہ وِشوامتر اسی نسبت سے کوشک اور اُن کی بہن ستیہ وتی جو رچیک رشی کو بیاہی گئیں تھیں کوشکی ہیں اور کوشکی ندی بھی جس کا نام اب بگڑ کر کوسی ہوگیا ہے یہ ہی نسبت رکھتی ہے +

کُشانب[۱۱] نے کوشامبی نگری بسائی جو چینی سیاح ہون سانگ کے زمانہ تک جو ۶۳۵ عیسوی میں ہندوستان کی جاترا کو آیا تھا آباد تھی + ہستناپور کے غرق ہوجانے پر ارجن سے آٹھویں پیڑھی میں نیمی چکر نے یہاں پانڈوؤں کی راجدھانی کو منتقل کر دیا تھا + مہاتما بدھ کے زمانہ میں یہ وتس دیس کی راجدھانی تھی اور شراوستی اور پرتشٹھان کے مابین ایک پڑاؤ اور مگدھ اور کوشل کے لئے ایک بڑی بھاری منڈی تھی + اُس وقت اودین

یہاں کا راجا تھا اور رتناولی جس کے نام پر رتناولی کا ناٹک بنا ہوا ہے اسی اودین کی رانی تھی + کُوشامبی کا بگڑا ہوا روپ اور نام اب بھی کوسام میں دکھائی دیتا ہے جو الہ آباد سے کوئی تیس ۳۰ میل کے فاصلہ پر ایک چھوٹا سا قصبہ ہے +

کُشامب کا نام کُشک بھی لکھا ہے (دیکھو آپٹے کی ڈکشنری + اور مہابھارت انوشاسن پرو - ادھیائے ۵۲ تا ۵۶ اور شانتی پرو - ادھیائے ۴۹ شلوک ۶) اس لئے آکرش انوکرمنکا میں اس کے بیٹے گادھی کو کہیں کُشک پُتر اور کہیں کُوشک لکھا ہے +

امُوُرت رجس نے دھرم آرنیہ میں جوگیا کے پاس ہے اپنی گدّی جمائی + اور مہابھارت (بن پرو - ادھیائے ۹۰) میں لکھا ہے کہ گیا کو امُوُرت رئیس کے بیٹے گئے نے بسایا - اور امُوُرت رئیس سے مُراد غالباً امُوُرت رجس سے ہی ہے + وسو نے گری ورج بسائی جو بعد میں راج گرہہ - پاٹلی پُتر اور پٹنہ کہلائی + اور کُش نابھ نے مہودے گری بسائی جو بعد میں کانیہ کُبج اور پھر کانیہ کُبج سے بگڑ کر قنوج کہلائی +

کانیہ کُبج کی وجہ تسمیہ رامائن میں یُوں لکھی ہے کہ ایک دن کُشنابھ کی کنیائیں ایک باغ میں کھیل رہی تھیں - وایو دیوتا اُن پر موہت ہو گئے - کنیاؤں نے کنارہ کیا اور وایو نے کرودھ میں آکر اُن کنیاؤں کو کُبجا ارتھات کُبڑا کر دیا اور اُس دن سے اُس نگری کا نام کانیہ کُبج ارتھات کُبجا کنیا والی ہو گیا + چینی سیاح ہون سانگ کے زمانہ تک اس کا نام کانیہ کُبج چلا آتا تھا - پھر بگڑ کر قنوج ہو گیا +

گادھی[۱۲] نے اپنی راجدھانی اسی کانیہ کُبج میں استھاپت کی اور شاید اسی لئے رامائن میں گادھی کو کُشامب کی جگہ کُش نابھ کا پُتر لکھا ہے +

وشوامتر[۱۳] جی اس ہی گادھی کے پُتر تھے اور ان کا برتانت اور اُس کے

سمبندھ میں ان کے کرتّم پُتر ارتھات متبنّا بیٹے شُشنہ شیپ کا چرتر اس سے پہلے ادھیائے میں وِستار کے ساتھ برنت کیا جا چکا ہے - اور وہاں دکھایا جا چکا ہے کہ مہرشی وِشوامتر جو سپت رشیوں میں شامل ہیں اور ہیں اور کانیہ کُبج (قنوج) کے راجا گادھی کے پُتر وِشوامتر جنہوں نے مہرشی وشوامتر کے نام پر اپنا نام وشوامتر اختیار کیا اور ہیں - اور شری بھگوان رام چندر جی کے زمانہ میں جو وشوامتر ہوئے ہیں وہ ان ہی وشوامتر جی کی گدّی کے پرتی ندھی کوئی اور ہیں + کیونکہ گادھی کے پُتر وِشوامتر تو اکشواکو کے سمکالین پُروروا سے تیرہ[۱۳] پیڑھی نیچے ہوئے ہیں اور شری رام چندر جی اکشواکو سے ساٹھ[۶۰] پیڑھی نیچے ہوئے ہیں +

گادھی پُتر وشوامتر کا تیرہ پیڑھی نیچے ہونا اوّل تو اُس کی اُس بنسا ولی سے ہی ظاہر ہے جو ابھی نیچے دی گئی ہے - دوسرے اور بنسوں کی بنسا ولیوں سے بھی اس کی تثبیتا (مطابقت) پائی جاتی ہے - مثلاً مہابھارت (بن پرو - ادھیائے ۱۱۶) میں لکھا ہے کہ وِشوامتر کے بھانجے جمدگنی کی شادی پرسین جت کی بیٹی رینُکا سے ہوئی تھی - اور پرسین جت اکشواکو کے بنس میں اکشواکو سے ۱۶ پیڑھی نیچے ہوا ہے جیسا کہ نیچے بنسا ولی ۱۷ میں دیکھتا ہے + وشنو پُران (انش ۴ - ادھیائے ۷ - واکیہ ۲۵) میں پرسین جت کی جگہ رینو کا نام آیا ہے مگر پرسین جت کی بیٹی رینُکا کا نام صاف ظاہر کر رہا ہے کہ پرسین جت اور رینو ایک ہی ہیں + رینو رگوید کے منڈل ۹ کے سوکت ۷۰ کا اور منڈل ۱۰ کے سوکت ۸۹ کا رشی بھی ہے اور اُس کا نام رشیوں کی اُس نامادلی میں جو ادھیائے (۳) میں ایک نقشہ کی

شکل میں دی گئی ہے سنکھیا نک ۱۸۸ و ۲۶۹ پر آیا ہے +

پرشورام اس ہی رینو یا پرسین جِت کی بیٹی رینُکا کے پُتر تھے اور تیج اور بل میں کشتریوں سے بھی بڑھ گئے تھے ۔ اور رشی کُل میں یہ ایسے کشتر تیج والے کیسے اُتپنّ ہوئے اُس کی کتھا پیچھے ادھیائے (۳) میں وِشوامتر کے پرسنگ میں صفحہ ۷۸ - ۷۹ پر بیان کی جا چکی ہے + پہلا ہی نمونہ جو ان کے کشتر تیج کا دکھائی دیا وہ یہ تھا کہ ان کے پتا جمدگنی کو یہ شک ہؤا کہ اُس کی استری رینُکا مارتکاوت کے راجا چِتر رتھ کو چاہتی ہے اور اِس پر اُس نے اپنے پُتروں سے کہا کہ رینُکا کو مار دو ۔ اور پُتر تو جھجک کر رہ گئے مگر پرشورام جی نے تُرت ایک پرشو یعنی کُلہاڑا اُٹھایا اور ماتا کا سر تن سے جُدا کر دیا ۔ اور اُس دن سے اُن کا نام پرشورام ہؤا ۔ جمدگنی کا کرودھ شانت ہؤا اور اُس نے پرشورام سے پرسنّ ہو کر کہا کہ مانگ کیا مانگتا ہے ۔ اس پر پرشورام نے مانگا کہ ماتا پھر جی اُٹھیں ۔ مجھ کو اُن کے وَدھ کا دوش نہ لگے ۔ یُدّھ میں مجھ جیسا کوئی اور نہ ہو ۔ اور میری آیو دیرگھ ہو + جمدگنی نے کہا کہ ایسا ہی ہوگا اور اِس پر رینُکا پھر جی اُٹھی[۲۸] ۔ پرشورام جی کا یُدّھ میں کوئی مقابلہ نہ کر سکا ۔ اور وہ چرجیوی ہوئے (دیکھو مہابھارت ۔ بن پرو ۔ ادھیائے ۱۱۶ + اور آگے اسی ادھیائے کا کاگ پاد یعنی فُٹ نوٹ ۲۵) +

کچھ عرصہ بعد پرشورام جی کو اپنا کشتر تیج پرگٹ کرنے کا اور کارن مل گیا + ہوئی ہے بنسی سہسر آرجن جمدگنی کے آشرم میں سے ان کی پیاری

[۲۸] صوبہ برار کے ضلع جیوتمل کے اندر ماہر نامی ایک مقام میں جو ماہر روڈ کے ریلوے اسٹیشن سے میل ۱۲ ہے رینُکا دیوی کا ایک مندر ہے اور وہ اِن ہی رینُکا ماتا کا سمارک ہے +

گائے اُٹھا کر لے گیا (جس طرح سے کہ وشوامتر اس سے پہلے وسشٹھ جی کی گائے کو اُٹھا کر لے گئے تھے) اس پر پرشورام جی نے سہسر آرجن کو جان سے مار دیا اور پھر جب اور ہیہے بنسیوں نے موقعہ پاکر جمدگنی کو مار دیا تب پرشورام جی نے نہ صرف ان ہیہے بنسیوں کا وِدھونس کیا بلکہ ان کے ساتھ اور کشتری راجاؤں کا بھی اکیس بار وِدھونس کر کے کشتریوں کا صفایا کر دیا (مہابھارت - بن پرو - ادھیائے ۱۱۷ + اور شریمد بھاگوت - سکندھ ۹ - ادھیائے ۱۵/۱۶) + سہسر آرجن پُروروا سے اٹھارویں پیڑھی میں ہؤا ہے (دیکھو آگے بنساولی ۷) اور اس سے بھی وشوامتر جی کا جو سہسر آرجن کے سمکالین پرشورام سے دو پیڑھی پہلے ہیں (دیکھو پیچھے بنساولی ۲) پُروروا سے تیرہ پیڑھی پیچھے ہونا ٹھیک بیٹھتا ہے +

[روایت ہے کہ پرشورام جی کے ان وِدھونسوں میں ایک چھتری راجا چندرسین بھی مارا گیا - اُس کی گربھوتی استری اپنا گربھ بچانے کے لئے دالبھیہ رشی کی شرن میں جا رہی - گربھ سے ایک پُتر اُتپنّ ہؤا اور رشی نے اُس کو پرشورام کے کرودھ سے بچانے کے لئے کائیتھ کا نام دیا (دیکھو سکند پُران کا رینکا ماہاتمیہ) + چندرسینی کائیتھ راجا چندرسین کے اسی بیٹے کی اولاد ہیں اور دکھن میں پربھو کائیتھ کے نام سے مشہور ہیں (دیکھو فیصلہ ہائی کورٹ (پٹنہ) ایف اے ۲۰۷ مندایہ ۱۹۲۲ء) + کاٹھیاواڑ میں ایک ریاست وِبھل ہے اور اس کے راجا چندرسینی کائیتھ ہیں + چترگپت ونشی کائیتھ اور ہیں اور چترگپت جی کی سنتان ہیں - اور چترگپت کے لئے

دیکھو آگے بنساولی ۵ میں چترتھ کا حال] ٭

گادھی اور وِشوامِتر اور وِشوامِتر کے پُتر شُنہ شیپ اور مدھوچھندا اور وِشوامِتر کے بھانجے جمدگنی (پرشورام کے پتا) یہ سب ویدک رشی ہوئے ہیں اور ان کے برتانت اس سے پہلے ادھیائے میں آچکے ہیں۔ اور رشیوں کے نقشے میں جو اُسی ادھیائے میں دیا گیا ہے اِن کے نام سنکھیا نک ۲۷ و ۲۳ و ۸ و ۱ و ۱۵۴ پر آئے ہیں ٭

بنساولی میں جو مدھوچھند آدک وِشوامِتر کے پُتر دکھائے گئے ہیں اُن میں مدھوچھندا کے علاوہ وشنو پُران (۴-۷-۳۸) کی رُو سے دھنجے - کرت دیو - اشٹک - کچھپ - اور ہری شامل ہیں ٭ اور بھاگوت (۹-۱۶-۳۶) کی رو سے اشٹک - ہاریت - جے - کرتو - اور مدآدک شامل ہیں ٭ مہابھارت کے انوشاسن پرو میں جو اِن کا برنن آیا ہے اُس کا حال ہم پیچھے صفحہ ۹۱ پر بیان کر چکے ہیں اور آیورید کے پرسدھ آچارج سُشرُت مہابھارت کی اس تفصیل میں شامل ہیں ٭

پُرورَوا کا دوسرا بیٹا آیو جو سب سے بڑا بیٹا تھا اس کا بنس بہت پھیلا اور تمام چندربنسی کیادَو بنسی کہ جن میں شری کرشن جی پیدا ہوئے اور کیا پُرو بنسی کہ جن میں پانڈو اور کَوَرو پیدا ہوئے اسی آیو کے بنس کی شاخیں ہیں ٭

آیو کے پانچ پُتر ہوئے جن میں سے کیول دو - نہُش اور کشترِوردّھ - ونش وردھک ہوئے ٭ ان میں سے نہُش کا حال تو پیچھے لکھیں گے (کیونکہ چندربنس کا سارا وِستار آیو کے اسی بیٹے نہُش سے ہے) کشترِوردّھ کا حال پہلے لکھتے ہیں اور اُس کی بنساولی یہ ہے :-

بنساولی نمبر ۳

(۱) پُروَرَوا

۲ آیو — نہُش (اس کی بنساولی کے لئے دیکھو آگے بنساولی ۴) — بجے (اس کی بنساولی ابھی دی جا چکی ہے)

(۳) کشترورِدّھ — (۴) سوہوتر (ایک اور سوہوتر جو ہستی کا پتا ہے پُرو کے بنس میں آیا ہے۔ دیکھو بنساولی نمبر ۹)

(۵) کاشیہ یا کاش — گُرتسمد — گُرش

(۶) کاشی

(۷) راشٹر

(۸) دیرگھ تپا (یا دیرگھ تما)

(۹) دھنونتری

(۱۰) کیتومان (ہری اشو)

(۱۱) بھیم رتھ (سُدیو)

(۱۲) دِوودَاس

(۱۳) پرتردن (وتس)

(۱۴) اَلرک

سنتتی

سونیت (سونیتھ)

سوکیتن (سوکیتو)

دھرم کیتو

ستیہ کیتو

دھرشٹ کیتو

سُکمار

ویتی ہوتر (ایک ویتی ہوتر ید و بنس میں تال جنگھ کا پتر بھی ہُوا ہے)

(۲۳) بھرگ (بھارگ)

(۲۴) بھارگ جومی

کشترورِدھ کے اس بنس میں سوہوتر کا سب سے بڑا بیٹا کاشیہ ونش وردھک ہوا جیسا کہ بنسا ولی سے ظاہر ہے اور کاشیہ اور اُس کے بنسجوں کا حال یہ ہے :-

کاشیہ مشیہ پُران کی اس نامادلی کے انوسار جو ادھیائے ۳ میں دی گئی ہے ویدک رشی ہؤا + پانچی کے سوتر ۴-۱-۹۹ کے گن پاٹھ میں اس کا نام آیا ہے اور سوتر ۴-۱-۱۱۰ میں کاش کا نام آیا ہے + تُرکستان کا شہر کاشغر جو اصل میں کاش گڈھ ہے شاید اسی کاش کا یا اس کے بنس کے کسی اور راجا کا بسایا ہؤا ہے کیونکہ سارا تُرکستان ہی یاتی کے بیٹے تُروشو کی اولاد کا بسایا ہؤا ہے اور تُروشو بھی پُرورَوا سے پانچویں پیڑھی ہی میں ہے (دیکھو آگے بنسادلی ۷) +

کاشی نے کاشی پوری بسائی +

دھنونتری اشٹانگ آیورویدکا درشٹا اور کرتا ہؤا اور یا تو اس کا نام اُس دھنونتری کے نام پر رکھا گیا جو پُرانوں کی کتھا کے انوسار سمندر کے متھے جانے پر امرت سے بھرا ہوا ایک کلش ہاتھ میں لئے ہوئے لکشمی آدک اور کئی رتنوں کے ساتھ سمندر میں سے نکلا تھا یا خود یہ پُورانک کتھا ہی کاشی کے اس راجا دھنونتری کی مہما میں رچی گئی + دیوالی سے پہلی ترودشی جو دھن ترودشی کہلاتی ہے اصل میں دھنونتری ترودشی ہے اور اسی دھنونتری کا جنم دن ہے - دیوالی کے جوڑ سے جو لکشمی کی پوجا کا تہوار ہے دھنونتری کا اختصار دھن ہو گیا ہے + (سمندر متھن کی کتھا کے لئے دیکھو شریمد بھاگوت ۸-۸- اسکندھ ۸ - ادھیائے ۸- شلوک ۳۵ + اور مہابھارت - آدی پرو - ادھیائے ۱۸ - شلوک ۳۸) +

کیتومان اور بھیم رتھ کی جگہ مہابھارت (انوشاسن پرو - ادھیائے ۳۰) میں ہری اشو اور سُدیو کے نام آئے ہیں +

دِوودَاس نے بارانسی یعنی کاشی کا وہ بھاگ بسایا جو برنا اور اسی نامی دو ندیوں کے بیچ میں ہونے سے بارانسی کہلایا۔ یہی نام بارانسی اب بگڑ کر بنارس ہو گیا ہے۔

دِوودَاس کا ذکر رگوید میں کئی جگہ آیا ہے مثلاً ۱-۱۲-۱۴ میں آیا ہے کہ "اے اشونی کماروں جن اُوتیوں (رکھیتوں) سے آپ نے دوودَاس اور ترشدسیو کی رکھشا کی ہے اُن ہی اُوتیوں کو لے کر آپ ہمارے پاس آؤ"۔

دِوودَاس کا پُتر پرتردن بڑا پرتاپی ہوا۔ یہ ابھی یودھ راج ہی تھا کہ اُس نے ہیَ ہے کو جس نے اس کے باپ کو بہت ستایا تھا جیت لیا اور اُس کے چھتری پن کو بھی ہر لیا۔ اس کی کتھا بھارت کے انوشاسن پروں ادھیائے ۳۰ کے اندر آئی ہے اور اس کا خلاصہ ہم اس سے پہلے ادھیائے میں صفحہ ۱۰۱ پر دے آئے ہیں۔

دِوودَاس پرتردن کو پیار سے وتس کہہ کر پکارا کرتا تھا اس وجہ سے اس کا نام وتس پڑ گیا (دیکھو وشنو پُران ۴-۸-۱۲)۔ اس کے بعد اس کی سنتان جو بارانسی (بنارس) سے باہر پھیلی وتس کہلائی اور مہابھارت کے زمانہ میں کئی شاکھا ان ہی وتسوں کی راجدھانی تھی اور اُن کا راجا اودین تھا جیسا کہ ابھی پیچھے بتایا جا چکا ہے۔

[ایتریہ براہمن میں مدھیہ دیسی جاتیوں کے اندر کورو پنچال اور اوشی نر کے ساتھ وش جاتی کا نام آیا ہے اور خیال کیا جاتا ہے کہ وش سے یہ ہی وتس مراد ہیں۔ پالی لٹریچر میں وش کا ونش اور جینی گرنتھوں میں وتس کا وچھ ہو گیا ہے]۔

پرترون رگوید کے منڈل ۹ کے سوکت ۹۶ کا رشی ہے اور رشیوں کے نقشہ میں اس کا نام سنکھیانک ۲۰۵ پر آیا ہے + کئوشکی براہمن کے ادھیائے ۳ میں بھی اس کا ذکر آیا ہے +

پرترون کا بیٹا اُرُکْ[۱۵] بھی بہت وکھیات ہے - پرانوں میں اس کی بڑی مہما لکھی ہے اور رگوید (۶-۲۶-۸) میں اس کا ذکر اس طرح آیا ہے - کہ "اے اگنی - اس یگیہ میں ہم تجھ کو سب سے ادھک پیارے ہوں اور پراترونی (پرترون کا پُتر) جو کشترشری (اردھات کشتریوں کی شوبھا) ہے شتروؤں کے مارنے اور دھن کے بھوگنے میں شریشٹھ ہو" +

بھرگ[۲۳] آٹھویں منڈل کے سوکت ۶۰-۶۱ کا رشی ہوا + مہابھارت کے بھیشم پروں میں اس کے بنس کے بھرگ لوگوں کا ذکر آیا ہے اور مہاتما بدھ کے زمانہ میں کئوشامبی کے راجا اودین کا ایک بیٹا بودھی ان لوگوں کا راجا تھا +

بھارگ بھومی[۲۴] چیتروَرن کا پروَر تک ہوا (وشنو پُران ۴-۸-۲۰) - اور اس کے بعد اُس کا راج بنس سماپت ہؤا +

سوہوتر کے دوسرے پُتر کُش کا بنس بارہ پیڑھی چل کر رہ گیا + اس میں کوئی پُرش قابل ذکر نہیں ہے سوائے اس کے کہ آخری ہستی کشتر دھرما سے دو پیڑھی پہلے ایک سنکرِتی ہؤا ہے اور متسیہ پُران کے رشیوں کی نامادلی میں جو انگرا گوتری رشیوں میں ایک سنکرِتی کا نام آیا ہے وہ سنکرِتی شاید یہ ہی سنکرِتی ہوگا (نیز دیکھو بنسادلی ۹) +

سوہوتر کا تیسرا پُتر گرتسمد تھا + ایک اور گرتسمد ہیہیہ ہے (ویت ہوَیہ) کا پُتر ہؤا ہے جس کا نام آگے بنسادلی ۷ میں آیا ہے اور جس کے بنس

میں شُنک کا پُتر شنوُنک ہوُا ہے ۔ ان دونوں گرتسمدوں کا حال نام کی ایکتا کے کارن آپس میں گڈمڈ ہوگیا ہے اور اس کا برتانت وِستار پوربک پچھلے ادھیائے میں بیان کیا جا چکا ہے ۔

یہ سب برتانت جو اُوپر بیان کیا گیا آیو کے چھوٹے بیٹے کشتر ورِدھ کے بنس کا ہوُا ۔ اب آیو کے بڑے بیٹے نہُش کے بنس کا برتانت سُنئے ۔ رگوید میں نہُش کا ذکر کئی منڈلوں کے منتروں میں آتا ہے اور منڈل ۷ کے سوُکت ۹۵ کے منتر ۲ سے ظاہر ہوتا ہے کہ سرسوتی ندی اس کے راج کے اندر تھی ۔ کیونکہ لکھا ہے کہ ناہُش ارتھات نہُش کے بیٹے (یاتی) کے لئے سرسوتی نے دھن اور گھرت (گھی) اور دودھ کا دریا بہا رکھا تھا ۔ مہابھارت میں نہُش کی ایک کتھا آئی ہے جو دلچسپ ہونے کے ساتھ تاریخ کا ایک پتہ بھی بتاتی ہے اور اس لئے ہم اُسکا خلاصہ نیچے درج کرتے ہیں :-

توشٹری (پرجاپتی) کا اِندر سے جو دیوتاؤں کا راجا تھا وِرودھ تھا ۔ اِس لئے اُس نے اِندر کو مارنے کے لئے تری شرس کو پیدا کیا ۔ مگر اِس سے پہلے کہ تری شرس اِندر پر وار کرے اِندر نے ہی تری شرس کو مار دیا ۔ اِس پر توشٹری نے وِرِتر کو پیدا کیا اور وِرِتر اِندر کو نگل گیا ۔ دیوتاؤں نے جرِمبھکا (جمائی) پیدا کی ۔ وِرِتر کو جمائی آئی اور اِندر اُس کے مُکھ سے نکل گیا ۔ وِرِتر نے پھر تنگ کیا تو دیوتاؤں نے وِشنو سے سہایتا چاہی ۔ وشنو نے صلح کی رائے دی ۔ اس پر وِرِتر سے صلح کے لئے سازباز ہوئی ۔ وِرِتر نے کہا کہ میں اس شرط پر صلح کرتا ہوں کہ میں کسی چیز سے خشک ہو یا تر ۔ لکڑی ہو یا پتھر ۔ شستر ہو یا استر کسی وقت دن ہو یا رات اِندر کے ہاتھ سے نہ مروں ۔ یہ شرط

منظور ہوئی اور صلح ہوگئی ۔ مگر ایک دن شام کے وقت جو نہ دن تھا نہ رات اِندر نے موقع پاکر سمندر کے جھاگ سے جو نہ خشک تھا نہ تر۔ نہ لکڑی نہ پتھر۔ نہ شستر نہ استر ورِتر کو مار ڈالا ۔ ساری دِشائیں اندھیرے سے پاک ہوگئیں اور اندھیرا مٹ گیا ۔ مگر اب اِندر کو دو دوش لگ گئے ۔ ایک برہم ہتیا کا جو توشٹری کے پُتر تری شرش کو مارنے سے لگا اور دوسرا جھوٹ اور دھوکہ کا جو ورِتر کو مارنے سے لگا ۔ اِس لئے اِندر کا تیج گھٹ گیا اور وہ شرم کے مارے پانی میں جا چھپا ۔ دیوتاؤں کا اب کوئی راجا نہ رہا ۔ صلاح ہوئی کہ پرتھوی کا راجا نہُش جو بڑا دھرماتما اور تپسوی ہے اُس کو اِندر لوک کا راجا بنایا جاوے چنانچہ دیوتا نہُش کے پاس گئے اور اُس کو راجا بنانا چاہا نہُش نے کہا کہ مجھ میں یہ شکتی کہاں ہے کہ تمہارا راجا بنوں ۔ دیوتاؤں نے کہا کہ تم اس کا سوچ مت کرو ۔ جس پر تم درشٹی ڈالو گے اُس کی شکتی تم میں آجائے گی ۔ نہُش اس پر راضی ہوگیا اور اُن کا راجا بن گیا ۔ مگر پربھُتا پاکر نہُش کو مد ہوگیا اور وہ دھرم کرم سب بھول گیا ۔ ایک دن اُس نے اِندرانی کو دیکھا اور دیکھتے ہی اُس پر موہت ہوگیا ۔ دیوتاؤں سے کہا کہ اِندرانی کو میرے پاس لاؤ ۔ دیوتاؤں نے اُس کو روکا تو وہ بہت بگڑا اور بولا کہ جب اِندر نے ایک رشی (گوتم) کی استری اہلیا کا ست ہرا تھا تب تم کچھ نہ بولے اب مجھ کو روکتے ہو ۔ دیوتا اندرانی کے پاس گئے اور اُس کو یہ سندیسہ سنایا ۔ اندرانی ڈری اور گورو برہسپتی کی شرن میں گئی ۔

گورو نے کہا کہ ڈرمت اور نیتی سے کام لے۔ نہُش کے پاس جا اور کچھ دن کی مہلت مانگ لے۔ اور اِندر کی تلاش کر کہ وہ کہاں ہے میں اُس کو پھر اِندر آسن دلا دونگا + چنانچہ اندرانی نہُش کے پاس گئی اور اُس سے کچھ دنوں کی مہلت مانگ لائی۔ اور ان دنوں کے اندر اِندر کو ڈھونڈھتے ڈھونڈھتے اُوتر کی دِشا (قطب شمالی) میں ایک جھیل کے اندر ایک کمل کی ڈنڈی میں چھپا ہؤا پا لیا اور اُس کو یہ سب برتانت سُنایا + اِندر نے کہا کہ ایک چال چل اور وہ یہ ہے کہ نہُش سے کہہ کہ "اگر تجھ میں اِندر سے زیادہ سامرتھ ہے تو ایک ایسے واہن میں سوار ہو کر میرے پاس آجس میں براہمن جُتے ہوں"۔ اور پھر تماشا دیکھ + اِندرانی نے کہا کہ اچھی بات ہے + چنانچہ وہ اِندر کے پاس سے گئی اور برہسپتی کو یہ خبر سُنائی اور اُسکی سمتی سے جو کچھ اِندر نے کہا تھا وہ نہُش کو کہلا بھیجا + نہُش اندرانی کے لئے دیوانہ ہو ہی رہا تھا بولا کہ یہ کیا بڑی بات ہے میں ابھی ساتوں برہم رشیوں کو پالکی میں جوتتا ہوں اور اُس میں بیٹھ کر اندرانی کے پاس جاتا ہوں + چنانچہ اُس نے اگستیہ آدک ساتوں برہم رشیوں کو ایک پالکی میں جوتا اور اُس میں سوار ہو کر اِندرانی کے بھون کی طرف چلا + راستہ میں اُس کا رشیوں سے ایک وشے میں وِواد ہو گیا اور اُس نے کرودھ میں آکر اگستیہ رشی کے سر پر ایک لات ماری + لات کا مارنا تھا کہ نہُش کا نیچ جاتا رہا اور وہ اگستیہ رشی کے شاپ سے اَجگر بن کر پرتھوی پر گر پڑا اور دس ہزار برس تک اسی دشا میں پڑا رہا + اِندر کو اگنی ڈھونڈ

کر لایا اور گورو برہسپتی نے اُس کو اِندر آسن پر بٹھایا ۔ انجام دس ہزار برس کے بعد جب مہابھارت کا سمے آیا اور یُدھشٹھر آدک پانچوں پانڈووں کو جوئے کی ہار میں بن باس ملا تو ایک دن بن باس میں بچرتے بچرتے بھیم اس اجگر کے مُنہ میں جا پھنسا ۔ اور اجگر یُدھشٹھر کے گیان سے مُکت ہو کر پھر نہُش بنا اور بھیم کو چھوڑ کر سوَرگ کو سِدھارا ۔ اِتی (دیکھو مہابھارت = بن پرو ۔ ادھیائے ۱۷۸ تا ۱۸۱ ۔ اور اُدیوگ پرو ۔ ادھیائے ۹ تا ۱۸) ۔

اس کتھا میں ایک فقرہ (جو اُدیوگ پرو کے ادھیائے ۱۷ کا شلوک ۱۷ ہے) اتہاس سے خاص تعلق رکھتا ہے اور اس فقرہ کے لئے ہی ہم نے یہ ساری کتھا درج کی ہے اور وہ فقرہ یہ ہے کہ نہُش سے مہابھارت کے زمانہ تک دس ہزار برس ہُوئے ۔ نہُش پُرورَوا سے صرف تین پیڑھی پیچھے ہے تو گویا پُرورَوا سے اور اُس کے سمکالین اکشواکو سے مہابھارت کے زمانہ تک دس ہزار برس ہوئے اور مہابھارت سے اس وقت تک پانچ ہزار برس ہُوئے جیساکہ ہم آگے بھاگ ۲ کے ادھیائے ۳ میں اچھی طرح ثابت کر کے دکھائیں گے تو اس حساب سے پُرورَوا اور اکشواکو سے جو چندر بنس اور سورج بنس کے بانی ہیں اور جن سے اس منونتر کے آخری طوفان کے بعد بھارت وَرش کا اتہاس شروع ہوتا ہے اسوقت تک اندازاً پندرہ ہزار برس ہوئے ۔ ہم نے اس کال کا مان پیچھے ادھیائے ۲ میں چودہ ہزار برس لگایا ہے اور وہ مان اس کتھا سے بھی ٹھیک بیٹھتا ہے (دیکھو آگے صفحہ ۲۹۸) ۔

نہُش کا بیٹا یاتی ہُوا اور یاتی کے یدو آدک پانچ پُتر ہوئے جیساکہ نقشہ ذیل سے ظاہر ہے :-

بنساولی نمبر ۴

پُرورَوا

آیو — بجے (اسکی بنساولی کے لئے دیکھو پیچھے بنساولی نمبر ۳)

نہُش — کشتر ورِدّھ (اسکی بنساولی کیلئے دیکھو پیچھے بنساولی نمبر ۳)

یاتی

دیو یانی استری سے — شرمشٹھا استری سے

۵	۴	۳	۲	۱
پُرو	انو	دُرہیو	تُروشو	یدو
جو یاتی کی گدی پر بیٹھا۔ پانڈو اور کوروَ اس کے ہی بنس میں ہوئے تھے (دیکھو بنساولی نمبر ۵) ۔	اتھک بھگ آدک دیس اسی کے بنس کے بسائے ہوئے ہیں (دیکھو بنساولی نمبر ۵) ۔	اس سے چوتھی پیڑھی میں گندھار ہُوا جس نے گندھار (قندھار) بسایا ۔	اس کا بنس چین اور ترکستان میں پھیلا ۔	جو یادو بنس کا بانی ہوا اور شری کرشن جی اسی بنس میں ہوئے (دیکھو بنساولیاں نمبر ۷ و ۸) ۔

یاتی نے دیتیوں کے راجا وِرش پروا کی بیٹی شرمشٹھا کو اور دیتیوں کے گرو شُکر آچارج کی بیٹی دیویانی کو بیاہا تھا۔ شُکر آچارج براہمن تھے چاہے وہ دیتیوں کے گرو ہی کیوں نہ تھے اور براہمن کی کنیا کا چھتری کو بیاہا جانا ایک اُلٹی بات تھی اور بنا کسی وشیش کارن کے دھرم سے وِرُدّھ تھی اس لئے شریمد بھاگوت (سکندھ ۹۔ ادھیائے ۱۸) میں اس کی کتھا یوں آئی ہے کہ ایک دن شرمشٹھا اور دیویانی ایک تالاب میں اشنان کر رہی تھیں۔ اشنان کر کے شرمشٹھا نے بھُول کر دیویانی کے بستر پہن لئے۔ اس پر دیویانی نے شرمشٹھا کو طعنہ دیا کہ تو اسُر وں کی بیٹی ہو کر ہم براہمنوں کے بستر پہنتی ہے اور اسُر بھی وہ جو میرے پتا کے چیلے + شرمشٹھا نے جواب دیا کہ ہمارے گھر کی بھکاری ہو کر تو کس مُنہ سے ایسا کہتی ہے اور کرودھ میں آکر اُس کو ایک کُنوئیں میں گرا دیا + تھوڑی دیر کے بعد یاتی شکار کھیلتا ہوا پانی پینے کے لئے اُسی کنوئیں پر آیا اور اُس میں ایک استری کو گرا ہؤا دیکھ کر رسّی سے اوپر کھینچا اور ہاتھ پکڑ کر باہر نکالا + دیویانی نے باہر نکل کر کہا کہ اب جو آپ میرا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے چکے ہیں تو یہ ہاتھ آپ کا ہو چکا اور دوسرا کوئی اس ہاتھ کو نہیں گرہن کر سکتا۔ اگرچہ یہ دھرم وِرُدّھ ہے کہ براہمنی چھتری کو بیاہی جائے پر یہ سمبندھ اب ایشور کی طرف سے ہو گیا اور اس کو سویکار کرنا چاہیئے۔ اس کے اوپر آنت مجھ کو ایک شاپ بھی ہے کہ میں کسی براہمن کو نہ بیاہی جاؤں اور وہ اس طرح سے ہے کہ جب دیوتاؤں اور دیتیوں کے سنگرام میں دیتیہ میرے پتا شُکر آچارج کی سنجیونی وِدیا سے مرمر کر اُٹھتے رہے اور دیوتاؤں کو یہ سامرتھ نہ ہوئی کہ وہ اپنوں میں

سے کسی مرے ہوئے کو جِلا کر اُٹھا سکیں تو دیوتاؤں نے اپنے گرو برہسپتی کے بیٹے کچھ کو میرے پتا کے پاس سنجیونی ودیا سیکھنے کے لئے بھیجا اور میں نے اپنے پتا سے اُس کو یہ ودیا سکھوائی + جب وہ وِدیا سیکھ کر چلنے لگا تو میں نے اُس سے بیاہ کی کامنا پرگٹ کی - پر تو اُس نے مجھ کو اپنے گرو کی پُتری اور اس لئے اپنی بہن سمجھ کر سویکار نہ کیا + اس پر میں نے کرودھ میں آکر اُس کو شاپ دیا کہ جا جو کچھ تو نے میرے پتا سے سیکھا ہے وہ سب نشٹ ہو جاوے اور اُس نے اُلٹ کر مجھ کو شاپ دیا کہ جا تو بھی اب کسی براہمن کو نہ بیاہی جائے + پھر اے راجا یاتی "براہمنوں سے کشتری پیدا ہو چکے ہیں اور کشتریوں کے ساتھ براہمن مل جُل گئے ہیں" - اس لئے اب آپ کو چاہئے کہ مجھ کو سویکار ہی کریں + یاتی نے اُسکو سویکار کیا اور شُکر آچارج نے بھی اسکو ایشور کرت سمجھ کر دیویانی کو یاتی کیساتھ بیاہ دیا اور شرمشٹھا کو اُس کی اس کرتوت کے دنڈ میں جو اُس نے دیویانی کے ساتھ کی تھی اُسکے پتا سے داسی بنوا کر دیویانی کے جہیز میں دلوا دیا + یاتی نے اُس کو بھی بیاہ لیا اور ایشور کی کرنی ایسی ہوئی کہ دیویانی سے تو یاتی کے دو پُتر ہی ہوئے ایک یدو اور دُوسرا دُرُوسو یا تُرُوشو - مگر شرمشٹھا سے تین پُتر ہوئے - پرُو - دُرُھیو اور انو - اور گدی کا وارث بھی شرمشٹھا کا پُتر پرُو ہی ہؤا[۱۲۱] +

[۱۲۱] یہ کتھائیں مہابھارت (آدی پرو - ادھیائے ۷۶ تا ۸۵) میں آئی ہیں - اور یہ شبد کہ "براہمنوں سے کشتری پیدا ہو چکے ہیں اور کشتریوں کیساتھ براہمن مل جُل گئے ہیں" ادھیائے ۸۱ کے شلوک ۱۹ کے پد ہیں + ان شبدوں سے جاتیوں کا خلط ملط ہونا صاف ظاہر ہے + اور اس سے پہلے ادھیائے ۶۴ میں اور اس سے نیچے ادھیائے ۱۰۴ میں تو صاف لکھدیا گیا ہے کہ جب پرشورام جی نے ۲۱ بار کشتریوں کو مار کر پرتھوی کو کشتریوں سے خالی کر دیا تو کشترانیوں نے براہمنوں سے اولاد پیدا کی اور اس طرح سے کشتریوں کے بنس کا سلسلہ پھر جاری ہؤا +

پُرو کا گدّی پر بیٹھنا بھی یوں بیان کیا گیا ہے کہ جب دیویانی نے دیکھا کہ راجا (ییاتی) شرمشٹھا سے سنتان پیدا کر رہا ہے تو اُس نے اپنے پتا سے جا کر اس کی شکایت کی اور اُس کے پتا نے ییاتی کو شاپ دیا کہ تیری جوانی نشٹ ہو اور تُو انت کا بڈّھا ہو جائے + چنانچہ ییاتی جوانی میں ہی بڈّھا ہو گیا اور گھبرا کر شُکر آچارج کی منّت سماجت کرنے لگا + آچارج نے کہا کہ اگر کوئی تجھ کو اپنی جوانی دے دے تو تُو اُس کی جوانی لے کر پھر جوان ہو سکتا ہے + ییاتی نے اپنے پانچوں بیٹوں سے جوانی مانگی مگر پُرو کے سوائے اور کسی نے باپ کی بات نہ مانی + اس پر ییاتی نے پُرو کو اپنی جگہ گدّی پر بٹھایا اور آپ اُس کی جوانی لے کر بان پرستھیوں کا جیون بتیت کرنے لگا +

ہم ابھی نہُش کے حال میں دیکھ چکے ہیں کہ نہُش سے مہابھارت کے زمانہ تک دس ہزار برس ہوئے۔ نہُش پرُورَوا سے تیسری پیڑھی میں ہے اور پرُورَوا کے سمکالین اکشواکو سے مہابھارت تک ۹۵ پیڑھیاں ہوئیں تو نہُش سے مہابھارت تک ۹۲ پیڑھیاں دس ہزار برس میں ہوئیں گویا فی پیڑھی $\frac{10000}{92}$ یعنی تقریباً ۱۰۸ برس ہوئے ہم نے فی پیڑھی سو برس قرار دیئے ہیں + یہ ہی نتیجہ نہُش کے بیٹے ییاتی کی کتھا سے نکلتا ہے + لکھا ہے کہ جب ییاتی کو پرُو کی جوانی مل گئی تو وہ بان پرستھ آشرم میں ایک ہزار برس تک پرتھوی کا آنند بھوگ کر اپنے اچھے کرموں کے پرتاپ سے سورگ کو سِدھارا۔ مگر سورگ میں پہنچ کر اس کو ابھمان ہو گیا اور

اس ابھمان کے کارن وہ پھر پرتھوی پر گر پڑا ✦ پرتھوی پر اس وقت ان چار راجاؤں کا راج تھا:-

(۱) وسومان (۲) شِبی (۳) پرتردن (۴) اشٹک ✦ وسومان کا ٹھیک پتہ نہیں - کہیں (آدی پرو- ادھیائے ۹۳ شلوک ۱ میں) اس کو اوشدراشو کا پُتر لکھا ہے - کہیں (اُدیوگ پرو- ادھیائے ۱۱۶ شلوک ۱۵/۱۷ میں) اس کو اکشواکو بنسی ہری اشو کا پُتر وسومنا لکھا ہے ✦ پرنتو شِبی اُشی نرکا بیٹا ہے جو یاتی کے بیٹے انو کے بنس میں انو سے دسویں پیڑھی پر ہے (دیکھو آگے بنسا ولی ۵) - پرتردن دِوداس کا پُتر ہے جو پیچھے بنسا ولی ۳ میں پُرورَوا سے تیرھویں پیڑھی پر گویا یاتی سے دسویں پیڑھی پر ہے - اشٹک وِشوامتر کا پُتر ہے اور بنسا ولی ۲ میں پُرورَوا سے چودھویں پیڑھی پر گویا یاتی سے وہی دسویں گیارھویں پیڑھی پر ہے ✦ پس یہ سب راجا جو یاتی کے ایک ہزار برس بعد پرتھوی پر بھارت ورش میں راج کرتے تھے یاتی سے دسویں پیڑھی میں تھے اور فی پیڑھی وہی ایک سو برس کا پتہ دیتے ہیں ✦

نہُش اور یاتی دونوں رگوید رشی ہوئے ہیں اور منڈل ۹ کے سوکت ۱۰۱ کے رشی ہیں ✦ رگوید کے اندر بھی ان کے نام آئے ہیں - چنانچہ منتر (۱۰-۶۳-۱) میں آیا ہے کہ "جو دیوتا دُور دُور سے آکر ویُو شوت منو کی سنتان کے ساتھ پریتی کرتے ہیں - جو دیوتا کہ نہُش کے پُتر یاتی کے یگیہ میں

آکر شریک ہوتے ہیں۔ وہ ہمارے اوپر بھی کرپا کریں" ۔ اور یاتی کے پانچوں پُتروں یدو۔ تُروشو۔ پُرو۔ دُرھیو اور انو کے نام رگوید (۱۔ ۱۰۸۔۸) میں اس پرکار سے آئے ہیں:۔" اے اِندر اور اگنی تم چاہے یدو کے پاس ہو۔ چاہے تُروشو کے۔ چاہے پُرو کے۔ چاہے دُرھیو اور انو کے جہاں کہیں بھی ہو تم وہاں سے ہمارے پاس آؤ اور ہمارے سوم کو پیو" ۔

یاتی کے ان پانچوں پُتروں میں سے پُرو جیسا کہ پیچھے بیان کیا جا چکا ہے یاتی کی راجگدی کا مالک ہوا۔ اور اُس کا بنس مہابھارت تک برابر راج کرتا چلا آیا۔ چنانچہ دُشمنت آدک پانڈو اور دُریودھن آدک کَوَرَو ۔ کے درمیان مہابھارت کا مہاسنگرام کھڑا تھا دونو اسی پُرو کے بنس میں تھے اور اس نسبت سے پَوَرَو تھے ۔ یدو کا بنس بھی بہت پھیلا اور شری کرشن جی نے اسی بنس میں جنم لے کر چندر بنس کے اس بنس کو چار چاند لگائے ۔ مگر ہم ان دونوں کا بنس پیچھے لکھیں گے کیونکہ ان کا وِستار بہت ہے پہلے باقی تینوں کے بنس کا حال لکھتے ہیں اور وہ اس طرح پر ہے:۔

(۱) دُرھیو

اس کا بنس افغانستان کی طرف چلا گیا اور اس سے چوتھی پیڑھی میں گندھار ہوا جس نے گندھار (حالیہ قندھار) دیس بسایا ۔ دُریودھن کی ماں گاندھاری اس گندھار دیس کی تھی

اور اس وجہ سے گاندھاری کہلاتی تھی +

[گندھار کی قدامت اس سے ظاہر ہے کہ اس کا ذکر ویدوں میں ہے - چنانچہ رگوید (۱-۱۲۶-۷) میں راجا بھُوَیہ کی رانی لوپشا کہتی ہے کہ میرے شریر کے رونگٹے گندھاریوں کے مینڈھوں کے بالوں کے سمان ہیں + اتھروید میں گندھار کا نام مجُوان اور انگ اور مگدھ کے ساتھ آیا ہے + ایتریے براہمن (۷-۳۴) میں گندھار کے ایک راجا نگن جیت کا ذکر ہے + شت پتھ براہمن (۸-۱-۴-۱۰) میں گندھار کے ایک اور راجا سورجت (سُورگ جت) کا ذکر ہے جو نگن جت یعنی نگن جت کے بنس کا تھا + شرُوت سُوتروں میں بھی گندھار کے لوگوں کا ذکر آتا ہے - مثال کے لئے دیکھو بودھاین ۲۱-۱۳+ آپستمب ۲۲-۶-۱۸+ ہرنیکیشی ۱۷-۶+ گندھار دیس پیچھے پشاور تک پھیل گیا تھا - چنانچہ چینی سیاح ہیون سانگ کے زمانہ میں اس کی راجدھانی پُرش پُور (پشاور) میں ہی تھی + اس سے پہلے یونانیوں کے زمانہ میں اس کی راجدھانی پُشکراوتی اور تکشِ شِلا میں تھی] +

گندھار سے پانچ پیڑھی پیچھے شت دھنرم ہوا - وہ اور آگے بڑھا اور اوتر کے ملیچھوں کا راجا ہوُا +

[رگوید (۷-۱۸-۱۴) میں آیا ہے کہ انو اور دُرہیو کے ساٹھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ بیروں کی ایک راجا سُداس کے ساتھ لڑائی ہوئی + انو اور دُرہیو تو راج بنسا ولیوں میں یایاتی کے پُتروں کے نام ہیں - مگر ان کا سمکالین کوئی سُداس بنسا ولیوں میں نہیں دیکھتا ہے - اگرچہ ان سے بہت پیچھے جاکر ایک سُداس راماین کال سے کچھ پہلے اور

ایک سُداس مہابھارت کال سے کچھ پہلے دیکھتے ہیں اس لئے یہ دِرھیو اور انو اور سُداس جو یَدُوں کا پُتر ہے کوئی اور ہستیاں ہیں جو درتمان ویدک کال سے پہلے کسی پُوروکال کی ہیں + دیکھو پیچھے صفحہ ۸۸ اور صفحہ ۲۰۴ +

(۲) تُروشو

اس کی اولاد چین اور تُرکستان میں پھیلی۔ چنانچہ میکس مولر صاحب کہتے ہیں کہ تورانی جو ترکستان اور سنٹرل ایشیا میں پھیلے ہُوئے تھے تُردشو کی اولاد ہیں (دیکھو کتاب ہندو سوپیریوریٹی یعنی ہندوؤں کی فوقیت مصنفہ ہربلاس سارداؔ) + ترکوں کا مورخ ابوالغازی ترکوں کو آئے یعنی چاند کی اولاد بتاتا ہے اور کہتا ہے کہ آئے کا بیٹا جلدو اور جلدو کا بیٹا ہیو تھا اور اس ہیو سے چین کے راجاؤں کی پہلی نسل چلی (دیکھو کتاب راجستھان مصنفہ کرنیل ٹاڈ) اور ابوالغازی کے آئے اور جلدو اور ہیو اسی تُروشو کا پُوروج آیو اور تروشو کا بھائی جدو (یدو) اور جدو کا بنسج ہے ہے + دیکھو پیچھے بنساولی ۴۷ اور آگے بنساولی ۷ +

یُون لوگ جنکو فرنگی مورخ غلطی سے یونانی اور خاص کر باختر کے وہ یونانی سمجھتے ہیں جو سنہ عیسوی کے آغاز کے لگ بھگ ہوئے ہیں وہ بھی اسی تُروشو کی اولاد ہیں چنانچہ مہابھارت (آدی پرو۔ ادھیائے ۸۵ شلوک ۳۴) میں صاف لکھا ہے کہ یدو کی سنتان یادو۔ تُروشو کی یُون۔ دُرھیو کی بھوج۔ اور انو کی ملیچھ کہلاتی ہے + اور بھارت ورش کے اتہاس میں انکا ذکر ابتدا سے چلا آتا ہے۔ جیسا کہ ہم آگے بھاگ ۲ کے ادھیائے ۱ میں راجا سگر کے حال میں اور خاص کر بھاگ ۴ کے ادھیائے ۵ میں چندر گپت اور اشوک کے حالات میں جہاں فرنگی مورخ اس جاتی کا ذکر کرتے ہیں پوری تفصیل کیساتھ دکھلائینگے +

جزیرہ یاوا (جاوا) بھی غالباً ان ہی تُرد شو بنسی یَوَن لوگوں کا بسایا ہؤا ہے جیساکہ اس کے ساتھ لگتا ہؤا جزیرہ بالی تُرد شو کے بھائی انو کے بنسج بلی کا بسایا ہوا ہے جس کا حال آگے بنسا ولی ۵ میں آتا ہے ۔ جاوا کا نام رامائن میں یَو (دویپ) آیا ہے اور یونانی مورخ ٹولیمی نے بھی جو دوسری صدی عیسوی میں ہؤا ہے اس کا یہ ہی نام اپنے جغرافیہ میں دیا ہے ۔ سنسکرت کے کئی کتبے بھی جاوا میں نکلے ہیں جن میں اس کا نام یَو (دویپ) اور یَو (بھومی) لکھا ہوا ہے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ کسی زمانہ میں یہاں یَو یعنی جَو بہت ہوتے ہونگے ۔ اور جائفل (یَوپھل) کی بہتات کی تصدیق تو ابن بطوطہ ہی اپنے زمانہ میں کرتا ہے ۔ اور اس سے اس کا نام یَو (دویپ) پڑ گیا ہوگا اور پھر اس یَو (دویپ) کے رہنے والے یَوَن کہلانے لگے ہونگے (مفصّل تشریح کے لئے دیکھو اس گرنتھ کا بھاگ ۴ ۔ ادھیائے ۵) ۔ مہابھارت کے زمانہ میں دُرُپد شِکھنڈی کا بھائی سہدیو دکھن کی دِگ وجے میں سورَبھی اور آٹوی پُری کو فتح کرتا ہؤا اور یَوَنوں کے نگر سے کر لیتا ہوا وِبھیشن کے دیس (لنکا) میں پہونچا تھا ۔ سورَبھی اور آٹوی (حالیہ بٹاویہ) اب بھی جاوا کے بڑے شہر ہیں اور اسلئے مہابھارت کے یونون کے نگر سے مُراد صاف جاوا سے ہے ۔ جاوا کے وسطی صوبہ کا نام کلِنگ ہے اور الفنسٹن صاحب گورنر بمبئی اپنی تاریخ ہند میں لکھتے ہیں کہ جاوا کی تواریخ بتاتی ہیں کہ اسکو ہندوستان کے صوبہ کلِنگ کے ہندوؤں نے بسایا تھا ۔ اور ہندوستان کا صوبہ کلِنگ اُسی بلی کے بیٹے کلِنگ کا بسایا ہوا ہے جس نے جزیرہ بالی بسایا ہے اور جس کا ذکر ابھی اوپر آچکا ہے ۔

جاوا میں اگشتیہ کی بڑی مانتا ہے اور اس کی مورتیاں جگہ جگہ ملتی ہیں سنسکرت کے ایک کتبہ میں جو آریا چھند میں ہے اسکو کلسج لکھا ہے۔ کلسج کا ارتھ ہے وہ جو کلس کے اندر پیدا ہوا۔ ایک اور کتبہ میں جس پر اگشتیہ شک آبد یعنی اگشتیہ سمت نین وشو رس ارتھات ۹۵۲ کھدا ہوا ہے اس کو کمبھ یونی لکھا ہے۔ اور ان وشیشنوں سے صاف ظاہر ہے کہ اگشتیہ سے مُراد اُس ویدک رشی سے ہی ہے جس کا نام ادھیائے (۳) کے اندر رشیوں کے نقشے میں سنکھیا نک ۱۷ پر آیا ہے۔ فرنگی مورخ جہاں کہیں شک لکھا دیکھتے ہیں اس کا ارتھ شک سالواہن کرتے ہیں اور اس لئے یہاں بھی اگشتیہ شک آبد کو شک سالواہن سمجھ کر اس کتبہ کو ۶۸۲ + ۷۸ = ۷۶۰ عیسوی کا سمجھتے ہیں۔ مگر یہ ٹھیک نہیں ہے۔ شک کے ارتھ کیول سمت کے ہیں چاہے وہ سمت کسی کا ہو۔ یہاں صاف طور پر اگشتیہ کا نام شک کے ساتھ پڑا ہوا ہے۔ پس یہ سمت سالواہن کا نہیں بلکہ اگشتیہ کا ہے اگرچہ یہ معلوم نہیں کہ اگشتیہ کے سمت سے کیا مُراد ہے۔ اسی طرح جاوا کے اکثر کتبوں میں آدی شک کا ذکر آتا ہے اور وہاں بھی یہ لوگ شک سالواہن کا ارتھ ہی کرتے ہیں۔ مگر یہاں شک کے ساتھ جو آدی یعنی ابتدائی کا لفظ پڑا ہوا ہے وہ صاف چغلی کھاتا ہے کہ اس شک سے کوئی اور شک مراد ہے جو شک سالواہن سے پہلے ہے۔

چینی سیاح فاہیان کے زمانہ (۴۱۴ عیسوی) تک جاوا میں برہمنی دھرم کا پرچار تھا۔ اس کے بعد بُدھ دھرم کا پرچار ہوا۔ اور ان دونوں دھرموں کی شاندار یادگاریں جاوا میں موجود ہیں۔

بُدّھوں کی یادگار میں بورو بدر (بہو بُدّھ) کا مندر بڑا عالیشان کھڑا ہے جس میں مہاتما بُدّھ کے پُورو جنموں کے چرِتروں کے چتر نہایت کاریگری اور صفائی کے ساتھ کھُدے ہُوئے ہیں اور اس کثرت سے کھُدے ہُوئے ہیں کہ اگر ان کو ایک سیدھ میں پھیلایا جائے تو اُن کا پھیلاؤ تین میل سے بھی زیادہ ہوتا ہے ہندوؤں کی یادگار اس کے مقابلہ میں پرم بن کا مندر ہے۔ یہ ایک راجا دکش کا بنایا ہُوا ہے اور اس میں مہاتما بُدّھ کے چرِتروں کے جواب میں شری کرشن جی اور شری رام چندر جی کے جیون چرِتر کھُدے ہُوئے ہیں یہ دونوں مندر وسطی جاوا میں ہیں اور شیلیندر بنس کے راجاؤں کے زمانہ کے ہیں جو ہندوستان کے گپت بنس کی ایک شاخ تھی اور جس کی راجدھانی جزیرہ سوماترا کے شہر شری بجے میں تھی ✣ سوماترا اور جاوا کو ملا کر سوورن دویپ کہتے تھے ✣

جاوا کے لوگ اپنے آپ کو پانڈوؤں کی اولاد میں سے سمجھتے ہیں۔ اور انہوں نے انکے نام پر ایک مندر بنائے ہوئے ہیں۔ ان مندروں کو چنڈی کہتے ہیں اور ارجن۔ سوبھدرا۔ پنتھ دیو (دھرم راج = یُدھشٹھر) بھیم۔ شکھنڈی۔ اور گھٹوت کچ کی چنڈیاں مشہور ہیں ✣

یہاں کے راجا اور سردار اب بھی راجا۔ پربھو۔ آریہ۔ اور ادھی پتی اور بھوپتی کہلاتے ہیں۔ اور یہاں کے عام لوگوں کے جیون پر جو ہندو سبھیتا کا اثر اب تک پڑا ہوا ہے اُس کا نقشہ ہم آگے راجا بلی اور اُس کے دویپ باری کے حال میں رابندر ناتھ ٹاگور کے الفاظ میں کھینچیں گے ✣

(۳) انو

انو کے بنس کا سلسلہ پُرانوں میں اس طرح سے آیا ہے :-

بنساولی نمبر ۵

۵ انو [جو پُرو رَوا سے پانچواں ہے (دیکھو بنساولی نمبر ۴)]
۶ سبھانل (سبھانر)
۷ کالانل (کالنر)
۸ سرنجے
۹ پُرنجے (یہ نام بھاگوت میں نہیں ہے وشنو پُران میں ہے)
۱۰ جنجے
۱۱ ہاشال (یہ نام بھاگوت میں نہیں ہے وشنو پُران میں ہے)
۱۲ جہاہنا

۱۳ شِبِکشو — اوشی نر — شِبی
۱۴ رُشدرتھ
۱۵ ہیم
۱۶ سوپتا
۱۷ بلی

(بلی کی استری اور رشی دیرگھتمس) انگ بنگ کلنگ سُہم پُنڈر آندھر

۱۹ دھرم پان
۲۰ دوی رتھ
۲۱ دھرم رتھ
۲۲ چترتھ (رومپاد جو راجا دشرتھ کا سمکالین اور مترتھا)
۲۳ چترنگ
۲۴ پرتھلاکش
۲۵ برہدرتھ
۲۶ برہدمنا
۲۷ جیدرتھ
۲۸ سنجے
۲۹ دھرتی
۳۰ دھرت درت
۳۱ ست کرما
۳۲ ادھی رتھ
۳۳ کرن — [پرسدھ راجا کرن جو مہابھارت کے سمے میں دُریودھن کا پکشی اور فی الحقیقت پانڈو آدک پانڈووں کا وپکشی تھا۔]
۳۴ برکھ دسن

یہ بنساولی بالکل نامکمل ہے کیونکہ چترِرتھ (روم پاد) جو اس بنساولی میں اکشواکو کے سمکالین پُروَرُوا سے ۲۲ پر درج ہے وہ شری رامچندرجی کے پتا راجا دشرتھ کا سمکالین تھا اور شری رام چندرجی کا نام اکشواکو کے بنس میں ۶۰ پر آتا ہے۔ اسی طرح جہاں اس بنساولی میں مہا بھارت کے پرسِدّھ جودھا کرن کا نام ۳۳ پر آتا ہے وہاں اکشوا کی بنساولی میں کرن کے سمکالین راجا برہدبل کا نام ۹۵ پر آتا ہے + اور اسی بنساولی میں جہاں شریمد بھاگوت کے اندر پرُنجلاکش اور برہدمنا کے بیچ میں صرف ایک نام برہدرتھ آتا ہے وہاں وشنو پُران میں چھ نام آتے ہیں اور وہ نام یہ ہیں :-

پرِنجلاکش

چمپ (جس نے چمپانگری[۳۲] بسائی) +

ہری انگ

بھدرتھ

برہدرتھ

برہت کرما

برہد بھانو

برہدمنا

---

[۳۲] بالمیکی رامائن میں چمپانگری کو راجا دشرتھ کے سمکالین لومپاد یا روم پاد کی راجدھانی لکھا ہے۔ مگر روم پاد جو چترِرتھ کا دوسرا نام ہے اس چمپ سے تین پیڑھی پہلے ہوا ہے۔ پھر یہ چمپ چمپانگری کا بانی کس طرح ہو سکتا ہے + بھاگوت میں اس چمپ کا نام ہی نہیں ہے۔ مگر سورج بنس میں راجا ہرشچندر سے تیسری پیڑھی میں ایک چمپ

اب رہی یہ بات کہ ان مہا پرشوں میں سے کون ویدک کال کے اندر ہیں اور کون ویدک کال سے باہر ہیں سو اس کے لئے ہمارے پاس ایک پرمان ہے اور وہ یہ ہے کہ پُرانوں میں اس بات کا حوالہ ہے اور مہابھارت (آدی پرو۔ ادھیائے ۱۰۴) میں مفصل لکھا ہے کہ اس نامادلی میں جو ۱۷ پر بلی کا نام آیا ہے اُس بلی کے سنتان نہیں ہوتی تھی اور اس لئے بلی نے اپنی رانی سودیشنا

کا نام لکھا ہے اور اس کو چمپا پوری کا بانی لکھا ہے اور یہ ٹھیک ہو سکتا ہے۔ وشنو پُران میں بھاگوت کے اس چمپ کی جگہ چمپو کا نام آیا ہے۔

سنسکرت گرنتھوں میں انگ دیس کو جس کی راجدھانی یہ چمپا تھی مگدھ دیس کے پورب اور منتھلا دیس کے پورب اونتر میں لکھا ہے۔ دنڈی کبی نے اس کو گنگا کے کنارے لکھا ہے۔ اور چینی سیاح ہون سانگ نے اس کو ایک پہاڑی دویپ سے ۴۰ میل پچھم میں لکھا ہے کننگھم صاحب نے تحقیقات سے معلوم کیا ہے کہ بھاگلپور سے ۴۰ میل پورب کی طرف ایک ایسی ہی پہاڑی پتھر گھٹا کے سامنے ہے اور بھاگلپور کے متصل ایک دو گاؤں چمپا پور اور چمپا نگر کے نام سے اب تک آباد بھی ہیں۔

انڈوچائینا کی بستی چمپا انگدیس کی اسی چمپا کی کسی زمانہ کی نوآبادی ہے۔ انڈوچائینا میں اس کا حالیہ نام اومان ہے مگر یونانی جغرافیہ دان ٹولیمی نے جو اپنا جغرافیہ ۱۵۰ عیسوی کے قریب لکھا ہے اُس میں اس کا پُرانا نام چمپا ہی دیا ہوا ہے۔ اور اب بھی عوام میں اس کا نام چمپا ہی ہے۔ اس کے تین صوبہ ہیں:۔ امراوتی وجئی اور پانڈورنگ اور یہ تینوں نام بھی ہندوانی ہیں۔ چمپا کی وسعت اس سے اور ظاہر ہو گی کہ یہ مُلک انام کا سارا جنوبی حصّہ ہے۔

میں رشی دیرگھتمس کے نیوگ سے سنتان پیدا کرائی ۔ دیرگھتمس رشی اُتتھیہ کا اندھا پُتر تھا اس لئے سودیشنا نے اس کے پاس جانا نہ چاہا اور اپنی جگہ اپنی ایک شودرا داسی کو بھیج دیا اور اُس داسی کے دیرگھتمس سے ایک پُتر ہؤا جس کا نام ککشی وان ہؤا ۔ پھر راجا کے سمجھانے سے سودیشنا آپ دیرگھتمس کے پاس گئی اور اس نیوگ سے اس کے انگ بنگ آدک پُتر اُتپن ہوئے ۔ اُتتھیہ - دیرگھتمس اور ککشی وان تینوں ویدک رشی ہوئے ہیں اور رشیوں کے نقشہ میں جو اس سے پچھلے ادھیائے میں دیا گیا ہے ان کے نام سنکھیانک ۱۷۷ و ۱۷۶ اور ۱۷۴ پر آئے ہیں ۔ پس راجا بلی جس کی رانی نے دیرگھتمس سے نیوگ کرایا اور انگ بنگ آدک جو اس نیوگ سے اُتپن ہوئے اور اُن سے پہلے اور جتنے راجا انو کے بنس میں ہوئے وہ سب ویدک کال میں ہوئے ۔ ان سے تین نام آگے چل کر ہی چترتھ کا نام آجاتا ہے جو شری رام چندر جی کے پتا راجا دشرتھ کا سمکالین ہے ۔ یہ راماین کا زمانہ ہے اور ویدک کال سے باہر ہے اور ہم نے اُس کا نام اور اس سے آگے کرن تک جو مہابھارت کے زمانہ میں ہوا دوسرے راجاؤں کے نام صرف اس بنساولی کی نامکمل حالت دکھانے کے لئے اور اس کو یہاں ہی ختم کر دینے کے لئے لکھ دئے ہیں ۔

دیرگھتمس کی جو کتھا اس جگہ مہابھارت میں آئی ہے اُس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ استریاں پہلے ایک پتی کی پابند نہیں ہوتی تھیں جس کے ساتھ چاہتی تھیں رہنے لگتی

تھیں - اس واسطے جب دیرگھ تمس کی استری دیرگھ تمس کے اندھے پن سے دُکھی ہوکر اس کو چھوڑنے لگی تو دیرگھ تمس نے کہا کہ اچھا تو میں آج سے یہ مریادا باندھتا ہوں کہ استری عمر بھر ایک پتی کی پابند رہے - اور پتی مرجائے تو بھی وہ دوسرے پُرش کو پراپت نہ کرے (آدی پرو - ادھیائے ۱۰۴ شلوک ۳۴-۳۵) + اور اُس وقت سے یہ مریادا اب تک اسی طرح چلی آتی ہے +

دیرگھ تمس رگوید کے پہلے منڈل کے ۱۴۰ تا ۱۶۴ سوکتوں کا رشی ہے + ان میں سے سوکت ۱۵۸ کے منتر ۶ میں ملمتے (ارتھات ممتا کے بیٹے) دیرگھ تمس کا نام آیا ہے - اور اس منتر کے پُورو آدھ کا اکشرارتھ یہ ہے کہ ماتے دیرگھ تمس دسویں جگ میں بُڈھا ہوا + لوکمانیہ تلک نے اپنی کتاب آرکٹک ہوم میں دیرگھ تمس کا ارتھ سورج کیا ہے اور اس منتر کا ارتھ اپنے قطبی خیال کی تائید میں یہ کیا ہے کہ سورج دائرہ شمالی میں دس مہینہ تک جوان یعنی روشنی دینے والا رہ کر دائرہ جنوبی کے اندر ڈوب گیا + مگر یہ نہیں بتایا کہ پھر ملمتے کا ارتھ کیا ہوا + ویاکرن کی رو سے اس کا ارتھ ہے کہ ممتا کا بیٹا جیسے دیرگھتمس دیرگھتا کا بیٹا (گرُڑ) اور کوئی گنتی کا بیٹا (ارجن) اور اسی لئے مہابھارت آدک گرنتھوں نے اس دیرگھ تمس کو اُتتھیہ کی استری ممتا کا بیٹا قرار دیا ہے +

اتہاس بتاتا ہے کہ راجا بلی کی استری سے نیوگ کرنے سے پہلے دیرگھ تمس کے خود اپنی استری سے کئی بیٹا بیٹی ہو چکے تھے اور اس عرصہ میں یہ اندھا تو پہلے ہی تھا بڈھا بھی ہو گیا تھا اور اس کی

استری اس سے نفرت کرنے لگی تھی اور اس سے اپنا پیچھا چھوڑانے کے لئے اس کو ندی میں بہا آئی تھی ۔ مگر پرمیشور کی کرنی ایسی ہوئی کہ اُس کو ایک ٹوٹی ہوئی کشتی کا تختہ ہاتھ لگ گیا اور یہ بہتے بہتے راجا بلی کے دویپ میں جا نکلا اور بلی کے ہاتھ لگا اور وید کا منتر مذکور اس تمام اتہاس کا خلاصہ ہے ۔ چنانچہ منتر کے پُوزو آزدھ کا ارتھ ہے کہ دیرگھ تمس دسویں جُگ میں ارتھات دسویں سنتان پیدا کرنے کے پشچات بڈھا ہوگیا (کیونکہ وید کے اُس کوش میں جو یوروپ میں چھپا ہے اور پیٹرسبرگ کا کوش کہلاتا ہے جُگ کا ارتھ نسل اور سنتان کا بھی کیا ہے اور جرمن وِدوان یہ ہی ارتھ کرتے ہیں) اور منتر کے اوتر آزدھ کا ارتھ ہے کہ بڑھاپن بہتے ہوئے جلوں کا سارتھی یعنی رتھبان ہوگیا ۔ اور یہ صاف دیرگھ تمس کی اِس سرگذشت کی طرف اشارہ ہے کہ وہ صحیح سلامت راجا بلی کے دویپ میں جا نکلا ۔

راجا بلی کا یہ دویپ وہ جزیرہ بالی یا بلی ہے جو بحرِ ہند میں جزیرہ جاوا کے مشرق میں اسی راجا بلی کا بسایا ہوا اب تک آباد ہے ۔ ہندو سبھیتا کا پربھاو اب تک اس میں موجود ہے اور اس کا نقشہ ڈاکٹر رابندر ناتھ ٹاگور نے یوں کھینچا ہے :-

"میں نے ہندوستان کے آچار بچار کا پرچار جیسا ان دو جزیروں (جاوا اور بالی) اور خاص کر بالی کی چِتر کلا میں دیکھا ایسا کہیں نہیں دیکھا ۔ اور ایک اور بات جو یہاں پر دیکھی وہ یہ تھی کہ جدھر دیکھو زندگی کے سارے ناٹک کی تہ میں رامائن اور

مہابھارت نظر آتی ہیں + روزمرہ کی بول چال کے لفظ تک ان ہی دونوں اتہاسوں سے لئے ہوئے ہیں اور جتنا عام اور گہرا اثر ان اتہاسوں کا ہے اُتنا آج کل کی مذہبی باتوں کا بھی نہیں ہے + ہندوستان تک میں لوگوں کے جیون پر خاص ان اتہاسوں کا پربھاو اِتنا دکھائی نہیں دیتا ہے جتنا کہ جاوا اور بلی میں ہے + پربھاو کا ایک پرواہ لگاتار ان میں سے بہلا چلا آرہا ہے + عکسی تصویروں سے ۔ گانے بجانے سے ۔ نِرت کرت سے ان کے نقشے روز لوگوں کے سامنے کھینچے جاتے ہیں + اس طرح سے ہندوستان اب بھی عروج پر ہے اور اس کا یہ عروج اُس کی فلسفہ کے ذریعہ اتنا نہیں ہے جتنا کہ اُس کی کِتا کے ذریعہ ہے + یہ جاندار فِضا جو ہزاروں برس کے طوفان اور تغیر کا سامنا کر چکی ہے ان اتہاسوں کی دایمی تازگی ظاہر کرتی ہے اور ان کو مُنشیہ جاتی کی زندہ میراث بٹھراتی ہے" +

بلی کی اولاد میں سے انگ نے انگ دیس (حالیہ صوبہ بہار) بسایا۔ کسی زمانہ میں یہ دیس معلوم ہوتا ہے کہ چین اور تبت کی حدود تک پھیلا ہؤا تھا کیونکہ ٹاڈ صاحب لکھتے ہیں کہ تبت کا وہ حصہ جو چینی تاتار کی سرحد سے ملتا ہے اب تک اندیس کہلاتا ہے + کلنگ نے کلنگ دیس (حالیہ اُڑیسہ اور اندھرا کا درمیانی حصہ) اور اندھر نے اندھر دیس (دریائے گوداوری اور کرشنا کا درمیانی حصہ) بسایا + بنگ نے بنگ دیس (مشرقی بنگال) اور پُنڈر نے پُنڈر دیس (شمالی بنگال) بسایا۔ اور سُھم نے وہ

دیس بسایا جہاں اب مغربی بنگال واقع ہے + سُہم کی راجدھانی کسی زمانہ میں تامرلپت تھی اور مہابھارت کے سبھاپرو میں ادھیائے (۳۰) کے اندر بنگ - پُنڈر - اور سُہم کے ساتھ تامرلپت کا ذکر آیا ہے + چینی سیّاح فاہیان کے زمانہ تک جو ۴۰۰ عیسوی میں ہندوستان آیا تھا اس کا نام تامرلپت ہی تھا - اب اس کو تملوک کہتے ہیں اور یہ تملوک اب ضلع میدنا پور کا صدر مقام ہے + سُہم کو بعد میں راشٹر یا راڈھ بھی کہنے لگے تھے اور اُس وقت حالیہ بنگال کے ضلع ہُگلی کا مقام مہانداس کی راجدھانی تھا + راڈھی براہمن اسی دیس کے براہمن ہیں + کلنگ - اندھرا اور پُنڈر کے دیس چینی سیّاح ہیون سانگ کے زمانہ تک انہی ناموں سے قایم تھے اور یہ سیّاح ہندوستان کی جاترا کو ۶۳۰ عیسوی میں آیا تھا اور پندرہ برس تک یہاں رہا + اندھر کا نام اب تک قایم ہے اور اندھرا یونیورسٹی حال میں ہی قایم ہوئی ہے + بنگ کا نام بنگال میں موجود ہے - انگ مگدھ میں جذب ہوکر رہ گیا +

یہ سب اتہاس مہامنا کے اُس بیٹے تِتکشو کے بنس کے ہیں جو انو کے بنس میں نمبر (۱۳) پر درج ہے + اب مہامنا کے دوسرے بیٹے اوشی نر کا اتہاس سُنئے کہ اوشی نر کا بیٹا شِبی تو رگوید (منڈل ۱۰ - سوکت ۱۷۹) کا رشی ہے اور رشیوں کے نقشہ میں اس کا نام سنکھیانک ۳۵۹ پر آیا ہے اور اوشی نر خود ایک بڑا دھرماتما راجا ہوا ہے + مہابھارت (بن پرو -

ادھیائے ۱۳۱) میں اس کی ایک کتھا اس طرح آئی ہے کہ اوشی نر ایک دفعہ جمنا جی کے کنارے یگیہ کر رہا تھا کہ اِندر اور اگنی دیوتا دونوں اُس کے دھرم کی پریکشا کرنے کے لئے باز اور کبوتر بن کر آئے۔ باز کبوتر کے پیچھے پڑا ہوا تھا اور کبوتر اپنا پیچھا چھڑانے اور اپنے پران بچانے کے لئے جھٹ اوشی نر کی گود میں آپڑا + اوشی نر نے اُس کو اُٹھا کر باز سے بچا لیا + باز نے کہا کہ راجن آپ یہ کیا انیائے کرتے ہیں جو میرا کھانا مجھ سے چھینتے ہیں + اوشی نر نے کہا کہ شرناگت کو بچانا انیائے نہیں ہے + باز نے کہا کہ ایک کو بچانے کے لئے دوسرے کو بھوکا مار دینا انیائے نہیں تو کیا ہے۔ وہ دھرم جو کسی دوسرے دھرم کا بادھک ہو دھرم نہیں ہے۔ دھرم وہی ہے جس سے کسی دوسرے دھرم میں وِرودھ نہ پڑے + اوشی نر نے کہا کہ تم کو پیٹ بھر کر کھانا ہی چاہیئے پس جو کھانا چاہو لے لو + باز نے کہا کہ ہمارا کھاجا تو بِدھاتا نے یہ کبوتر ہی بنائے ہیں لیکن خیر اگر آپ کو یہ کبوتر ایسا ہی پیارا ہے تو اس کے برابر اپنا ماس تول دو + اوشی نر نے کہا کہ یہ مانا اور اپنے ماس کا ایک ٹکڑا کاٹ کر کبوتر کے برابر تولنے کے لئے ترازو میں ڈال دیا۔ لیکن وہ وزن میں کم اُترا + اوشی نر نے ایک اور ٹکڑا کاٹ کر ڈال دیا لیکن وہ بھی کم رہا + اسی طرح راجا اوشی نر نے اپنے شریر کا تمام ماس کاٹ کاٹ کر ڈال دیا مگر وہ پھر بھی وزن میں کبوتر سے کم رہا + انجام اوشی نر خود

ترازو میں بیٹھ گیا اور بولا کہ میری ہڈی اور مانس جو کچھ ہے وہ سب تول لو + اس پر باز نے کہا کہ راجن دھنیہ ہے دھنیہ ہے - بس کرو بس کرو - نہ یہ کبوتر ہے - نہ میں باز ہوں - یہ اگنی ہے اور میں اِندر ہوں - ہم دونوں تمہارے دھرم کی پریکشا کے لئے آئے تھے اور تم پریکشا میں پورے اُترے - تمہارا بڑا جس ہوگا اور دیو لوک میں تمہارا باس ہوگا + اِتی + اس کتھا سے اوشی نر کا ایک بڑا دھرماتما راجا ہونا ظاہر ہے اور ایسی ایسی کتھاؤں سے اُس کا جس آج تک پرسِدّھ ہے +

بُدّھوں کے ایک جاتک میں یہ کتھا یوں ڈھالی گئی ہے کہ کسی زمانہ میں ایک راجا تھا اوشی نر اُس کا نام تھا - اُس کی پرجا کے لوگ بڑے دُرآچاری تھے اور ست پر نہیں چلتے تھے - اس کے راج میں بُدّھ کا دھرم مِٹنے لگا + شکر (شکر = اندر) نے لوگوں کی یہ دشا دیکھی اور وہ دھرم کا اُدّھار کرنے کے لئے اپنے سارتھی ماتلی کو ایک بڑا کالا کُتّا بنا کر نگری میں داخل ہوا + لوگ کُتّے کی آواز سے ڈر گئے + راجا نے کہا کہ کُتا کیوں بھونکتا ہے + اِندر نے کہا کہ یہ بہت بھوکا ہے + طرح طرح کے کھانے اُس کو کھلائے گئے یہاں تک کہ نگری کا سارا اَن راجا کے حکم سے اُس کو دیدیا گیا لیکن وہ کُتّا بھونکنے سے بند نہ ہؤا + راجا نے کہا کہ یہ کُتّا ہے کہ جِن ہے + اندر نے کہا کہ میں اس کُتّے کو لے کر بُدّھ کا دھرم اُدّھرت کرنے اور

لوگوں کو دھرم کا مارگ بتانے آیا ہوں + یہ کہہ کر اندر نے دھرم کا اُپدیش کیا اور پھر اپنے استھان کا راستہ لیا + (جانک مُصنّفہ کوِل Cowell صاحب - جلد ۴ - صفحہ ۱۱۲ - ۱۵۱) +

اوشی نر کی نسل اور جس جن پد ارتھات دیس میں کہ یہ نسل پھیلی وہ جنپد بھی اوشی نر کے نام سے ہی منسوب ہے اور یہ نام ویدک کال سے چلا آتا ہے - چنانچہ رگوید (۱۰-۵۹-۱۰) میں اوشی نرانی کا پد آیا ہے - اور اُس کے اُپتر ے براھمن (۸-۱۴) میں اوشی نروں کا نام مدھیہ دیشی کورو پنچال اور وَش لوگوں کے ساتھ آیا ہے - اور کوشیتکی اُپنشد (۴-۱) میں بھی یہ نام اسی طرح آیا ہے + گوپتھ براھمن (۲-۹) میں اِن لوگوں کو اوتر دیس کا رہنے والا بتایا گیا ہے - اور پانِنی (۲-۴-۲۰) اور (۴-۲-۱۱۸) میں بھی اوشی نر دیس کا ذکر آیا ہے +

اوشی نر کا پُتر شِبی تھا - اور اُس کے وشے میں مہابھارت (بن پرو - ادھیائے ۱۹۴) میں یہ کتھا آئی ہے کہ کوُرو بنس کا ایک راجا سوہوتر مہرشیوں کے درشن کرکے آرہا تھا - سامنے سے اوشی نر کا بیٹا شِبی آرہا تھا - دونوں ایک دوسرے کا راستہ روک کر کھڑے ہو گئے - کسی نے کسی کو راستہ نہیں دیا کیونکہ دونوں ایک دوسرے کی برابری کا دعوے رکھتے تھے + نارد جی بھی وہاں آپہونچے - بولے کہ یہ کیا بات ہے + دونوں نے بات بتائی اور کہا کہ آپ ہی ہمارا نیائے کر دیجئے +

نارد جی نے کہا کہ رشبی تم دونوں میں بڑا ہے۔ جو گن اُس میں ہیں دوسرے میں نہیں ہیں + یہ سُنتے ہی سوہوتر نے رشبی کی پرکرما (پرکیرما) کی اور اُس کے گنوں کی استتی کرکے اُس کو راستہ دیا + اس کتھا سے ظاہر ہے کہ رشبی سوہوتر کا سمکالین تھا۔ ایک سوہوتر جیسا کہ ہم آگے (بنساولی نمبر ۹ میں) دیکھیں گے انو کے بھائی پرو کے بنس میں پرو سے بیسویں پیڑھی میں تھا اور اگر یہ سوہوتر وہی ہے جس کا ذکر اس کتھا میں آیا ہے تو رشبی بھی جو انو کی بنساولی میں دسویں نمبر پر آیا ہے انو سے بیسویں پیڑھی کے ہی لگ بھگ ہوگا اور اس بات سے ہمارے اس خیال کی جو ہم پیچھے ظاہر کر آئے ہیں اور تائید ہوتی ہے کہ انو کی بنساولی جو پُرانوں میں درج ہے پیڑھی در پیڑھی نہیں ہے بلکہ مکھیہ مکھیہ پُرشوں کی نامولی ہے +

مہابھارت کی کتھا میں جو رشبی اور سوہوتر کی برابری کا ذکر ہے وہ برابری جہاں اور باتوں میں تھی وہاں اس بات میں بھی تھی کہ یہ دونوں ویدک رشی تھے۔ چنانچہ رشبی تو منڈل ۱۰ کے سوکت ۱۷۹ کا رشی ہے اور سوہوتر منڈل ۶ کے سوکت ۳۱-۳۲ کا رشی ہے۔ اور رشیوں کے نقشہ میں ان دونوں کے نام سنکھیا نک ۳۵۹ اور ۸۲ پر آئے ہیں + ایک سوہوتر پیچھے بنساولی ۳۱ میں بھی پرورا سے چار پیڑھی پیچھے آیا ہے مگر وہ رشبی سے پہلے ہو لیا +

مہابھارت میں جہاں اور جودھا اکٹھے ہوئے تھے وہاں ایک جودھا

اس شِبی کے بنس کا بھی تھا اور اس بنس کی نسبت سے شیبیہ کہلاتا تھا (دیکھو شریمد بھاگوت گیتا - ادھیائے ۱ - شلوک ۵) + سکندر اعظم کے ہمراہی مورخوں نے سبوئی نام کی ایک قوم کو دریائے سندھ اور چناب کے درمیان پایا تھا اور وہ لفظ سبوئی غالباً اسی شیبیہ یا سیبیہ کی ہی بگڑی ہوئی شکل ہے + بلوچستان میں ایک شہر سبی اب بھی آباد ہے اور اسی اوشی نر کے بیٹے شِبی کی یاد دلاتا ہے +

شِبی کے چار بیٹے ہوئے - پرکھ دربھ یا ورکھ دربھ - سوویر - کیکے یا کیکئے - اور مدر یا مدرک +

ورکھ دربھ کی ایک کتھا مہابھارت (بن پرو - ادھیائے ۱۹۶) میں آئی ہے اور وہ یہ ہے کہ ایک براہمن وید آدھین کر کے اپنے گورو کی دکشنا کے لئے ایک ہزار گھوڑے مانگنے ایک راجا سیدک کے پاس آیا + راجا نے کہا کہ میری سامرتھیہ تو اتنی ہے نہیں کہ تم کو یہ دکشنا دے سکوں مگر تم راجا ورکھ دربھ کے پاس جاؤ وہ تم کو دیدیں گے + براہمن ورکھ دربھ کے پاس گیا اور اس سے ایک ہزار گھوڑوں کا سوال کیا تو ورکھ دربھ نے اُس کے ایک کوڑا ٹکایا + براہمن کرودھ میں آیا اور راجا کو شاپ دینے لگا + راجا نے کہا کہ بس تمہاری براہمنتا اتنی ہی ہے کہ جو تم کو بھکشا نہ دے اُس کو تم شاپ دو - بھکشا تو میں تم کو پہلے بھی دیتا اور اب کوڑا مارنے کے پشچات تو اوشیہ ہی دُونگا - مگر تمہاری پریکشا کرنی تھی - اچھا آج دن بھر کی جو آمدنی راجیہ کی ہوگی وہ پراتہ

کال تم کو دی جائیگی ۔ چنانچہ یہ آدنی درکھ درجھ نے اُس براھمن کو دلادی اور وہ ایک ہزار گھوڑوں کے مول سے کہیں زیادہ تھی ۔

سوویر نے وہ دیس بسایا جو اس کے نام پر سوویر کہلایا ۔ یہ دیس سندھ دیس کے ساتھ لگتا تھا ۔ اور مہابھارت کے زمانہ میں سندھ کے راجا جیدرتھ نے جو دُریودھن کا بہنوئی تھا اس کو جیت کر سندھ میں شامل کر لیا تھا (دیکھو مہابھارت بن پرو ۔ ادھیائے ۲۶۴ ۔ دروپدی ہرن کے وشے میں) ۔

رامائن میں بھی سندھو اور سوویر کے دیسوں کا ذکر آیا ہے اور راجا دشرتھ کے یگیہ میں جہاں اور راجا آئے تھے وہاں یہاں کے راجا بھی شریک ہوئے تھے ۔

کیکے کا دیس بھی اُس کے نام پر کیکے کہلایا اور شری رامچندر جی کی سوتیلی ماں اور بھرت کی سگی ماں کیکئی اسی کیکے دیس کی تھی ۔ بالمیکی رامائن (کانڈ ۲ ۔ سرگ ۶۸) میں جہاں اُن دوتوں کے سفر کا ذکر آتا ہے جو رامچندر جی کے بن باس اور اُنکے پتا راجا دشرتھ کے دیہانت کے پشچات بھرت جی کو لانے کے لئے اجودھیا سے کیکے دیس کو گئے تھے اُس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کیکے دیس دریائے بیاس کے پار پنجاب کا کوئی حصہ تھا ۔ مہابھارت میں بھی اس دیس کا ذکر آتا ہے کیونکہ مہاراجا دِرشٹھ کی ماں اور شری کرشن جی کی پھوا کُنتی کی ایک بہن شُرت کیرتی اس دیس کے راجا دھرشٹ کیتو کو بیاہی گئی تھی ۔ اور اس دیس کے پانچ راجکمار کورو کشیتر کے مہاسنگرام میں پانڈوں کے ساتھ شامل تھے ۔

مدر کا دیس مدر بھی ہندوستان کے اسی شمالی حصہ میں تھا ۔ اور راجا دِرشٹھ کی سوتیلی ماں مادری اسی مدر دیس کی تھی ۔ مادری کو باہلیکی بھی کہتے ہیں اور اس سے ظاہر ہے کہ مدر باہلیک (حالیہ بلخ) کا ہی دوسرا نام تھا ۔ مہابھارت کے زمانہ میں مدر دیس کا

راجا شلیہ تھا اور وہ اگرچہ مادری کا بھائی ہونے سے پانڈوؤں کا ماما تھا مگر کورو کشیتر کے مہاسنگرام میں دُریودھن کی طرف سے لڑا تھا۔ ساوِتری جسکے پتی وَرت پالن کرنے کی کتھا جگت میں پرسدّھ ہے وہ بھی اسی مدّر دیس کے ایک راجا اشوپتی کی بیٹی تھی (دیکھو مہابھارت بن پرو۔ ادھیائے ۲۹۱-۲۹۸) + رامائن میں) سیتا جی نے راجمندر جی کے بن باس جانیکے سمے ساوتری کا ذکر کیا ہے (دیکھو اجودھیا کانڈ سرگ ۳۰) + اور سگریو نے جب بانروں کو سیتا جی کی تلاش میں اِدھر اُدھر بھیجا تھا تو مدّر دیس میں بھی بھیجا تھا +

اَیتریہ براہمن (۸-۱۴-۳) میں اوتّر مدّر دیس والوں کا ذکر آیا ہے کہ وہ اوتّر کورو دیس والوں کی طرح ہمونت سے پرے اوتّر کے دیسوں میں رہتے تھے + شت پتھ براہمن میں آیا ہے کہ اوتّر دیس کے لوگ ویدودیا پراپتی کے لئے مدّر دیس میں جایا کرتے تھے + برہدآرنیک اُپنشد (ادھیائے ۳-براہمن ۷) میں اُددالک آرونی یاگنیہ ولکیہ سے کہتا ہے کہ ہم مدّر دیس میں پتنچل کاپتیہ کے گھر یگیہ سیکھتے ہیں + پراشر اور وراہ مہر آدک جیوتش کے گرنتھ کاروں کی رو سے بھارت ورش کے نوکھنڈ تھے اور اُن میں سے مدّر اوتر کھنڈ کا ایک بڑا بھاگ تھا + یونانیوں کے زمانہ میں شاکل یا شاگل اس دیس کی راجدھانی تھی اور سکندر کو راجا پورس (پجورَو ارتعات پوروبنس کا کوئی راجا) اسی شاکل میں ملا تھا + چینی جاتری ہیون سانگ کے زمانہ تک شاکل آباد تھا + بنگالی مہاشے این۔ ایل۔ ڈے کی جیوگرافیکل ڈکشنری میں مدّر کو راوی اور چناب کے درمیان لکھا ہے اور ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ کیکے دیس رامائن کی رو سے بیاس کے پار پنجاب کا کوئی حصہ تھا۔ اس سے ظاہر ہے کہ کیکے اور مدّر دو ہمسایہ دیس تھے اور ہونے ہی تھے کیونکہ وہ دو سگے بھائیوں کے بسائے ہوئے دیس تھے + بدّھوں کے ایک گرنتھ مہاوستو اَوْدان میں لکھا ہے کہ بناس کے ایک راجا کش کی شادی کانیہ کبج (قنوج) کے مدّر راجا مہندر کی بیٹی سودرشنا سے ہوئی تھی اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مدّر بنسی بعد میں مدھیہ دیس میں بھی پھیل گئے تھے +

[ٹاڈ صاحب نے جو بنساولیاں بیاتی کے بنس کی اپنی کتاب راجستھان میں دی ہیں اُن میں اُنہوں نے بیاتی کے ان تینوں بیٹوں (دُرھیو۔ تُروشو اور انو) کے بنسوں کو ایک بنس میں خلط ملط کر دیا ہے۔ اور اُس بنس کو اس طرح دیا ہے:۔

بنساولی نمبر ۶

(۱) اُورو یا اُور وَشو (تُروشو)
(۲) واہن
(۳) سوواہن
(۴) ترِلیسن
(۵) کتھلندن
(۶) مرتھا
(۷) یشل منتھ
(۸) وِراوُدھ

(۹) بھجرو
(۱۰) پُوردیس
(۱۱) گیدھر
(۱۲) گندھو
(۱۳) دھرم
(۱۴) دھرم ورت
(۱۵) پری ہیت
(۱۶) شفاناگ
(۱۷) کلمل
(۱۸) سنجے
(۱۹) پُرنجے
(۲۰) جنمے جے
(۲۱) مہابھاگ
(۲۲) ہمامان
(۲۳) اوشی نر
(۲۴) نرگ
(۲۵) کومی
(۲۶) درشن
(۲۷) شیبی
(۲۸) پرشودر

(۲۹) انگ
(۳۰) اناوا
(۳۱) دیوریدھ
(۳۲) دھرم رتھ
(۳۳) چترِرتھ
(۳۴) ست رتھ
(۳۵) اوم پاد
(۳۶) پرُتھلاکش
(۳۷) وِیا
(۳۸) دیدرا
(۳۹) بھدر رتھ
(۴۰) برہت کرما
(۴۱) برہد بھانو
(۴۲) برہت
(۴۳) جید رتھ
(۴۴) برہد رتھ
(۴۵) وِشوجِت
(۴۶) کرن
(۴۷) برکھ سین
(۴۸) پرتھو سین

دُرجا (اس سے غالباً دُرھیو مراد ہے)
سیٹھے
اُر (بیسو پوٹیا کا پُرانا شہر اُر شاید اسی کا بسایا ہوا ہو) اور اس شہر کے لئے دیکھو پیچھے صفحہ ۵۱ +
کندھار (یہ شاید گندھار ہے)
دھرم سین
درڑھ سین
پرجیت
کان
گوبان
ترشان (ترشان یا تکھان شاید اسی سے نکلے ہیں)
کرندم
میرو
مارو تی
دُشمنت (دُشینت)

کرشن — شکنتلا

چول — پانڈ — کیرل — کالنجر

اس بنساولی میں ۱ سے ۱۷ تک کے نام دھاری معلوم نہیں کون ہیں شاید تروشو کی سنتان میں سے ہوں جس کو ہم نے یہ کہکر چھوڑ دیا ہے کہ اس کی اولاد چین اور ترکستان میں پھیلی + ۱۸ سے ۴۸ تک کچھ وہ ہیں جو انو کی اُس بنساولی ۵ میں جو ہم نے پیچھے دی ہے ۶ سے ۱۲ تک اور پھر ۱۸ سے ۳۴ تک آئے ہیں اور کچھ وہ ہیں جو شنو پُران میں پرتھلاکش اور برہدمنا کے درمیان آئے ہیں + وِرُوتھ (۳۵) کا دوسرا بیٹا دُرجا ظاہر ہے کہ انو کا بھائی درھیو ہے اور اُس کی سنتان میں اُرشاید میسوپوٹیمیا (صُوبہ ایشیائی روم) کے پُرانے شہر اُر کا بانی ہے۔ کندھار گندھار ہے۔ ترشان شاید فرقہ تکھان کا بنس داتا ہو اور میرو اور مارو تی معلوم نہیں کون ہیں۔ چول۔ پانڈ۔ کیرل دکھن کے چولا اور پانڈیہ اور کیرل دیسوں کے بانی ہونگے اور کالنجر نے بُندیلکھنڈ کا کالنجر[۲۳] بسایا ہوگا اور ٹاڈ صاحب کی یہ بنساولی ہم نے صرف اسی واسطے دی ہے کہ اس سے ان دیسوں کے بانیوں کا کچھ پتا چلتا ہے + مگر یہ بنساولی ایسی ہے کہ قابل اعتبار نہیں ہے۔ اور نہ جانے اس میں آخر کے یہ چول آدک نام کس زمانہ تک پہونچے ہوئے ہیں + خود انو کی بنساولی جو ہم نے پیچھے دی ہے مہابھارت کے راجا کرن تک پہونچی ہوئی ہے۔ ٹاڈ صاحب کی دی ہوئی یہ بنساولی شاید مہابھارت

[۲۳] ریل کے راستہ سے کالنجر کا پتہ یہ ہے کہ الہ آباد سے جو ریلوے لائن جبلپور سے ہوتی ہوئی بمبئی کو جاتی ہے اس پر ایک سٹیشن مانک پور ہے۔ اور مانک پور سے جو لائن جھانسی کو پھٹتی ہے اس پر ایک سٹیشن بدوسا ہے۔ اس بدوسا سے ۸ میل ریلوے لائن سے الگ کالنجر ہے + کالنجر بہت پُرانا شہر ہے۔ مہابھارت کے بن پرو میں پانڈوؤں کی تیرتھ یاترا کے سلسلہ میں اس کا ذکر آیا ہے +

سے بھی بہت آگے تک پہونچی ہوئی معلوم ہوتی ہے کیونکہ مہابھارت کے مہاسنگرام میں چول آدک دیسوں کے راجا شامل نہیں تھے ٭ دُشمنت (دُشینت) کا حال عجیب ہے۔ بنساولی کے برنن میں ٹاڈ صاحب نے چیپٹر (۴) میں لکھا ہے کہ یہ بنس دُشینت پر ختم ہوا جو بھرت کا باپ تھا۔ مگر بھرت کا باپ دُشینت تو پرُو کے بنس میں ہے جیسا کہ آگے بنساولی ۹ سے ظاہر ہوگا۔ پھر وہ یہاں تُروشو یا دردھیو کے بنس میں کیسے آیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ٹاڈ صاحب نے جس طرح اس بنساولی میں یاتی کے تین بیٹوں دُردھیو۔ انو اور تُروشو کی بنساولیوں کو گڈمڈ کر دیا ہے اُسی طرح اُس کے چوتھے بیٹے پُرو کی بنساولی کا پیوند بھی اسمیں لگا دیا ہے ٭ ٹاڈ صاحب نے اور بہت سی غلطیاں بھی ان بنساولیوں کے وشے میں کی ہیں۔ اور یہ غلطیاں یا تو ان کے سمجھانے والے جین پنڈتوں کی ہیں یا خود ان کی اپنی ہی سمجھ کی ہیں ٭

(۴) یدو

(الف) یدو کے بیٹے سہسرجت کا ہیہئے ہے بنس ٭

یدو یاتی کا سب سے بڑا بیٹا تھا مگر یاتی کے اُس شاپ کے کارن جس کا ذکر پہلے آچکا ہے باپ کی گدی سے محروم رہا ٭ اس پر بھی اس کے بنس کی مہما اور بنسوں سے بڑی ہے کیونکہ شری کرشن جی نے اسی بنس میں اوتار لیا تھا اور پُرانوں میں لکھا ہے کہ "یدو کے بنس کو سُنکر نر سارے پاپوں سے چھُٹ جاتا ہے کیونکہ نرآکار پرم برہم کرشن نے اسی بنس میں اوتار لیا تھا" (دیکھو وشنو پُران انش ۴ - ادھیائے ۱۱ - شلوک ۴ ٭ اور شریمد بھاگوت اسکندھ ۹ - ادھیائے ۲۳ - شلوک $\frac{19}{20}$) ٭ یدو کے چار بیٹے ہوئے جن میں سے دو سہسرجت اور کروشٹو بنس وَردھک ہوئے ٭

سہسرجت کی بنساولی یہ ہے ٭

بنساولی نمبر ۷

[جو پُرورَوا سے پانچویں پیڑھی میں ہے (دیکھو بنساولی نمبر ۴) +]

یدو

(۶) سہسرجِت — کروشٹو (اِنکی بنساولی کیلئے دیکھو آگے بنساولی ۵)

(۷) شت جِت

ہیہے — وینوہے — (۸) ہیئی ہے

دھرم

دھرم نیتر

گُنتی

سنجت

(۱۳) مہشمان

بھدرسین

دُرمد

دھنک

(۱۷) کرت ویریہ

(۱۸) سہسرارجن

(۱۹) شور — شورسین — جے دھوج — ورکھ سین — مدھو

(۲۰) تال جنگھ

ویتی ہوتر

(ایک ویتی ہوتر بنساولی ۳ میں بھی آچکا ہے)

بھرت

ورکھ

مدھو

(۲۴) ورشنی

پیچھے (تُروشو کے حال میں) بتایا جا چکا ہے کہ تُرکون کا مورخ ابوالغازی تُرکون کو آئے یعنی چاند کی اولاد بتاتا ہے اور کہتا ہے کہ آئے کا بیٹا جلدو تھا اور جلدو کا بیٹا ہیو تھا اور اس ہیو سے شاہانِ چین کی سب سے پہلی نسل چلی + یہ بیان ہندو اتہاس میں اس بنساولی سے ملتا ہے جو ہم نے ابھی اوپر دی ہے + اس بنساولی میں آیو پُرورَوا کا بیٹا اور چاند کا پوتا ہے (دیکھو بنساولی نمبر ۴) اور تُرکی آئے یہی آیو ہے + یدو یا جدو آیو کا پڑوتا ہے اور تُرکی جلدو یہی جدو ہے + ہے جو اپنی بزرگی کی وجہ سے بھا ہے کہلایا کیونکہ اُس کے دو اور بھائی بھی ہے ہی کہلاتے تھے جدو کا پڑوتا ہے اور تُرکی ہیو یہی ہے ہے + اسی ہے کی سنتان چین میں جا کر بسی اور وہاں کے راجاؤں کی سب سے پہلی نسل اسی سے چلی۔ اور بھارت کی راج بنساولی میں اسی لئے اس کی جگہ خالی ہے + یہی حال دیو ہے کی سنتان کا معلوم دیتا ہے کہ وہ بھی بھارت سے کہیں باہر جا کر ہی بسی۔ یونانی مورخ سٹریبو شک جاتی کی ایک شاخ کو اسی کا نام دیتا ہے۔ اسی مخفف ہے اشوی کا اور اشو اور ہے دونوں سنسکرت میں ہم معنی ہیں اور گھوڑے کے معنی دیتے ہیں اور معلوم ہوتا ہے کہ وہ اسی جاتی ان ہی دونوں ہے میں سے کسی ایک ہے کی سنتان تھی + ہے یعنی گھوڑا اس جاتی کا کوئی چیف ہوگا اور اُس سے اس جاتی کا یہ نام پڑ گیا ہوگا + کیونکہ جیسا کہ کرنیل ٹاڈ صاحب اپنی کتاب راجستھان میں لکھتے ہیں "پُرانے زمانوں میں مختلف قوموں کو اُن کے مختلف چیفوں کے نام دئے جاتے تھے۔

چنانچہ بائبل میں مکّھی - بھونرا - اور مینڈھا مصر - اسیریا اور مقدونیہ کے بادشاہوں کو ظاہر کرتے تھے۔ یہاں (ہندوستان میں) سانپ - گھوڑا اور بندر استعمال کیا جاتا ہے" + ہئی ہے کی اولاد بھائرت ورش میں رہی اور اسی لئے اس کی بنساولی یہاں دی گئی ہے +

ہئی ہے[۵۲] بڑا وکھیات ہوا اور وہ ویت ہوتیہ کے نام سے رگوید کے منڈل ۶ - سوکت ۵ اکارشی ہوا + شونک اور شئونک اسی کی گوتر میں ہوئے اور یہ چھتری راجا سے براھمن گوتر کرتا جس طرح ہوا اُس کی کتھا جا بھارت (انوشاسن پرو - ادھیائے ۳۰) میں جس طرح آئی ہے اُس کا خلاصہ پیچھے ادھیائے ۳ میں صفحہ ۱۰۵ پر دیا جا چکا ہے +

ہش[۱۳]مان نے ماہش[۵۳]متی نگری دریائے نربدا کے کنارے بسائی + کرت ویرِیہ[۱۴] کا بیٹا سہسرارجن[۱۵] دتاتریے کی آرادھنا سے ایسا بلوان ہوا کہ راون کو بھی جو دگ بجے کرتا ہوا نربدا کے کنارے نکل آیا تھا پکڑ کر ماہش متی میں لے گیا اور پھر اُس کو نیچا دکھا کر چھوڑ دیا + مگر سہسرارجن نے بھی پرشورام جی کے ہاتھوں سے نیچا دیکھا اور اس کی کتھا پیچھے پرشورام جی کے سمبندھ میں بنساولی ۲ کے

---

[۵۳] ماہش متی بندھیا اور رکھش پربتوں کے بیچ میں اس جگہ کے قریب تھی جہاں اب بھیرہ گھاٹ اور جبلپور واقع ہیں + ٹاڈ صاحب لکھتے ہیں کہ اس جگہ کو اب مہیشور کہتے ہیں اور عوام اس کو اب تک سہسربا ہو کی بستی کہتے ہیں + سہسربا ہو سہسرارجن (نمبری ۱۸) کا دُوسرا نام ہے +

بیان میں دی جا چکی ہے + کرت ویریہ کا بیٹا ہونے کی نسبت سے سہسرارجن کو کارت ویریہ بھی کہتے ہیں (دتاتریے کے لئے دیکھو پیچھے صفحہ ۹۸)

یہاں یہ دیکھنا ہوگا کہ یہ راون اور پرشورام جن کے ساتھ سہسرارجن کے یہ چرتر ہوئے تھے کون تھے اگر شری رام چندر جی کے سمکالین تھے تو شری رام چندر جی تو اکشواکو سے ساٹھ پیڑھی پیچھے ہوئے تھے مگر سہسرارجن یہاں اکشواکو کے سمکالین پرُوروا سے اٹھارہ نام ہی پیچھے ہے + پھر سہسرارجن کے بعد جو تال جنگھ ہوا ہے اُس کے دسویں شریمد بھاگوت (۹-۸-۳/۴ اور ۹-۲۳-۲۸) میں لکھا ہے کہ تال جنگھ کے کشتر تیج کو راجہ سگر نے (جو اُرو رشی کے تیج کی رکھشا سے پیدا ہوا تھا) ہر لیا تھا + اور راجا سگر رام چندر جی سے چوبیس پیڑھی پہلے ہوا ہے + اس لئے سہسرارجن کا سمکالین راون رام چندر جی کا سمکالین نہیں ہے بلکہ کوئی اور راون ہے اور غالباً وہ راون ہے جس کی مٹھ بھیڑ اکشواکو بنسی انرنیہ کے ساتھ ہوئی تھی + کیونکہ انرنیہ اکشواکو سے ۲۱ پیڑھی پیچھے ہے اور سہسرارجن اکشواکو کے سمکالین پرُوروا سے ۱۸ پیڑھی پیچھے ہے اور یہ حساب پیڑھیوں کے حساب سے قریب قریب برابر ہے + انرنیہ کا حال ہم پیچھے بنسا ولی ۱ کے سلسلہ میں بیان کر آئے ہیں اور راون کے نام کی تشریح بھی وہاں ہی کر آئے ہیں اور بتا آئے ہیں کہ راون کسی ایک ویکتی کا نام نہیں ہے بلکہ راون گوتر کی ہر ایک ویکتی کا نام ہے مگر چونکہ ان سب میں وہ راون پرسدھ ہے جو رام چندر جی کے زمانہ میں تھا اس لئے ہر ایک راون کے چرتر

اسی راون کے چرتر سمجھے جانے لگے ہیں۔ چنانچہ ایک راون نے ساین آچارج کی طرح سے ویدوں پر بھاشیہ بھی لکھا ہے اور عوام اس کو بھی اسی پرسدّھ راون کا کارنامہ سمجھتے ہیں +

رہے پرشورام جی سو وہ بھی اصل میں رام چندر جی سے بہت پہلے ہی ہوئے ہیں کیونکہ وہ بنسا ولی ۲ میں پُروروا سے پندرہ[۱۵] نمبر پر ہی آئے ہیں + رام چندر جی کے زمانہ میں وہ کیول لیلا دکھانے کو پرگٹ ہوئے تھے کیونکہ وہ ہنومان اور وِبھیشن آدک کی طرح سے اُن سات[۲۵] ہستیوں میں شامل ہیں جو چرجیوی یا امر ہیں + سہسرارجن کے زمانہ میں اُن کا ہونا ویسے بھی ممکن ہے +

شُور اور شُورسین[۱۹] + وہ دیس جس میں متھرا کا علاقہ شامل ہے کسی زمانہ میں شورسینی کہلاتا تھا + اور سکندر اعظم تک اسکا یہی نام تھا کیونکہ اُسکے زمانہ کے یونانی مورخ اسکا اور اس میں شہر متھرا کا ذکر کرتے ہیں + معلوم ہوتا ہے کہ یہ شورسینی دیس ان ہی شُور اور شُورسین کا بسایا ہوا ہوگا۔ اگرچہ کرنیل ٹاڈ صاحب اپنی کتاب راجستھان میں اُس بنسا ولی میں جو بیدو کے دوسرے بیٹے کروشٹو سے چلی ہے اور جس میں شری کرشن جی کا جنم ہوا ہے شری کرشن جی سے چند پیڑھی پہلے شور اور سین دو راجاؤں کے نام اور دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ شورسینی دیس کو ان راجاؤں نے بسایا تھا (تشریح کے لئے دیکھو اس گرنتھ کا بھاگ ۳۔ اور اُس میں مہابھارت کے بھاگ پرو کے ساتھ شری کرشن جی کی بنسا ولی) + منوسمرتی میں بھی شُورسین دیس کا ذکر آیا ہے (دیکھو آگے صفحہ ۳۸۹) +

---

[۲۵] یہ سانوں چرجیوی ہستیاں یہ ہیں :- اشوتھاما[۱] - بلی[۲] - ویاس[۳] - ہنومان[۴] وِبھیشن[۵] - کرپاچارج[۶] اور پرشورام[۷] (دیکھو آپتے کی سنسکرت ڈکشنری) +

تال جنگھ راجا سگر کا سمکالین تھا اور سگر اکشواکو سے ۳۶ پیڑھی پیچھے اور رشی کال سے باہر ہے اس لئے تال جنگھ بھی رشی کال سے باہر ہے اور تال جنگھ اور سہسرارجن کے بیچ میں جو اکشواکو کے سمکالین پُرورَوا سے ۱۸ نمبر پر ہے کوئی ۱۸ ہی پیڑھیاں گم ہیں + سگر نے تال جنگھ کا کشتر نیچ ہر لیا (دیکھو آگے بھاگ ۲- ادھیائے ۱) اس لئے تال جنگھ سے آگے اُسکے بنس میں مدھو اور ورشنی کیول گوتر کرتا ہوئے اور شرید بھاگوت کے اُردو ترجمہ (سکندھ ۹- ادھیائے ۲۳) مطبوعہ مطبع منشی نول کشور لکھنؤ میں لکھا ہے کہ شری کرشن جی ان ہی گوتر کاروں کی نسبت سے مادھو اور وارشنے کہلاتے ہیں + مگر یہ ٹھیک نہیں ہے۔ وہ مدھو اور ورشنی اور ہیں + ہیہئے بنسی راجپوت ہندوستان میں اب تک موجود ہیں۔ مسیح سے پانچ سو برس پہلے ہیہئے ہے راجپوتونکی ایک راجدھانی رتن پور میں تھی جو بلاسپور سے ۱۵ میل ہے اور بلاسپور بنگال ناگپور ریلوے پر ایک سٹیشن ہے + رتن پور اب کھنڈر ہے اور اُسکے کھنڈرات میں ایک لاٹ یا مینار اس بات کی یاد دلا رہا ہے کہ یہاں ایک راجا لکشمن ساہی کی بیس رانیاں اپنے پتی کے ساتھ ستی ہوئی تھیں +

بھاگل پور (بہار) میں ایک کتبہ تانبے کے پتر پر کھدا ملا ہے اور اُس میں لکھا ہے کہ پال بنس کے راجا وِگرہ پال (۹۱۵- ۹۳۵) نے ہیہئے ہے بنس کی ایک راجکماری جسکا نام لجّا تھا بیاہی تھی + اسی زمانہ میں ہیہئے ہے بنس کے راجا چیدی میں راج کرتے تھے اور اُنکے سونے کے سکّے جو ملے ہیں اُن پر ایک طرف راجا کا نام ہے اور دوسری طرف گپت بنسی راجاؤں کے سکّوں کی طرح سے کمل پر براجمان لکشمی کی مورت ہے + اور ٹاڈ صاحب اپنی کتاب راجستھان میں لکھتے ہیں کہ ہیہئے ہے بنس کی ایک شاخ اب بھی ہیہاگ پور واقع بھگیل کھنڈ میں موجود ہے

(ب) یدو کے بیٹے کروشٹو کا یادَو (جادو) بنس

یدو کے دوسرے بیٹے کروشٹو کا بنس بہت چلا اور مہابھارت کے زمانہ

تک برابر چلا گیا۔ شری کرشن جی یدو کی اسی شاخ میں ہوئے اور یہ ہی شاخ جادو بنس کے نام سے پرسِدھ ہے۔ اس بنس کی تیس ۳۰ لڑیاں پُرورَوا سے لے کر اس طرح پروئی ہوئی ہیں :-

بنساولی نمبر ۸

۱- پُرورَوا
۲- آیو
۳- نہُش
۴- یَیاتی
۵- یدو
۶- کروشٹو
۷- وِھوجی وان
۸- سوائتی
۹- روشنکو
۱۰- چِترَرتھ
۱۱- ششی بندو
۱۲- پرتھُو شروا
۱۳- پرتھُوتم (دھرم)
۱۴- اُشنا
۱۵- شِتیپو
۱۶- رُکم کوچ
۱۷- پراورِت
۱۸- جیا مگھ
۱۹- وِدربھ
۲۰- کرتھ — کُش — روم پاد
۲۱- کُنتی — کیشک — بجھرو
۲۲- دھرشٹی — دھرتی
۲۳- نِدھرتی — اُشک یا کیشک
۲۴- دشارھ — چیدی
۲۵- ویوم
۲۶- جی موت
۲۷- وِکرتی
۲۸- بھیم رتھ
۲۹- نَورتھ
۳۰- دشرتھ

سہسرجِت (دیکھو پیچھے بنساولی نمبر ۷)

(دیکھو پیچھے بنساولی نمبر ۷)

نوٹ :- دشرتھ سے آگے سلسلہ کے لئے دیکھو اس گرنتھ کا بھاگ ۳ اور اس میں مہابھارت کے سبھا پروَ کے شروع میں شری کرشن جی کی بنساولی ۔

ان میں سے پہلے پانچ مہاپرشوں کا ذکر تو پہلے ہی آچکا ہے۔ کروشٹو سے یہ شاخ شروع ہوتی ہے۔ بھاگوت اور مہابھارت میں اس کا نام کروشٹری یا کروشٹا لکھا ہے مگر وشنو پُران میں کروشٹو لکھا ہے +

چِتْر رتھ کا نام رگوید کے منتر (۴-۳۰-۱۴) میں آیا ہے اور اس منتر کا ارتھ یہ ہے :- "اے اِندر تو نے تُروشو اور یدو کو پار کیا اور اے اِندر تو نے اُرنا اور چِتْر رتھ کو سرجوندی کے پار مار دیا" معلوم نہیں یہ چِتْر رتھ کون ہے مگر ایک چِتْر رتھ وشوامتر اور پرشورام کے زمانہ میں مارتکاوت کا راجا ہوا ہے۔ اور اُس کا برتانت ہم پیچھے پرشورام کی ماتا کے پرسنگ میں صفحہ ۲۸۱ پر دے چکے ہیں۔ اور وہ چِتْر رتھ غالباً یہ ہی چِتْر رتھ ہے کیونکہ اِن دونوں کے زمانے ایک ہیں۔ اس طرح سے کہ یہ چِتْر رتھ جو رشنکو کا بیٹا ہے یہاں بنسا ولی ۵ میں پُرورَوا سے دسویں پیڑھی میں ہے اور وہ چِتْر رتھ جو وشوامتر کے زمانے میں تھا پُرورَوا سے تیرھویں پیڑھی میں ہوا کیونکہ وِشوامتر بنسا ولی ۲۰ میں پُرورَوا سے تیرھویں پیڑھی میں ہے +

شبد کلپدرُم نامی ایک پرسدھ کوش ہے اُس کے بھاگ ۲ کے کانڈ ۲ میں کشتری شبد کی ویاکھیا کے پرسنگ میں آپستمب شاکھا کا ایک بچن نقل کیا ہوا ہے جس کا مضمون یہ ہے کہ جگت میں بہت سے با ہوجا (ارتھات برھما کی بھجا سے پیدا ہوئے) کشتری کا یشٹھ ہوئے ہیں۔ چِتْر گپت[۲۶] سورگ میں اور وِچِتْر (یا چِتْر)

[۲۶] سکند پُران کی ایک کتھا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جب دھرم راج کو اس بات کی ضرورت معلوم دی کہ کوئی شخص لوگوں کے کرموں کا حال لکھتا

بھومی منڈل میں۔ اس کا پُتر چیئشٹر رتھ بڑا جس والا اور کُلدیپک ہوُا اور چِتر کوٹ کا (جو الہ آباد کے پاس ایک پہاڑی استھان ہے اور اس کارن سے کہ رام چندر جی نے بن باس کی دشا میں کچھ کال یہاں باس کیا تھا ایک بڑا تیرتھ ہے) راجا ہوا + اِتی + دیا کرن کی رُو سے چیئشٹر رتھ کے باپ کا پورا نام چِتر رتھ ہونا چاہیئے اس لیئے کوش کے اس وِچتر یا چِتر کا پورا نام چِتر رتھ ہی ہوگا اور یہ چِتر رتھ بھی شاید وہ ہی ہو جس کا نام وید میں آیا ہے اور جو بنساولی میں روشنکو کا پُتر ہے +

رہے تاکہ اس کے انوسار لوگوں کو کرموں کا پھل دیا جایا کرے تو وہ پرتھوی پر سے راجا چِتر کو لے گئے اور پرتھوی پر سے اُس کے گُپت ہوجانے کے کارن اُس کا نام چِتر گُپت ہوا (دیکھو فیصلہ ہائیکورٹ پٹنہ ۲۷ مندائیرہ سنہ ۱۹۲۲ عیسوی) + معلوم نہیں یہ راجا چِتر کون ہے مگر رِگوید کے ایک منتر (۸-۲۱-۱۷/۱۸) میں ایک راجا چِتر کا ذکر اس طرح سے آیا ہے کہ "مجھکو اتنا دھن یا سرسوتی دے گی یا اِندر اور یا اے راجا چِتر تو۔ سرسوتی کے کنارے راجا ہے تو ایک چِتر ہے اور سب راجک (اردھات نام کے راجا) ہیں + چِتر بادل کی سمان ہزاروں لاکھوں پرکار کے دھن کی برکھا سے سب کو بڑھاتا رہتا ہے" اور شاید یہ ہی چِتر وہ چِتر ہو جس کا ذکر سکند پُران میں آیا ہے +

یم سنگیتا کی کتھا ہے کہ جب دھرم راج (یم) نے برھما سے اپنی مشکل بیان کی یا جب خود برھما جی کو ہی خیال آیا تب اُنہوں نے سمادھی لگائی اور ان کی کایا سے ایک ہستی اُتپنّ ہوئی اور

اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ شری کرشن جی یدو بنس کی اسی شاخ میں جو کروشٹو سے چلی ہے پیدا ہوئے تھے - ان کے پتا کا نام بسدیو اور پتامہ کا نام شُور تھا - یہ شُور یدو سے چوالیس ۴۴ پیڑھی پیچھے ہوا ہے - مگر مہا بھارت (انوشاسن پرو - ادھیائے ۱۴۷ - شلوک ۳۰/۱۳۱) میں شری کرشن جی کا بنس برنن کرتے ہوئے اس شُور کو ایک دم اِسی چِتررتھ کے بعد لکھدیا ہے اور صرف یہ ہی نہیں بلکہ اُس کو اس چِتررتھ کا پُتر لکھا ہے جو یدو سے کُل پانچ نام ہی پیچھے ہے ÷ اس سے اس بات کی اور تائید ہوتی ہے کہ جیسا کہ ہم پیچھے جگہ جگہ دکھاتے آئے ہیں پُرانوں کی بنساولیوں میں جو نام ایک کے پیچھے ایک آئے ہیں وہ ہمیشہ باپ کے پیچھے بیٹے کی طرح نہیں آئے ہیں بلکہ وہ بنس کے مکھیہ مکھیہ پُرشوں کے نام ہیں جو کہیں کہیں باپ کے پیچھے بیٹوں کے بھی نام ہیں مگر اکثر جگہ کئی کئی پیڑھیاں

برھاجی نے اُس سے کہا کہ چونکہ تم میری کایا سے اُتپن ہوئے ہو اس لئے تم کائیتھ کہلاؤ گے اور چونکہ تم اب تک میری کایا میں ایک گپت چِتر تھے اس لئے تمہارا نام چِترگپت ہوگا ÷ یہ چِترگپت دھرم راج کا منتری اور لیکھک ہوا اور کائیتھ لوگ اپنے آپ کو اسی چِترگپت کی سنتان مانتے ہیں ÷ (دیکھو فیصلہ ہائیکورٹ پٹنہ مذکور الصدر) ÷

مہا بھارت (انوشاسن پرو - ادھیائے ۱۳۰) میں یم چِترگپت کے بچن دھرم اور کرم کے وشے میں رشیوں کو سُناتا ہے اور واراہ پُران (ادھیائے ۲۰۲ - ۲۰۶) میں چِترگپت کے پربھاو آدک کا برنن ہے ÷

چھوڑ کر ہیں + اور پُتر کا ارتھ بھی ہر جگہ بیٹا ہی نہیں ہے بلکہ اکثر جگہ کیول سنتان ہی ہے اور شوُر کو چِتر رتھ کا پُتر کہنا شاید یہ ہی معنی رکھتا ہے کہ وہ اُس کی سنتان تھا +

۱۱ ششٹی ہندو یا ششٹ ہندو جو چِتر رتھ کا بیٹا تھا چکرورتی راجا ہوا۔ اور چکرورتی اُس کو کہتے ہیں جس کے پاس یہ چودہ رتن مہاجاتی کے یعنی سب سے اعلےٰ قسم کے ہوں :-

چکر۔ رتھ۔ منی۔ کھڑگ۔ چرم۔ کینتو۔ ندھی۔ بھاریا۔ پُروہت۔ سینانی۔ رتھ کرت۔ پتی۔ اشو۔ گجھ (ہاتھی) + (دیکھو وشنو پُران ۴-۱۲-۳۔ اور اُس کی ویاکھیا) + بھاریا یعنی استری رتن بھی اُس کے پاس اور رتنوں کی طرح بہت تھا۔ مگر وہ اس رتن کو نیکت رتی سے بھوگتا تھا اور اسی نیکت بھوگ کے کارن وہ مہایوگی مہابھوج کہلاتا تھا (دیکھو شریمد بھاگوت ۹-۲۳-۳۱) + اس کی بیٹی سورج بنسی راجا ماندھاتا کو بیاہی گئی تھی اور اس کا ذکر ہم پیچھے بنساولی ۱۰ کے سلسلہ میں ماندھاتا کے حال میں کر چکے ہیں +

۱۸ جیامگھ اپنی استری کے بس میں اتنا تھا کہ اُس کے ڈر کے مارے سنتان نہ ہوتے ہوئے بھی وہ کسی دوسری استری سے بیاہ نہیں کرتا تھا + انجام اسی استری سے اُس کے ایک پُتر ہوا جس کا نام وِدربھ ہوا +

۱۹ وِدربھ نے وہ دیس بسایا جو اس وجہ سے کہ اس میں ودربھ یعنی کُشا جو ایک قسم کی بڑی پُوتر گھاس ہے نہیں ہوتی تھی وِدربھ (ودربھ ہین) کہلایا اور پھر اس دیس کے نام پر اُس کے بسانے والے

کا نام بھی وِدربھ پڑگیا ✤ ائیترے براھمن (۷ - ۳۴) میں وِدربھ کے راجا وَیدربھ کا ذکر آیا ہے ✤ حالیہ صوبہ برار اس وِدربھ دیس کا ہی ایک حصّہ ہے ✤

راجا نل کے زمانہ میں جو شری رام چندر جی سے پندرہ[۱۵] پیڑھی پہلے ہوا ہے کُنڈِن پور اس دیس کی راجدھانی تھی اور شری کرشن جی کے زمانہ میں بھی اُن کی مہارانی رُکمنی جی کے پِتا بھیشمک کی راجدھانی اسی کُنڈِن پور میں تھی (دیکھو بھاگ ۲ کے ادھیائے ۱ میں راجا نل کا اُپاکھیان - اور بھاگ ۳ کے سبھا پَرو میں شری کرشن جی کا جیون چرِتّر) ✤ حالیہ صوبجات متوسط اور برار کے شہر امراوتی اور بدنیرا کی نواح میں دو چھوٹے چھوٹے قصبے جو ایک دوسرے سے کوئی ۲۰ میل کے فاصلے پر ہیں کُنڈِن پور کے نام سے اب بھی موجود ہیں اور اسی پرانے کُنڈِن پور کے دو کھنڈر ہیں ✤ کُنڈِن ایک رشی ہوئے ہیں (دیکھو نیچے صفحہ ۱۰۳) اور معلوم ہوتا ہے کہ یہ کُنڈِن پور یا کُنڈِن ان ہی رشی کُنڈِن کا نام لیوا ہے ✤ اگنی مِشر نے (جو مَوریہ بنس کے بعد شُنگ بنس میں پُشیہ مِشر کا بیٹا تھا اور مسیح سے کوئی بارہ سو برس پہلے ہوا ہے) وِدربھ کے دیس کو دو حصوں پر بانٹا اور دریائے وردا (یا واردھا) کو ان کی حد فاصل قرار دیا -

---

[۱۵] شریدھاگوت (اسکندھ ۵) میں لکھا ہے کہ بھارت ورش کے نام داتا بھرت کے نو بھائی تھے اور اُن میں سے ایک ایک بھارت ورش کے نو کھنڈوں میں سے ایک ایک کھنڈ کا نام داتا ہوا - اور وِدربھ ان نو بھائیوں میں سے ایک بھائی تھا (دیکھو آگے ادھیائے ۵ - فٹ نوٹ ۳) ✤

شمالی حصّہ کی راجدھانی امراوتی بنی اور جنوبی حصہ کی راجدھانی دریائے گوداوری کے کنارے بنی اور پُروروا کی پُرانی راجدھانی کے نام پر پرتشٹھان (حالیہ پیٹھان) کہلائی +

وِدربھ کے تین بیٹے ہوئے - کُرتھ - کُش (یا کیشِک) اور رومپاد + کُرتھ سے وِدربھ کا راج بنس آگے چلا مگر اس کی کُچھ اولاد کُش کی اولاد کے ساتھ وِدربھ دیس میں جا بسی اور یہ دونوں اولادیں مل کر کُرتھ کَوشِک یا کُرتھ کیشِک کہلائیں + کالیداس نے رگھو ونش (سرگ ۵- شلوک ۳۹) میں ان کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ ان لوگوں کے راجا بھوج نے اپنی بہن اِندومتی کے سویمبر میں رام چندر جی کے پُروج رگھو کے بیٹے اج کو بھی وِدربھ میں بُلایا تھا اور اس سویمبر میں اندومتی نے اج کو برا تھا + کُرتھ کَوشِکا وِدربھ دیس میں ان ہی لوگوں کا نواس استھان تھا +

وِدربھ کا تیسرا بیٹا رومپاد تھا - اس سے کئی پیڑھی پیچھے جیسا کہ پیچھے بنساولی میں دکھایا گیا ہے چیدی ہوا - اس نے اپنے نام پر چیدی کا دیس بسایا + شِشُپال جو مہابھارت کے زمانہ میں شری کرشن جی کا سمکالین تھا اور اُن ہی کے ہاتھ سے مارا گیا تھا اس ہی چیدی بنس اور چیدی دیس کا راجا تھا + رگوید (۸-۵-۳۷) میں چیدیہ (ارتھات چیدی کے ایک راجا) کشو کا ذکر آیا ہے کہ اُس نے سَتو اُونٹ اور دس ہزار گائیں دان کی تھیں + اس منتر کا رشی کَنو گوتر کا برھماتتھی ہے اور

اور اس سے ظاہر ہے کہ کم سے کم راجا چیدی تک چندر بنس کے راجا رشی کال میں ضرور تھے + چیدی (حالیہ چندیری) بندیلکھنڈ میں واقع ہے اور اب سنٹرل انڈیا کے ضلع جھانسی کی تحصیل للت پور سے ۱۸ میل پچھم کی طرف ریاست گوالیار میں شامل ہے +

دشارھ[۲۴] کے بعد سے یادو بنسی اس کے نام پر داشارھ بھی کہلاتے ہیں +

دشارھ[۳۰] سے کئی پیڑھی پیچھے مدھو اور مدھو سے کئی پیڑھی پیچھے ستوت ہوا اور ان دونوں کے بعد یادو بنسی ان دونوں کے نام پر مادھو اور ساتوت کہلاتے ہیں + ستوت کا بیٹا اندھک ہوا اور اندھک کے ایک بیٹے کی اولاد میں کنس اور دوسرے بیٹے کی اولاد میں شری کرشن جی ہوئے (مفصل حال کے لئے دیکھو اس گرنتھ کا بھاگ ۳ اور اُس میں مہا بھارت کے سبھا پرو کے شروع میں شری کرشن جی کا جیون چرتر) +

(۵) پُرو


پُرورَوا کے پڑوتے یایاتی کے پانچ پُتروں میں سے چار پُتروں ارتھات دُرھیو۔ تُروشو۔ انو اور یدو کے بنس برنن کئے جا چکے ہیں۔ اب پانچویں پُتر پُرو کے بنس کا برنن کیا جاتا ہے + چنانچہ اس بنس کی تیس[۳۰] پیڑھیاں چندر بنس کے بانی پُرورَوا سے شمار کر کے یہ ہیں اور ان میں جیسا کہ شریمد بھاگوت (۹-۲۰-۱) میں آیا ہے راج رشی بھی ہیں اور برہم رشی بھی :-

بنساولی نمبر ۹

۱- پُروروا
۲- آیو
۳- نہُش
۴- یَیاتی
۵- پُرو (یدُو کا بھائی)
۶- جنمے جے
۷- پرچنوان
۸- پرویر
۹- منسیو
۱۰- ابھے دیے
۱۱- سُدّیو
۱۲- بہوگت
۱۳- سنیاتی
۱۴- اہنیاتی
۱۵- رُدر آشو
۱۶- رتیشو (ارتھات رت یعنی ستیہ ہے اِشو یعنی بان جسکا)
۱۷- انتی نار- یا انتی بھار- یا متی نار

۱۸- ایرتی رتھ — سونتی (تنسو) — دُھرو

۱۹- ایلین — کنو (رشی) میدھاتتھی پرسکنو آدک براہمن
۲۰- دُشنیت
۲۱- بھرت



[اس سے آگے کے لئے دیکھو اس گرنتھ کا تیسرا بھاگ اور اُس میں مہابھارت کا آدی پروہ]

پُرو جو پُروَرَوا سے پانچویں پیڑھی میں ہے یَیاتی کا سب سے چھوٹا بیٹا تھا مگر سب سے چھوٹا ہوتا ہوا بھی یَیاتی کی راج گدی کا مالک ہوا اور جس طرح سے مالک ہوا اُس کی کتھا پیچھے بنساولی کے سلسلہ میں یَیاتی کے حال میں بیان کی جا چکی ہے + مہابھارت میں یہ کتھا آدی پرو کے ادھیائے ۸۴-۸۵ میں آئی ہے +

مہابھارت میں اس بنس کی بنساولی بھی برنن کی گئی ہے کیونکہ کَورَو اور پانڈَوجن کے وِچِتر چرِتر مہابھارت میں بیان کئے گئے ہیں اسی بنس میں کورو کی سنتان ہیں جس کا نام اوپر کی بنساولی میں ۳۰ پر آیا ہے + مگر مہابھارت کی بنساولی میں اور اس بنساولی میں جو ہم نے پُرانوں کی رو سے دی ہے بہت فرق ہے + چنانچہ مہابھارت میں ہماری بنساولی کے ۵ سے ۱۲ تک کے پانچ نام نہیں ہیں پھر اہنیاتی اور ایلین کے بیچ میں جو ہماری بنساولی میں ۱۴ اور ۱۵ پر درج ہیں چار ناموں کی بجائے بارہ نام درج ہیں مگر آخر میں نتیجہ قریب قریب وہی رہتا ہے یعنی آخری راجا کورو جو ہماری بنساولی میں ۳۰ پر بیٹھتا ہے مہابھارت کی بنساولی میں ۳۱ پر آتا ہے + اس سلسلہ میں آدی پرو کے ادھیائے ۸۷ کا آخری شلوک ۱۳۳ خاص توجہ کے لایق ہے جس کا ارتھ یہ ہے کہ اس بنس کے جن راجاؤں کی کیرتی برنن کی گئی ہے وہ اس بنس کے مکھیہ راجا ہیں سارے نہیں ہیں کیونکہ سارون کا حال لکھنے کے لئے ایک علیحدہ دفتر چاہیئے +

پرُو سے سنیاتی تک کے راجاؤں کا برتانت کچھ معلوم نہیں ۔
سنیاتی[۱۳] نے درِشدوت کی بیٹی بیاہی (دیکھو مہابھارت آدی پرو۔ ادھیائے ۹۵ ۔ شلوک ۱۴) ۔ یہ درِشدوت نہ جانے کون ہے۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ ندی درشدوتی اسی درِشدوت کے نام پہ ہے اور ندی درِشدوتی (حالیہ گھگر) وہ ندی ہے جس کے اور سرسوتی کے درمیان کا حصّہ پنجاب برھما ورت کا دیس کہلاتا ہے ۔ اور یہ دیس دیو نرمت (ارتھات دیوتاؤں کا رچا ہوا) اور اس کا آچار سب ورنوں کے لئے سد آچار مانا جاتا ہے (دیکھو منوسمرتی ادھیائے ۲ ۔ شلوک ۱۷-۱۸ ۔ اور مہابھارت = پرو ۱۴ ۔ ادھیائے ۱۱۰ ۔ شلوک ۴۴-۴۵) ۔ رگوید کے منڈل ۳ کے سوکت ۲۳ میں درِشدوتی کا ذکر اس طرح آیا ہے۔ کہ بھرت بنسی دیوواتا اور دیوسروا نے اگنی کو سرسوتی اور درِشدوتی کے دیس میں متھن کر نکالا تھا ۔

اجمیاتی[۱۴] نے جو سنیاتی کا پُتر تھا کرت ویڑیہ کی بیٹی بھانومتی بیاہی ۔ کرت ویڑیہ سہسرارجن کا باپ تھا اور منبسا ولی کے میں پرُورَوا سے ۱۷ نام پیچھے آیا ہے ۔

اپرتی رتھ[۱۵] رگوید کے منڈل ۱۰ کے سوکت ۱۰۳ کا رشی ہے اگرچہ رگوید کی انوکرمنکا میں اس کو اِندر کا پُتر لکھا ہے ۔ مگر جب اس سے آگے کنو اور میدھاتتھی اور پرسنکو جو اس کے بیٹے پوتے اور پڑوتے ہیں ویدک رشی ہوئے ہیں تو خود اس کا ہی ویدک رشی ہونا کیا آشچرج کی بات ہے ۔ کنو پہلے منڈل کے سوکت ۳۶ تا ۴۳ اور

نویں منڈل کے سوکت ۹۴ کا رشی ہے۔ میدھاتتھی آٹھویں منڈل کے دوسرے اور نویں منڈل کے بھی دُوسرے سوکت کا رشی ہے۔ اور پرسکنو پہلے منڈل کے سوکت ۴۳ تا ۵۰ اور آٹھویں منڈل کے سوکت ۴۹ اور نویں منڈل کے سوکت ۹۵ کا رشی ہے +

دُشینت نے شکنتلا بیاہی اور اس سے بھرت پیدا ہوا + مہابھارت (آدی پرو۔ ادھیائے ۶۹ - ۷۴) میں اس کا اتہاس آیا ہے اور اُس کا خلاصہ یہ ہے :-

دُشینت ایک دن شکار کھیلتا ہوا ہمالہ پربت کی گھاٹیوں کے اندر اُس بن میں جا نکلا جہاں ندی مالنی[۲۸] کے کنارے رشی کنو کا آشرم تھا۔ آشرم میں جہاں تہاں رِک۔ سام۔ یجُر اور اتھرو وید کے جاننے والے رشی سوَر سہت منتروں کا اوچّارن کر رہے تھے اور منتر سہت یگیوں کے کرم رچ رہے تھے۔ ویدانگ کے وِشارد۔ نیائے کے پربین۔ آتم گیان کے گیانی۔ درویہ اور اُن کے گُن کرم کے جاننے والے وِگیانی۔ بڑے بڑے گرنتھوں کے کرتا۔ انیک

۲۸ یہ ندی اجودھیا سے پچاس میل پر اجودھیا کی پرسدھ ندی سرجو سے ملتی ہے۔ اور رشی کنو کا آشرم مالنی اور سرجو کے اسی سنگم کے پاس تھا + ہردوار سے ۳۰ میل جنوب میں ایک استھان ہے۔ اس کا نام کنیا آشرم ہے اور لوگ اسکو شکنتلا کا جنم استھان کہتے ہیں۔ مگر یہ ٹھیک نہیں ہے کیونکہ شکنتلا کا جنم استھان کنو رشی کا آشرم ہے اور یہ آشرم جیسا کہ مہابھارت میں لکھا ہے مالنی ندی کے کنارے تھا +

شاستروں کے مُکھیا اپنے اپنے پاٹھ کر رہے تھے ۔ دیو آیتنوں میں پوجا اور سیوا ہو رہی تھیں اور جگہ جگہ جپ اور ہوم ہو رہے تھے ۔ دُشینت جدھر جاتا رشی اُس کا سنمان کرتے مگر دُشینت کو رشی کنو سے وشیش لگاؤ تھا کیونکہ جیسا بنسا ولی سے ظاہر ہوگا کنو دُشینت کا چاچا تھا ۔ اس لئے وہ رشی کنو سے ہی ملنا چاہتا تھا اور پُوچھتا پوچھتا اُن کے آشرم میں جا پہونچا ۔ وہاں پہونچ کر اُس نے آواز دی کہ کوئی ہے تو اندر سے ایک کنیا نکلی اور اُس نے کہا کہ پتاجی باہر گئے ہوئے ہیں تھوڑی دیر میں آتے ہونگے اور اتنے وہ آئیں آپ ٹھیریں میں آپ کی سیوا کروں گی ۔ دُشینت نے کہا کہ تم کون ہو اور تمہارے پتا کون ہیں ۔ کنیا نے کہا کہ رشی کنو میرے پتا ہیں اور میں اُن کی دھرم کی پُتری ہوں ۔ دُشینت نے پوچھا کہ کنو جیسا جتی اور ستی رشی اور تم اُس کی پُتری یہ کیونکر ہو سکتا ہے ۔ کنیا نے کہا کہ یہ ہی پرشن ایک بار ایک رشی نے کنو سے کیا تھا اور اُس کے اوتر میں کنو نے کہا تھا کہ جب وِشوامتر گھور تپ کر رہے تھے اور اِندر نے اس بھے سے کہ کہیں وِشوامتر اس تپ سے اِندر آسن پر ہی ہاتھ نہ ماریں مینکا اپسرا کو اُن کا تپ بھنگ کرنے کے لئے بھیجا تو وشوامتر مینکا کے اِندر جال میں پھنس گئے اور مینکا کو اپنے پاس رکھ لیا جس کا ائت یہ ہوا کہ مینکا کو وشوامتر سے گربھ رہ گیا اور میں اُس گربھ سے اُتپن ہوئی ۔ مینکا اپنا کام کر مجھکو جنگل میں چھوڑ کر چلی گئی ۔ رشی کنو نے مجھ کو

جنگل میں پڑا دیکھا۔ اُن کو دیا آئی اور وہ مجھ کو اُٹھا کر اپنے اس آشرم میں لے آئے اور پال پوس کر اتنا بڑا کر دیا۔ اور چونکہ جنگل میں کنو کے آنے سے پہلے شکُنت (پرندے) میری رکھشا کر رہے تھے اس لئے کنو نے میرا نام شکُنتلا رکھا۔

یہ سُن کر دُشینت نے کہا کہ تب تو تم وِشوامتر کی بیٹی اور ایک اچھے راج بنس کی کشترانی ہو۔ میں راجا دُشینت ہوں اور اگر تم چاہو تو میں تم کو اپنی رانی بنا سکتا ہوں۔ شکُنتلا نے کہا کہ یہ بات رشی کے ہاتھ ہے وہ ابھی آتے ہونگے اور اگر چاہیں گے تو مجھے آپ کو دے دینگے۔ دُشینت نے کہا کہ سُنو سمرتی (دھرم شاستر) کے انوسار وِواہ آٹھ پرکار کے ہیں ان میں سے ایک وِواہ گندھرو وِواہ ہے جو کامی استری کا کامی پُرش کے ساتھ ایکانت میں بِرمنتر وِواہ ہے کشتریوں کے لئے یہ وِواہ شریشٹھ مانا گیا ہے اور منو نے اسی پرکار سے وِدھان کیا ہے[۲۹] میرے ہردے میں تمہارے لئے کام اُتپن ہے

[۲۹] یہاں یہ بات دیکھنے کی ہے کہ وِواہ کے اس وشے میں جو یہاں آدی پرو کے ادھیائے ۷۳ میں شلوک ۸ تا ۱۲ آئے ہیں وہ منوسمرتی کے ادھیائے ۳ کے شلوک ۲۱ تا ۲۲ کی قریب قریب لفظ بلفظ نقل ہیں۔ اور شلوک ۹ میں تو منو کا نام بھی صاف آیا ہے۔ اسی طرح سے آگے ادھیائے ۷۴ کے شلوک ۹۸ میں بھی پُتروں کی قسمیں بیان کرنے میں منو کا حوالہ دیا گیا ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ منو کا دھرم شاستر مہابھارت سے بھی پہلے پرچلت تھا اور اس ہی شلوک بدّھ روپ میں پرچلت تھا کہ جو روپ اس کا آج کل ہے۔

اور یدی تمہارے ہردے میں بھی میرے لئے کام ہو تو تم اس ریتی سے رشی کنو کی آگیا کے بنا دھرم پُوربک میرے ساتھ ابھی بیاہ کر سکتی ہو + شکُنتلا نے کہا کہ یدی ایسا ہی ہے تو اس سمے (شرط) پر میرا سنگم آپ کے ساتھ ہو سکتا ہے کہ مجھ سے جو پُتر آپ کے اُتپن ہو وہ آپ کا یووراج (ولیعہد) ہو اور کوئی نہ ہو + دُشینت نے اس شرط کو مان لیا اور اُن دونوں کا سنگم ہو گیا[۳۰] + جب یہ سنگم ہو لیا تو دُشینت شکُنتلا سے رُخصت ہو کر چلا گیا اور چلتے ہوئے اس کو وِشواس دلا گیا کہ وہ اپنی راجدھانی میں جاتے ہی اُس کو بُلا بھیجیگا + مگر پھر کس نے بُلا نا تھا +

دُشینت کے چلے جانے کے تھوڑی دیر بعد رشی کنو اپنے آشرم میں آئے تو شکُنتلا شرم کے مارے اُن کے سامنے نہیں آئی + رشی نے اپنے تپوبل سے جو کچھ کہ ہوا تھا وہ سب جان لیا اور شکُنتلا سے کہا کہ تو نے جو کچھ کیا ہے وہ دھرم کا اُلگھا تک، نہیں ہے ۔ گندھرو وِواہ کی یہ ہی ریتی ہے اور وہ چھتریوں کے لئے شریشٹھ ہے ۔ دُشینت دھرماتما ہے ۔ دہاتما ہے ۔ اُوتم پُرش ہے ۔ اس سے جو پُتر تیرے ہوگا وہ بھی ایسا ہی دہاتما اور دہابلی ہوگا اور چکرورتی راجا ہوگا +

---

[۳۰] شکُنتلا کے ساتھ دشینت کا گندھرو وواہ کرنا ایک مناسبت یہ بھی رکھ سکتا ہے کہ شکُنتلا مینکا اپسرا کی بیٹی تھی اور اپسرائیں گندھرو جاتی سے سمبندھ رکھتی ہیں +

انجام شکُنتلا کے لڑکا پیدا ہوا اور رشی کنو نے اُس کا جات کرم آدِک سب سنسکار کیا - لڑکا بڑا ہوا تو ایسا بلوان ہوا کہ چھ برس کی آیو میں شیر اور چیتوں - ہاتھیوں اور ارنہ بھینسوں کو پکڑ لاتا اور آشرم کے برکشوں سے لاکر باندھ دیتا + اُس کا یہ حال دیکھ کر آشرم کے رہنے والوں نے اُس کا نام سروِدمن رکھا اور رشی کنو نے یہ دیکھ کر کہ اب لڑکا بڑا ہوگیا ہے اور یووراج ہونے کے یوگیہ ہوگیا ہے اُس کو اور اُس کی ماں کو اپنے ششیوں کے ساتھ دُشینت کے پاس بھیجدیا + ششیہ شکُنتلا کو اور اُس کے پُتر کو دُشینت کے پاس چھوڑ آئے اور اُس کو سارا برتانت سُنا آئے + مگر جب پیچھے شکُنتلا نے دُشینت سے کہا کہ راجن یہ آپ کا پُتر ہے جو میرے پیٹ سے اُتپن ہوا ہے اب اُس سمے (شرط) کے انوسار جو آپ نے رشی کنو کے آشرم میں مجھ سے کیا تھا اس کو اپنا یوو راج بنائیے تو راجا بولا کہ اے دُشٹ تاپسی میں نہیں جانتا کہ تو کون ہے مجھے کچھ یاد نہیں کہ دھرم ارتھ یا کام کے وشے میں میرا کوئی سمبندھ کبھی تیرے ساتھ ہوا ہو - تو جا ہے ٹھیر جا ہے جا - مجھے تجھ سے کچھ کام نہیں + یہ سُنکر شکُنتلا سُن ہوگئی - تھوڑی دیر میں سنبھلی اور بولی کہ راجن آپ جان بُوجھ کر ایسا کیوں کہتے ہیں - آپ کا دل جانتا ہے کہ میں سچی ہوں یا جھوٹی پھر آپ اپنی آتما کا اَوَمان کیوں کرتے ہیں - شاید آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے کرم کو کوئی اور نہیں جانتا - مگر انتریامی نارائن سب کے کرموں کو جانتے ہیں - آپ جو کچھ

کرتے ہیں اُس کے سامنے کرتے ہیں - نارائن ساکشی ہیں۔ کہ میرا اور آپ کا دھرم کا سماگم ہوا - اور یہ پُتر اُس سماگم کا پھل ہے - پھر آپ بھری سبھا میں میرا اپمان اور اپنا اَوْمان کیوں کرتے ہیں - استری پُرش کی اردھانگنی ہے - استری دھرم - ارتھ - کام اور موکش کی مُول ہے - استری سے ہی گرہستھ اور استری سے ہی یگیہ ہے - استری سے ہی آنند اور استری سے ہی سمپتی ہے - استری اس لوک میں اور اُس لوک میں پتی کی ساتھی ہے اور اسی لئے پُرش استری کا پانی گرہن کرتے ہیں ٭ پھر پُتر جو پیدا ہوتا ہے وہ بھی پِتا کا اُدّھار کرنے والا ہوتا ہے اور "اُس کو پُتر کہتے ہی اس لئے ہیں کہ وہ پِتا کو پُت نامی نرک سے ترا تا ہے"[۱] ٭ جات کرم میں جو وید منتر پڑھتے ہیں وہ آپ جانتے ہی ہیں :- "تو انگ انگ سے اُتپن ہوا ہے - ہردے سے نکلا ہے - اس لئے پُتر کے نام سے تو میری ہی آتما ہے - سو برس جی ٭ میرا جیون اور میری اکشے سنتان تیرے ہی آدھین ہے - اس لئے اے میرے پُتر تو سکھی رہے اور سو برس جیئے" ٭ اور ویسے بھی پُتر کے برابر دنیا میں کوئی وستو نہیں ہے ٭ آپ کو استری اور پُتر دونوں مل رہے ہیں اور آپ اُن کو تیاگ رہے ہیں اور اُن کے ساتھ

---

[۱] مہابھارت کا یہ شلوک، جو آدی پرو کے ادھیائے (۷۴) کا شلوک ۳۹ ہے منوسمرتی کے ادھیائے (۹) کا شلوک ۱۳۸ ہے ٭

شتیہ کو بھی تیاگ رہے ہیں ٭ سنو کنوؤں سے ایک باوڑی اچھی - سنو باوڑیوں سے ایک کرتو (یگیہ) اچھا - سویگیوں سے ایک پُتر اچھا اور سوپُتروں سے شتیہ اچھا ٭ ستیہ کی برابر کوئی دھرم نہیں - ستیہ سے بڑھ کر کوئی پُن نہیں اور نہ استیہ سے بڑا کوئی پاپ ٭ سار انش یہ کہ راجن ستیہ پرم دھرم ہے - اس کو مت تیاگ اُس کے ساتھ سنگم کر - اور یدی تیرا پرسنگ استیہ سے ہی ہے تو میری تیری سنگت نہیں ہوسکتی - میں جاتی ہوں پر نتو یاد رہے کہ میرا پُتر ساری پرتھوی کا چکرورتی راجا ہوگا تو اُس کو اپنا یوو راج بنائے یا نہ بنائے ٭[۳۳۲]

اتنا کہکر شکُنتلا نے پیٹھ موڑی مگر اُس کے ساتھ ہی آکاش بانی ہوئی کہ "ماتا تو ایک جھولی ہے - پُتر پتا کا ہی ہے - جو جس سے پیدا ہوا وہ وہی ہے - اس لئے اے دُشینت پُتر کو بھر (پال) اور شکُنتلا کا اپمان مت کر ٭[۳۳۳] اور اس کارن سے کہ تو ہمارے کہنے سے

۳۳۲؎ شکُنتلا کی اس تقریر میں جس وید منتر کا حوالہ آیا ہے وہ سام وید کے براہمن کے بچن ہیں اور مہابھارت میں آدی پرو کے ادھیائے ۷۴ کے شلوک ۶۳ میں آئے ہیں ٭

۳۳۳؎ یہ بچن جو آدی پرو میں ادھیائے ۷۴ کا شلوک ۱۰۹/۱۱۰ اور ادھیائے ۹۵ کا شلوک ۳۰ ہے وشنو پُران میں ۴-۹-۱۲ پر اور شریمد بھاگوت میں ۹-۲۰-۲۱ پر آیا ہے - اور اس سے ظاہر ہے کہ یہ شلوک ان پستکوں میں ایک دوسرے سے نقل کیا گیا ہے - اب رہی یہ بات کہ کس نے کس سے نقل کیا - یہ اس سے ظاہر ہوسکتا ہے کہ مہابھارت میں شکُنتلا اور دُشینت کے چرتروں کا برنن وستار کے ساتھ ہے اور وشنو پُران اور بھاگوت میں اس کا صرف اشارہ ہے ٭

اس کا بھرن (پالن) کریگا یہ تیرا پُتر بھرت کہلائیگا"۔

یہ سُنکر راجا بڑا پرسّن ہوا اور اپنے پروہت اور منتریوں سے بولا کہ آپ دیو دُوت کی یہ بانی سُنتے ہیں ۔ میں تو پہلے ہی جانتا تھا کہ شکُنتلا میری پتنی اور یہ لڑکا میرا پُتر ہے پر نتو یدی میں یونہی شکُنتلا کے کہنے سے ان کو اپنا مان لیتا تو لوگوں کو شنکا رہتی اور وہ میرے پُتر کو شُدّھ نہ سمجھتے ۔ یہ کہہ کر راجا نے اپنے پُتر کی مُورد ھا کو سونگھا اور پیار کے ساتھ اُس کو گود میں لیا۔ اور شکُنتلا کو اپنی مہارانی اور بھرت کو اپنا یوو راج بنایا ۔

کبی کالیداس نے دُشینت کے اس اتہاس کا ناٹک بنا دیا ہے اور اُس کا نام شکُنتلا رکھا ہے ۔ یہ ناٹک بڑا پرسِدّھ ہے اس لئے ہم اس کا خلاصہ بھی نیچے درج کرتے ہیں ۔ اس سے یہ بھی معلوم ہو جاوے گا کہ کبی لوگ اپنے مطلب کے لئے اصل اتہاس پر کیا رنگ چڑھا دیتے ہیں ۔ اس ناٹک کے سات انک ہیں اور اُن کا خلاصہ انک وار یہ ہے :-

انک (۱)

ایک ہرن چوکڑیاں بھرتا چلا جا رہا ہے اور اُس کے پیچھے راجا دُشینت کا سارتھی رتھ کے گھوڑوں کو اُڑائے لئے جا رہا ہے۔ دُشینت دھنُش بان ہاتھ میں لئے ہوئے ہے اور

ہرن پر بان مارنے کو ہی ہے کہ سامنے سے ایک ویئی کھانس (تپسوی) ہاتھ اُٹھا کر کہتا ہے کہ ٹھیرو ٹھیرو یہ ہرن ہمارے آشرم کا ہے اس کو نہ مارو۔ تمہارے شستر پیڑت جنون کی رکھشا کے لئے ہیں نہ کہ اَن اپرادھیوں کا سنگھار کرنے کے لئے + یہ سُنکر دُشینت اپنا ہاتھ روک لیتا ہے اور تپسوی پرسن ہو کر آشیرواد دیتا ہے کہ تمہارے ایسا پُتر اُتپن ہو جو جگت کا چکرورتی راجا ہو اور کہتا ہے کہ راجن ہمارا آشرم پاس ہی ہے اور رشی کنو اُس کے کُل پتی[۳۷] ہیں۔ تم چاہو تو اُن کا درشن کرتے جاؤ۔ رشی تو اس سمے آشرم میں نہیں ہیں تیرتھ جاترا کو گئے ہوئے ہیں پر اُن کی پُتری شکُنتلا وہاں ہے اور وہ تمہارا یتھا یوگیہ ستکار کرے گی + یہ سُنکر دُشینت رتھ سے اُترتا ہے اور راجائی شرنگار اُتار بڑی آدھیتا کے ساتھ آشرم میں جاتا ہے + شکُنتلا اور اُس کی سکھیاں راجا کو سادھارن اتتھی سمجھتی ہیں اور اُس کا اتتھی ستکار کرتی ہیں + راجا شکُنتلا کو دیکھ کر موہت ہو جاتا ہے۔ سکھیوں سے پوچھتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ شکُنتلا اصل میں رشی کنو کی پُتری نہیں ہے بلکہ اپسرا مینکا کے پیٹ سے وِشوامِتر کی پُتری ہے اور اس طرح سے رشی پُتری نہیں بلکہ راج پُتری ہے + باتوں باتوں میں یہ بھی معلوم ہوا کہ رشی شکُنتلا کا وِواہ بھی کرنا چاہتے ہیں اور کسی یوگیہ بر کی تلاش میں ہیں +

---

[۳۷] کُل پتی کے ارتھ کے لئے دیکھو پیچھے ادھیائے ۳ کا نوٹ ۴ +

یہ معلوم کر کے دُشینت لوٹ پڑا مگر اس طرح لوٹا کہ اُس کا شریر جھنڈے کے ڈنڈے کی طرح آگے کو جاتا تھا مگر اُس کا دِل پھریرے کی طرح پیچھے کو لہراتا تھا[۳۵] +

انک (۲)

راجا شکارگاہ میں ٹھیرا ہوا ہے۔ مگر نہ شکار کر سکتا ہے کیونکہ رشی کا آشرم پاس ہے نہ شکارگاہ کو چھوڑ کر جا سکتا ہے کیونکہ دل شکُنتلا میں اُلجھا ہوا ہے کہ دو رشی کُمار اُس کے پاس آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ راجن جب سے کُل پتی جی آشرم سے باہر گئے ہیں تب سے راچھس ہم کو ستانے لگے ہیں اس لئے کرپا کر کے جب تک وہ لوٹ کر نہ آویں تب تک آپ ہی آشرم کی رکھشا کریں + دُشینت تو بھگوان سے چاہتا تھا کہ کوئی ایسی بات پیدا ہو جس سے اُس کا آشرم میں رہنا ہو جائے جھٹ رشی کماروں کی پرارتھنا کو مان جاتا ہے اور اپنے ساتھیوں کو راجدھانی روانہ کر کے آپ آشرم میں جا رہتا ہے +

[۳۵] پھریرے کو اس جگہ کالیداس نے چین آنشک یعنی چین کے کپڑے کا بنا ہوا لکھا ہے۔ اور اس سے ظاہر ہے کہ کالیداس کے زمانہ میں یعنی مسیح سے پہلے سے چین اور ہندوستان کے درمیان کپڑے کی تجارت جاری تھی + اور یہ بات ہم پیچھے بنسا ولی کے سلسلہ میں دکھا ہی آئے ہیں کہ چین بھارت ورش کے راجاؤں کا ہی بسایا ہوا ہے +

انک (۳)

شکُنتلا بھی دُشینت کو دیکھتے ہی اپنا دِل اُس پر نوچھاور کر چکی تھی اور برہ کی اگنی میں دن بدن گھلتی جاتی تھی ۔ اُس کو اب اس بات کا گیان بھی ہو گیا تھا کہ دُشینت کوئی سادھارن منشی نہیں ہے جیسا کہ وہ پہلے دن سمجھی تھی بلکہ بھارت ورش کا چکرورتی راجا ہے اور اس گیان سے اُس کے اُوپر اُداسی بھی چھائی ہوئی تھی + اُس کی سکھیوں نے اُس کی یہ دشا دیکھی اور اُس سے پوچھا تو اُس نے شرماتے شرماتے اُن سے اپنا دُکھ کہدیا + سکھیوں نے کہا کہ اگر تو کہے تو ہم راجا کو جو اسی آشرم میں ٹھیرا ہوا ہے تیری یہ دشا سُنا دیں اور دیکھیں کہ وہ کیا کہتا ہے + شکُنتلا نے کہا کہ میں ڈرتی ہوں کہ وہ مجھ کو سویکار نہیں کرے گا کیونکہ کہاں میں ایک تاپسی کنیا اور کہاں وہ چکرورتی راجا + دُشینت جو آشرم کی رکھشا کے بہانہ سے شکُنتلا کی کُٹیا کے اِردگِرد دن رات اس طرح منڈلاتا رہتا تھا جس طرح کوئی بھونرا کسی پھُول پر منڈلاتا ہے اِس وقت بھی وہاں موجود تھا اور برکشوں کے اندر چھپا ہوا یہ سب باتیں سُن رہا تھا + شکُنتلا کے یہ شبد سن کر کہ "میں ڈرتی ہوں کہ وہ مجھ کو سویکار نہ کرے گا" نہ رہ سکا ۔ اور جھٹ سامنے آکر بولا کہ پیاری اگر تم میری اِچھا کھا میں تپ رہی ہو تو میں تمہاری اِچھا کھا میں جل رہا ہوں پھر یہ کیونکہ ہو سکتا ہے کہ میں

تم کو سو لیکار نہ کروں۔ آؤ اپنا ہاتھ بڑھاؤ تاکہ میں ابھی تمہارا ہاتھ گرہن کروں اور اپنی اور تمہاری دونوں کی پیاس بجھاؤں + سکھیاں تو یہ دیکھ کر کھسک گئیں اور شکنتلا اور دُشینت اکیلے رہ گئے۔ اور "متے سمے" ارتھات باہمی قول و قرار کے ساتھ اُن کا گندھرو وِواہ ہو گیا اور دُشینت نے اپنے نام کی انگوٹھی اپنی اُنگلی میں سے اُتار شکنتلا کی اُنگلی میں پہنا دی اور اس طرح سے گویا اپنے قول و قرار پر اپنی مہر لگا دی + کچھ دنوں بعد دُشینت آشرم سے بدا ہو کر اپنی راجدھانی کو لوٹ گیا اور شکنتلا سے کہتا گیا کہ میں جلدی ہی تجھ کو بُلا لونگا +

انک (۴)

شکنتلا اپنی کُٹیا کے باہر بیٹھی ہے اور دُشینت کے دھیان میں ڈوبی ہوئی ہے + دُرباسا رشی آتے ہیں اور پکارتے ہیں کہ بھئی میں آیا ہوں + شکنتلا کوئی اوتر نہیں دیتی ہے اور رشی کرودھ میں آکر کہتے ہیں کہ اے اتتھی کے ترسکار کرنے والی جس کی چنتا میں تو اپنا من لگائے بیٹھی ہے وہ تجھ کو بھول جائیگا اور تیرے یاد کرانے پر بھی تجھ کو یاد نہیں کرے گا + شکنتلا نے یہ بھی نہیں سُنا اور اُسی طرح مُت بنی بیٹھی رہی + مگر اُس کی سکھیاں سامنے کھڑی پھول چُن رہی تھیں اُنہوں نے یہ سب دیکھا اور سُنا۔ گھبرائیں کہ ہائے بڑا انرتھ ہوا جو رشی پیاری شکنتلا کو یہ شاپ دے گئے + دوڑیں رشی کے چرنوں میں گریں اور

اور شکُنتلا کی اور سے چھما مانگی + رشی نے کہا کہ اب تو جو تمکھ سے نکل گیا وہ ہو کر رہے گا - ہاں اتنا ہو سکتا ہے کہ ابھگیان آبھرن (نشانی کی انگوٹھی) دیکھ کر دُشینت کو بھولی ہوئی بات یاد آجائے اور وہ شکُنتلا کو پہچان لے +

کچھ دن پیچھے کنو رشی بھی آشرم میں لوٹ آئے اور شکُنتلا کی چیشٹا بدلی دیکھ کر گھبرائے + مگر نہ وہ کسی سے پوچھتے تھے اور نہ کوئی اُن سے کچھ کہتا تھا + انجام ایک دن جب وہ ہوَن کر رہے تھے تو اگنی میں سے یہ چھند و مئی (چھند روپی) بانی نکلی کہ "اے براھمن یہ کنیا سنسار کے کلیان کے لئے دُشینت کا تیج دھارن کئے ہوئے اگنی گربھ اشمی کی سمان ہے اس کی رکھشا کر" + رشی کی سمجھ میں اب سارا برتانت آگیا اور اُنہوں نے شکُنتلا کو دُشینت کے پاس بھیجدینے کا ارادہ کر لیا + مگر ساتھ ہی شکُنتلا کی جُدائی کے خیال سے اُن کو دُکھ ہوا اور وہ بچارنے لگے کہ جب مجھ تپسوی کو شکُنتلا کی جُدائی کے خیال سے ایسا دُکھ ہوتا ہے تو گرھستیوں کو اپنی کنیا بدا کرتے سمے کیسا کچھ دُکھ ہوتا ہوگا + آخر شکُنتلا کے بدا ہونے کا دن آیا اور رشی نے اُس کو دِواہ کے یوگیہ بستر اور بھوشن پہنا اور اگنی کی پردکشنا کرا اپنے دو ششیوں اور ایک اِستری کے ساتھ دُشینت کے پاس روانہ کر دیا + روانگی کے وقت شکُنتلا اپنی سکھیوں کے چمٹ گئی سکھیاں بھی اُس کے لپٹ گئیں اور روتے روتے بولیں کہ شکُنتلا دیکھیو اگر راجا تجھے دیکھ کر نہ پہچانے

اور بھولی بھولی باتیں کرنے لگے تو تُو اُس کی دی ہوئی انگوٹھی اُس کو دِکھا دیجو اُس کو دیکھ کر وہ تجھے پہچان لے گا ٭

انک (۵)

راجا دُشینت ابھی دھرم آسن سے اُٹھے ہی ہیں کہ کنچکی (بُڈھا دوار پال) آتا ہے اور کہتا ہے کہ دیو کنو رشی کے پاس سے کچھ تپسوی استریوں سمیت آئے ہیں اور کچھ کہنا چاہتے ہیں ٭ راجا کنچکی سے کہتا ہے کہ اُن کو پروہت جی کے پاس لے جاؤ اور کہو کہ اُن کا شردّھ (شاستر) وِدھی سے ستکار کریں اور پھر اُن کو اگنی شرن میں اپنے ساتھ لے کر آئیں ٭ اور اپنے من میں کہتا ہے کہ راجا کا جیون بھی بچتر ہے - اور سب تو اپنے اپنے پرارتھت ارتھ پراپت کر کے نِشچنت ہو چلے جاتے ہیں پر راجا کو کوئی نہ کوئی چِنتا بنی ہی رہتی ہے - سچ ہے چھتر ہاتھ میں ہے تو اُس سے رکھشا کا توشکھ ہے پر اُس کے بھار کا بھی دُکھ ہے ٭ غرض اُدھر سے پروہت جی اُن سب کو لے کر اگنی شرن میں پہونچے اور اِدھر سے راجا بھی وہاں جا پہونچا ٭ تپسویوں نے کہا کہ راجن کُل پتی بھگوان کاشیپ (کنو) نے کہلا کر بھیجا ہے کہ تم نے جو آپس میں سمے کر کے میری اِس پُتری کے ساتھ اُپیئمن (وِواہ) کر لیا ہے میں اُس کی انوگیا (منظوری) دیتا ہوں کیونکہ جیسے تم پُوجنیہ پُرشوں میں مُکھیا ہو ویسے شکنتلا مورتی متی (مجسّم) ست کریا ہے اور پرجاپتی نے

وَدھو اور ور کی ایسی جوڑی کوئی کوئی ہی بنائی ہے۔ شکُنتلا اب گربھ وتی ہے اس لئے میں اس کو تمہارے پاس بھیجتا ہوں کہ تم دھرم چرن کے لئے اس کو اپنے پاس رکھو + دُشینت نے کہا کہ کون ودھوا ور کون ور۔ گربھ وتی اور پرائی استری کے ساتھ دھرم چرن کیسا + تپسویوں نے کہا کہ شکُنتلا وَدھوا اور آپ ور۔ شکُنتلا آپ کی گربھ وتی استری اور آپ اُس کے گربھ داتا پُرش + دُشینت نے کانوں پر ہاتھ دھرا اور کہا کہ نہ شکُنتلا میری وَدھو اور نہ میں اُس کا ور اور نہ میرا اور اُس کا اس پرکار کا کوئی سمبندھ کبھی ہوا + اس پر تپسویوں نے شکُنتلا سے کہا کہ اب تو جواب دے اور شکُنتلا نے کہا کہ سوامی یہ اُچت نہیں ہے کہ تپوبن میں مجھ بھولی بھالی کو وِشواس دِلاکر اب آپ ایسی باتیں بناتے ہیں + دُشینت نے کہا کہ تو یونہی مجھے دوش دیتی ہے + شکُنتلا نے کہا کہ سوامی آپ بھولتے ہیں اچھا یہ اپنی دی ہوئی انگوٹھی دیکھو اور یاد کرو + یہ کہہ کر جو شکُنتلا نے اپنی اُنگلی اُٹھائی تو انگوٹھی اُس میں نہ پائی۔ گھبرائی اور چلائی کہ ہائے انگوٹھی کہاں گئی + دُشینت یہ دیکھ کر ہنسا اور بولا کہ واہ رے تریا چرِتر + اس پر تپسویوں کو کرودھ آیا اور وہ بولے کہ راجن یہ تریا چرِتر نہیں راج چرِتر ہے پر اس چرِتر سے تیرا کلیان نہیں اکلیان ہوگا + اب تو راجا گھبرایا کہ یہ کیا اُپدیاس (قصّہ) کھڑا ہوا اور پروہت جی کی طرف دیکھ کر بولا کہ پروہت جی بتائیے میں کیا کروں + پروہت جی نے کہا کہ آپ ایسا کریں

کہ شکُنتلا کو پرسو (جنے) کے سمے تک میرے گھر رہنے دیں۔ سادھوؤں کا بچن ہے کہ آپ کے چکرورتی پُتر اُتپن ہوگا پس اگر شکُنتلا کے پُتر اُتپن ہوا اور اُس میں یہ لکشن اُتپن ہوئے تو شکُنتلا آپ کی دھرم پتنی ہے اور آپ کے سُدھانت (محل) میں پرویش کرے گی۔ نہیں تو وہ کوئی اور استری ہے اور رشی کے آشرم میں لوٹا دی جائے گی + راجا نے اس بات کو مان لیا اور پروہت جی اُس کو اپنے گھر لے چلے مگر تھوڑی دُور ہی گئے تھے کہ آکاش میں سے ایک جیوتی بجلی کی سمان اُتری اور شکُنتلا کو اُڑا کر لے گئی + پروہت جی دیکھتے کے دیکھتے رہ گئے اور راجا کی حیرانی اور پریشانی کا تو کوئی ٹھکانا نہیں رہا +

انگ (۶)

کچھ دن نہیں بیتے تھے کہ ایک دھیور نے ایک مچھلی پکڑی اور اُس کے پیٹ میں سے ایک انگوٹھی نکلی + دھیور انگوٹھی کو بازار میں لے گیا تو لوگوں نے اُس پر دُشینت کا نام کھُدا دیکھا اور اُس کو پکڑ لیا + معاملہ راجا تک پہونچا + راجا نے انگوٹھی منگوائی + انگوٹھی کا آنا تھا کہ اُس کو دیکھتے ہی دُرواسا رشی کا شاپ جو راجا کے سر پر سوار تھا دُور ہوگیا اور شکُنتلا کا سارا برتانت ایکدم یاد آگیا + دھیور کو تو دنڈ کے بدلے دان مل گیا مگر راجا کا سُکھ دُکھ سے بدل گیا۔ بہت پچتایا کہ

ہائے میں نے شکنتلا کیوں بساری اور آئی پھی کے لات کیوں ماری ۔ بسنت کی رُت آئی مگر اُس کو نہ بھائی ۔ بسنت کا اُتسو نہ منایا اور سارے نگر کو منانے سے روک دیا ۔ شکنتلا کے پریم نے جُدا ستایا اور بچھات تاپ کی اگنی نے جُدا تپایا ۔ بہت دُکھی ہوا ۔ گھُل گیا اور اپنی سُدھ بُھول گیا ۔ اسی حالت میں ایک دن اِندر کا سارتھی ماتلی رتھ لے کر آیا اور راجا سے بولا کہ آیُشمن (اے بڑی عمر والے) مجھ کو اِندر نے آپ کے پاس بھیجا ہے اور کہا ہے کہ دانوگن آج کل بہت کچھ اُپدرو کرنے لگے ہیں اور اُن کو دَمن کرنے کے لئے آپ کے تیج کی آوشکتا ہے کیونکہ راتری کے اُس اندھیرے کو جس کو سورج دور نہیں کر سکتا چندرماں ہی دُور کرتا ہے ۔ اس لئے آپ ساودھان ہو جائیں اور میرے ساتھ رتھ میں بیٹھ کر چلیں ۔ دُشینت یہ سُنکر ساودھان ہو گیا اور راج کا کاج منتریوں کو سونپ ماتلی کے ساتھ رتھ میں سوار ہوا اور اُڑ گیا ۔

انک (۷)

اِندر کا کاج سنوار کر راجا دُشینت اِندر لوک سے پرتھوی کی اور اڑا آ رہا تھا کہ راستہ میں گندھرووں کے پربت ہیم کوٹ کی شوبھا دیکھ کر اُس کا جی چاہا کہ اس کی سیر کرتے چلیں ۔ چنانچہ ماتلی نے رتھ وہاں اُتار دیا ۔ دُشینت رتھ سے اُترا تو دیکھا کہ ایک بالک ایک شیر کے بچے کو شیرنی کا دُودھ

پیتے پیتے گھسیٹ کر لے آیا ہے اور دو تاپسیاں بچے کو چھڑا رہی ہیں مگر چھوڑا نہیں سکتیں ۔ ایک تاپسی نے دُشینت کو دیکھا اور کہا کہ بھدر مکھ تم ہی کچھ جتن کرو جس سے یہ بال اس بال سنگھ کو چھوڑ دے ۔ دُشینت آگے بڑھا اور بالک سے بولا کہ رشی پُتر تمہارا یہ آچرن اس آشرم کے وِرُدّھ ہے اس لئے تم اس سنگھ کو چھوڑ دو ۔ بالک نے جھٹ سنگھ کو چھوڑ دیا اور تاپسیاں چکت رہ گئیں کہ یہ بالک جو ہم سے کسی طرح نہیں مانتا تھا اِس بھدر پُرش کے کہنے سے کیسا سیدھا ہو گیا ۔ اُدھر دُشینت کا دِل بھی بالک کو دیکھ کر گدگدایا اور بات چلی تو معلوم ہوا کہ یہ بالک رشی پُتر نہیں بلکہ شکنتلا کے پیٹ سے راجا دُشینت کا پُتر ہے ۔ دُشینت نے کہا کہ دُشینت تو میں ہی ہوں پر شکنتلا کہاں ہے ۔ تاپسیاں دوڑی گئیں اور شکنتلا کو بُلا لائیں ۔ شکنتلا نے دُشینت کو دیکھا تو آنکھوں میں آنسو بھر لائی ۔ دُشینت اُس کے چرنوں میں گر پڑا اور بولا کہ سُندری چھما کر جو میں نے تجھ کو تیاگا پر نہ جانے مجھ کو ایسا کیا سمّوہ ہو گیا جو میں نے تجھ کو نہیں پہچانا اور ایسا اندھا ہو گیا کہ گلے کے ہار کو سانپ سمجھا اور اُتار کر پھینک دیا ۔ کشیپ رشی اسی پربت پر رہتے تھے وہ آئے اور بولے کہ راجن دھیرج دھرو ۔ تمہارا کوئی اپرادھ نہیں ہے یہ جو کچھ ہُوا دُرواسا رشی کے شاپ سے ہوا ہے ۔ شکنتلا اب ان سب باتوں کو جانتی ہے ۔ جب تم نے اُس کو تیاگ

دیا تھا تب اُس کی مان مینکا اُس کو یہاں اُڑا لائی تھی اور یہاں آکر اُس کے یہ پُتر ہوا ہے جو تمہارا پُتر ہے میں نے اس کا جنم سنسکار کیا ہے۔ پُتر بڑا بھاگیہ وان ہے چکرورتی راجا ہوگا۔ یہاں اس کا نام سنگھ آدِک سب جنتوؤں کو دمن کرنے کے کارن سروَدمن تھا۔ راجا ہوکر اس کا نام لوک بھرتا ہونے کے کارن بھرت ہوگا۔ اس لئے اب تم اپنی اس پتنی شکنتلا اور اپنے اس پُتر سروَدمن کے ساتھ اپنی راجدھانی کو جاؤ اور سکھ سے رہو۔ اِتی ۔

دُشینت[20] کے بعد بھرت گدی پر بیٹھا اور ساری بھومی کا چکرورتی راجا ہوا۔ کنو رشی نے اُس سے سینکڑوں یگیہ کرائے اور کروڑوں اشرفیاں دکشا میں پائیں ۔

بھرت[21] کا نام رگوید میں کئی جگہ آیا ہے چنانچہ ۶-۱۶-۴ میں آیا ہے کہ "اے اگنی۔ بھرت واج (ارتھات منتروں) سے تیری استتی کرتا ہے تو اُس کو سکھ دے" ۔ اور سایں آچارج نے یہاں بھرت کو دُشینت کا پُتر ہی مانا ہے ۔

شریمد بھگوت گیتا میں سنجے دھرتراشٹر کو جو کئورو تھا اور شری کرشن جی ارجن کو جو پانڈو تھا بھارت[35] اسی بھرت کی

---

[35] مہابھارت کے بن پرو میں مارکنڈے سمسیا پرو کے آنگرس اُپاکھیان میں ادھیائے ۲۱۹ کے اندر جہاں انگرس (اگنی) کی سنتان برنن کی گئی ہے بھرت اور بھردواج دو اگنیوں کے نام بھی ہیں جو برہسپتی کے پُتر شنیو کے پُتر ہیں ۔ اور جو لوگ بھارتی کہلاتے ہیں وہ شاید اس بھرت کی نسبت سے کہلاتے ہوں ۔

نسبت سے کہتے ہیں کیونکہ یہ دونوں کورو کے بنس میں تھے اور کورو بھرت کے بنس میں ہے +

بھرت کا پُتر وِتتھ ہوا جو بھرت کا واج ارتھات دھن ہونیکے کارن بھردواج کہلایا اور پھر برہسپتی کے پُتر جرشی بھردواج سے جو سپت رشیوں میں شامل ہیں ملا دیا گیا اور اِس کی کتھا یوں رچی گئی کہ جب بھرت کے پُتر ہو ہوکر مرجاتے رہے تو اس نے ایک یگیہ رچا اور دیوتاؤں نے اُس یگیہ سے پرسنّ ہوکر برہسپتی کا پُتر بھردواج ہی لاکر اُس کو دے دیا کہ اُس کو اپنا پُتر بنا اور اُس نے اُس کو اپنا پُتر بنا لیا۔ (دیکھو وشنو پُران ۔ انش ۴ ۔ ادھیائے ۱۹ ۔ شلوک ۱۶ تا ۱۹) +

وِتتھ (بھردواج) کا پُتر منیو ۲۳ ہوا اور منیو کے کئی پُتر ہوئے۔ ایک برہت کشتر جس سے بھرت کا اصل بنس چلتا رہا اور دوسرا مہاویریہ جس کی سنتان دُرکشے کے پشچات براھمن گتی کو پراپت ہوئی + [ویدک رشیوں میں ایک رشی اُرُکشے رگوید کے منڈل دس کے سوکت ۱۱۸ کا رشی ہوا ہے اور شاید وہ اُرُکشے یہ ہی دُرکشے ہو] + دُرکشے کے پُتر جو براھمن گتی کو پراپت ہوئے اُن میں ایک ترِی آرونی ہے [اور ویدک رشیوں میں ایک رشی ترِی اُرُن ہے جو پانچویں منڈل کے سوکت ۲۷ اور نویں منڈل کے سوکت ۱۱۰ کا رشی ہے اور شاید یہ ترِی آرونی اور ترِی اُرُن دونوں ایک ہی رشی کے نام ہوں] + ترِی آرونی کا ایک بھائی کپی ہے اور

شنوُنک کا پے جس کا ذکر چھاندوگیہ اُپنشد (۴-۳-۵) میں آیا ہے اور پنچل کا پتیہ جس کا ذکر برہدآرنیک اُپنشد (ادھیائے ۳- براھمن ۷) میں آیا ہے شاید اسی کپی کے گوتر ج ہوں گے + تانڈیہ براھمن (۲۰-۱۲-۵) میں آیا ہے کہ کپی گوتر کے رشیوں نے چترتھ کو یگیہ کرایا تھا + کوروکشیتر کی بھومی میں ایک مقام کپتھل ہے اس کا اصلی نام کپشتھل یعنی کپی کا استھل ہے اور وہ نام شاید اسی کپی کے نام پر ہے + مہابھارت کے بن پروں میں کوروکشیتر کے تیرتھوں میں کپشتھل کا ذکر بھی آیا ہے +

منیو کا تیسرا پُتر نگر تھا + ناگر کھنڈ میں جو سکند پُران کا ایک کھنڈ کہلاتا ہے ناگر براھمنوں کی ایک کتھا آئی ہے کہ چمتکار پُر میں کسی نے ناگ پنچمی کے دن ایک ناگ کو مار ڈالا- ناگوں نے کرودھ میں آکر چمتکار پُر پر حملہ کیا - وہاں کے براھمن بھاگ نکلے مگر ایک تری جات براھمن نے رشوجی سے ناگ ہر منتر پراپت کیا اور اُس منتر سے ناگوں کو چمتکار پُر سے نکال دیا + اُس دن سے چمتکار پُر کا نام ناگ ہر ہوا جو بگڑ کر ناگر ہو گیا اور ناگر براھمن اس نگر کے براھمن ہیں + مگر شاید یہ ناگر براھمن اصل میں منیو کے اسی پُتر نگر کی اولاد ہیں + اسی نگر کا پُتر سنکرتی تھا اور وشنو پُران میں صاف لکھا ہے کہ وشوامتر - ماندھاتا سنکرتی کپی آدک راجا سب کشترو پتیا دوِج تھے جو اپنے تپ سے رشی پد وی کو پہونچے (دیکھو وشنو پُران - انش ۴- ادھیائے ۲-

واکیہ ۱۰ پر دشنو چتی ٹیکا) + ایک سنکرِتی کا ذکر نیچے صفحہ ۲۹۰ پر بھی آچکا ہے + سنکرِتی کا بیٹا رنتی دیو بڑا دانی ہوا ہے + مہابھارت (انوشاسن پرو - ادھیائے ۶۶) میں لکھا ہے کہ "اُس نے گئوؤں کو بھی پشو سمجھ کر یگیہ میں قربان کر دیا مگر گئوئیں پشو نہیں ہیں - دان کرنے کے لئے ہیں قربان کرنے کے لئے نہیں" + پھر اشومیدھ پرو کے ادھیائے ۹۰ - شلوک ۹۷ میں لکھا ہے کہ جب رنتی دیو سب کچھ دان کر چکا اور اُس کے پاس کچھ نہیں رہا تو اُس نے شُدّھ من سے جل کا دان دیا اور اس دان سے اُس کو سوَرگ ملا + رنتی دیو اُس دیس کا راجا تھا جہاں ندی چرمن وتی (حالیہ چمبل) بہتی ہے اور دشپور جو شاید حالیہ دھولپور ہے اس دیس کی راجدھانی تھی +

منیو کا چوتھا بیٹا گرگ تھا اور اس سے گرگ گوتری گارگیہ براہمن ہوئے + گرگ منڈل ۶ کے سوکت ۴۷ کا رشی ہے +

برہت کشتر[۲۴] جو منیو کا سب سے بڑا بیٹا تھا اس سے بھرت کے بنس کی اصل شاخ جاری رہی - جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے +

سوہوتر[۲۵] جو برہت کشتر کا بیٹا تھا منڈل ۶ کے سوکت ۳۱ اور ۳۲ کا رشی ہوا +

ہستی[۲۶] نے جو سوہوتر کا پُتر تھا اپنے نام پر ہستناپور بسایا اور

اُس وقت سے یہ ہستناپور پُرو بنشی راجاؤں کی راجدھانی بنا + مہابھارت کے زمانہ میں یہ ہی ہستناپور کَوروؤں کی راجدھانی تھا ۔ اور گنگا کے کنارے آباد تھا + بعد میں یہ دریا بُرد ہوگیا اور اب اس کا صرف ایک تھوڑا سا حصہ اسی نام کے ایک گاؤں کی شکل میں باقی ہے جو میرٹھ سے ۲۲ میل ہے اور میرٹھ دہلی سے ریل کے راستے ۴۰ میل ہے +

اجمیڈھ[۲۷] جو ہستی کا بیٹا تھا اپنے بھائی پُرو میڈھ کے ساتھ منڈل ۲ کے سوکت ۴۳ اور ۴۴ کا رشی ہوا + پُرو میڈھ اَپُتر یعنی لاولد مرا مگر اس کا دوسرا بھائی دوِج میڈھ سنتان والا ہوا اور اس کی کئی پیڑھیاں چلیں[۳۵] +

اجمیڈھ کے کئی بیٹے ہوئے + ایک بیٹا پریہ میدھ تھا ۔ (دیکھو شریمد بھاگوت ۹ - ۲۱ - ۲۱) جس کا بیٹا سندھو کشت

---

[۳۵] دوِج میڈھ کے بنش میں سنتی مان کے پُتر کرتی نے سام وید کی کئی پراچی سنگھتائیں رچیں اور نیپ اُگر آیُدھ اور ھات بڑا بھاری جودھا ہوا + ایک اور نیپ اجمیڈھ کے ایک بیٹے برہداشو کے بنش میں بھی ہوا ہے اور اُس کے سوُپتر لکھے ہیں اور شاید مُلک نیپال (نیپ آل) ان دونوں میں سے کسی ایک نیپ کی آل اولاد کا بسایا ہوا ہو + برہداشو بنشی نیپ دیاس جی کے زمانہ میں ہوا اور اس نے ویاس جی کے پُتر شُک کی پُتری سے بواہ کیا اور اس بواہ سے برہم دت پیدا ہوا جس نے جوگیشور یہ کے اُپدیش سے یوگ تنتر بنایا +

رگوید کے منڈل ۱۰ کے سوکت کے ۷۵ کا رشی ہوا + اس سوکت کے منتر (۵) اور (۶) میں گنگا۔ جمنا اور سرسوتی۔ اور دریائے سندھ اور اُس کے مشرقی معاون دریائے ستلج آدک اور مغربی معاون دریائے کابل آدک کا ذکر آیا ہے[۱۳۷] +

اجمیڈھ کا ایک اور بیٹا نیل تھا۔ اور دریائے نیل جو مصر (سنسکرت مِشر) کے ملک کو سیراب کرتا ہے ہمارا خیال ہے کہ ہندوستان کے اسی راجا نیل کی یاد میں لہریں مار رہا ہے + اور ہمارا یہ خیال بے بنیاد نہیں ہے + پوکوک (Pococke) صاحب نے ایک کتاب "انڈیا اِن گریس" (India in Greece) (یعنی یونان میں ہندوستان) کے نام سے لکھی ہے اور اُس میں اُنہوں نے دکھایا ہے کہ یونان ہندوستان کے اُن لوگوں کا بسایا ہوا ہے جو دریائے سندھ کے دہانے پر رہتے تھے اور جو وہاں سے پہلے مصر میں پہنچے اور پھر مصر سے یونان میں وارد ہوئے + مُلک ابی سینیا جو مصر کے جنوب میں واقعہ ہے اور جس کو یوروپ کے مُلک اٹلی نے فتح کرکے ابھی اپنی سلطنت میں شامل کیا ہے اُس کی نسبت بھی بعض کا خیال ہے کہ ابی سینیا کا نام ابو سندھ کا بگڑا ہوا ہے اور ابو (یعنی پتا) سِندھ یعنی پیتری بھومی سِندھ کی یاد دلاتا ہے + ٹاڈ صاحب مصنفِ راجستھان ریاست جیسلمیر کے حال میں لکھتے ہیں کہ

[۱۳۷] مفصل حال کے لئے دیکھو اس سے اگلا ادھیائے +

فرشتہ اپنے سے پہلے مورخوں کے حوالہ سے بیان کرتا ہے کہ مکہ اور مصر ہندوستان کے پُرانے تیرتھ تھے + فرانسیسی وِدوان کئونٹ جورنسن جرن (Bjorns tjerna) اپنی کتاب تھیوگنی اوف دی ہندوز (Theogony of the Hindus) (ہندوؤں کی دیوکتھا) میں لکھتے ہیں کہ "آریاورت نہ صرف برہمنی دھرم کا جنم استھان ہے بلکہ ہندوؤں کی اُس اعلےٰ تہذیب کا بھی جنم استھان ہے جو رفتہ رفتہ مغرب میں اتھیوپیا - مصر - اور فنیشیا تک - مشرق میں سیام - چین اور جاپان تک جنوب میں سیلون - جاوا - اور سوماٹرا تک - اور شمال میں ایران - کلڈیہ اور کولچس تک پھیل گئی تھی اور یہاں سے یہ یونان اور روم میں اور آخیر کار انتہائی شمال کے ممالک میں آئی" + کرنیل آلکٹ صاحب (Olcott) تھیوصوفی کے بانی لکھتے ہیں کہ "ماہرانِ علم اللسان حالیہ زبانوں کا سنسکرت کے ساتھ مقابلہ کرنے سے اس بات کا کھوج لگاتے ہیں کہ یوروپ کی تہذیب آریا تہذیب ہے - اور ہمارے پاس آریا خیال کا مغرب کی طرف بہاؤ ظاہر کرنے کا ایک اور ایسا ہی حیرت انگیز ذریعہ بیبلونیا (بابل) - مصر - یونان - روم اور شمالی یوروپ کی فلسفہ اور اُن کے تہذیب ہیں + ان کو ہندوستان کی فلسفہ اور تہذیب کے برابر رکھو اور دیکھو کہ ان میں کتنی مشابہت ہے اور اس مشابہت کے لئے معجزہ سے علاوہ اگر کوئی وجہ ہوسکتی ہے تو یہ ہی ہوسکتی ہے کہ مغرب کی صغیر سن فلسفہ مشرق کی کبیر سن فلسفہ سے نکلی + زمانہ قدیم کے عام

مشہور فلسفہ دان - یہودی موسےٰ سے لے کر یونانی افلاطون تک - سب مصر سے وِدیا سیکھ کر آئے اور مصر والے ہندوستانی تھے کہ مصر میں آکر بسے تھے (دیکھو رسالہ تھیوسوفسٹ بابتہ مارچ ۱۸۸۱ء) ٭

سر ولیم جونز (Jones) صاحب کہتے ہیں کہ "ہندوؤں پر سرسری نظر ڈالنے سے (اور اُس کی شرح اور بسط کے لئے جلدیں کی جلدی چاہئیں) یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اُن کا ابتدائی زمانہ سے جس کی کوئی یاد نہیں ایران - اتھیوپیا - مصر - فینشیا - یونان - سکنی اور سختیا کی پُرانی قوموں سے - گوتھ اور کیلٹ لوگوں سے اور چینیوں - جاپانیوں اور اہل پیرو سے میل جول تھا" ٭ سکندر اعظم کے ساتھ جو یونانی ہندوستان تک آئے اور اُس کے بعد جن یونانی مورخوں نے ہندوستان کا حال لکھا ہے اُنہوں نے شمالی ہندوستان کے لوگوں کو رنگ کا گورا اور شکل و مشابہت میں مصر والوں کی طرح لکھا ہے اور الفنسٹن صاحب گورنر بمبئی اپنی تاریخ ہندوستان میں لکھتے ہیں کہ یہ مشابہت اب تک اُن کی اُن تصویروں میں نظر آتی ہے جو دریائے نیل کے کنارے مقبروں میں کھچی ہوئی ہیں ٭

غرض وِدوانوں کی ایسی ایسی تحریروں کے مقابلہ میں ہمارا یہ خیال کہ مصر کا دریائے نیل ہندوستان کے پُرو بنسی راجا نیل کا نام لیوا اور پانی دیوا ہے ایسا نہیں ہے کہ جس پر یونہی پانی پھیر دیا جاوے ٭ خود مصر کا اتہاس کہتا ہے کہ اُن کا

سب سے پہلا بادشاہ فرعون منا یامنیس تھا۔ اور اُس نے دریائے نیل کا بند باندھا تھا۔ اس منا یامنیس کا زمانہ مصر والے مسیح سے تقریباً پانچ ہزار برس پہلے یعنی اب سے کوئی سات ہزار برس پہلے بتاتے ہیں۔ اس سے پہلے کا کوئی پتہ اُن کے ہاں نہیں چلتا۔ مگر بھارت ورش (ہندوستان) کے اتہاس سے پتہ چلتا ہے کہ اس سے کوئی چار ہزار اور اب سے کوئی گیارہ ہزار برس پہلے ہندوستان کا پرُوبنسی راجا نیل جو منو کی سنتان تھا وہاں گیا اور اُس دیس کو آباد کیا اور اُس کے سب سے بڑے دریا کو اپنا نام دیا[۳۸] اور پھر وہ دیس اس کارن سے کہ ہندوستان

۳۸ لالہ دھنپت رائے بی اے ایل ایل بی ساکن جگراؤں (پنجاب) نے ایک کتاب انگریزی زبان میں اریلی ہسٹری اوف ہینڈ کے نام سے نکالی ہے۔ اس نام کا ترجمہ ہے کہ بنی نوع انسان کی ابتدائی تاریخ + اس کتاب میں مصنف نے وہی غلطی کھائی ہے جس کی طرف ہم پیچھے ادھیائے ۲ کے انوواک ۲ میں توجہ دلا چکے ہیں۔ یعنی پچھلے مونتروں کی باتوں کو جو اُن سرشٹیوں کی باتیں ہیں جو ہو ہو کر لے ہو چکی ہیں اس مونتر کی اس سرشٹی کی تاریخ قرار دیا ہے + مگر اس کتاب میں ہم کو ایک بات اُس مضمون کی تائید میں جو ہم اوپر لکھ رہے ہیں ملی ہے اور اُس کو ہم وہاں سے یہاں نقل کرتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ فرنگیوں کو اس بات کا پتا بھی کہ دریائے نیل کہاں سے نکلتا ہے ہندوؤں کے پُرانوں کی ہی مدد سے لگا ہے اور وہ اس طرح سے کہ ایک برٹش ملیٹری افسر کرنیل ولفرڈ صاحب (Wilfred) بنارس میں رہتے تھے انہوں نے ۱۷۹۱ء میں پُرانوں کی مدد سے ایک نقشہ دریائے نیل کے منبع کا تیار کیا اور یہ نقشہ لندن کی ایشیاٹک ریسرچ سوسائٹی کے جرنل یعنی رسالہ میں چھپا + یہ نقشہ کپتان سپیک (Speko) صاحب کے ہاتھ لگا جو انگلستان کی ملکہ وکٹوریہ کے زمانہ میں ہندوستان کی انگریزی فوج میں ملازم تھے اور انہوں نے اس نقشہ کی مدد سے مصر کا دورہ کرکے ۱۸۶۰ء میں اُس جھیل کا پتا لگایا جہاں سے دریائے نیل نکلتا ہے اور جس کو اُنہوں نے ملکہ وکٹوریہ کے نام پر وکٹوریا نیانزا کا نام دیا +

کے مِسر[۳۹] لوگ وہاں جاکر بسے مِسر دیس[۴۰] کہلایا اور اب یہ نام بگڑ کر مصر کہلاتا ہے + منایا منیس یا تو یہ ہی نیل تھا جس کا زمانہ مصر میں اب غلطی سے مسیح سے پانچ ہزار برس پہلے سمجھا جاتا ہے یا اس نیل کا کوئی پچھلا بنسج تھا - اور جو کوئی بھی تھا وہ اسی راجا نیل کے بنس داتا منو (ویوسوت) کی نسبت سے منا اور منیس کہلایا +

[۲۸] رکش اجمیڈھ کا سب سے بڑا بیٹا تھا جو اجمیڈھ کے بعد پورو بنس کی راج گدی پر بیٹھا اور بنس وردھک ہوا +

[۲۹] سموَرن کا حال عجیب ہے + پُرانوں کی بنساولی میں وہ رکش کا بیٹا اور اجمیڈھ کا پوتا ہے - رگوید کی انوکرمنکا میں وہ منڈل ۵ کے سوکت ۳۳ اور ۳۴ کا رشی ہے اور پرجاپتی کا پُتر ہے + شریمد بھاگوت (۸ - ۱۳ - ۱۰) میں لکھا ہے کہ سُورج کی پُتری تپتی جو

[۳۹] بھوشیہ پُران کے پرتی سرگ پروی کھنڈ ۱ کے ادھیائے ۶ میں اور کھنڈ ۴ کے ادھیائے ۲۱ میں ذکر آتا ہے کہ کاشیپ (کنو) کے آریاوتی پتنی سے دس پُتر ہوئے اور اُن کے نام اُن کے گنوں کے انوسار یہ ہوئے :- اُپادھیائے - دیکشت - پانڈک - شُکل - اگنی ہوتری - دوی ویدی - تری ویدی - چتُر ویدی - پانڈیہ - اور مِشر + اور ان کی اولاد اب تک اپنے ذاتی ناموں کے ساتھ یہ توصیفی نام بھی امتیاز کے طور پر استعمال کرتی ہے +

بھوشیہ پُران میں اسی جگہ یہ بھی لکھا ہے کہ کنو براھمن نے جو کاشیپ یعنی کشیپ گوتر کا تھا مِشر دیس میں جاکر آریہ سبھیتا کو پھیلایا - اور یہ کنو غالباً وہ ہیں جو بنساولی میں اسی راجا نیل کے بھائی ہیں +

[۴۰] مِشر آیور وید میں اُس دیس کو بھی کہتے ہیں جس کی آب و ہوا معتدل ہو جس طرح انوپ مرطوب دیس کو اور جنگل خشک دیس کو کہتے ہیں +

چھایا استری سے تھی اور ساوِرنی منو کی بہن تھی پرجاپتی کے پُتر سَمّوَرن کو بیاہی گئی تھی + اور مہابھارت (آدی پرو - ادھیائے ۷۱-۷۳) میں بھاگوت کی اس کتھا کو ایک گندھرو کی زبانی پرو بنسی سَمّوَرن کے ساتھ جوڑ کر لکھا گیا ہے کہ یہ تپتی رِکش کے بیٹے سَمّوَرن کو بیاہی گئی تھی اور اُس سے کورو پیدا ہوا + اِن سب باتوں کو ملانے سے معلوم ہوتا ہے کہ رگو ویدک رشی سَمّوَرن یہ ہی پرو بنسی سَمّوَرن ہے جو رِکش کا بیٹا اور اجمیڈھ کا پوتا ہے + اور یہ کوئی آشچرج کی بات نہیں ہے کیونکہ اس کا دادا اجمیڈھ بھی جیسا کہ ہم ابھی اوپر دیکھ چکے ہیں ویدک رشی تھا + تپتی ایک ندی ہے جس کو دریائے تاپتی بھی کہتے ہیں اور جو نربدا ندی کے دکھن میں دکھن دیس کی اوتّر کی سیما پر بہتی ہے + یہ تپتی تپن (سورج) کی پُتری ہے ویسے ہی جیسے جمنا وِوسوان (سورج) کی پُتری ہے + اور سَمّوَرن کے ساتھ تپتی کی شادی کا ہونا وہی شاعرانہ مضمون ہے جو سورج بنسی راجا ماندھاتا کے پُتر پُروکُتس کے ساتھ نربدا کے بیاہ ہونے کا مضمون ہے اور جس کا ذکر پیچھے بنسا ولی ۱ میں ماندھاتا کے حال کے ساتھ کیا جا چکا ہے +

مطلب ان کتھاؤں کا صاف ہے اور یہ ہے کہ اُدھر سورج بنسی راجا پُروکُتس اپنے راج کو پھیلاتے پھیلاتے دریائے نربدا تک لے گیا - اور اِدھر چندر بنسی راجا سَمّوَرن اپنے راج کو بڑھاتے بڑھاتے نربدا سے بھی آگے تپتی تک لے گیا اور اس طرح سے ویدک کال میں تمام شمالی ہندوستان ہمالہ کی تلیٹی سے دکھن کے سرے

تک ان سورج بنسی اور چندر بنسی راجاؤں کے بل اور پراکرم سے آباد اور شاداب ہوگیا تھا ۔

کورو کو بنساولیوں میں سُمَوَرَن کا پُتر لکھا ہے ۔ مگر یہ بنساولیوں میں سُمَوَرَن کا پُتر اسی طرح پر ہے جس طرح شری کرشن جی کا دادا شُور جو پُرانوں کی بنساولیوں میں یدو سے چوالیس پیڑھی پیچھے ہے مہابھارت میں چِتَرَتھ کا پُتر لکھا ہوا ہے جو بنساولیوں میں یدو سے کُل پانچ پیڑھی ہی پیچھے ہے جیسا کہ پیچھے بنساولی ۸ میں دکھایا گیا ہے یعنی جس طرح وہاں شُور چِتَرَتھ کا آتمج نہیں بلکہ بنسج ہے اسی طرح یہاں کورو بھی سُمَوَرَن کا آتمج نہیں بلکہ بنسج ہے جو سُمَوَرَن سے کوئی ۴۸ پیڑھی پیچھے ہے ۔ اور اسی لئے وید میں کورو کا نام کہیں نہیں ملتا ہے اور نہ ویدک رشیوں میں اسکا نام کہیں آیا ہے سُمَوَرَن تک رشی کال برابر چلا آتا ہے جیسا کہ اس بنساولی سے جو پیچھے صفحہ ۲۰۰ پر دی گئی ہے ظاہر ہے مگر سُمَوَرَن کے بعد یہ سلسلہ ٹوٹتا ہے ۔ اور انجام مہابھارت میں سورج بنسی راجا برہدبل کے مقابلہ میں جو اکشواکو سے ۹۵ پیڑھی پیچھے ہے چندر بنسی راجا ایدھشٹھر نکلتا ہے جو پُرورَوا سے ۴۷ پیڑھی پیچھے ہے اور یہ ۹۵ - ۴۷ = ۴۸ پیڑھی کی کمی سُمَوَرَن کے بعد اور کورو سے پہلے ہونی معلوم ہوتی ہے کیونکہ کورو سے سلسلہ پھر ٹھیک ہے ۔ کشمیر کی تاریخ راج ترنگنی میں جو مہابھارت سے شروع ہوتی ہے شروع کی چار پیڑھیوں کے بعد ۳۵ پیڑھیاں گم ہیں پھر کیا تعجب ہے جو چندر بنس کے اس اتہاس میں جو مہابھارت سے بھی ہزاروں برس پہلے کا اتہاس ہے ۴۸ پیڑھیوں کا پتہ نہ لگتا ہو ۔ مگر چونکہ ادھر کورو جیسے مہاپُرش کے بنس میں جو پُرو سے چلا اور اُدھر شری کرشن جی کے بنس میں جو یدو سے چلا اتنی پیڑھیوں کا پتہ کا نہ لگنا پُران کاروں

کی درشٹی میں ان بنسوں کے لئے ہانی کارک تھا اس لئے اس ہانی کو چھپانے کے لئے اور اس کھانچے کو بھرنے کے لئے پُرورَوا اور اُروشی کی وہ کتھا رچی گئی ہے جس کا ذکر ہم چندر بنس کے شروع میں ہی کر آئے ہیں + پر چندر بنس کے شروع میں تو یہ کھانچہ پڑا نہیں کیونکہ پرسین جت نے جو سورج بنس میں اکشواکو سے ۱۶ پیڑھی پیچھے ہے اپنی بیٹی رینکا کو جمدگنی کے ساتھ جو چندر بنس کی بنساولی ۲ میں پُرورَوا سے ۱۴ پیڑھی پیچھے ہے بیاہا تھا اور ماندھاتا نے جو سورج بنس میں اکشواکو سے ۱۸ پیڑھی پیچھے ہے ششِ بندو کی بیٹی کو جو چندر بنس کی بنساولی ۹ میں پُرورَوا سے ۱۱ پیڑھی پیچھے ہے بیاہا تھا (جیسا کہ ہم پیچھے تفصیل کے ساتھ بیان کر آئے ہیں) اس لئے یہ کھانچا چندر بنس کے شروع میں تو پڑا نہیں بیچ میں ہی کہیں پڑا ہے - اور سُمورَن اور کورو کے بیچ میں پڑا ہے کیونکہ اِدھر سمورَن تک رشی کال برابر جاری ہے اور اُدھر کورو سے بنساولی کا سلسلہ جاری ہے + بہرحال کورو کشیتر جو ویدک رشیوں اور راج رشیوں کی سب سے پیاری ندی سرسوتی کا گذرگاہ ہے اور جس کے میدان میں مہابھارت کا مہا سنگرام کھڑا کا تھا اِسی کورو کا کشیتر ہے اور دُریودھن آدک کئورو اور یُدھشٹھر آدک پانڈو جن کے درمیان یہ سنگرام ہوا تھا دونوں اسی کے بنس میں اُتپن ہوئے تھے اور اس نسبت سے یہ دونوں ہی کئورو تھے اگرچہ دونوں کو ایک دوسرے سے الگ کرنے کے لئے دُریودھن آدک خصوصیت سے کئورَو اور یُدھشٹھر آدک خصوصیت سے پانڈو کہلاتے ہیں +

پانچواں ادھیائے

ویدک کال کی سبھیتا

ویدک سبھیتا کا وِستار

پچھلے ادھیائے میں ہم نے دیکھا کہ ویدک کال میں پرتشٹھان (حالیہ الہ آباد) سے پورب کی طرف انگ (بہار) - بنگ (مغربی بنگال) اور پُنڈر (مشرقی بنگال) تک اور سمندر کے ساحل پر اُتکل (اُڑیسہ) اور اُس سے نیچے کلنگ اور آندھر تک - اور پچھم اور اوتر کی طرف شاوستی اور ولیٹالی - کاشی اور وارانسی (بنارس) - ہستناپور (ضلع میرٹھ) - کیکے (واقع پنجاب) - سندھو (سندھ) - شِبی (واقع بلوچستان) - گندھار (قندھار) - مدر (باطلیک یا بلخ) تک - اور جنوب میں چندیری (واقع بندھیلکھنڈ) مرو دیس (راجپوتانہ) اور وِدربھ (برار) تک وہ تمام شمالی ہندوستان جس کو منوسمرتی (ادھیائے ۲ - شلوک ۲۲) میں شمالاً جنوباً ہمالیہ سے بندھیاچل تک اور شرقاً غرباً سمندر سے سمندر تک آریاورت کا نام دیا ہے ویدک ہندوؤں کے پُرشاؤتھ سے جو آزیہ نسل کے ہیں آباد ہو چکا تھا اور وہاں اُن کی بڑی بڑی راجدھانیاں استھاپت ہو چکی تھیں ؛

وید میں ان دیسوں کا نام نہیں ملتا ہے کیونکہ وید کوئی تاریخ

یا جغرافیہ کی کتاب نہیں ہے پھر بھی وید اور طرح سے اِس کی پُشٹی کرتا ہے + مثلاً رگوید (منڈل ۱۰ - سوکت ۷۵ - منتر ۵ اور ۶) میں گنگا[۱] - جمنا - درِشدوتی (حالیہ گھگر) - سرسوتی - اور سندھ - اور سندھ کے مشرقی معاون [شُتُدری (ستلج) - اَرجیکیا (وِپاٹ یا وِپاش[۲] یا بیاس) - پرُشنی (اراوتی یا راوی) - اَسکِنی (چناب) - وِتستا (جہلم)] - اور سندھ کے مغربی معاون [سُسرتو - رسا -

---

[۱] فرنگی وِدوان جس کسی بات کا ذکر رگوید میں نہیں بلکہ دوسرے ویدوں میں دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں کہ وہ بات رگوید کے زمانہ میں نہیں تھی + مگر گنگا کا ذکر رگوید کے سوائے دوسرے ویدوں میں نہیں ہے تو کیا اس سے یہ نتیجہ نکالیں کہ گنگا رگوید کے زمانہ میں ہی تھی اُس کے بعد نہیں تھی + یہ منطق کیسی تھوتھی اور بودی ہے اس کو وِدوان خود دیکھ سکتے ہیں +

[۲] رگوید ۳ - ۳۳ - ۲/۸ میں شُتُدری (ستلج) کے ساتھ وِپاش کا شبد سپشٹ آیا ہے اور اس طرح سے آیا ہے کہ ہم (شُتُدری اور وِپاش) جل سے بھرے ہوئے دیو کرت یونی (ارتھات دیو (برھما) کے پیدا کرنے والی یونی یعنی سمندر) کی طرف بہے چلے جا رہے ہیں۔ اور یاسک نے سوکت ۷۵ کے ارجیکیا کو اسی لئے وِپاش (بیاس) سے تعبیر کیا ہے شُتُدری کا دیس چینی سیاح ہون سانگ کے زمانہ تک شتِدرو کے نام سے وِکھیات تھا اور چار سو میل کے گھیرے میں تھا۔

شویتی (شویت یا سویت یا سوات) کُبھا (کابُل) - گومتی (گومل) اور کُرُم (کُرّم یا قُرّم) کا ذکر آیا ہے - اور یاسک نے اپنے نِرکت (دیُوت کانڈ - ادھیائے ۳ - پاد ۳ - نِرکتی ۵) میں اِن سب کی ویاکھیا ندی روپ سے ہی کی ہے - اور یہ سب دریا ان ہی دیسوں کو سیراب کرتے ہیں جن کا ذکر اوپر آیا ہے سوائے بُندیلکھنڈ - راجپوتانہ - اور برار کے جو الہ آباد کے دکھن میں گنگا اور نربدا کے درمیان واقع ہیں اور جن کے لئے ایک طرف گنگا کا نام تو وید میں آیا ہے مگر دوسری طرف نربدا کا نام وید میں نہیں ہے + مگر وید میں نربدا کا نام نہیں ہے تو راجا پُروکُتس کا نام موجود ہے (دیکھو رگوید ۱ - ۱۱۲ - ۷) اور نربدا راجا پُروکُتس کے ساتھ منسوب ہے جو اکشواکو کے بنس میں ۱۹ پر آیا ہے اور جس کا حال ہم اس سے پچھلے ادھیائے میں لکھ چکے ہیں + اور بندیلکھنڈ کے لئے تو چیدی یعنی چندیری واقع بُندیلکھنڈ کا نام رگوید (۸ - ۵ - ۳۷) کے اندر اِن شبدوں میں سپشٹ آیا ہے کہ چیدیہ (ارتھات چیدی کے) راجا کُشو نے سَو اونٹ اور دس ہزار گائیں دِیں کیں + سِندھو - سَوِیر اور گندھار آدک دیسوں کے نام وید میں کئی جگہ آئے ہیں + کیکٹ دیس کا نام رگوید (۳ - ۵۳ - ۱۴) میں آیا ہے اور فرنگی وِدوان خود اس کو جنوبی بہار کا نام سمجھتے ہیں[۵۳] +

---

۵۳ یاسک آچاریہ نے کیکٹ کو انارِیہ نواس یعنی انارِیہ جاتیوں کا دیس لکھا ہے (دیکھو نِرکت ۶ - ۳۲) + پُران کی رُو سے کیکٹ بھارت ورش (باقی بر صفحہ ۳۸۶)

انگ اور مگدھ بہار کے اور نام ہیں اور یہ نام اتھروید میں آئے ہیں۔ اور جس طرح گنگا کا نام رگوید کے سوائے اور ویدوں میں نہ ہونے سے یہ نتیجہ نہیں نکالا جا سکتا کہ گنگا اُن ویدوں کے زمانہ میں نہیں تھی اسی طرح سے انگ اور مگدھ کا نام اتھروید کے سوائے رگوید آدک اور ویدوں میں نہ ہونے سے یہ نتیجہ نہیں نکالا جا سکتا کہ یہ دیس اُن ویدوں کے زمانہ میں نہیں تھے + سرجوندی کا نام بھی ۱۰-۶۴-۹ میں آیا ہے اگرچہ جو لوگ ویدک کال کے آریا ہندوؤں کو پنجاب میں ہی محدود کرنا چاہتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ یہ سرجو وہ نہیں ہے جس پر اجودھیا واقع ہے اور جو کوشل دیس کو سیراب کرتی ہے بلکہ کوئی اور سرجو ہے جو افغانستان وغیرہ میں ہوگی + مگر جب گنگا تک کا نام وید میں ہے تو اس سرجو کا کوشل دیس کی سرجو ہونا کیا تعجب کی بات ہے +

کیکٹ والے سوکٹ کے منتر ۱۶ (ارتھات ۳-۵۳-۱۶) میں پانچ جنیا کرشٹی ارتھات پنچ جن یا پانچ قوموں کی سرزمین

(بقیہ صفحہ ۳۷۵) کے نام داتا بھرت کے اُن نو بھائیوں میں سے ایک بھائی تھا جو بھارت ورش کے نو کھنڈوں کے نام داتا اپنے اپنے نام پر ہوئے۔ ان سب بھائیوں کے نام یہ تھے:- گشاورت - اِلاورت - برھاورت - ملے - کیتو - بھدرسین - اِندرسپرگ - وِدربھ - اور کیکٹ (شریمد بھاگوت - اسکندھ ۵) + بھرت کے لئے دیکھو آگے کاگ پادلینی فٹ نوٹ ۱۱ +

کا ذکر بھی آیا ہے اور اس سے شاید پنجاب کے پانچ دوآبوں کی پانچ قوموں کی سرزمین مُراد ہو + رگوید ۱۰-۵۳-۴ میں پنچ جنا کا بید آیا ہے اور اُس کی ویاکھیا کرتے ہوئے یاسک نے لکھا ہے کہ کوئی اس سے گندھرو - پِتری - دیو - اسُر اور راکشس یہ پانچ جَن سمجھتے ہیں اور اُپمنیو (اُپمنیو گوتری) کہتا ہے کہ اس سے چاروں ورن اور پانچویں جاتی نِکھاد مُراد ہیں - (دیکھو نِرکت ۳-۸) + مگر رگوید ۸-۶۳-۷ میں پانچ جنیا وِشا کا ذکر آیا ہے جس سے ظاہر ہے کہ یہ پانچوں جَن وِش ارتھات وُیشیہ آدک تھے جو بستی کے اندر بستے تھے (دیکھو آگے فُٹ نوٹ ۳۵) گندھرو آدک نہیں تھے + رگوید ۶-۶۱-۶ میں سرسوتی کو پنچ جاتا (پانچ جاتیوں) کی وِردھی کرنے والا لکھا ہے اور اُس سے ٹپکتا ہے کہ یہ پانچوں قومیں سرسوتی ندی کے علاقہ میں رہتی تھیں + مگر لوکمانیہ تِلک اپنی کتاب آرکٹِک ہوم میں لکھتے ہیں کہ ویدیں سرسوتی سے مُراد آکاش میں بہنے والی سرسوتی کے اُن جلوں سے بھی ہے جو میگھہ بن کر برکھتوں پر برستے ہیں اور جن کو اُوپر سے نیچے بُلانے کے لئے رشی یگیہ کیا کرتے تھے (دیکھو رگوید ۵-۴۳-۱) - اور اگر یہ خیال ٹھیک ہے تو رگوید کا یہ منتر ۶-۶۱-۶ ان پانچ جاتیوں کو دریائے سرسوتی تک ہی محدود نہیں کرتا ہے +

غرض وید کے پرمانوں سے بھی ظاہر ہے کہ اس ویدک کال میں جس کا زمانہ ہم نے اب سے چودہ ہزار برس پہلے سے

گیارہ ہزار برس پہلے تک قرار دیا ہے آریا ہندو اُس تمام شمالی ہند کو آباد کر چکے تھے جس کو منو نے آریا ورت کا نام دیا ہے[۵۴] + اور صرف یہ ہی نہیں بلکہ اُس زمانہ میں آریا ہندو آریا ورت سے باہر نکل کر اور اور ملکوں کو بھی آباد اور شاداب کر چکے تھے + چنانچہ ایک راجا یایاتی کے ہی پانچ پُتروں میں دُرہیو کی اولاد گندھار یا قندھار کی راہ سے افغانستان اور تُرکستان میں پھیلی - تُروَشو کی اولاد نے تُرک اور یَون جاتیوں کا بانی ہو کر سنٹرل ایشیا کو بسایا - یدو کی اولاد میں سے ہیہے کے بنس نے چین میں اپنا راج قائم کیا - پورو کی اولاد میں سے ہستناپور کے بانی ہستی کے پوتے نیل نے دریائے نیل کا مُلک مصر آباد

۵۴ ایتریے براھمن میں جو رگوید کا براھمن ہے اور سب سے پُرانا براھمن مانا جاتا ہے مختلف دیسوں کے راجاؤں کے مختلف القاب بھی دیئے ہوئے ہیں چنانچہ اُس میں لکھا ہے کہ مدھیہ دیش کے کورو پنچال اور کوش اور اُشی نر راجا کہلاتے تھے - اوتر میں ہمالہ پار اوتر کورو اور اوتر مدر وِراج (وِراٹ) کہلاتے تھے (کیونکہ اُن کا کوئی راجا نہیں تھا) + دکشن دیس کے ستوت راجا بھوج کہلاتے تھے - (اور اس دکشن دیش سے غالباً وہی دیس مُراد ہے جہاں بعد میں مالوہ کا پرسدھ راجا بھوج ہوا) + پورب کے پراچیہ راجا سمراج (سمراٹ) اور پچھم کے اپاچیہ سوے راج (سوے راٹ) کہلاتے تھے (دیکھو ایتریے براھمن ۸-۱۴-۲-۳) +

اگرچہ یہ باتیں اُس زمانہ سے جس کا ذکر ہم اوپر کر رہے ہیں بہت پیچھے کی ہیں +

کیا۔ اور انُو کی اولاد میں سے راجا بلی نے سمندر کے بیچ میں جزیرہ بلی اور اُس کے آس پاس کے جزیروں کو بسایا (اور بعض کا خیال ہے کہ وید میں جو پنچ جن کا ذکر آتا ہے اُس سے یاتی کے ان ہی پانچوں بیٹوں کی پانچ نسلوں سے مُراد ہے[۵]) +

پس ویدک سبھیتا کا ایک لکشن تو اُس کا یہ ہی وِستار ہے کہ وہ اس کال میں کیول آریاورت میں ہی نہیں بلکہ آریاورت سے باہر اُن تمام ملکوں میں بھی پھیل گئی تھی جو شمال مشرق میں چین کی طرف واقع ہیں ۔۔ جنوب مشرق میں جزیرہ بلی کی طرح

[۵] میکس مولر صاحب کہتے ہیں کہ آریا نسل کی قوموں کی دو شاخیں ہیں۔ ایک شاخ وہ جو ایشیا میں پھیلی اور ایک شاخ وہ جو یوروپ میں پھیلی۔ اور جو شاخ یوروپ میں پھیلی اُس میں بھی پانچ قومیں شامل ہیں اور وہ یہ ہیں :-

(۱) کیلٹ (Celt) جو یوروپ کے پچھم میں آباد ہوئے مثلاً انگریز وغیرہ +

(۲) ٹیوٹن (Teuton) جو یوروپ کے وسط میں آباد ہوئے مثلاً جرمن وغیرہ +

(۳) سلیو (Slav) جو مشرق میں آباد ہوئے مثلاً روسی +

(۴) وہ جو اٹلی میں اور (۵) وہ جو یونان میں آباد ہوئے +

(دیکھو آر۔ سی۔ دت کی تاریخ ہند۔ جلد ۱۔ جھک ۱۔ چیپٹر ۱) +

اُس مجمع الجزائر میں شامل ہیں جو برھما اور سیام کے جنوب میں بحر ہند میں واقع ہیں اور جن کو ملا کر اب سلنڈیا یا انڈونیشیا بھی کہتے ہیں۔ شمال مغرب میں افغانستان ترکستان اور ایران کی طرح سنٹرل ایشیا میں اور مغرب میں مصر کی طرح حالیہ براعظم افریقہ میں واقع ہیں + اور اس ایک لکشن سے ہی ظاہر ہے کہ ویدک سبھیتا کیسی وسیع اور شاندار تھی اور اُس کے ساتھ ہی پایدار بھی ایسی تھی کہ ہندوستان میں تو اب تک جوں کی توں قایم ہے ہی جیسا کہ ہم آگے اسی ادھیائے میں دکھائیں گے پر دوسرے ملکوں میں بھی اس کے کچھ نہ کچھ آثار اب تک موجود ہیں جیسا کہ ہم اس سے پہلے ادھیائے میں مختصر طور پر دکھا آئے ہیں +

ویدک سبھیتا کا پالنا

کچھ سجّن کہیں گے کہ یہ تو اُلٹی گنگا بہادی۔ ہم تو اب تک یہ پڑھتے پڑھاتے آئے ہیں کہ آریا ہندو وسط ایشیا سے ہندوستان میں آئے تم نے لکھ مارا کہ وہ ہندوستان سے وسط ایشیا میں گئے۔ یہ کیا بات ہے + اس کا جواب یہ ہے کہ بیشک فرنگی وِدوان ہم کو اب تک یہ ہی پڑھاتے رہے اور ہم طوطے کی طرح اُن سے یہ ہی پڑھتے رہے کہ ہندو بھی اُن کی طرح ہندوستان کے اصلی رہنے والے نہیں ہیں بلکہ وسط ایشیا کی راہ کہیں باہر سے یہاں آئے ہیں + مگر اول تو فرنگی اور خصوصاً انگریزی وِدوانوں کی اِس

تحقیقات کی نہ میں اُن کی یہ خواہش ظاہر ہوتی ہے کہ ہندوستان کے لوگ جو ہم کو ہندوستان میں پردیسی بتاتے ہیں تو ہم بھی اُنکو تحقیقات کی رو سے دکھا دیں کہ تم بھی اُس ملک میں ایسے ہی پردیسی ہو جیسے کہ ہم ہیں۔ اور چرچل (Churchill) صاحب نے تو انگلستان کی پارلیمنٹ میں حالیہ اِنڈیا رفورم بِل کی بحث کے دوران میں صاف ہی اوگل دیا ہے کہ

"We were no more aliens in India than Muhammadans or Hindus themselves, and have as good a right to be in India as anyone there except perhaps the depressed classes, who were the original stock."

یعنی

"ہم ہندوستان میں اس سے زیادہ پردیسی نہیں ہیں جتنے کہ مسلمان یا خود ہندو ہی ہیں۔ اور ہمارا ہندوستان میں رہنے کا اتنا ہی حق ہے جتنا کہ وہاں کے کسی اور لوگوں کا۔ سوائے شاید دَلِت جاتیوں کے جو وہاں کے اصلی باشندے ہیں"+

دوسرے اب فرنگی وِدوان ہی آپس میں پھوٹ پڑے ہیں + پہلے پہل جب فرنگیوں کو سنسکرت زبان سے واقفیت ہوئی اور اس واقفیت سے اُنہوں نے دیکھا کہ سنسکرت رنگ اور روپ میں یوروپ کی بہت سی زبانوں سے مِلتی جُلتی ہے اور نہ صرف مِلتی جُلتی ہے بلکہ ان سب کی ماں ہے

تو اُنہوں نے یہ رائے قایم کی کہ ہندوستان کے ہندو اور یوروپ کے انگریز اور فرانسیسی اور جرمن اور یونانی اور اطالی وغیرہ سب ایک قوم کی اولاد ہیں جو کسی زمانہ میں ایک جگہ رہتے تھے اور ایک زبان بولتے تھے اور وہ ایک وسطی جگہ وسط ایشیا میں تھی جہاں سے کچھ مشرق کی طرف ہندوستان اور ایران کو روانہ ہوئے اور کچھ مغرب کی طرف یوروپ کو روانہ ہوئے ٭ میکس مولر صاحب جن کا نام ہندوستان میں سب پڑھے لکھے جانتے ہیں ان ہی فرنگیوں کے ذیل میں شامل ہیں چنانچہ اُنہوں نے اس خیال کو اول اپنی کتاب "ہسٹری اوف انیشینٹ سنسکرت لٹریچر" (پُرانی سنسکرت ساھتیہ کی تاریخ) مطبوعہ ۱۸۵۹ء میں ظاہر کیا اور برسوں کے بحث مُباحثہ کے بعد جس کے دوران میں دوسرے وِدوان دوسرے خیالات ظاہر کرتے رہے پھر اپنی اسی رائے کو اپنی ایک اور کتاب گوڈ ورڈز (اچھے الفاظ) مطبوعہ ۱۸۸۷ء میں اس طرح دوہرایا کہ "اگر اس بات کا جواب دیا جانا ضروری ہی ہے کہ ہمارے آریا بزرگ جُدا ہونے سے پہلے کس جگہ رہتے تھے تو میں پھر یہ ہی کہونگا جیسا کہ میں نے چالیس برس پہلے کہا تھا کہ کسی جگہ ایشیا میں اور بس" ٭

ہندو وِدوان اُن دِنوں میں اپنی وِدوتّا اسی میں سمجھتے تھے کہ جہاں تک ہو سکے فرنگی وِدوانوں کی پیروی کریں کیونکہ ؎

اگر شہ روز را گوید شب است ایں
بباید گفت اینک ماہ و پروین

چنانچہ ایک ہندوستانی پنڈت رام ناتھ سرسوتی نے اس وشے میں کمال کر دکھایا + رگوید میں دو منتر (۱-۲۲-۱۶/۱۷) آئے ہیں جن کا شبدارتھ یہ ہے :-

۱۶- دیوتا ہماری اُس سے رکھشا کریں جس سے وِشنو نے پرتھوی کے ساتوں دھاموں کو ناپ لیا +

۱۷- وِشنو نے اس سارے جگت کو تین پرکار سے پیر رکھ کر ناپ لیا اور اُس کے پیروں کے نشان نہیں دِیکھتے +

پُرانوں نے اِن منتروں کی ویاکھیا وامن اوتار کی کتھا سے کی ہے اور یاسک نے اپنے نِرُکت (دیوت کانڈ- ادھیائے ۶- پاد ۳- نرکتی ۱۹) میں اس طرح کی ہے کہ وشنو کے تین پیروں کو شاک پُونی کے انوسار پرتھوی - انتریکش اور آکاش سے اور اوُرن ناتھ کے انوسار صبح - دوپہر اور شام سے تعبیر کیا گیا ہے + مگر پنڈت جی نے جو رگوید کا ترجمہ بنگالی میں کیا اُس میں اُنہوں نے ان منتروں کا ارتھ فرنگیوں کے خیال کی تائید میں یوں کر دیا کہ گویا آریا لوگوں کی سات قومیں اپنے دیوتا وِشنو کی سرپرستی میں تین منزلیں طے کر کر کہیں باہر سے ہندوستان میں آئیں مگر اُن تین منزلوں کے نشان نہیں دِیکھتے + فرنگی وِدوان ایک منزل کو وسط ایشیا میں دریائے جیحون اور سیحون کے مابین بتاتے تھے اور دریائے جیحون کو فرنگی

اوکسس (Oxus) کہتے ہیں اس لئے اس کی تائید میں بھی یاروں نے رگوید (۷-۱۸-۶) سے یکشو کا لفظ نکال کر پیش کر دیا +

مگر دوسرے فرنگیوں نے دیکھا کہ اس طرح سے تو یوروپین (فرنگی) ایشیائی بن جائیں گے اور یہ دیکھکر اُن کو غیرت آئی اور وہ کہنے لگے کہ اگر زبانوں کی تحقیقات کا نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ یہ سب قومیں جو سنسکرت اور سنسکرت سے ملتی جلتی زبانیں بولتی ہیں کبھی ایک ہی جگہ رہتی تھیں تو وہ ایک جگہ کہیں یوروپ میں ہی کیوں نہ ٹھہرائی جائے + چنانچہ آئیزک ٹیلر (Isac Taylor) صاحب نے اپنی کتاب اوریجن اوف دی ایریئنز (Origin of the Aryans) مطبوعہ ۱۸۹۲ء میں اُن وِدوانوں کے بچنوں کو جو آریہ جاتیوں کا نکاس وسط ایشیا سے مانتے تھے "شرارت سے بھرے ہوئے الفاظ" اور "جھوٹی دلیلیں" اور "علمی دھوکہ" سے تعبیر کر کے اس بات کو ظاہر کرنے کی کوشش کی کہ یہ نکاس وسط ایشیا سے نہیں بلکہ وسط یوروپ سے ہے +

ڈاکٹر وارن (Dr. Warren) صاحب جو امریکہ کی بوسٹن یونیورسٹی کے پریسیڈنٹ تھے اس سے بھی اونچے اوڑے اور اُنہوں نے ۱۸۹۳ء میں ایک کتاب پیریڈائیز فنڈ (Paradise Found) نکالی اور پکار کر کہا کہ بہشت کا پتہ لگ گیا اور یہ لگا کہ نسل انسان کا پالنا قطب شمالی میں جھولا اور

اس لئے ساری قومیں کیا آذیہ اور کیا اَناذیہ قطب شمالی سے نکلیں + اس پر لوکمانیہ تِلک نے اپنی پرسِدّھ کتاب آرکٹک ہوم اِن دی ویدز (ویدمیں قطبی وطن) ۱۹۰۳ء میں نکالی اور اُسمیں ویدک حوالوں سے ظاہر کیا کہ اگر ساری نسل انسان نہیں تو ویدک آریا تو ضرور پہلے قطب شمالی میں رہتے تھے اور وہاں سے ہی ہندوستان میں آئے + اس کے جواب میں پُونا کے ایک وِدوان نارائن بھون راؤ نے ۱۹۱۵ء میں ایک کتاب آریا ورتک ہوم چھاپی اور اُس میں ظاہر کیا کہ ہندو آریاؤں کا وطن سدا سے آریاورت ہی رہا ہے اور بابو اِبناش چندر داس نے اپنی کتاب رگویدک انڈیا میں جو کلکتہ یونیورسٹی کی طرف سے ۱۹۲۱ء میں چھپی ہے اس کی تائید کی کہ آریا ہندو سدا سے ہندوستان میں ہی رہتے سہتے آئے ہیں اور کہیں باہر سے نہیں آئے +

اور فرنگی وِدوان بھی اب یہ ہی کہتے ہیں + چنانچہ :-

(۱) الفنسٹن (Elphinston) صاحب جو بمبئی کے گورنر تھے اپنی کتاب ہسٹری اوف انڈیا (تاریخ ہند) میں لکھتے ہیں کہ "سنسکرت زبان کا اور مغرب کی زبانوں کا ایک مشترکہ ماخذ ہونا اس بات میں تو کوئی شک نہیں چھوڑتا کہ کسی زمانہ میں اُن سب قوموں میں جو یہ زبانیں بولتی تھیں کوئی تعلق تھا۔ لیکن اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ وہ تعلق کس جگہ پر اور کس وقت میں پیدا ہوا تھا + یہ کہنا کہ یہ تعلق ایک مرکزی مقام سے

پھیلا محض ایک خیالی بات کا فرض کرلینا ہے اور اس قسم کی دیگر مثالوں کے واقعات کے خلاف بھی ہے۔ کیونکہ قومیں اور تہذیبیں دائرہ کی شکل میں نہیں پھیلی ہیں بلکہ مشرق سے مغرب کو پھیلی ہیں + اور ایسا مرکزی مقام ہو ہی کہاں سکتا تھا کہ جہاں سے کوئی زبان ہندوستان یونان اور اٹلی میں تو پھیل سکتی مگر چیلڈیہ سریا اور عرب کو خالی چھوڑ جاتی" (صفحہ ۵۶ ایڈیشن ۶) +

(۲) کرزن (Curzon) صاحب نے رویل ایشیاٹک سوسائٹی کے جرنیل مورخہ ماہ مئی ۱۸۸۴ء میں اس مضمون پر بڑی لمبی چوڑی بحث کرکے نتیجہ نکالا ہے کہ ہندو آریا ہندوستان میں کہیں باہر سے نہیں آئے کیونکہ ہندوستان سے باہر چاروں طرف کوئی پُرانی قوم ایسی نہیں ہے جو ہندوؤں سے زیادہ پُرانی ہو اور اُن سے زیادہ مہذب ہو + اور نہ تمام سنسکرت ساہتیہ میں نوین ہو یا پراچین کوئی ایسی روایت پائی جاتی ہے۔ اور جو کچھ کہ پایا جاتا ہے اُس سے یہ ہی ثابت ہوتا ہے کہ ہندوؤں کی بچتر سبھیتا اور ودیا سب اُن کے اپنے ہی دیس میں پیدا ہوئی۔ جگوں تک یہاں ہی پکی۔ اور یہاں سے ہی اور قوموں میں جو کچھ اُن سے اور کچھ دوسری ابتدائی قوموں سے بنیں پھیلی +

(۳) پوکوک (Pococke) صاحب نے ایک کتاب انڈیا ان گریس (India in Greece) لکھی ہے۔ اُس میں اُنہوں

نے دکھایا ہے کہ یونان کی ساری تہذیب میں ہندوستان کا ہاتھ دکھائی دیتا ہے۔ اور لکھا ہے کہ "وہ زبردست انسانی رَو جو پنجاب کی سرحد سے گذری دنیا کی اخلاقی سیرابی میں اپنا فیض رساں فرض پورا کرنے کے لئے یوروپ اور ایشیا میں جہاں جہاں مُقدّر نے اُسے پہونچانا تھا وہاں وہاں بہتی چلی گئی" (صفحہ ۲۶ - ایڈیشن ۲) +

(۴) لوئس جیکولیٹ (Louise Jacolliot) صاحب ایک فرانسیسی وِدوان ہیں اُنہوں نے ایک کتاب اس نام سے لکھی ہے کہ "بائیبل (کی جڑ) ہندوستان میں۔ یعنی عبرانی اور عیسائی الہام کا ہندوانی منبع" + اس کتاب میں اُنہوں نے لکھا ہے کہ "ہندوستان دنیا کا گہوارہ ہے۔ یہاں سے ہی سب کی ایک ماتا نے اپنے بچوں کو مغرب کے آخری سرے تک بھیجکر ہمارے ماخذ کی لازوال شہادت کے لئے ہم کو اپنی زبان۔ اپنے قانون۔ اپنے اخلاق اپنے علم ادب اور اپنے مذہب کی میراث عطا کی" +

(۵) کروزر (Cruiser) صاحب کہ وہ بھی ایک فرانسیسی وِدوان ہیں یہ ہی کہتے ہیں کہ ہندوستان نہ صرف آریہ جاتی کا پالنا یا گہوارہ ہے بلکہ تمام نسل انسان کا پالنا ہے + وہ لکھتے ہیں کہ "اگر دنیا میں کوئی ملک ایسا ہے جو اس بات کا دعوے کر سکتا ہے کہ وہ نسل انسان کا پالنا ہے یا اُس ابتدائی تہذیب کا استھان ہے جس کی سلسلہ وار ترقیاں پُرانی دنیا کے

تمام حصّوں میں بلکہ اُن سے بھی پرے علم کی برکتوں کو جو انسان کی ایک دوسری زندگی میں لے گئیں تو وہ ملک یقیناً ہندوستان ہے"۔

(۶) کئونٹ جورنس جرن (Count Bjornstjerna) نے ایک کتاب تھیوگونی اوف دی ہندوز (Theogony of the Hindus) ہندوؤں کے پُرانوں کے وشے میں لکھی ہے اور اُس میں وہ لکھتے ہیں کہ "ہم کو یہاں (آریاورت میں) ہی اُس پالنے کی تلاش کرنی لازمی ہے کہ جو نہ صرف برھمنی مذہب کا پالنا تھا بلکہ ہندوؤں کی اُس اعلےٰ تہذیب کا پالنا تھا جو رفتہ رفتہ مغرب میں اتھیوپیا۔ ایجیپٹ (مصر) اور فینشیا تک پھیلی۔ مشرق میں سیام چین اور جاپان تک۔ جنوب میں سیلون (لنکا) جاوا اور سوماٹرا تک۔ اور شمال میں ایران۔ کیلڈیہ اور کولچس تک پھیلی اور وہاں سے یونان۔ روم اور آخرکار شمال کے آخری سرے کے دور دراز ملکوں تک پہونچی"۔ (صفحہ ۱۶۸)۔

(۷) ڈلبوس (Monsieur Delbos) صاحب کہ وہ بھی فرانسیسی ہیں (اور فرانسیسی وِدوان اکثر اُن تعصبات سے پاک ہیں کہ جو انگریز لوگ حاکم اور محکوم کے خیالوں سے ہندوستانیوں کی نسبت رکھتے ہیں) کہتے ہیں کہ "اُس تہذیب کا اثر جو ہزاروں برس ہوئے ہندوستان میں رچی گئی ہماری زندگی میں ہر روز ہمارے چاروں طرف دکھائی دیتا

دیتا ہے۔ وہ تہذیب دُنیا کے ہر گوشہ میں ویاپک ہے۔ امریکہ میں جاؤ چاہے یوروپ میں جاؤ اُس تہذیب کا اثر جو اصل میں گنگا کے کنارے سے آئی تم کو ہر جگہ نظر آئیگا[۹۵] +

پس اگر فرنگیوں کے کہنے پر ہی جانا ہے تو اب تو فرنگی بھی یہ ہی کہتے ہیں کہ ہندو ہندوستان میں کہیں باہر سے اُٹھ کر نہیں آئے بلکہ ہندوستان میں سے ہی اُٹھ کر باہر پھیلے اور جہاں جہاں گئے اپنی تہذیب سے دنیا کو مہذب کرتے چلے گئے + اسی لئے منو نے پُکار کر کہا کہ "سدآچار وہی ہے جو اس دیش (برھماورت[۹۶]) میں پرم پرا سے

---

[۹۵] ونسنٹ سمتھ صاحب سی آئی ای نے جو انڈین سول سروس کے ایک برگذیدہ ممبر تھے ایک کتاب تاریخ ہند پر حال میں ہی لکھی ہے۔ اس کا پہلا ایڈیشن ۱۹۲۰ء میں اور دوسرا ۱۹۲۳ء میں نکلا ہے۔ اور اس کتاب میں انہوں نے اس بحث کو اُڑا ہی دیا ہے کیونکہ اُن کے نزدیک اس بحث سے اب تک کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا ہے + مگر ہمارے خیال میں انہوں نے اس بحث کو یوں اُڑا دیا کہ اب اُن کو اس کا نتیجہ اپنے خلاف جاتا دیکھتا تھا +

[۹۶] منو نے دیسوں کی تقسیم اس طرح کی ہے :-

(۱) سرسوتی اور درشدوتی (حالیہ گھگر) کے بیچ میں جو دیس ہے وہ برھماورت ہے + (منو نے اس دیس کو دیو نرمیت یعنی دیوتاؤں سے رچا ہوا دیس کہا ہے) +

(۲) کورو کشیتر اور متسیہ۔ پنچال اور شورسین کے دیس جو برھماورت سے متصل ہیں برھم رشی دیس کہلاتے ہیں +

(۳) ہمالہ اور بندھیاچل کے بیچ میں ونشن (دہانہ سرسوتی) سے پورب اور پریاگ سے پچھم کی طرف جو دیس ہے وہ مدھیہ دیس ہے +

(۴) شمالاً جنوباً ہمالہ اور بندھیاچل کے بیچ میں اور شرقاً غرباً مشرقی سمندر اور مغربی سمندر کے بیچ میں جو دیس ہے یعنی تمام شمالی ہندوستان وہ آریاورت ہے +

(دیکھو منو کا دھرم شاستر۔ ادھیائے ۲۔ شلوک ۱۸ تا ۲۲) +

سے چلا آیا ہے اور چاہیئے کہ اس دیس کے پیدا ہوئے براھمنوں سے پرتھوی کے سارے منشیہ اپنے اپنے کرموں کی سیکشا گرہن کریں" (ادھیائے ۲۔ شلوک ۱۸) ٭ اور پھر ہمارا یہ اتہاس تو ہندوؤں کی کوئی ابتدا کا اتہاس نہیں ہے۔ جو اس پر یہ سوال اُٹھایا جاوے کہ ہندو ابتدا سے ہندوستان میں ہی رہتے آئے ہیں یا ابتدا میں کہیں باہر سے اُٹھ کر یہاں آئے ہیں۔ بلکہ یہ اتہاس تو صرف اُس آخری طوفان سے شروع ہوتا ہے جو یہاں ہندوستان میں رہتے ہوئے اُن کے اوپر نازل ہوا اور جس کے فرو ہو جانے کے بعد اُنہوں نے ہوش سنبھالا اور پھر نئے سرے سے یہاں کا راج کاج سمیٹا ٭ اسی لئے ہم نے اس اتہاس کے آرمبھ کو اب سے چودہ پندرہ ہزار برس پہلے قرار دیا ہے ورنہ ہندوؤں کی ابتدا کا اتہاس تو سرشٹی کی ابتدا سے ملا ہوا ہے اور وید جو نہ صرف ہندوؤں کی بلکہ دنیا کی تمام قوموں کی سب سے پُرانی کتاب ہے اس کا پتہ دیتا ہے ٭

وید اور زند اَوستا

وید کے بعد اگر کوئی اور کتاب دنیا میں سب سے پُرانی ہے تو وہ پارسیوں کی زند اَوستا ہے ٭ مگر زند اَوستا بھی چھند اَوستھا یعنی وید کی ہی ایک اوستھا ہے کیونکہ پارسی لوگ خود اِنڈو ایرین یعنی ہندوستان کی ہی آریا جاتی کی ایک شاخ ہیں جو کسی زمانہ قدیم میں ہندوستان سے نکل کر اُس دیس میں آباد ہوئے جو اُن

کے ایرین نام پر ایران کہلایا[۹۵] اور جس کے ایک صوبہ پارس کے نام پر یہ اب پارسی کہلاتے ہیں + ہندوستان سے جاتے وقت ظاہر ہے کہ وہ یہاں کی زبان (سنسکرت) اور یہاں کا مذہب (ویدک) اپنے ساتھ لیتے گئے۔ اور اگرچہ ہزاروں برس گذر جانے کے بعد اُس زبان اور اُس مذہب میں بہت کچھ فرق پڑ گیا مگر اُس کی اصلیت گُم نہیں ہوئی۔ چنانچہ زبان کی بابتہ سر ولیم جونز (Sir William Jones) صاحب کہتے ہیں کہ "میں یہ دیکھ کر بڑا حیران ہوا کہ پیرون (Perron) صاحب نے جو زند کی ڈکشنری مرتب کی ہے اُس میں دس لفظوں میں سے چھ یا سات خالص سنسکرت ہیں"+ اور صرف یہ ہی نہیں بلکہ وید کی سنسکرت اور اوستا کی زند دونوں چھند یعنی نظم میں ہیں اور ایک ہی شکل کی نظم میں ہیں۔ یعنی جس طرح کہ وید کے چھند زیادہ تر گیارہ گیارہ ماترا کے چار چار پاد والے (ترشٹُپ) اور آٹھ آٹھ ماترا کے چار چار پاد والے (انُشٹُپ) اور تین تین پاد والے (گایتری) ہیں اسی طرح اوستا کے چھند ہیں + مذہب کے بارے میں بھی ان دونوں کے اکثر دیوتاؤں کے نام ایک ہی ہیں

---

۹۵ ایران کا بادشاہ دارا جسکو شکست دے کر سکندر اعظم نے ایران کا ملک فتح کیا تھا کہتا تھا کہ میں آژیہ ہوں اور آریوں کی اولاد سے ہوں کیونکہ اس کے پردادا کا نام آریارمین (آژیہ ارئین) تھا + آرین کیلئے دیکھو گیتا ۱۰/۲۹ +

اگرچہ اُن کے بھاو میں آپس کی کشمکش کے باعث بہت کچھ بھید پڑگیا ہے ۔ چنانچہ وید کا مِتر (سورج) اوستا کا مِثر ہے ۔ یَم یِم ہے اور یِم کا باپ وِوسّوت یِم کا باپ وِوھونت ہے ۔ سوم ہوم ہے ۔ گندھرو گندریو ہے اور وِرِتر ہَن (اِندر) وِرِتر گھن ہے ۔

ہاگ[۹] صاحب نے ایک کتاب پارسیوں کے مذہب پر لکھی ہے اور اُس میں اُنہوں نے بھی یہ ہی لکھا ہے کہ ویدوں سے اور زنداوستا کے پُرانے بھاگوں سے جو گاتھا[۱۰] کہلاتے ہیں ظاہر ہوتا ہے کہ پارسیوں کا مت برہمنی مت سے نکلا ہے اور ساتھ ہی ان سے اُس زمانہ پر بھی کچھ روشنی پڑتی ہے جبکہ وہ بڑی مذہبی کشمکش شروع ہوئی جس کی وجہ سے قدیم ایرانی انجام براھمنوں سے بالکل الگ ہوگئے اور

---

[۹] ان صاحب کا پورا نام ڈاکٹر مارٹن ہاگ (Doctor Martin Haug) ہے ۔ اور انکی کتاب کا نام ریلجن اوف دی پارسیز (Religion of the Parsees) یعنی پارسیوں کا مذہب ہے ۔

[۱۰] گاتھا خود سنسکرت کا لفظ ہے اور اویدک دھارمک پد کے ارتھ میں آتا ہے چنانچہ بدھوں کے تری پٹک کے گرنتھوں میں سے دو گرنتھ تھیرا گاتھا اور تھیری گاتھا یعنی بھیکوؤں کے پد اور بھیکونیوں کے پد کہلاتے ہیں ۔ گاتھا آریا چھند کو بھی کہتے ہیں ۔

زرتشت کے مذہب کی بنیاد پڑی ۔ ہاگ صاحب کا خیال ہے کہ یہ کشمکش اُس وقت واقع ہوئی ہوگی جبکہ اِندر ابھی براھمنوں کا مکھیہ دیوتا تھا ۔ اور یہ زمانہ ظاہر ہے کہ ویدک زمانہ تھا ۔

چنانچہ اس کشمکش میں اول تو ویدک رشی سمجھاتے رہے کہ "جسکے وشے میں لوگ پوچھتے ہیں کہ وہ کہاں ہے اور کہتے ہیں کہ وہ نہیں ہے وہ ایسے لوگوں کے ہے اور وہ اِندر ہے" (دیکھو رگوید منڈل ۲ ۔ سوکت ۱۲ ۔ اور خاص کر اُس کا منتر ۵) ۔ اور جب لوگ نہ مانے اور الگ ہی ہو گئے تو اُنہوں نے کہدیا کہ "اے اِندر وہ تیرے نہیں ہیں جو ہم سے اَیکت (الگ) ہو گئے ہیں" (رگوید ۵-۳۳-۳) ۔ اور جو دُکھ کہ رشیوں کو اس بات سے ہوا ہوگا اُس کی دُھنی مانو رگوید کے اس منتر میں گونج رہی ہے

۱؎ زرتشت کا اصلی نام زند میں زدت اُشتر ہے اور یہ شاید سنسکرت کے شبد جرت اُشتر یعنی بُڈھے اونٹ کی بگڑی ہوئی شکل ہے ۔ اور یہ نام اسی طرح پڑ گیا ہوگا جس طرح شویت اَشوتر (سفید خچر) آدک نام ہندو رشیوں کے پڑ گئے ہیں ۔ حالیہ فارسی میں اسی اُشتر کا شُتر بن گیا ہے ۔

سنسکرت کے نہ جاننے والے زرتشت کی وجہ تسمیہ یوں قرار دیتے ہیں ۔ کہ یہ شخص زر یعنی روپیہ پیسہ کو دشت (سنسکرت دُشٹ) یعنی بُرا سمجھتا تھا ۔ اور اس لئے زردشت کہلاتا تھا ۔

زرتشت کا مفصل حال ہم نے آگے اس گرنتھ کے بھاگ (۴) کے ادھیائے (۸) میں تاریخ ایران کے سلسلہ میں دیا ہے ۔ اُس کو دیکھنا چاہئے ۔

کہ "اے اِندر اِن بھرت[۱۱۲] کے پُتروں نے جُدائی کو جانا۔ ایکتا کو نہ جانا" (۳-۵۳-۲۴) ۔ اُدھر اُن لوگوں نے پہلے تو وِرِثر گھن (وِرِتر ہَن = اِندر) کو دُشمنیہ ٹھیرا کر اُس کی جگہ اَہُرمزد (اَسُرہت) کو اپنا دیوتا مانا اور پھر جب زرتشت نے پیدا ہو کر اس مت کو باقاعدہ طور پر ایک نئے سانچے میں ڈھالا تو اُس نے اَوستا (یَسن ۱۲) میں پُکار کر کہدیا کہ "میں اب دیو اُپاسک نہیں رہا۔ میں زردشت کا پیرو اور مزدیسن (اہُرمزد کا اُپاسک) ہوں۔ دیووں کا دشمن اور اہُر کا بھگت ہوں" ۔

اس واد وِوادمیں ہندوؤں کے دیو (دیوتا) ایرانیوں کے دیو (جِنّ) ہو گئے اور ایرانیوں کا اَہُر ہندوؤں کا اَسُر[۱۱۳] ارتھات سُر (یعنی دیو)

---

[۱۱۲] یہاں بھرت سے ظاہر ہے کہ شکنتلا کا بیٹا بھرت مُراد نہیں ہے بلکہ وہ بھرت مُراد ہے جو سب سے پہلے منو [ارتھات سویمبھو (برھما) کے بیٹے سوایمبھو منو] کے پُتر پریہ ورت کے بنس میں رِکھبھ دیو کا بیٹا تھا اور جس کے نام پر ہندوستان کا نام بھارت ورش پڑا (دیکھو شریمد بھاگوت - اسکندھ ۵ - ادھیائے ۴ کا شلوک ۹ اور ادھیائے ۷ کا شلوک ۳) ۔

[۱۱۳] واضح ہو کہ اَسُر کا شبد وید میں پہلے دیوتا کے ارتھ میں ہی آتا تھا چنانچہ رگوید (۱-۱۳۱-۳) میں وَرُن دیوتا کو اَسُر ہی کہا گیا ہے۔ اور ۳-۵۵-۱ اور ۱۰-۵۵-۲ میں دیوتاؤں کے تہت اَسُرتو اُم ارتھات جہاں دیوبل کا ذکر کیا گیا ہے۔ مگر جب اَوستا والوں نے اپنے اُپاسیہ کا نام اَسُرہت رکھا جو بدیں بگڑ کر اہُرمزد ہو گیا تو وید والوں نے اَسُر کا پد چھیدا۔ سُر کر کر اُس کے ارتھ کو سُرلیعنی دیوتا کے مُنافی دُشمنیہ میں پلٹ دیا۔ اَہُر یا اَہُرمزد اَدیکت نِراکار پرماتما کا دیکت ساکار روپ تھا اور اس روپ میں وہ ہندو تری مُورتی کے برھما کے سمان داتار (سرشٹا) تھا۔ باقی دو انگ جو وشنو اور شِو کی جگہ تھے یہومان۔ اور آش (جو شاید سنسکرت کی اَش دھاتو سے کھانے والے یا سنگھار کرنے والے کا واچک ہے) کہلاتے تھے ۔

اَہُرمزد کے لغوی معنی جو زند میں آتے ہیں اُنکے لئے دیکھو پیچھے ادھیائے (۲) کا نوٹ[۹۲] ۔

کا منافی دئیتیہ ہوگیا + مگر اگنی کی اُپاسنا ہندوؤں اور ایرانیوں دونوں میں قائم رہی اور دونوں نے اپنا نام آریہ قایم رکھ کر اپنے اپنے دیسوں کو اِدہر آریاوژت کا اور اُدھر آریانہ = اریانہ = ایران کا نام دیا +

اَوستا کے ساتھ اِن قدیم ایرانیوں یعنی پارسیوں کی ایک اور کتاب ہے جس کا نام بندیداد ہے اور جس کا سمبندھ اَوستا سے قریب قریب ایسا ہی ہے جیساکہ وید کے منتر بھاگ کے ساتھ اُس کے براھمن بھاگ کا ہے + اس کے پہلے فرگرد یعنی پہلی فصل میں سولہ مُلکوں کے نام آئے ہیں جن کو اَہُرمزد کہتا ہے کہ میں ایک کے بعد ایک بناتا رہا ہوں مگر جن کو اَنگرمینیو (شیطان) اُجاڑتا رہا ہے + اِن مُلکوں میں پہلا مُلک ایرین بیجو ہے اور پندرھواں مُلک ہپت ہندو اور سولھواں رنگھا ہے + ان ملکوں میں سے پہلے مُلک ایرین بیجو میں لفظ بیجو کا ارتھ بیج کرکر اور ایرین بیجو کا ارتھ آریاؤں کا بیج یا آریاؤں کا ماخذ کر کر فرنگی وِدوان ایرین بیجو سے ایران اور لوکمانیہ تِلک اُس سے قطب شمالی سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آریا ہندو ہندوستان میں ایران یا قطب شمالی سے سگدھ (سوگڈیانہ یا سمرقند) - مئورو (مرجیانہ یا مرو) - باکھدھی (باختر یا بلخ) وغیرہ ملکوں میں سے (جن کے نام ایرین بیجو اور ہپت ہندو کے مابین لکھے ہوئے ہیں) ہوتے ہوئے

ہپٹ ہندو[۱۲۷] (سپٹ سندھو) یعنی پنجاب (واقع ہندوستان) میں آئے +

مگر اگر ایسا ہوتا تو اوستا سے وید - زند سے سنسکرت اور پارسیوں سے ہندو بنے ہوتے - لیکن معاملہ اس کے برعکس ہے جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے + پس ویدک ہندو ایرین بیجو سے ہپٹ ہندو (ہندوستان) میں نہیں آئے بلکہ ہپٹ ہندو سے ایرین بیجو میں گئے - اور ایرین بیجو آریاؤں کا بیج نہیں بلکہ آریاؤں کی بچے ہے جو آریا ہندوؤں کی اُس شاخ کو جو ہندوستان سے نکلی اور ان تمام ملکوں میں سے گذری آخرکار ایران میں (یا قطب شمالی میں) پراپت ہوئی + ملکوں کا شمار بندیداد میں اگر سلسلہ وار ہے اور جغرافیہ کی بجائے تاریخ کا بیان ہے تو شروع سے آخر کو نہیں ہے بلکہ آخری منزل سے جہاں یہ انجام کار پہونچے پہلی منزل کو ہے جہاں سے یہ

---

[۱۲۷] دیکھو یہاں سندھو سے بنا ہوا ہندو کا لفظ پارسیوں کی کتاب میں جو وید کے بعد دُنیا میں سب سے پُرانی کتاب ہے آیا ہوا ہے - پس ہندو کا نام کوئی نیا نہیں ہے جیسا کہ بعض صاحبان خیال کرتے ہیں بلکہ بہت پُرانا ہے جو زمانہ کے لحاظ سے ویدک کال سے ملتا ہوا ہے +

سپٹ سندھو کا لفظ وید میں کئی جگہ مثلاً رگوید ۱-۳۲-۱۲ میں آیا ہے اور اسی سپٹ سندھو کا بگڑ کر زند اوستا میں ہپٹ ہندو ہوگیا ہے +

شروع میں روانہ ہوئے - چنانچہ خود میکس مولر صاحب جو اس خیال کے حامی ہیں کہ ہندو آریا سنٹرل ایشیا سے ہندوستان میں آئے ایرانیوں کے وشے میں یوں تحریر فرماتے ہیں کہ زرتشت کے ماننے والے (ایرانی) ہندوستان سے ہی نکل کر شمال مغرب کی طرف روانہ ہوئے اور وہ شمالی ہندوستان کی ہی ایک نئی بستی تھے (دیکھو کتاب سائنس اوف لینگوج (علم اللسان) مصنفہ میکس مولر صاحب صفحہ ۲۴۲-۲۵۳) + اور دوسرے وِدوانوں کے بچار جو اس بارے میں ہیں کہ ہندو ہندوستان سے اُٹھ کر ایک ایران میں ہی کیا بلکہ دُنیا کے تمام ملکوں میں پھیلے اور اپنی تہذیب کو پھیلاتے چلے گئے وہ ہم پہلے ہی تفصیل کے ساتھ لکھ آئے ہیں +

آریہ اور دسیو اور اُنکی باہمی کشمکش

آریہ جاتی کے سوائے اس کال میں کچھ لوگ انارِیہ جاتی کے بھی ہندوستان میں آباد تھے اور اُن کو یہ آریہ[۵۱] لوگ

[۵۱] یاسک نے اپنے نِرکت میں آریہ کو ایشور کی ایک صفت بلکہ خود ایشور ہی مانا ہے (۵-۹)- اور آریہ کو ایشور پُتر ٹھیرایا ہے (۶-۲۶) + مہابھارت میں آریہ کے لکشن ایک مقام پر یہ بتائے گئے ہیں :-

(جو) شانت ہو - تپسوی ہو - اور دانت ہو - ستیہ وادی اور جیتیندری ہو + داتا ہو - دیالو ہو اور نمر ہو + (وہ) آریہ ہووے (اِن) آٹھ گُنوں سے +

دسیو یا داس[۱] کہتے تھے۔ ان لوگوں سے آریوں کی اکثر لڑائیاں رہتی تھیں اور وید منتروں میں ان لڑائیوں کا ذکر آتا ہے۔ مثلاً رگوید ۱۰-۲۲-۸ میں آیا ہے کہ "دسیو کرم ہین ہیں۔ وہ کسی کو نہیں مانتے۔ اُن کے ورت اور ہی ہیں۔ وہ منشیہ ہی نہیں ہیں۔ اے شتروؤں کے مارنے والے (اِندر) تو اِن داسوں کو مار"۔ اور ۱۰-۴۹-۳ میں آیا ہے کہ "میں نے (یعنی اِندر نے) اَتک کو کوی کے لئے مارا۔ میں نے کُتس کی رکھشا کی اور شُشن کو مارا۔ میں نے دسیو کا نام آریہ ہر لیا"۔ ۱۰-۸۳-۳ میں آیا کہ "اے اِندر دیو آپ ایسی کرپا کریں کہ ہمارے شتروں۔ چاہے وہ داس ہوں چاہے آریہ بیدھ میں ہم سے آسانی سے جیتے جا سکیں"۔ ۱-۵۱-۸ میں آیا کہ "(اے اِندر) تو آریہ اور دسیو کو پہچان اور ورت ہین (دسیو)

[۱] دسیو اور داس یہ دونوں لفظ دس دھاتو سے ڈسنے والے کے ارتھ میں بنے ہیں۔ جو بعد میں اسی ارتھ کے انوسار ناگ اور سانپ کے واچک ہوئے (ڈانس جو ایک بڑے مچھر کی قسم ہے اُس کا نام بھی اصل میں اسی دھاتو سے داس ہی ہے) پھر یہ ہی داس سیوک یا غلام کے معنی دینے لگا۔

منوسمرتی میں ادھیائے ۱۰ کے شلوک ۴۵ میں دسیو کی تعریف یوں کی گئی ہے کہ "براہمن۔ کشتری۔ ویشیہ اور شودر سے باہر جو جاتیاں ہیں وہ سب چاہے ملیچھ بھاشا بولتی ہوں چاہے آریہ بھاشا دسیو کہلاتی ہیں"۔ مثال کے لئے دیکھو ادھیائے ۱۰ کی بنسا ولی میں ترشٹ دسیو کا حال۔

کو تجمان (آذیہ) کے بس میں کر" اور ۱۰-۸۶-۱۹ میں آیا کہ "میں (اِندر) یہ دیکھ رہا ہوں کہ کون داس ہے اور کون آذیہ ہے" + اس پرکار سے دسیّو اور داس لوگوں کے خلاف انیک منتر ویدمیں پائے جاتے ہیں اور ان سے وِدت ہوتا ہے کہ ویدک کال میں آریوں کا جیون لڑائی بھڑائی سے خالی نہ تھا +

رنگ روپ کے اعتبار سے دسیّو اور داس کالے بیان کئے گئے ہیں - چنانچہ ۲-۲۰-۷ میں داس کو کرشن یونی ارتھات کالی جُون کا اور ۴-۱۶-۱۳ میں دسیّو کو کرشن ارتھات کالے رنگ کا بیان کیا گیا ہے + اور معلوم ہوتا ہے کہ کبھی کبھی ویدک آریا اَویدک آریاؤں کو بھی استعارہ سے کالا کہہ دیتے تھے اور شاید اسی کے جواب میں زردشت نے گاتھا اشٹ وتی میں یہ کہا ہے کہ "اے زندہ خدا - میں تجھ سے پوچھتا ہوں - سچ بتا کہ دھرماتما کون ہے اور اَدھرمی کون ہے - کس کا دِل کالا ہے اور کس کا روشن - کیا اُس اَدھرمی کو کالا کہنا ٹھیک نہیں ہے جو مجھ پر اور تجھ پر آکشیپ کرتا ہے" + کبھی کبھی آریا لوگ آپس میں بھی لڑتے تھے اور کئی کئی راجا مل کر ایک طرف ہو جاتے تھے اور دسیّو لوگوں سے بھی مدد لیتے تھے - چنانچہ ایک سُوکت (۷-۸۳) میں رشی وسِشٹھ کہتے ہیں کہ :-

(۱) اے اِندر اور وَرُن - لوگ آپ کا دھیان کرتے ہوئے

پشوؤں کے لئے پُورب کی دِشا میں گئے۔ آپ نے شتّرووؤں کو مارا۔ چاہے وہ داس تھے۔ چاہے آرِیہ۔ اور (راجا) سُداس[۱] کی رکھشا کی +

(۲) جہاں لوگوں نے دھوَج (جھنڈے) کھڑے کئے ہوئے تھے۔ جہاں لڑائی ہو رہی تھی اور کوئی سہایتا نہیں تھی۔ جہاں اُنت میں لوگ بھے سے آکاش کی اور دیکھتے تھے۔ وہاں اے اِندر اور وُرن آپ نے اپنی بانی سے ہمارا دل بڑھایا +

(۳) اے اِندر اور وُرن۔ دھوُر کے مارے بھوُمی کے اُنت دکھائی دینے سے رہ گئے تھے۔ گھوش (شور) آکاش تک پہنچ گیا تھا۔ شتّرو کی سینا چلی آرہی تھی۔ آپ نے ہماری پرارتھنا سُنی اور سہایتا کی +

(۴) اے اِندر اور وُرن۔ آپ نے بھید کو مار دیا اور سُداس کو بچالیا۔ میری ترتسوؤں کی پرو ہتائی سپھل ہوگئی۔ آپ نے یُدّھ میں اُن کی پرارتھنا سُن لی +

(۶) اے اِندر اور وُرن (سُداس اور اُس کے سہایک ترتسوؤں نے) دونوں نے اُس لڑائی میں آپ کی شرن لی تھی جس میں دس راجاؤں سے دبائے ہوئے سُداس کی آپ نے رکھشا

---

[۱] یہ سُداس کون تھا اور کون نہیں تھا اسکا مفصل ذکر ہم نیچے ادھیائے (۳) کے شروع میں صفحہ ۸۰۰ پر دشواستر کے پرسنگ میں کر آئے ہیں +

کی تھی ۔

(۷) اے اِندر اور وُرن - دس راجا مل کر بھی سُداس سے نہیں لڑ سکے کیونکہ وہ یگیہ نہیں کرتے تھے ۔ یگیہ کرنے والوں کی استُتیاں شبیہ ہوگئیں۔ سارے دیوتا اُن کے یگیہ میں آگئے ۔

مگر ان منتروں سے کیول لڑائی جھگڑوں کا ہی حال معلوم نہیں ہوتا ہے بلکہ اُس کال کی دھنُربِدیا کا بھی کچھ حال معلوم ہوتا ہے ۔ مثلاً منڈل ۶ کے آخری سُوکت (۷۵) سے معلوم ہوتا ہے کہ ان لڑائیوں میں ویدک آریا دھنُش (کمان) - اِشو (تیر) - اِشودھی (ترکش) اور کئی قسم کے بان (استر) اور طرح طرح کے آیُدھ (شستر) استعمال کرتے تھے اور اپنی حفاظت کے لئے وَرمن (زرہ بکتر) پہنتے تھے - رتھ اور سارتھی (رتھبان) - اَشو اور واجی (گھوڑے) اُن کے ساتھ ہوتے تھے اور اُن کے تیر سوپَرن (پردار) اور ایومکھ (لوہے کے مُنہ والے) ہوتے تھے ۔

لوہے کا استعمال

اس سُوکت میں ایو یعنی اَیس بمعنی لوہے کا شدید خاص توجہ کے قابل ہے ۔ فرنگی وِدوان اپنی تحقیقات سے اس نتیجہ پر پہونچے ہیں کہ مسیح سے پانچ ہزار برس پہلے انسان دھاتوں سے واقف نہیں تھا۔ اُس کے اوزار اور ہتھیار اور بھانڈے اور برتن سب پتھر کے ہوتے تھے اور جب انسان ترقی کرتے کرتے اس درجہ پر پہونچا کہ اُس کو دھاتوں کی خبر ہوئی تو پہلے اُس

نے کانسے پیتل سے کام لیا اور پھر جب ترقی کے میدان میں اور آگے بڑھا تب لوہے سے آشنا ہوا + انسان کی ترقی کے اِن تین زمانوں کو یہ وِدوان پتھر اور پیتل اور لوہے کے زمانے کہتے ہیں - اور جب پتھر کا زمانہ ہی ان کے نزدیک مسیح سے کوئی پانچ ہزار برس پہلے ہوا تو لوہے کا زمانہ تو اُنکے نزدیک مسیح سے کوئی ایک ہزار برس پہلے ہی ہوا ہوگا + اس لئے جب یہ وِدوان وید میں آئیس یعنی لوہے کا ذکر دیکھتے ہیں تو چکراتے ہیں کیونکہ ویدک کال جس کو ہم نے تو خیراب سے چودہ ہزار برس پہلے سے گیارہ ہزار برس پہلے تک مانا ہے ان وِدوانوں کے نزدیک بھی مسیح سے کم سے کم دو ہزار برس پہلے شروع ہوتا ہے + چنانچہ رومیش چندر دت جی فرنگیوں کے اعتبار پر اس کو مسیح سے دو ہزار برس پہلے ہی مانتے ہیں - اگرچہ لوکمانیہ تلک نے اپنی کتاب اوراین میں ویدک کال کو مسیح سے پانچ ہزار برس پہلے تک اور اپنی دوسری کتاب آرکٹک ہوم میں اس کو مسیح سے آٹھ ہزار برس پہلے تک لے جانے کا حوصلہ کیا ہے - (دیکھو دیباچہ کتاب آرکٹک ہوم) + پروفیسر میکڈونل (Prof: Macdonell) صاحب نے جب یہ آئیس کا شبد رگوید میں دیکھا تو اُن کو اِن ہی خیالات سے اس کو لوہے کا واچک مانتے ہیں پس وپیش ہوا اور اُنہوں نے اپنی کتاب تاریخ سنسکرت لٹریچر میں درج فرمایا کہ چاندی اور لوہے کا آپس میں ایک خاص تعلق ہے کیونکہ یہ دونوں

دھاتیں قدرتی طور پر ایک ہی پتھر میں ملی جُلی ملتی ہیں۔ ویدمیں چاندی کا ذکر کہیں نہیں ہے اس لئے اَیَس کا ارتھ لوہا نہیں بلکہ وہی پیتل (انگریزی برونز = فارسی برنج) ہے جس سے پتھر کے جُگ کے بعد انسان کی ترقی کا دوسرا جُگ شروع ہوا۔ مگر پتھر۔ پیتل اور لوہے کے یہ جُگ یوروپ کی تہذیب کے جُگ ہیں اور یہ ضرور نہیں کہ اور ملکوں کی تہذیب کے جُگ بھی زمانہ کے لحاظ سے یوروپ کے ہی جُگوں کے مطابق ہوں۔ چنانچہ یوروپ ابھی پتھر کے ہی جُگ میں تھا کہ مصر لوہے کے جُگ سے بھی نکل کر تہذیب کے ایک اعلےٰ درجہ پر پہونچ چکا تھا اور تھورنٹن (Thornton) صاحب اپنی کتاب ہسٹری اوف انڈیا (تاریخ ہندوستان) میں لکھتے ہیں کہ "مصر کے مینارے ابھی دریائے نیل کے کنارے کھڑے بھی نہیں ہوئے تھے اور یونان اور اٹلی میں جو حالیہ تہذیب کے گہوارے ہیں ابھی جنگل کے جانور ہی بستے تھے کہ ہندوستان دولت اور ثروت کا استھان بن چکا تھا"۔ پس ویدک کال میں جو مسیح سے چودہ ہزار برس پہلے سے گیارہ ہزار برس پہلے تک کا زمانہ ہے لوہے کا استعمال ہندوستان میں ہونا کچھ تعجب کی بات نہیں ہے اگر میکڈونل صاحب کی دلیل کو مانیں تو پیتل بھی تانبے اور ٹین سے مل کر بنتا ہے اور ویدمیں ٹین کا ذکر کہیں نہیں ہے تو اَیَس پیتل بھی نہیں رہا۔ پھر اسی سُوکت (۶-۷۵) کے منتروں

میں درمن یعنی زرہ بکتر کا شبد آیا ہے تو کیا زرہ بکتر بھی لوہے کے سوائے کسی اور دھات کے بنتے تھے + اور میکڈونل صاحب بھول گئے کہ وہ خود اپنی کتاب کے صفحہ ۱۵۱ پر یہ مضمون لکھنے سے پہلے صفحہ ۸۴ پر رگوید (۱- ۱۱۶ - ۱۵) میں آئے ہوئے آیسی جنگھا کا ترجمہ لوہے کی ٹانگ کرکر وید کا لوہا مان چکے ہیں + (مزید حالات کے لئے آگے زراعت کا بیان دیکھو +)۔

ویدک سبھیتا فلسفہ کی سبھیتا تھی

مگر وید کی سبھیتا لوہے کی سبھیتا سے بھی کہیں آگے بڑھی ہوئی تھی + وہ فلسفہ کی سبھیتا تھی (جیسا کہ ہم ابھی دکھاتے ہیں) اور "فلسفہ والے" بقول میکس مولر صاحب "اسوقت پیدا ہوتے ہیں جب انتظام سلطنت قایم ہوچکتا ہے۔ جب دولت حاصل ہوچکتی ہے۔ جب مدرسے اور یونیورسٹیاں قایم ہوچکتی ہیں اور جب اُن علمی مشاغل کے لئے مذاق پیدا ہوچکتا ہے جو تہذیب کی سب سے زیادہ ترقی کی حالت میں بھی مستعد قوموں کے ہی صرف ایک خفیف حصہ تک محدود رہنے لازم ہیں"۔ [دیکھو کتاب انیشینٹ سنسکرت لٹریچر (پرانی سنسکرت ودیا) مصنفہ میکس مولر صاحب صفحہ ۵۶۴] +

اس سبھیتا کے لکشن

اس سبھیتا کے لکشن ہم کو خود وید سے ہی دکھائی دیتے ہیں اور ہم اُن کو نیچے بیان کرتے ہیں + مگر واضح ہو کہ یہ لکشن کیول اُدیش ماتر ہیں یعنی مشتے نمونہ از خروارے ہیں کیونکہ وید کا وِشے

سنجیتا کا برنن نہیں ہے + اُس کا وِشے تو پرماتما ہے جو فلسفہ کا وِشے ہے اور لوکِک ہے جو اس لوک سے چیداں تعلق نہیں رکھتا ہے - ہاں اس کے برنن میں کہیں کہیں کچھ جھلک لوکِک سنجیتا کی بھی مارتی ہے اور اس جھلک سے ہی جو لکشن جھلکتے ہیں اُن کو ہم یہاں جھلکاتے ہیں (اور یاد رہے کہ یہ سب جھلک کیول ایک رگوید کی ہی جھلک ہے) اور سب سے پہلے ہم اس وید کی فلسفہ کو ہی لیتے ہیں +

فلسفہ

وید کے مت اور اُس کی فلسفہ کے بارے میں ہم اس گرنتھ کے چھٹے بھاگ میں سنسکرت لٹریچر کے سلسلہ میں مفصل بحث چھیڑیں گے + یہاں صرف خلاصہ کے طور پر لکھتے ہیں کہ وید کا مت یہ ہے کہ "ایکم ست - وپرا بہودھا وَدنتی" رگوید - ۱ - ۱۶۴ - ۴۶) + ارتھات ایک ہے ذات حقیقی - وِدوان انیک پرکار سے اُس کا برنن کرتے ہیں + اور اُس کی فلسفہ یہ ہے کہ "آنیت اواتم سودھیا تدایکم" (رگوید ۱۰ - ۱۲۹ - ۲) + ارتھات "سانس لے رہا تھا بنا وایو کے اپنی شکتی سے وہ ایک + اور اس مت اور اس فلسفہ سے بڑھ کر کوئی مت اور کوئی فلسفہ اس وقت تک پیدا نہیں ہوئی ہے + چنانچہ میکس مولر صاحب ایک غیر مذہب کے پیرو ہوتے ہوئے بھی اپنی کتاب ہندو فلسفہ کے چھ سسٹم (چیپٹر ۲ صفحہ ۴۳ تا ۶۸) میں ان منتروں کی سمالوچنا بدین خلاصہ کرتے ہیں :-

"ایکم ست نے اُس ایک ذات کو ساکار اور سگن ایشور

مانا اور اُس کو کُل مخلوق کا خالق - ساری سرشٹی کا سرشٹا - پرجاپتی ٹھیرایا - اور یہ خیال مذہب میں مونوتھی ازم (Monotheism) یعنی وحدانیت پر پہونچا + آتمیت اواتم نے اُس ایک ذات کو اصل میں نراکار اور نرگن برہم مانا اور یہ خیال مونوتھی ازم یعنی وحدانیت سے بھی بڑھ کر فلسفہ میں مونزم (Monism) یعنی ادوئیت کے درجہ پر جا پہونچا + اور وحدانیت کا یہ درجہ جہاں خالق اور مخلوق - سرشٹا اور سرشٹی - پرجا اور پتی کی دوئی بھی نہیں رہی اور جہاں تذکیر اور تانیث سے پاک اور اوصاف سے صاف نذالکم کے سوائے اور کچھ نہیں رہا ایک ایسا اعلےٰ اور بالا خیال ہے جس کی تہ کو اسکندریا کے بعض عیسائی تو پہلے کچھ پہونچے لیکن جو آج کل کے بہت سے عیسائیوں کی پہونچ سے بھی باہر ہے" + اتی + مگر ویدکی فلسفہ اس سُوکت ۱۲۹ کی مُول سکشا پر ہی ختم ہوکر نہیں رہ گئی بلکہ اُس میں فلسفہ کی وہ باریک باتیں بھی موجود ہیں جن کو بعد میں اُپنشدوں نے اِس خوبی کے ساتھ بکھانا ہے کہ اِدھر اُن کے فارسی ترجمہ کو دیکھ کر شاہجہاں کے بیٹے اور اورنگ زیب کے بھائی دارا شکوہ نے اُن کو "اولین کُتب سماوی وسرچشمۂ تحقیق و بحرِ توحید و مطابقِ قُران مجید بلکہ تفسیرِ آن" - یعنی سب سے پہلی آسمانی کتاب اور تحقیق کا سرچشمہ اور توحید کا سمندر اور قُران کے مطابق بلکہ اُس کی تشریح قرار دیا - اور اِدھر جرمنی کے مشہور ومعروف فلسفہ دان شوپن ہور (Schopenhauer) نے

اُن کا لاطینی ترجمہ دیکھ کر اقرار کیا کہ "ان کے مطالعہ سے دماغ اُن تمام یہودی توہمات سے جو اُس میں پہلے بھر گئے تھے اور اُس تمام فلسفہ سے جو اُن توہمات کے سامنے جھکی جاتی ہے دُھل کر صاف ہوگیا + اصل اُپنکھد کا تو کچھ کہنا نہیں مگر اُس کے بعد اور کوئی مطالعہ ایسا مفید اور ایسا اعلےٰ نہیں ہے جیسا کہ یہ ترجمۂ اُپنکھد + یہ زندگی میں میری شانتی کا کارن ہوا ہے اور موت میں بھی مجھ کو اسی سے شانتی ملے گی" +

چنانچہ جیو آتما اور پرماتما کے بھید ابھید کے وشے میں جو دو پکشیوں کا درشٹانت شویت آشوتر اُپنشد (۴-۶) میں اور مُنڈک اُپنشد (۳-۱-۱) میں آیا ہے وہ رگوید کا منتر ۱-۱۶۴-۲۰ ہے + جیو کا امر ہونا مگر پُنرجنم دھارن کرنا اور پُنرجنم میں پُورو جنم کے کرموں کا پھل بھوگنا جو سانکھیہ درشن کا مت ہے رگوید کے منڈل (۱۰) کے سُوکت (۱۶) سے پرگٹ ہے + کٹھ اُپنشد کا شلوک ۲-۵-۱ اس وشے میں کہ یہ جو کچھ ہے سب برھم ہے رگوید کا منتر ۴-۴۰-۵ ہے + ویدانت کا مہا واکیہ اہم برھم رگوید کے منتر ۱۰-۱۲۹-۱ کا واکیہ ہے + اور مُکتی کا وشے جس کو یجروید (۳۱-۱۸) میں اتی مرتیو کہا گیا ہے اور جو اُپنشدوں کا اتیئت پُرشارتھ ہے رگوید کے منتر ۷-۵۹-۱۲ کی اس پرارتھنا سے جھلک رہا ہے کہ اے پرماتما مجھ کو مرتیو کے بندھن سے چھوڑا امرت

سے نہیں[۱۸]"+

اب میکس مولر صاحب کے اُس معیار سے جو ہم نے اوپر بیان کیا ہے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ جس ویدک کال میں یہ گہری فلسفہ پرچلت تھی اُس کال میں انتظام سلطنت - دولت و ثروت - علوم و فنون اور صنعت و حرفت کا کیا حال ہوگا - اور اس بات کو ثابت کرنے کے لئے ہمیں اس معیار کے بموجب کسی اور ثبوت کی ضرورت نہیں ہے + پھر بھی ہم چند باتیں جو ویدکے منتروں میں سے اس کی تائید میں ملتی ہیں نیچے لکھتے ہیں تاکہ کسی کو کوئی شک اس بارہ میں نہ رہے +

کبتا

پس پہلا ہی لکشن جو ویدک کال کی سبھیتا کا ویدوں میں جھلکتا ہے وہ اس کی کبتا ہے + وید کے منتر چھند[۱۹] میں ہیں یعنی نظم میں ہیں - اور نظم کا درجہ ہمیشہ نثر سے اعلےٰ ہے اور پھر یہ نظم بھی ایسی ہے کہ میکڈونل صاحب

---

[۱۸] اسی طرح سے شویت آشوتر اُپنشد کا شلوک ۴-۸ کہ "جس نے اُس پرماتما کو نہ جانا جسکے آسرے سارے ویدونا اور سارے وید ہیں وہ وید سے کیا بنائیگا" رگوید کا منتر ۱-۱۶۴-۳۹ ہے + اور کٹھ اُپنشد کا شلوک ۱-۲-۲۲ کہ "کوئی وید بانی کو دیکھتے ہوئے بھی نہیں دیکھتے ہیں اور سُنتے ہوئے بھی نہیں سُنتے ہیں کیونکہ یہ (بانی) جسکو چاہے اُسکو اپنا بھید دکھاتی ہے - جیسے کہ کوئی سُندر کامنی استری اپنے پتی کو ہی اپنا انگ دکھاتی ہے" رگوید کا منتر ۱۰-۷۱-۴ ہے +

[۱۹] چھند کے وشے میں دیکھو اس گرنتھ کا بھاگ (۶) ادھیائے ۱ +

اُشا یعنی صبح کی استتی کے منتروں کی پرشنسا کرتے ہوتے لکھتے ہیں کہ اس کے روپ کو وید میں ایسی سُندر ریتی سے برنن کیا گیا ہے کہ اس کا آنند کسی اور زبان کی دھارمک پُستک میں نہیں ملتا۔ مثال کے لئے وہ منڈل (۱) کا سُوکت (۱۱۳) پیش کرتے ہیں۔ جس کا منتر ۱۶ یہ ہے :-

"اوٹھو۔ ہماری جان اور پران آچھوچی ہے۔ اندھیرا گیا اور روشنی آرہی ہے۔ سورج کی جاترا کے لئے اُشا رستہ دینی چلی آرہی ہے۔ اوٹھو۔ یہ آیو کے بڑھانے کا سمے ہے"۔

وید کی اس زبان کو دیکھ کر پروفیسر بلوم فیلڈ نے لوکمانیہ تلک کی کتاب اوراین (Orion) پر ریویو کرتے ہوئے لکھا ہے کہ "وید کی زبان اور اُس کا سا ھِتیہ ایسا نہیں ہے کہ اُس کو آریوں کی زندگی کی اصلی شروعات کا مقام قرار دیا جاوے۔ اغلب ہے اور ایسا کہنا جادۂ اعتدال کے اندر ہے کہ یہ شروعات ویدوں سے بھی ہزاروں برس پہلے سے ہیں اور اس لئے یہ جتانا غیر ضروری ہے کہ یہ پردہ جو ہماری نظر کو ۴۵۰۰ برس قبل مسیح پر بند کرتا ہوا معلوم ہوتا ہے شاید آخر میں ایک باریک جالی کا پردہ ثابت ہو"۔ (دیکھو دیباچہ کتاب آرکٹک ہوم مصنفہ تلک) اور ہم پچھلے ادھیاؤں میں دکھا آئے ہیں کہ ہماری نظر کے لئے یہ پردہ اصل میں ایک باریک جالی کا پردہ ہی ثابت ہوا۔

ناٹک سنسکرت ساھتیہ کا ناٹک پرسِدّھ ہے (اور اُس کا مفصل حال ہم آگے بھاگ ۶ میں ساھتیہ کے پرکرن میں دکھائیں گے) اور اس ناٹک کی تمہید بھی ویدک سُوکتوں کے سمواد وں میں پائی جاتی ہے جیسے :-

اِندر اور ورُن کا سمواد (۴-۴۲)

یَم اور یمی کا سمواد (۱۰-۱۰)

ورُن اور اگنی کا سمواد (۱۰-۱۵)

اگنی اور دیوتاؤں کا سمواد (۱۰-۵۲)

اِندر اور اِندرانی کا سمواد (۱۰-۸۶)

پُرُورَوا اور اُروشی کا سمواد (۱۰-۹۵)

اور کبی کالیداس کا پرسِدّھ ناٹک وِکرم اُروشی تو صاف ہی پُرُورَوا اور اُروشی کے اِس سمواد کے آدھار پر ہے جو رگوید (۱۰-۹۵) میں آیا ہے۔ گویا سنسکرت ناٹک کا بیج بھی اسی ویدک کال میں بویا جا چُکا تھا۔ اور پروفیسر میکڈونل صاحب کا تو خیال ہے کہ جن باتوں کا اِن سمواد وں میں ذکر ہے اُن کے مفصل قصّہ کہانیاں اور ناٹک بھی اس ویدک کال میں بنے ہوئے ہوں گے۔

نیتی نیتی کی باتیں بھی وید منتروں میں اکثر ملتی ہیں مثلاً یہ کہ استریوں کا من شاسن کے یوگیہ نہیں ہے۔ اُن کی متی دُربل ہے (۸-۳۳-۱۷)۔ بر ایسے پُرش سے جو کنٹک ہو اور دیو پرائن نہ ہو استری ہی اچھی ہے (۵-۶۱-۶)

پُرش کی بیوفائی میں کہا ہے کہ اکثر استریاں لوگوں کو اپنے دھن کے کارن ہی پیاری ہوتی ہیں (۱۰-۲۷-۱۲) اور استریوں کے وشے میں خود اُروشی پُروروا کو سمجھاتی ہے کہ استریاں مِشرتا (آشنائی) کے یوگیہ نہیں ہیں اُن کے ہردے کٹھور ہوتے ہیں (۱۰-۹۵-۱۵) +

برہسپتی (جو دیوتاؤں کے پتی ہیں اور دیوتاؤں کے گورو ہیں) کہتے ہیں کہ جہاں دھیر پُرش سوچ وچار کر بات کرتے ہیں جیسے ستّو کو چھاج میں پھٹکتے ہیں وہاں مِشروں کی مِشرتا جُڑتی ہے اُن کی بانی میں لکشمی گیُت ہے + جو اپنے مِشر کو تیاگتا ہے اُس کی بانی میں لکشمی کا بھاگ نہیں ہے - اُس نے جو سُنا پڑھا سُنا اُس نے دھرم کا پتھ نہ جانا (۱۰-۷۱-۲) +

بھکشورشی دان کے وِشے میں کہتے ہیں کہ دان کرو- دولت کسی کے پاس نہیں ٹکتی ہے + جیسا بوؤ گے ویسا پھل پاؤ گے + وِدّیا دینے والا آچاریہ نہ دینے والے سے بہتر ہے اسی طرح دان دینے والا پُرش نہ دینے والے سے اچھا ہے (۱۰-۱۱۷) +

غرض وید کے ایسے ایسے بچنوں سے ہی سنسکرت ساھِتیہ میں نیتی کے شاستروں کی بنیاد پڑی اور اُن کا ذکر ہم آگے بھاگ ۶ میں ساھتیہ کے پرکرن میں کرینگے +

پُران اور اِتہاس

پُران اور اِتہاس بھی ویدک کال میں پرچلت تھے + پُران کے وشے میں تو رگوید (۳-۵۴-۹) میں رشی کہتا ہے کہ پُرانم ادھی ایمی ارتھات میں پُران پڑھتا ہوں + اور اتہاس کا برنن وید میں جگہ جگہ ہے + چنانچہ اکشواکو کا حال جو ۱۰-۶۰-۴ میں آیا ہے - پُرورَوا اور اُروشی کا حال جو ۱۰-۹۵ میں آیا ہے - یاتی کے پانچوں پُتروں (یدو - پُرو - تُروشو - درہیو - اور انو) کا حال جو ۱-۱۰۸-۸ میں آیا ہے - اور رشیوں کی دان استُتیاں اور آریوں کی لڑائیاں جو اناریہ دسیوؤں سے یا دوسرے آریوں ہی سے ہوتی رہیں وغیرہ وغیرہ جن کا وید میں جگہ جگہ ذکر آیا ہے اور جن کی مثالیں ہم پیچھے کچھ اسی ادھیائے میں اور کچھ اس سے پہلے ادھیاؤں میں دیتے رہے ہیں یہ سب اِتہاس کا ہی برنن ہے + چنانچہ دیوآپی اور شنتنو کا حال جو رگوید (۱۰-۹۸) میں آیا ہے اور جس کی مفصل کیفیت ہم نے اس بھاگ کے ادھیائے (۳) کے آخر میں دی ہے اُس کے وشے میں یاسک آچارج نے نِرُکت (۲-۱۰ تا ۱۲) میں خاص اِتہاس کا ہی شبد استعمال کیا ہے +

جیوتش

وید میں دُھرو کا شبد جگہ جگہ آیا ہے اور اگرچہ وہ اچل اور اٹل کے بیوگیہ ارتھ میں آیا ہے مگر اس سے خیال کیا جا سکتا ہے کہ یہ لوگ دُھرو تارے

یعنی قُطب سے بھی واقف تھے جو اچل اور اٹل ہے اور جس کو دیکھ کر ہی دُھروشبد کے ارتھ سنسکرت میں اچل اور اٹل کے بنے + اور اس خیال کو اس بات سے تقویت ہوتی ہے کہ رگوید (۱۰-۸۲-۲) میں سپٹ رشی کا شبد بھی آیا ہے اور سپٹ رشی وہ سات تارے ہیں جو دُھرو کے اِرد گِرد پھرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں اور جن کو انگریزی میں گریٹ بیر (بڑا ریچھ) کہتے ہیں + اور یہ بات بھی ہم نیچے تیسرے ادھیائے میں بتا آئے ہیں کہ انگریزی میں اِن کو ریچھ کیوں کہتے ہیں +

رگوید (۱۰-۱۹-۱) میں پُنرووسو کا نام آتا ہے جو ستائیس نکشتروں میں سے ایک نکشتر کا نام ہے اور ۱۰-۸۵-۲ میں نکشتروں کا عام ذکر آگیا ہے (۱۰-۸۵-۱۳) میں اگھا اور ارجنی کے نام آئے ہیں جو مگھا اور پھلگنی نکشتروں کے دوسرے نام ہیں - اور اس سے ظاہر ہے کہ ویدک کال میں ہندو جیوتش کا نکشتر منڈل قایم ہو چکا تھا + اور ہم آگے دکھاتے ہیں کہ نکشتر منڈل ہی نہیں بلکہ راشی منڈل بھی قایم ہو چکا تھا +

رگوید (۱۰-۲۷-۱۷) میں میکھ اور دھنشٹ کے نام آئے ہیں اور یہ نام میکھ برکھ آدک بارہ راشیوں میں سے دو راشیوں کے نام ہیں (بارہ راشیوں کے ناموں کے لئے دیکھو نیچے ادھیائے ۱ - انو واک ۳۰) + پھر

رگوید (۵-۲-۱) میں یووَتی کا نام آیا ہے اور بادرائن نے یہ نام کنّیا راشی کو دیا ہے (دیکھو تلک کی کتاب اورائن صفحہ ۲۰۷) ٭ ادھیائے ۱ کے انوواک ۳۰ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ سورج قطب شمالی میں چھ مہینے تک برابر نکلتا رہتا ہے اور چھٹے مہینے میں کنّیا کی گود میں جاکر ڈوب جاتا ہے اور ایسا ڈوبتا ہے کہ پھر چھ مہینہ تک اپنا مُکھ نہیں دکھاتا۔ اور رگوید کا یہ منتر (۵-۲-۱) جس کا شبدارتھ یہ ہے کہ:-

"ماتا یووَتی نئے پیدا ہوئے کمار (سورج) کو
چھپ کر پالتی ہے اور پتا کو نہیں دیتی ہے"

جیوتش کے اسی وِشے کو بتاتا ہے ٭

لوگ کہتے ہیں کہ راشیوں کا حساب سب سے پہلے یونانیوں نے لگایا یونان سے عرب میں گیا اور عرب سے ہندوستان میں آیا مگر یہاں ویدیں راشیوں کا ذکر موجود ہے اور ویدک کال کے ساتھ لگتے ہوئے رامائن کال میں تو بالمیکی جی راشی اور نکشتر کا حساب گِن گِن کر شری رام چندر جی کے جنم کال میں لگاتے ہیں ٭ اور لکھتم کے آگے بکھتم کی کیا پیش جاتی ہے (دیکھو اس گرنتھ کا دوسرا بھاگ - اوتّر آردھ - رامائن) ٭

موہنجودارو (واقع سندھ) میں جو کھدائیاں ہوئی ہیں اُن کے وشے میں بمبئی کے ایک مشن کالج کے پروفیسر پادری

ہراس (Heras) نے جو اُس کالج کی ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے ہیڈ بھی ہیں بیان کیا ہے کہ اُن کتبوں سے جو مصوّری حروف میں لکھے ہوئے ان کھُدائیوں میں سے ملے ہیں ظاہر ہوتا ہے کہ موہنجو دارو کے لوگ راشی منڈل کے حالات سے واقف تھے اور مین اور میکھ دو راشیوں کا نام بھی ان کتبوں میں ملتا ہے + موہنجو دارو کی تہذیب کو فرنگی وِدوان ویدک کال سے پہلے کال کی تہذیب قرار دیتے ہیں (اگرچہ اُن کا ایسا کہنا اُن کے اس خیال پر مبنی ہے جو وہ پہلے ہی اپنے دلوں میں قائم کر چکے ہیں کہ ویدک کال مسیح سے کل ڈیڑھ دو ہزار برس پہلے ہے) مگر جب ویدک کال سے پہلے ہندوستان میں راشی منڈل کا گیان تھا تو ویدک کال کا تو کہنا ہی کیا ہے +

برس کے بارہ مہینہ ۔ تین سو ساٹھ دن اور سات سو بیس دن رات تو معمولی باتیں ہیں اور اُن کا ذکر سُوکت (۱-۱۶۴) کے منتر ۱۱ اور ۴۸ میں آیا ہے ۔ اور اس سُوکت کے اور منتر بھی غور سے پڑھنے کے قابل ہیں + مگر رگوید کے سُوکت (۴-۳۳) کے منتر ۵ تا ۷ میں تو ساری جیوتش کا ہی خلاصہ آگیا ہے + ان منتروں کا ارتھ یہ ہے کہ :-

"رِبھوؤں نے (جو تین بھائی موسموں کے ادھشٹاتا دیوتا ہیں) اُس ایک چمس (پیالہ) کے جو تُوشٹری نے دیوتاؤں کے لئے بنایا تھا چار پیالے بنا دئے ۔ وہ بارہ دن تک

سورج کے گھر میں اتتھی (مہمان) بن کر رہے"۔ اور اس ارندھتی کا گوڑھ ارتھ سمجھنے کے لئے جیوتش بتاتی ہے کہ راشی چکر جو سورج کی گردش کا دائرہ ہے خط استوا کو کاٹ کر گذرتا ہے اور اس کاٹ سے اُس کے چار ٹکڑے ہو جاتے ہیں۔ اور وہ چار ٹکڑے جو چار اَین ہیں مانو ایک گول پیالہ کے چار ٹکڑے ہیں اور وہ چار اَین یہ ہیں :-

(۱) مکراین۔ جہاں مکر راشی میں دن سب سے چھوٹا ہو کر پھر بڑا ہونا شروع ہوتا ہے۔

(۲) میکھاین۔ جہاں میکھ راشی میں دن بڑا ہوتے ہوتے رات کی برابر ہو جاتا ہے۔


یہ دونوں اَین اوتراین کہلاتے ہیں کیونکہ ان میں سورج کی گتی اوتر کی اور رہتی ہے۔

(۳) کرکاین۔ جہاں دن کرک راشی میں سب سے بڑا ہو کر پھر چھوٹا ہونا شروع ہوتا ہے۔

(۴) تُلاین۔ جہاں دن تُلا راشی میں چھوٹا ہوتے ہوتے پھر رات کی برابر ہو جاتا ہے۔

یہ دونوں اَین دکشنائن کہلاتے ہیں کیونکہ ان میں سورج کی گتی دکشن کی اور ہوتی ہے۔

ایک پیالہ کے اِن چار ٹکڑوں کی موٹی کیفیت نقشہ ذیل سے معلوم ہوگی۔



اب رہی یہ بات کہ رِبھو بارہ دن تک جو سورج کے گھر میں مہمان بن کر ٹھیرے رہے وہ بارہ دن کیسے ہیں ؟ سو اس بات کو سب جانتے ہیں کہ چاندر ورش یعنی قمری سال اور سئورِیہ ورش یعنی شمسی سال میں بارہ دن کا فرق رہتا ہے اس طرح سے کہ چاندر ورش تو تیس تیس تتھی کے بارہ مہینے کے حساب سے ۳۰ × ۱۲ = ۳۶۰ تتھی یعنی ۳۵۴ دن کا ہوتا ہے اور سئورِیہ ورش میکھ آدی بارہ راشیوں میں سورج کی سنکرانتی (داخلہ) کے حساب سے کوئی ۳۶۶ دن کا ہوتا ہے اور اِن دونوں میں ۳۶۶ - ۳۵۴ = ۱۲ دن کا بل رہتا ہے اور یہ بل اس طرح نکال دیا جاتا ہے

کہ ہر تیسرے سال ایک مہینہ جس کو لوند کا مہینہ کہا جاتا ہے چاندر وِرش میں بڑھا دیا جاتا ہے ۔ اس طرح سے ہندوؤں کے تہوار جو چاند کی گتی کے انوسار ہیں اور موسم جو سورج کی گتی کے انوسار ہیں ہمیشہ مطابق رہتے ہیں برخلاف مسلمانوں کے تہواروں کے جو کبھی کسی موسم میں اور کبھی کسی موسم میں ہوتے ہیں[۵۲] ۔

چاند اور سورج کی یہ الگ الگ گتی اور اُن کا بھید۔ اور سورج کے چار اَین جو راشی چکر (Zodiac) اور خط استوا (Equater) کے ایک دوسرے کو قطع کرنے سے پیدا ہوتے ہیں اور جن سے رات اور دن کے گھٹنے اور بڑھنے اور برابر ہونے کا حساب چلتا ہے یہ سب جیوتش کے نچوڑ ہیں اور ان سب باتوں کا حال ہم کو رگوید کے اسی ایک سوکت (۴-۳۳) کے منتروں سے لگ جاتا ہے باقی باتیں الگ رہیں ۔ غرض ہندوؤں کا وہ جیوتش بھی جس کی تعریف میں فرنگی وِدوان یک زبان ہیں (جیسا کہ ہم اس گرنتھ کے چھٹے بھاگ میں دکھائیں گے) اسی ویدک کال سے شروع ہوا اور جیوتش سے پہلے ریاضی کا ہونا لازمی ہے ۔

---

[۵۲] رِبھوؤں کے ایک چمس کے چار چمس کر دینے کا ذکر منڈل ۱- سوکت ۲۰- منتر ۶ میں بھی آیا ہے ۔

فن تعمیر منتر ۷-۵۵-۶ میں ہرمنیہ ارتھات محل یا محل جیسے عالیشان مکان کا ذکر آیا ہے اور منتر ۲-۴۱-۵ میں مِتراوُرُن کے سمبندھ میں سہسرستھون (ہزار ستون) والے سدس (سبھامندر) کا ذکر آیا ہے اور اس سے ظاہر ہے کہ عمارت کے وشے میں بھی ویدک کال کے آریا کتنی ترقی کر چکے تھے اور کیسے بلند خیال رکھتے تھے +

فن تعمیر کو سنسکرت میں واستو ودیا کہتے ہیں مان سار اس ودیا کا ایک گرنتھ ہے اور اُس میں جہاں اور قسم کے منڈپوں کا برنن ہے وہاں ایک قسم کے دیو منڈپ کا بھی برنن ہے یہ منڈپ ایک ہزار ستھون کے ہوتے تھے اور ان میں دیو سبھا یا راج سبھا کے کاریہ ہوتے تھے + اور وید میں جن سہسرستھون والے سدسوں یعنی ہزار ستُون والے منڈپوں کا ذکر ہے اُن سے غالباً یہ ہی دیو منڈپ مُراد ہیں + دکھن میں اب بھی کئی مندر ایسے موجود ہیں جن میں یہ ہزار ستھون والے دیو منڈپ کھڑے ہوئے ہیں اور اُن کے لئے دیکھو ہمارے اس گرنتھ کے بھاگ (۷) کا جو اُپوید کے وشے میں ہے ادھیائے (۴) جو ارتھ وید کے وشے میں ہے +

آیور وید اوشدھی (جڑی بوٹی) کا ذکر وید میں جگہ جگہ آتا ہے اور ایک سوکت (۱۰-۹۷) سارا ہی ان کی استتی سے بھرا ہوا ہے + رشی کہتا ہے کہ میں انکی ۱۰۷ قسمیں

جانتا ہوں اور پرارتھنا کرتا ہے کہ وہ پھلدار ہیں یا اچھا اور پُشٹ دیتی ہیں یا اپشیا ہمارے روگوں کو دور کریں +
اس سے ظاہر ہے کہ آریا لوگ اُن دنوں میں بھی اوشدھیوں کے گنوں سے خوب واقف تھے اور اُن کو دوا دارو کے کام میں لاتے تھے + پس ہندو آیورویدک کی بنیاد بھی اسی ویدک کال میں پڑی +

[یا سنک اوشدھی (شبد کی نرُکتی یوں کرتا ہے کہ یہ اصل میں دوشدھی (دوش دھی) ہے اور اُس کا ارتھ دوش دور کرنے والی ہے + یعنی پت - وایو اور کف جو تین دوش شریر میں رہتے ہیں اوشدھی اُنکو دُور کرنے والی دوشدھی ہے (دیکھو نرُکت ۹-۲۷) + اور ویدکے اُکت منتر میں اسی نرُکتی کی دُھنی ہے] +

دوا دارو کے ساتھ ساتھ جھاڑ پھونک بھی چلتی تھی[۱] جیسا کہ گربھ رکھشا کے وشے میں منڈل ۱۰ کے سُوکت ۱۶۲ سے ظاہر ہے جس کا پہلا منتر یہ ہے کہ "(اے استری) جو بیماری تیرے گربھ میں یا تیری یونی (رحم) میں ہے اُس کو منتروں سے سنچالت یہ رکشوہا (آسیب کو مارنے والی) اگنی یہاں سے دُور کردے" + یا جیسا کہ یکشم (تپ دق) کے وشے میں اسی سُوکت سے اگلے سوکت ۱۶۳ سے ظاہر ہے جس کا پہلا منتر یہ ہے کہ "(اے روگی) میں تیرے یکشم کو تیری آنکھ ناک - کان - ٹھوڑی - سر - مستک - اور

[۱] دھلی کے انگریزی اخبار ہندوستان ٹائمز مورخہ ۲۹ اگست ۱۹۲۷ء میں دیکھنے میں آیا ہے کہ ایک ہندوستانی ڈاکٹر سنگاپور کا آجکل بھی لنڈن جیسی جگہ میں بڑی بڑی بیماریوں کا علاج منتر پڑھنے سے دورے کر رہے ہیں +

زبان سے باہر نکالتا ہوں" ٭

سُوکت (۱۰-۹۷) کے منتر ۵ میں اشوتھ (پیپل) کا ذکر بھی آیا ہے اور اس سے ظاہر ہے کہ پیپل کی مہما ہندوستان میں آج سے نہیں بلکہ جب سے وید ہے تب سے ہی ہے اور رگوید (۱-۱۳۵-۸) میں آیا ہے کہ جو جایو ارتھات اوشدھیاں اشوتھ میں موجود ہیں وہ ہمارے لئے سکھ دایک ہوں اور اس سے پیپل کی مہما کا کارن بھی پرتیت ہوتا ہے ٭ اتھروید میں بھی پیپل کی بہت پرشنسا ہے اور موہنجوداڑو کی کھدائیوں میں سے ایسی مُہریں بھی نکلی ہیں جس پر پیپل کے برکش کے چتر بنے ہوئے ہیں ٭

جیولوجی اوشدھیوں کے دشے میں اسی سُوکت (۱۰-۹۷) کا پہلا منتر عجیب ہے - اُس کا ارتھ ہے کہ "اوشدھی دیوتاؤں سے تین جُگ پہلے ہوئی" ٭ اور اس ارتھ کی وِیاکھیا وِشنو پُران (انش ۱- ادھیائے ۵) کے اس بیان سے ہوتی ہے کہ جب پراکرت سرگ میں اوِدّیکت پرکرتی سے تہت اور اہنکار اور تن ماترا وِدّیکت ہو چکے تو مُکھیہ سرگ میں جس میں مُورتیاں یعنی اجسام شروع ہوئے پہلے نباتات - پھر حیوانات - اور پھر دیو اور منشیہ ہوئے یعنی نباتات یا اوشدھی دیوتاؤں سے تین جُگ پہلے ہوئی ٭ آج کل کی جیولوجی کی سائنس بھی یہ ہی بتاتی ہے کہ پہلے نباتات پھر حیوانات اور پھر انسان ہوئے اور

جانتا ہوں اور پرارتھنا کرتا ہے کہ وہ پھلدار ہیں یا اُپھلا اور پُشپ وتی ہیں یا اُپشپا ہمارے روگوں کو دور کریں + اس سے ظاہر ہے کہ آریا لوگ اُن دنوں میں بھی اوشدھیوں کے گنوں سے خوب واقف تھے اور اُن کو دوا دارو کے کام میں لاتے تھے + پس ہندو آیورویدک کی بنیاد بھی اسی ویدک کال میں پڑی +

[یاسک اوشدھی شبد کی نرُکتی یوں کرتا ہے کہ یہ اصل میں دوشدھی (دوش دھی) ہے اور اُس کا ارتھ دوش دور کرنے والی ہے + یعنی پت - وایو اور کف جو تین دوش شریر میں رہتے ہیں اوشدھی اُنکو دُور کرنے والی دوشدھی ہے (دیکھو نرُکت ۹-۲۷) + اور ویدکے اُکت منتر میں اسی نرُکتی کی دُھنی ہے] +

دوا دارو کے ساتھ ساتھ جھاڑ پھونک بھی چلتی تھی[۱] جیسا کہ گربھ رکھشا کے وشے میں منڈل ۱۰ کے سُوکت ۱۶۲ سے ظاہر ہے جس کا پہلا منتر یہ ہے کہ "(اے استری) جو بیماری تیرے گربھ میں یا تیری یونی (رحم) میں ہے اُس کو منتروں سے سنچالت یہ رکشوہا (آسیب کو مارنے والی) اگنی یہاں سے دُور کردے" + یا جیسا کہ یکشم (تپ دق) کے وشے میں اسی سُوکت سے اگلے سُوکت ۱۶۳ سے ظاہر ہے جس کا پہلا منتر یہ ہے کہ "(اے روگی) میں تیرے یکشم کو تیری آنکھ ناک - کان - ٹھوڑی - سر - مستک - اور

[۱] دیکھو انگریزی اخبار ہندوستان ٹائمز مورخہ ۲۹ اگست ۱۹۲۷ء میں دیکھنے میں آیا ہے کہ ایک ہندوستانی ڈاکٹر سنگھ نامی گاؤں کی آبادی ہی اتنی بیمی ہوگئی ہے جو بڑی بڑی بیماریوں کا علاج منتروں سے کرتے ہیں +

زبان سے باہر نکالتا ہوں" +

سُوکت (۱۰-۹۷) کے منتر ۵ میں اشوتھ (پیپل) کا ذکر بھی آیا ہے اور اس سے ظاہر ہے کہ پیپل کی مہما ہندوستان میں آج سے نہیں بلکہ جب سے وید ہے تب سے ہی ہے اور رگوید (۱-۱۳۵-۸) میں آیا ہے کہ جو جایو ادھات اوشدھیاں اشوتھ میں موجود ہیں وہ ہمارے لئے سُکھ دایک ہوں اور اس سے پیپل کی مہما کا کارن بھی پرتیت ہوتا ہے + اتھروید میں بھی پیپل کی بہت پرشنسا ہے اور موہنجوداڑو کی کھدائیوں میں سے ایسی مُہریں بھی نکلی ہیں جس پر پیپل کے برکش کے چترٹھپے ہوئے ہیں +

جیولوجی اوشدھیوں کے دشے میں اسی سُوکت (۱۰-۹۷) کا پہلا منتر عجیب ہے - اُس کا ارتھ ہے کہ "اوشدھی دیوتاؤں سے تین جُگ پہلے ہوئی" + اور اس ارتھ کی وِیاکھیا وِشنو پُران (انش ۱- ادھیائے ۵) کے اس بیان سے ہوتی ہے کہ جب پراکرت سرگ میں اوِدیکت پرکرتی سے تہت اور اہنکار اور تن ماترا وِدیکت ہو چکے تو مُکھیہ سرگ میں جس میں مُورتیاں یعنی اجسام شروع ہوئے پہلے نباتات - پھر حیوانات - اور پھر دیو اور منشیہ ہوئے یعنی نباتات یا اوشدھی دیوتاؤں سے تین جُگ پہلے ہوئی + آج کل کی جیولوجی کی سائنس بھی یہ ہی بتاتی ہے کہ پہلے نباتات پھر حیوانات اور پھر انسان ہوئے اور

اس سے ظاہر ہے کہ ہندو آریا ویدک کال میں بھی جیولوجی یعنی بھُوگربھ ودیا کے بھیدوں سے واقف تھے ۔ (اور اس بات کو ہم اسی بھاگ کے پہلے ادھیائے میں کھول کر بیان کر چکے ہیں) ۔

زراعت

پیشوں میں زراعت تو آریہ کا آریشو ہی تھا بمقابلہ انارِیہ وسیو کے جو اس فن سے ناآشنا تھا اور ایک جگہ ٹِک کر کھیتی باڑی کرنے کی بجائے خانہ بدوش مارا مارا پھرتا تھا۔ چنانچہ رگوید ۱-۱۱۷-۲۱ میں رشی کہتا ہے کہ "اے اشوِنی کُماروں تم نے آریہ منش کو ورِک (ہل) سے اناج بونا اور اُس سے اپنی خوراک حاصل کرنا سکھا کر اور دسیو کو بکرُ (بجلی) سے مار کر اپنا جیوتش (تیج) پرگٹ کیا" ۔

پیچھے اس مضمون پر بحث ہو چکی ہے کہ ویدک کال میں آریا ہندو لوہے کا کام بھی جانتے تھے۔ اس جگہ اس سلسلہ میں اتنا کہہ دینا اور ضروری ہے کہ یہاں رگوید ۱-۱۱۷-۲۱ میں ورِک (ہل) کا اور رگوید ۴-۵۷-۸ میں ہل کے پھالوں کا ذکر آتا ہے اور یہ ہل اور اُس کے پھالے لوہے کے ہی ہونگے ۔

[حال میں ہی (۱۹۳۶ء میں) ملکا میں جو جزیرہ نمائے ملایا کے مغربی ساحل پر ہندوؤں کی ایک پُرانی بستی ہے جو اب انگریزوں کے قبضہ میں ہے مُلک ہالینڈ کے ایک

آرکیولوجسٹ (ماہر علم آثار قدیمہ) کو لوہے کے کچھ اوزار ملے ہیں جن کو وہ اُس گلیشیل یعنی برفانی طوفان کے زمانہ کا سمجھتا ہے جس سے ہمارا یہ اتہاس شروع ہوتا ہے اور جس کا حال ہم پیچھے ادھیائے (۲) میں بیان کر آئے ہیں ٭ ملایا کے لوگ کہتے ہیں کہ کسی زمانہ میں ایک قسم کے بندر ہوتے تھے جن کی پسلیاں لوہے کی ہوتی تھیں اور یہ اوزار اُن ہی بندروں کی ہڈی پسلیاں ہیں۔ مگر ماہر مذکور ان کو کان کھودنے کے اوزار سمجھتا ہے اور خیال کرتا ہے کہ ان کو ہندوستانی مزدور ہندوستان سے اپنے ساتھ لائے تھے ٭ ماہر مذکور نے یہ اوزار مزید تحقیقات کے لئے ہندوستان میں بھیجے ہیں اور اگر تحقیقات سے یہ بات اسی طرح ثابت ہوئی تو یہ ایک پرتیکش پرمان اس بات کا ہوگی کہ ویدک کال میں جو اسی گلیشیل یعنی برفانی زمانہ سے شروع ہوتا ہے آریا ہندو لوہے کا استعمال جانتے تھے ٭

گلیشیل زمانہ کے بعد سے جو زمانے انسان کی معاشرت کے شروع ہوتے ہیں وہ پتھر اور پیتل اور لوہے کے زمانے کہلاتے ہیں جیسا کہ ہم پیچھے اسی ادھیائے میں بیان کر آئے ہیں ٭ ان میں سب سے پہلا زمانہ پتھر کا کہلاتا ہے اور اس زمانہ کو فرنگی وِدوان اب تک مسیح سے پانچ ہزار برس پہلے شمار کرتے تھے مگر اب ڈنمارک کے مُلک میں اس کو

کم سے کم دس ہزار برس پہلے شمار کرنے لگے ہیں (دیکھو کتاب آرکٹک ہوم) + یہ زمانے یوروپ کی تہذیب کے زمانے ہیں + ہندوستان کی تہذیب سب مانتے ہیں کہ اس سے بہت پہلے شروع ہوئی - اور اس لئے اس کی تہذیب یوروپ کی پتھر کی تہذیب کے زمانہ میں لوہے کی تہذیب تھی + چنانچہ اسی سال ۱۹۳۷ء میں ہندوستان کے اندر ہی دکھن کی ریاست ٹراونکور میں راجدھانی سے ۳۸ میل کے فاصلہ پر ایک مقام میں کچھ مٹی کے برتن نکلے ہیں جن میں مُردوں کی سالم لاشوں کو یا لاشوں کے شیش بھاگوں کو رکھ کر زمین میں دفناتے تھے اور اور ان میں سے ایک برتن میں دو لوہے کے اوزار بھی رکھے ہوئے نکل آئے ہیں جو کلہاڑی کی شکل کے ہیں اور ماہران آثار قدیمہ ان کو اُس زمانہ کا قرار دیتے ہیں جس کو پتھر کا زمانہ کہتے ہیں] +

گائے بیل ہل جس کا ذکر اوپر آیا ہے بیل بھی چلاتے تھے اور گھوڑے بھی اور آبپاشی کے لئے کنوئیں بھی تھے اور نہریں بھی (دیکھو رگوید ۱-۱۰۵-۱۷ اور ۱۰-۹۹-۴) کسان ہل چلاتے جاتے تھے اور اپنی محنت کو بہلانے کے لئے گیت گاتے جاتے تھے اور ویدک رشیوں نے ایسے کئی گیت چھند میں بند کئے ہیں (مثال کے لئے دیکھو منڈل ۴ کا سوکت ۵۷ - اور منڈل ۱۰ کا سوکت ۱۰۱) +

گئوویں چرانے کے لئے گوپ الگ ہوتے تھے اور ۱-۱۹-۵ میں ان گوپوں کا ذکر آیا ہے ۔ ۱۰-۲۷-۸ میں ایک رشی کہتے ہیں کہ میں جب گئوؤں کو گوپوں کے ساتھ جَو چرتے ہوئے دیکھتا ہوں تو بڑا پرسن ہوتا ہوں ۔

گئوؤں کی اِتنی بہتات تھی کہ ایک ایک راجا دس دس ہزار گئوویں ایک ایک رشی کو دِن کر دیتا تھا۔ چنانچہ رگوید ۸-۵-۳۷ میں رشی برھا تتھی کہتے ہیں کہ چیدی کے راجا نے اُس کو سَو اونٹ اور دس ہزار گائیں دیں ۔ ایک اور رشی ککشی وان ایک اور راجا کے دان کی استُتی سُوکت ۱-۱۲۶ میں یوں برنن کرتے ہیں :-

(۱) میں سچے دِل سے راجا بھاویہ کی استُتی کرتا ہوں جو سِندھو دیس میں رہتا ہے ۔ اور جِس جَس کے چاہنے والے نے ہزار یگیہ میرے لئے رچے ۔

(۲) راجا نے بڑی نمرتا سے مجھ کو سو (یا سینکڑوں) نِشک[۵۳۱] اور سو (یا سینکڑوں) گھوڑے دئے اور میں نے یہ سب لئے ۔ ککشی وان نے سو (یا سینکڑوں) بیل بھی اُس بلوان سے لئے اور اُس کا اَمر جَس سورگ میں پھیل گیا ۔

(۳) دس رتھ جن میں گھوڑے جُتے ہوئے تھے اور راجا

---

۵۳۱ نِشک کے لئے دیکھو آگے تجارت کا پرکرن ۔

کی بیٹیاں مجھ کو بیاہی ہوئی بیٹھی ہوئی تھیں میرے پاس آکھڑے ہوئے اور ساٹھ ہزار گئووں پیچھے کھڑی تھیں +

(۴) دشرتھ[۲۲] (دس رتھ یا دس رتھ والے) کے چالیس گھوڑے ہزاروں سے آگے قطار باندھے ہوئے تھے اور کشتی وان کے سمبندھی (ان مست اور کرشن[۲۳] (زرین) گھوڑوں کو پچکار رہے تھے +

دودھ اور گھی

اس سوکت کے منتر (۳) میں ساٹھ ہزار گئووں کے جہیز میں دئے جانے کا ذکر درج ہے اور اگر اس میں مبالغہ سمجھیں تو مبالغہ کو چھوڑ کر بھی گئووں کی بہتات ظاہر کرنے کے لئے بہت کچھ باقی رہتا ہے + اور جہاں گئووں کی اِتنی بہتات ہو وہاں دودھ اور گھی کا کیا ٹھکانا ہے - چنانچہ رگوید میں گھرت (گھی) کی ندیاں بہتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں دودھ کا تو ذکر ہی کیا ہے +

---

۲۲ شری رام چندر جی کے پتا راجا دشرتھ کا نام معلوم ہوتا ہے کہ وید کے اسی یوگ اور گن واچک شبد سے روڑھی ہوگیا ہے - رام کا نام بھی اسی طرح سے رگوید کے منڈل ۱۰ میں سوکت ۳ کے منتر ۳ اور سوکت ۹۳ کے منتر ۱۴ میں آیا ہے + یوگ اور روڑھی کے وشے میں دیکھو اس گرنتھ کا چھٹا بھاگ نرکت کے پرکرن میں +

۲۳ یہ لفظ کرشن ہے کرشن نہیں ہے جس کے ارتھ کالے یا سانولے کے ہیں +

گئو کی مہما

گئو ویدک رشیوں کے لئے اگھنیا تھی ارتھات ہنن کرنے یعنی مارنے کے یوگیہ نہیں تھی (۱-۱۶۴-۲۷)+

اور گئو کی مہما جو ان رشیوں کی درشٹی میں تھی وہ ان دو سوکتوں سے پرگٹ ہوگی :-

منڈل ۶-سوکت ۲۸

(۱) گئودیں آئیں ہمارا کلیان کریں - گئو شالہ میں ٹھیریں اور ہمارے ساتھ خوشی سے رہیں +

رنگ برنگ کی گئودیں یہاں رہیں اور اِندر کیلئے سدا دودھ دیتی رہیں +

(۲) اِندر یگیہ کرنے والے اور پرارتھنا کرنے والے کو دھن دیتا ہے اور دیتا ہی ہے کچھ ہرتا نہیں ہے +

وہ اس کے دھن کو بارم بار بڑھاتا ہے اور اُس دیو اُپاسک کو اکھنڈ استھان میں رکھتا ہے +

(۳) یہ گئودیں نشٹ نہ ہوں نہ کوئی چور اُن کی ہنسا کرے + اور نہ کوئی شترو اُن کو کوئی دُکھ دے +

جن گئوؤں کی بدولت گوپتی دیوتاؤں کا یگیہ کرتا ہے اور دان دیتا ہے اُن گئوؤں کے ساتھ وہ چرکال سُکھ بھوگے +

(۴) زمین کی خاک اُڑا دینے والا جنگی گھوڑا اُن کی گرد کو نہ پہونچے اور وہ ذبح نہ کی جاویں[۲۳] +

---

[۲۳] لفظی ترجمہ یہ ہے کہ وہ "سنسکرِ تستر کو پراپت نہ ہوں" - اور سنسکرِ تستر کا ارتھ سائن نے وِشَسن آدی سنسکار کیا ہے - اور وِشَسن کا ارتھ ذبح کرنا ہے + چنانچہ ۱۰-۸۹-۱۴ میں لوگوں کا پرتھوی کے شَسن (مقتل) میں گئوؤں یعنی پشوؤں کی طرح سے مرے ہوئے پڑا ہونا استعارہ کے طور پر آیا ہے +

یگیہ کرنے والے منشیّہ کی گئووں بڑی بڑی چراگاہوں میں نِڈر چرتی پھریں +

(۵) گئووں ایشوریہ ہیں - اِندر مجھ کو گئووں دیں + گئووں سوم کی شریشٹھ ہوی کے لئے اپنا اُشن (دُودھ) دیتی ہیں +

اے لوگوں یہ جو گئووں ہیں مانو اِندر ہی ہیں ایسے اِندر کی میں سچّے دِل سے اِچھا کرتا ہوں +

(۶) اے گئووں - تم دُربل کو بلوان اور اَمنگل روپ کو منگل روپ بنا دیتی ہو +

اے گئووں جن کی دُھنی میں کلّیان ہے ہمارے گھروں کا کلّیان کرو سبھاؤں میں تمہاری بڑی مہما بکھانی جاتی ہے [یاگیوں میں (دودھ دہی آدک) تمہارا بڑا مان دیا جاتا ہے - بقول سایَن] +

(۷) اے گئووں تم اپنی پرجا ہت سُندر گھاس کھاؤ اور سُندر پنگھٹوں میں شُدّھ جل پیو +

کوئی چور یا پاپی تمہارا سوامی نہ بنے اور (سنگھار کرنے والے) رُدر کے شستر تم سے بچ کر چلیں +

(۸) ان گئووں میں پُشٹی کرنے کی شکتی بڑھے اور اے اِندر تیرے ویریہ نِمتِک سانڈوں کے بیج میں بھی وِرِدّھی ہو +

(منڈل ۱۰ - سوکت ۱۶۹)

(۱) گئووں کے لئے ہوا سکھ دایک ہو اور گئووں بل دینے والی اوشدھیاں پریں اور پران بڑھانے والے جل پیئیں +

رُدّر اس پیروں والے دھن پر دیا کرے +

(۲) جو سمان روپ والی ہیں یا وِرُوپا ہیں یا ایک روپا ہیں۔ جن کے نام اگنی یگیہ کے دوارا جانتا ہے +

جن کو انگرس آدِک رشیوں نے تپ کے دوارا اس لوک میں پیدا کیا ہے اُن کو اے پرجنیہ (بادل) بہت سکھ دے +

(۳) جو یگیّوں میں اپنا (دُودھ روپی) شریر دیتی ہیں۔ جن کے (دودھ آدک) سارے رُوپوں کو سوم جانتا ہے اُن بچّے والیوں کو اے اِندر دُودھ سے بھرا ہوا ہمارے لئے گئو شالہ میں پہونچا +

(۴) پرجاپتی نے سارے دیوتاؤں اور پتروں کی سم متی سے ان کو مجھے بخشا ہے +

اور اِن کلّیانیوں کو میری گئو شالہ میں بھیجا ہے۔ ہم ان کی سنتان کے ساتھ سکھ بھوگیں[۲۵] +

---

[۲۵] گئوؤں کے اس وشے کے سلسلہ میں ہمکو رگوید کے دو منتر عجیب معلوم ہوتے ہیں۔ اِن میں سے ایک ۱-۱۰۱-۵ ہے جسکا ارتھ یہ ہے کہ ہم اُس اِندر کا آہوان کرتے ہیں جس نے سب سے پہلے برھما کے لئے گا اوَندن ارتھات گئو کو پایا +

اور دوسرا ۵-۳۴-۵ ہے جس کا ارتھ یہ ہے کہ گومتی ورج میں جو اِندر کی پوجا کرتا ہے اُس کی جے ہوتی ہے + پہلے منتر میں گووِند (گوبند) کی جھلک پائی جاتی ہے۔ چاہے اُس میں گو کا ارتھ کچھ ہی ہو۔ اور دوسرے میں ورج (برج) کی گومتی ارتھات گئوؤں والی بھومی صاف ہی دیکھ رہی ہے اور آنے والے برج باسی گوبند (کرشن بھگوان) کی خبر دیتی ہے +

گووَدھ کا نِشیدھ

ان منتروں سے صاف ظاہر ہے کہ ویدک رشیوں کی دِرشٹی میں گئو اگھنیا ہی تھی اور اُس کے لئے صاف حکم تھا کہ وہ اور پشوؤں کی طرح قربان نہ کی جائے ۔ ممکن ہے کہ دسیو آدک بعض لوگ اُس کال میں بھی گائے بیل کو اسی طرح قربان کرتے ہوں جس طرح کہ اب کرتے ہیں مگر جیسا کہ اب ہندو دھرم کی آگیا اس بات کے لئے نہیں ہے ویسا ہی اُس کال میں بھی ویدک دھرم کی آگیا گووَدھ کے لئے نہیں تھی بلکہ اُس کے سخت خلاف تھی ۔

گووَدھ کے وِشے میں لوگوں کی بھرانتی

پر بعض منتر ویدوں میں ایسے آتے ہیں جن سے لوگوں کو اس وِشے میں بھرانتی ہوتی ہے ۔ مثلاً رگوید (۱-۱۱۴-۱۰) میں گوگھن کا شبد آیا ہے جس کا اکشرارتھ ہے گوگھاتی یعنی گائے کو مارنے والا اور لوگ کہتے ہیں کہ دیکھ لو یہاں وید میں گوگھاتیوں کا ذکر ہے اور اس سے ظاہر ہے کہ ویدک کال میں گوگھات ہوتا تھا ۔ مگر ویدک کال میں نہیں کیا ہوتا تھا ۔ پیچھے بتایا جا چکا ہے کہ ویدک کال میں آریہ اور انارِیہ سب طرح کے لوگ رہتے تھے اور یہ انارِیہ سب طرح کے کُکرم کرتے تھے ۔ مگر دیکھنا یہ ہے کہ وید کی آگیا اِن وِشوں میں کیا تھی ۔ چنانچہ اس منتر کے ہی ارتھ کو دیکھو جس میں

یہ گوگھن کا شبد آیا ہے ٭ اس میں گوگھن کیساتھ پُرشگھن بمعنی پُرش گھاتی کا شبد بھی آیا ہے اور اس منتر کا ارتھ ہے کہ گوگھن اور پُرشگھن ارتھات گائے اور پُرش کے مارنے والے ہتیارے آریے تے (دُور رہیں تجھ سے)٭ اور اس سے ظاہر ہے کہ اگر گائے اور پُرش کے مارنے والے لوگ ویدک کال میں ہوتے بھی تھے تو وہ چنڈال تھے جن کو ویدک آریا اپنے پاس پھٹکنے نہیں دیتے تھے ٭

پانی کی اشٹا دھیائی (۳-۴-۷۳) کے انوسار گوگھن کا ارتھ ہوتا ہے "وہ شخص جس کے لئے گو ارتھات گئو گھن ارتھات ہنن کی جائے"۔ یعنی اتتھی یا مہمان ٭ اور چونکہ ہنن کے ارتھ عام طور پر جان سے مارنے کے سمجھے جاتے ہیں اس لئے بعض لوگ اس سے یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ کم سے کم مہمانوں کے لئے تو گائے بیل ضرور ہی قربان کئے جاتے تھے ٭ مگر ہنن کا ارتھ لازمی طور پر جان سے مارنا ہی نہیں ہے ٭ منوسمرتی میں اکثر جرایم مثل سخت کلامی وغیرہ کی پاداش میں ہنن کرنے کی سزا لکھی ہے اور وہاں ہنن سے ظاہر ہے کہ جسمانی سزا کا دینا مراد ہے نہ کہ جان سے ہلاک کر دینا ٭ چنانچہ سایں آچارج نے بھی رگوید کے ایک منتر ۱۰-۸۵-۱۳ میں گئوؤں کے ہنن کرنے کا ارتھ اُن کو ہانک کر لانے کا کیا ہے اور ولسن (Wilson) صاحب نے بھی یہی

مانا ہے اور اس ارتھ کے انوسار گوگھن کا ارتھ یہ ہونا چاہیئے کہ وہ شخص جس کو تازہ دُودھ پلانے کے لئے یا جس کو بھینٹ میں دینے کے لئے گئو کو بن میں سے بھی ہانک کر لے آیا جائے۔ نہ کہ جس کے لئے گئو کا وَدھ کر دیا جائے + گئو تو اگھنیا تھی اور نہ ایک مہمان کے لئے اتنے بڑے جانور کو وَدھ کرنے کی ضرورت تھی پھر اُس کا وَدھ کیوں ہوتا + ہاں مہمانوں یا اَتتھیوں کو اُپہار (بھینٹ) کی اور چیزوں کے ساتھ گئو کو بھی پیش کرنا ہندوؤں میں ایک پُرانی رسم تھی چنانچہ جب شری کرشن جی مہابھارت کے گھور سنگرام سے پہلے پانڈوں کی اور سے شانتی کا سندیسہ لے کر دھرتراشٹر کے پاس ہستناپور پہونچے تھے تو دھرتراشٹر کے پروہت آدکوں نے شری کرشن جی کو مدھوپرک جل اور ایک گائے اُپہار ارتھات بھینٹ میں دے کر اُن کا اَتتھی ستکار کیا تھا (دیکھو مہابھارت اُدیوگ پرو۔ ادھیائے ۸۹ ۔ شلوک ۱۹) + اس لئے جب کوئی اَتتھی کسی کے ہاں آتا تھا تو اُس کی بھینٹ کے لئے بن میں گئی ہوئی گائے کو بھی بن سے ہانک کر لے آیا جاتا تھا اور گائے کا اس طرح بے وقت بن سے لایا جانا ایک ایسی بڑی بات تھی کہ جو اَتتھی کے لئے ہی ہو سکتی تھی اور اس کارن سے اَتتھی کو گوگھن کے نام سے تعبیر کیا جاتا تھا +

بہرحال وید میں تو یہ گوگھن مہمان کے ارتھ میں آیا ہی نہیں کیونکہ وید میں تو یہ شبد صرف ایک ہی منتر میں آیا ہے جو اُوپر اُدھرت کیا گیا ہے اور اُس کی پرارتھنا یہ ہے کہ گوگھن اور پُرشگھن ہمارے پاس نہ پھٹکیں + اور یہ پرارتھنا ظاہر ہے کہ گوگھاتی اور پُرش گھاتی کے وشے میں ہی ہو سکتی ہے۔ مہمان کے وشے میں نہیں ہو سکتی + پُران میں بھی گوگھن گوگھاتی کا واچک ہے (دیکھو سکند پُران۔ اُوتر کھنڈ۔ رامائن ماہاتمیہ۔ ادھیائے ۵۔ شلوک ۳۰)۔ اور منوسمرتی (ادھیائے ۱۱۔ شلوک ۱۰۹ اور ۱۱۶) میں بھی گوگھن کا شبد گوگھاتی کے ارتھ میں آیا ہے + اتتھی کے ارتھ میں نہ جانے اس کا پریوگ کب سے ہوا ہے اور اتتھی کے ارتھ میں بھی ہنن کا ارتھ ذبح کرنا اثرتھ کا اثرتھ کرنا ہے +

رگوید ۱۰-۹۱-۱۴ میں آیا ہے کہ "جس اگنی میں اشو (گھوڑے) رکھب (بیل)۔ وشا (بانجھ گائیں) اور میکھ (مینڈھے) اوسرشٹ (ارتھات تیاگے جاکر) آہوتی میں دئے جاتے ہیں۔ اُس کپلال (امرت) کے پینے والے اور سوم کی پیٹھ والے اگنی کے لئے میں اپنے ہردے میں کلیانی متی کرتا ہوں" + اس منتر کے موٹے ارتھ یہ ہی دکھائی دیتے ہیں کہ گھوڑے اور بیل اور بانجھ گائیں اور مینڈھے اگنی میں آہت یعنی قربان کئے جاتے تھے۔ اور

شت پتھ براہمن (۲-۴-۴-۱۴) سے بھی ظاہرا یہ ہی ظاہر ہوتا ہے کہ سوم یگیہ میں انوبندھیا ارنھات بانجھ گائے کی قربانی ہوتی تھی ۔ مگر اَوسرشٹ کے شبد پر دھیان دیا جاوے اور دیکھا جاوے کہ اس کے اصلی معنی تیاگنے یا آزاد کرنے کے ہیں تو معلوم ہوگا کہ اوسرشٹ کا مطلب وہ تیاگ نہیں ہے جو جانوروں کو مارنے سے پیدا ہو بلکہ وہ تیاگ ہے جو اُن کو آزاد کرنے سے ہو ۔ اور اصلی قربانی یہ ہی آزاد کرنا ہے چنانچہ بیل کی اَوسرشٹی یا قربانی اب تک یہ ہی چلی آرہی ہے کہ اُس کو کسی دیوتا کے نام پر سانڈ بناکر آزاد کردیا جاتا ہے ۔ اس خیال سے اوپر کے منتر میں جو اشوآدک کا اگنی کی آہوتی میں دئے جانے کا ذکر ہے اُس سے اُن کا اگنی دیوتا کے نمت آزاد کیا جانا ہی مُراد ہوسکتا ہے نہ کہ اگنی کے اندر جھونکا جانا ۔ کیونکہ میں کا ارتھ بھی ایسے منتروں میں کہ اگنی میں آہُت کئے جاویں یہ نہیں ہے کہ اگنی کے اندر آہُت کئے جاویں ۔ بلکہ یہ ہے کہ اگنی کے نمت آہُت کئے جاویں ۔ چنانچہ سوکت ۱-۱۶۲ کے منتر (۸) اور (۹) میں جو گھوڑے کی قربانی کے وشے میں ہم نے آگے دئے ہوئے ہیں دیوؤں میں ہون کا ارتھ یہ نہیں ہے کہ گھوڑے کی وہ چیزیں جن کا ذکر اُن منتروں میں آیا ہے دیوتاؤں کے اندر ہوں

بلکہ یہ ہے کہ دیوتاؤں کے تمتت ہوں ۔

بعض منتروں میں اِندر کے لئے سوم کے ساتھ رِکھب یا وِرِکھب کا پچن کرنا یا پکانا بھی آتا ہے مثلاً آیا ہے کہ :-

"(اے اِندر) جب میں اُن لوگوں سے سامنا کرتا ہوں جو یگیہ نہیں کرتے ہیں اور کیول اپنے پیٹ کو پالتے ہیں تب میں تیرے لئے بلوان وِرِکھب پکاتا ہوں اور تیوِر (تیز) پنچ دش[۴۲۶] (سوم) سینچتا ہوں" (۱۰-۲۷-۲) ۔

اور

"اے اِندر جب لوگ آن آدک سے تیرا آہوان کرتے ہیں تب تُو سوم کو جو وہ بناتے ہیں پیتا ہے اور وِرِکھب کو جو وہ پکاتے ہیں کھاتا ہے" (۱۰-۲۸-۳) ۔

اور

"اے اگنی - جس رِک (منتر) روپی ہوی کا ہم تیرے لئے آہرن (آہرن) کرتے ہیں وہ ہوی تیرے لئے وَشا اور بلوان رِکھب ہوں" (۶-۱۶-۴۷) ۔

---

[۴۲۶] سوم کو پنچ دش اس لئے کہا ہے کہ کہتے ہیں کہ اس کے پنچدش ارتھات پندرہ پتے ہوتے ہیں جو ایک ایک کرکے شکل پکش کے پندرہ دن میں نکلتے آتے ہیں اور کرشن پکش کے پندرہ دن میں جھڑتے جاتے ہیں ۔

ان منتروں میں جو رِکھب اور وِرکھب کے شبد آتے ہیں اُن کا ارتھ بیل بھی ہے اور ایک بلوان اور شدھی[۲۷] بھی ہے ۔ اور اسی طرح سے شاید وَشا کا ارتھ بھی کچھ ایسا ہی اور ہو ۔ پہلے دو منتروں میں رِکھب اور وِرکھب کے ساتھ سوم کا جوڑ ملایا گیا ہے اور سب سے پہلے منتر میں سوم کے لئے پنچ دش کا شبد آیا ہے اس لئے تیسرے منتر میں بھی ہو سکتا ہے کہ وَشا سوم کے ارتھ میں ہی آیا ہو اور سوم کو وَشا اس لئے کہا گیا ہو کہ وہ اپنے سرور سے پینے والوں کو اپنے وش (بس) میں کر لیتا تھا ۔ مگر اس ارتھ کے لئے ہمارے پاس کوئی پرمان نہیں ہے سوائے اس کے کہ نِرُکت کی ریتی سے یہ ارتھ بھی سِدھ ہو سکتے ہیں ۔ پس اِن منتروں میں جو رِکھب آدک کا سوم کے ساتھ پکانا آیا ہے تو اُس کا ارتھ گائے بیل کا پکانا نہیں ہے بلکہ بلوان اور شدھیوں کا پکانا ہے جن کو سوم کے رس میں پکاتے تھے اور معجون بنا کر کھاتے تھے ۔ رگوید ۵-۲۹-۸ میں اِندر کو تین سو بیل کا ماس

---

[۲۷] دیکھو نِرُکت ۹-۲۲ ۔ اور آپٹے کی سنسکرت انگلش ڈکشنری ۔ وِرکھب کے یوگِک ارتھ وِرُدھا کرنے والے کے ہیں ۔ چاہے وہ وِرُدھا یا برُدھا مینہ کی ہو چاہے امرت کی یا بل کی یا کسی اور کی ہو ۔ اس لئے رگوید ۲-۱۶-۶ میں اِندر کو ۔ اُسکے بجر کو ۔ سوم کو ۔ اور گھوڑوں کو ۔ سب کو ہی وِرکھب لکھا ہے ۔ اور رِکھب وِرکھب کا ہم معنی ہے ۔

کھانے والا بیان کیا ہے۔ اور سائن آچاریہ نے اس میں مہش کا ارتھ بھینسا کیا ہے جو اس کے سادھارن ارتھ ہیں اور ماس کا ارتھ مانس کیا ہے۔ مگر بعض کہتے ہیں کہ جس طرح مہشی کا ارتھ بھینسے کی مادہ بھی ہے اور راجا کی رانی بھی۔ اسی طرح مہش کا ارتھ بھی بھینسا اور راجا دونو ہونے چاہئیں اور یہاں منتر میں راجا ہی ہونا چاہیئے۔ اور ماس کا ارتھ جو مانس کیا جاوے تو ماش ہی کیوں نہ کیا جاوے اور منتر کے ارتھ بجائے اس کے کہ یہ کئے جاویں کہ اِندر تین سو بھینسوں کا مانس کھاتا ہے یہ کیوں نہ کئے جاویں کہ وہ تین سو یعنی سینکڑوں راجاؤں کے پیش کئے ہوئے ماش کے بڑے کھاتا ہے۔ اور واستو میں اب بھی اکثر یگیوں میں ماش کے بڑے پکائے اور کھلائے جاتے ہیں۔

برہدآرنیک اُپنِشد (۶-۴-۱۷/۱۸) میں آیا ہے کہ جو چاہتا ہے کہ میری لڑکی پنڈِتا پیدا ہو وہ تلوں کا اودن پکائے اور جو چاہتا ہے کہ میرا لڑکا پنڈِت پیدا ہو وہ مانس کا اودن پکائے اور کھائے۔ اور ماش کے پکش والے کہتے ہیں کہ یہاں بھی اصل لفظ ماش ہی ہونا چاہیئے نہ کہ مانس۔ کیونکہ تلوں کے مقابلہ میں ماش ہی زیادہ مناسب ہے نہ کہ مانس۔

مگر اس سے اگلے ہی فقرہ میں اُپنِشد نے اس مانس اودن

کی وِدھی یہ بتائی ہے کہ وہ اُکشن یا رِکھب سے تیار کیا جاوے۔ اور اُکشن اور رکھب بیل کو کہتے ہیں اور مانس بھکشی اس سے نہ صرف مانس کھانا بلکہ گائے اور بیل کا مانس کھانا سِدّھ کرتے ہیں + مگر اُن کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اُکشن اور رِکھب سوم کے ہی دوسرے نام ہیں اس لحاظ سے کہ سوم کے وِدھی پوربک پریوگ سے پُرش میں بیل یا سانڈ کا سابل پیدا ہوتا ہے + رکھب کے لئے تو ہم نرُکت کا پرمان نیچے دے چکے ہیں اُکشن یا اُکش جس کا بگڑ کر انگریزی میں اوکس بمعنی بیل ہو گیا ہے اُس کے لئے آپٹے کی سنسکرت انگلش ڈکشنری کو دیکھ لو + اور سوچنے کی بات ہے کہ اُپنِشد اوپر سے یہ کہتا چلا آرہا ہے کہ جو چاہتا ہے کہ میرے ایسا لڑکا پیدا ہو جو ایک وید پڑھ جائے وہ دُودھ میں پکا ہوا اودن کھائے اور جو چاہتا ہے کہ ایسا لڑکا پیدا ہو جو دو وید پڑھ جائے وہ دہی میں پکا ہوا اودن کھائے جو چاہتا ہے کہ پنڈتا لڑکی پیدا ہو وہ تِلوں کا اودن کھائے اور آخر میں کہتا ہے کہ جو چاہتا ہے کہ ایسا پُتر پیدا ہو جو پورا وید دیتا ہو اور سمتی ارتھات سماج کا بھوشن ہو تو وہ رِکھب یا اُکشن میں پکایا ہؤا اودن کھائے تو کیا وہ یہاں دُودھ دہی اور تلوں سے ایک دم بیل کے ماس پر گر جاتا ہے یا اُسی سانوِک بھوجن کے سلسلہ کو جاری رکھتا ہؤا انجام سوم میں پکائے ہوئے ماش پر آتا ہے + مگر بلّی کو

خواب میں چھیچھڑے ہی دیکھتے ہیں ۔

اشومیدھ یعنی گھوڑے کی قربانی

مگر گائے بیل کی قربانی ہوتی تھی یا نہیں ہوتی تھی (اور جہاں تک ہم دیکھتے ہیں نہیں ہوتی تھی) پر گھوڑے کی قربانی کا ہونا ضرور رگوید (منڈل ۱۔ سوکت ۱۶۲) سے ظاہر ہوتا ہے اور ہم اس سارے سوکت کا ترجمہ لفظ بلفظ وید کی اصل سنسکرت سے ساین آچارج کے بھاشیہ کے انوسار کرکے نیچے درج کرتے ہیں تاکہ پاٹھک گن خود دیکھ لیں کہ وید اِس وشے میں کیا کہتا ہے :۔

رگوید ۱ - ۱۶۲

(۱) مِتر - وُرن - اَرْیما - اَیو (وایو) - رِبھوؤں کا سوامی اِندر اور مرُت ہم کو بُرا بھلا نہ کہیں کیونکہ ہم اب یگیہ میں دیوجات واجی (گھوڑے) کے بیر کرموں کا برنن کرتے ہیں ۔

(۲) جبکہ سُندر سُنہری بھوشنوں سے بھوشِت گھوڑے کے سامنے سے وان کو ہاتھوں میں پکڑے ہوئے لے جاتے ہیں تو وہ وِشو روپ (سرو پرکار سے سُندر) بکرا چلتا ہوا ہمیاتا ہے اور اِندر اور پُوشن کے پیارے پاتھ (رستے یا انّ) کو پراپت کرتا ہے ۔

(۳) سب سے پہلے یہ چھاگ (بکرا) جو سارے دیوتاؤں کے یوگیہ ہے اور اگنی کا بھاگ ہے لایا جاتا ہے ۔ اور پُوشٹا

(دیوتا) گھوڑے کے ساتھ اس پُروڈاش (پہلی آہوتی) کو پرِیتی کارک سُندر انّ بنا دیتا ہے ۔

(۴) جبکہ منُشیہ ہوَی کے یوگیہ دیویان (سے جانے والے) گھوڑے کو رِتو رِتو پر تین دفعہ نکالتے ہیں تو یہ اگنی کا بھاگ اَج (بکرا) سب سے پہلے آکر دیوتاؤں کو یگیہ کی سُوچنا دیتا ہے ۔

(۵) ہوتا۔ ادھوریو۔ اُدگاتا اور برھما[۵۲۸] تم سب اس سُندر النکار اور سندر کرم والے یگیہ سے اگنی کُنڈوں کو بھر دو ۔

---

۵۲۸ یگیہ میں چاروں ویدوں کے کرم کرانے والے رِتوِجوں کا کام پڑتا ہے ۔ ان میں جو رِتوِج رگوید کو جاننے والے ہوتے ہیں اُن کو ہوتا کہتے ہیں اور جو یجُروید۔ سام وید۔ اور اتھروید کو جاننے والے ہوتے ہیں اُن کو کرم سے ادھوریو۔ اُدگاتا۔ اور برھما کہتے ہیں (دیکھو گوپتھ براھمن ۲-۲۴) ۔ وید کے اس منتر میں صرف پہلے دو رِتوِجوں کے نام آئے ہیں اُدگاتا اور برھما کے نام نہیں آئے ہیں منتر کے اور شبدوں سے ان کے ارتھ گرہن کئے گئے ہیں ۔ پر رگوید ۱۰-۱۷۱-۱ میں جات وِدیا کے جاننے والے برھما کا اور ۱۰-۱۰۷-۶ میں سام کے گاین کرنے والے سامگا کا نام آیا ہے ۔ وید کا ہوتا پارسیوں کی مقدس کتاب زند اوستا میں زوتا ہو گیا ہے اور رِتوِج کا رِتھوی بن گیا ہے ۔

(۶) جو لوگ یُوپ (یگیہ ستمبھ) کے لئے لکڑی کاٹتے ہیں۔ جو اُس کو اُٹھا کر لاتے ہیں۔ جو گھوڑے کے یُوپ کے لئے چشال (چندویا) بناتے ہیں۔ جو گھوڑے کے لئے پچن (پکانے کی چیزیں یا پکانے کے برتن) اکٹھے کرتے ہیں اُن سب کا شکلپ ہمارے لئے پورا ہو +

(۷) سُندر پیٹھ والا گھوڑا جیسا کہ میں چاہتا تھا آگیا ہے یہ دیوتاؤں کی آشا پوری کرے گا + براھمن اور رشی اُس کا انومودن کرتے ہیں اور ہم دیوتاؤں کی پُشٹی کے لئے اس کو باندھتے ہیں [یا اس کو اپنا بندھو (مِتر) بناتے ہیں] +

(۸) گھوڑے کے گلے کی رسّی۔ پیروں کی رسّی۔ سر کی رسّی۔ باگ ڈور زیر بند وغیرہ یہاں تک کہ جو اُس کے منہ میں گھاس کے تنکے ہیں وہ سب دیووں میں ہوں (ارتھات دیوتاؤں کے نمت ہوں) +

(۹) جو مکھیاں گھوڑے کے گوشت کو کھا رہی ہیں۔ جو (گھوڑے کو قربان کرنے کے وقت) سوری (یگیہ ستمبھ کی لکڑی) اور سوَدھِتی (چھُری) میں چمٹ رہی ہیں یا جو (جھٹکئی) کے ہاتھوں اور ناخونوں پر بیٹھی ہوئی ہیں وہ سب دیووں میں ہوں (ارتھات دیوتاؤں کے نمت ہوں) +

(۱۰) جو اس کے پیٹ میں سے اَدھ کچرا (کھانا) نکلتا ہے اور جو کچّے مانس کی گندھ اُٹھتی ہے شمِنا (جھٹکئی لوگ) اُس کو دور کردیں اور جو کچھ میدھ (یگیہ) کے یوگیہ ہے اُس کو اچھی

طرح پکا دیں ٭

(۱۱) شُول (سیخ) پر چڑھائے ہوئے تیرے گاتر سے اگنی سے پکتے ہوئے جو کچھ ٹپکے وہ بھومی پر یا گھاس پر نہ گرے بلکہ وہ کامنا کرنے والے دیوتاؤں کو دیا جاوے ٭

(۱۲) جو پکتے ہوئے واجی (گھوڑے) کی نگرانی کرتے ہیں۔ جو کہتے ہیں کہ اب اِس کی خوشبو ٹھیک ہوگئی اس کو لے جاؤ۔ جو اس کے مانس کی بھکشا کی اُپاسنا کرتے ہیں اُن سب کا اودّیم ہمارے لئے پورا ہو ٭

(۱۳) مانس کے پکانے والی اُکھا (دیگچی) کی کرچھی اور اُس کے رس کے سینچنے کے پاتر (برتن)۔ اُس کے ٹھنڈا کرنے کے (برتن)۔ چروؤں کے ڈھکن۔ انگ اور چھُرے یہ سب اشو کے بھُوشن ہیں ٭

(۱۴) گھوڑے کے چلنے پھرنے بیٹھنے اور بندھنے کے استھان اور جو کچھ کہ اُس نے کھایا پیا ہے وہ سب (اے گھوڑے) دیوتاؤں کے لئے ہوں (ارتھات نر ارتھک نہ ہوں) ٭

(۱۵) دھوئیں کی گندھ والی اگنی تجھ میں سے آواز نہ نکلوائے تپی ہوئی دیگچی نہ اُبھے اور نہ پھٹے ٭ اس پرکار کے اودّیم سے یگیہ میں ہوم کئے ہوئے اشو کو دیوتا سویکار کرتے ہیں ٭

(۱۶) جو جھول کہ گھوڑے پر ڈالتے ہیں۔ جو سونے کے زیور اُس کو پہناتے ہیں۔ اور اُس کے سر اور پیروں کے بندھن جو اُن کو پیارے ہیں وہ سب دیوتاؤں کو پراپت ہوں +

(۱۷) اگر کوئی تجھ کو بڑے زور سے سُوسُو کرتے ہوئے اور چلتے ہوئے اپنی ٹھوکر یا کوڑے سے دُکھ دیتا ہے تو میں اُس کو اپنے منتر سے شانت کر دیتا ہوں جیسے کہ یگیوں میں سرُچ سے ڈالی ہوئی ہوِیاں +

(۱۸) دیوتاؤں کے پیارے اس واجی (ویگ وان) اشو (گھوڑے) کی ۳۴ پسلیوں میں سوَدھنی (چھری) گھُپتی ہے۔ اس کے گاتّروں میں چھِدر (سوراخ) نہ پڑیں۔ اس کے ایک ایک جوڑ کو دیکھ بھال کر کاٹنا +

(۱۹) اِس تُوشٹو (چمکدار یا تُوشٹری دیوتا کے) گھوڑے کا وِشستا (وِشسن یا قربانی کرنے والا) ایک ہے اور دو اُس کے پکڑنے والے ہیں + اور وہ ایک رِتو ہے (اور وہ دو دِن اور رات ہیں) + جن جن تیرے گاتّروں کو میں رِتو رِتو میں سنسکرِت کرتا ہوں اُن کو پِنڈوں کے مدھیہ میں اگنی میں ہَون کرتا ہوں +

(۲۰) تیری پیاری آتما تجھ کو دیوتاؤں کے پاس جاتے ہوئے نہ تپائے۔ سوَدھنی (چھری) تیرے انگوں میں دیر تک نہ ٹھیرے + اور لالچی اور اناڑی وِشستا اپنی اَسی (تلوار) سے تیرے

گا تروں میں پرتھا چھڈر نہ کریں +

(۲۱) نہ تو مرتا ہے نہ تیری ہنسا ہوتی ہے - تو آسان رستے سے دیوتاؤں کو پراپت ہوتا ہے + (اِندر کے واہن) ہری اور (مُرت گن کے واہن) پرشٹی تیرے لئے رتھ میں جُتے ہوئے ہیں اور سورج کے رتھ میں بھی گھوڑا جُتا ہوا تیار ہے (تجھ کو لے جانے کے لئے) +

(۲۲) یہ واجی (گھوڑا) ہمکو گئووں دے - اور گھوڑے دے پُشٹر پُوشٹر آدِک سنتان دے - سب کو پالنے کے لئے دھن دے + اور یہ ہوشمان اور اَدِتی (اَدین) اشو ہم کو پاپ سے بچائے اور ہم میں کشتر بل پیدا کرے[۵۲۹] + اِتی +

یہ بیان صاف گھوڑے کی قربانی کا بیان ہے اور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ویدک کال میں گھوڑے کی قربانی کا یگیہ جس کو اشومیدھ کہتے ہیں ضرور ہوتا تھا اور شت پتھ آدِک براھمنوں میں اور آشولاین آدِک کے شرؤت اور سمارت سُوتروں میں جو اِس کا وِدھان ہے اُس سے اس کی تصدیق ہوتی ہے + اور یہ قربانی راماین اور مہابھارت کے زمانوں تک بلکہ گپت بنسی راجاؤں کے زمانہ تک ہوتی چلی

۵۲۹ اس بیان سے جو کسی قدر گلانی پیدا کرنے والا ہے مقابلہ کرنے کے لئے دیکھو بائیبل کی کتاب لیویٹکس میں قربانی کا بیان جو اس سے بھی زیادہ گلانی پیدا کرنے والا ہے +

آئی جیسا کہ اس گرنتھ کے اگلے بھاگوں میں اُن زمانوں کے کے حالات دیکھنے سے معلوم ہوگا[۱۳۰] ۔

رگوید کے ایک سُوکت (۵-۷۲) میں اشومیدھ کا نام بھی آیا ہے اور اس سے ظاہر ہے کہ اس یگیہ کا نام اشومیدھ بھی ویدک نام ہے ۔ مگر براھمنوں کے وِدھان سے معلوم ہوتا ہے کہ اس یگیہ کے کرنے کا ادھیکاری کیول راجا ہی ہوتا تھا اور راجا بھی وہ جس کا راجیہ چاروں کھونٹ میں پھیلا ہوا ہوتا تھا۔ چنانچہ سُوتر کار آپستمب کا بچن ہے کہ اشومیدھ کا یگیہ وہ راجا کرے جو ساڑھ بھؤم ہوا رتھات جو ساری بھومی کا راجہ ہو نہ کہ وہ جو ساری بھومی کا راجا نہ ہو ۔ اور گھوڑا بھی جو قربان کیا جاتا تھا وہ ہوتا تھا جو چاروں کھونٹ کے راجیوں میں سے بجے کی دھجا اُڑاتا ہوا واپس آتا تھا[۱۳۱] ۔

---

[۱۳۰] گھوڑے کی قربانی وسط ایشیا کے اندر قوم سیتھیا کے لوگوں میں بھی جاری تھی (اور وہاں بھی یہ رسم ہندوستان سے ہی پہونچی ہوگی) اور جرمنی اور آسٹریا میں یہ قربانی بیاہ شادیوں کے موقوں پر اب تک ہوتی ہے ۔

[۱۳۱] انگلستان میں بادشاہوں کی تاجپوشی کے موقوں پر گھوڑے کی قربانی کی رسم اب تک جاری ہے چنانچہ شہنشاہ جارج ششم کی تاجپوشی پر جو بماہ مئی ۱۹۳۷ء انگلستان میں بڑی دھوم دھام سے منائی گئی تھی گھوڑے کی قربانی بھی ہونی تھی اور ہندوستان میں جگہ جگہ اس کے خلاف آواز اُٹھائی گئی تھی ۔

اس پر بھی اشومیدھ یگیہ میں گھوڑے کا قربان کرنا چنداں لازمی نہیں تھا۔ چنانچہ مہابھارت (شانتی پرو۔ ادھیائے ۳۳۷) میں ایک کتھا آئی ہے کہ مگدھ کے راجا وسو (اوپری چر) نے اشومیدھ یگیہ کیا تھا مگر اُس میں کوئی پشو قربان نہیں کیا تھا اور یگیہ کی ساری سامگری کے لئے کیول جنگل کی پیداوار (بنا سپتی) سے ہی کام لیا تھا[۳۳۲]+ پس اشومیدھ میں گھوڑے کی قربانی کا وِدھان تو رِگوید سے ظاہر ہے لیکن جو شرطیں کہ براھمنوں اور سُوتروں کے بچنوں سے اس کے ساتھ لگی ہوئی دکھائی دیتی ہیں اُن کو دیکھا جاوے تو گھوڑے کی قربانی نہ ہونے کے ہی برابر تھی+

اس سلسلہ میں شت پتھ براہمن کا ایک بچن جس سے برہد آرنیک اُپنشد شروع ہوتا ہے یہ ہے:-

"اُشا یگیہ کے گھوڑے کا سر ہے۔ سورج آنکھ ہے۔ ہوا پران ہے۔ ویشوانر اگنی مکھ ہے۔ سموتسر گھوڑے کا شریر ہے۔ آکاش پیٹھ ہے۔ انترکش پیٹ ہے۔ پرتھوی کھُر ہے۔ دِشائیں پہلو ہیں۔ بیچ کی دِشائیں پسلیاں ہیں۔ رِتوئیں

۳۳۲ اس سے اگلے ادھیائے ۳۴۸ میں اس بات پر بحث ہے کہ یگیہ کے لئے اَج کے ارتھ بکرے کے ہیں یا اوشدھیوں کے بیج کے۔ اور رشیوں کی ویوستھا اس میں یہ ہے کہ اَج کے ارتھ یہاں بیج کے ہیں+

انگ ہیں - جبنے اور پکش جوڑ ہیں - دن رات پیر ہیں -
نکشتر ہڈیاں ہیں - بادل مانس ہیں - بالوکا ریت اَدھ پچا
کھانا ہے - ندیاں ناڑیاں ہیں - پربت جگر اور تلی ہیں -
اوشدھیاں اور بنسپتیاں لوم (بال) ہیں - پُورو آدھ پُورو
آدھ ہے - اپر آدھ اپر آدھ ہے - اس کا جماؤ لینا بجلی
کا چمکنا ہے - اس کا لرزنا گرجنا ہے - اس کا مُوتنا برسنا
ہے - اس کی بانی بانی ہے"۔

اس بچن میں اشومیدھ کے اشو کو وِراٹ سے تشبیہ
دی ہے اور اشو کے ایک ایک انگ کو وِراٹ کے ایک
ایک انگ سے ملایا ہے۔ مگر اس سے یہ نہیں کھُلتا کہ
اشومیدھ کا برنن جو پیچھے رگوید (۱- ۱۶۲) میں آیا ہے وہ
شت پتھ براھمن کے اس بچن کے انوسار ایک روپک
ہی ہے یا واستو میں اصلی قربانی کا بیان ہے۔

ہمارے خیال میں اسی شت پتھ براھمن کا ایک اور
بچن جو (کانڈ ۱- ادھیائے ۲- براھمن ۳- کنڈکا ۶) میں
آیا ہے وہ قربانی کے اِن سارے وِشوں کو صاف
کر دیتا ہے اور اُس بچن کا سار یہ ہے کہ پُرش - گھوڑا
بیل - بھیڑ - بکرا - چاول اور جَو اپنے
اپنے زمانہ میں یگیہ کے پشو ہوئے۔
تفصیل اس بچن کی یہ ہے کہ "پہلے دیوتا آدمی

کی قربانی کیا کرتے تھے - مگر قربانی کا انش آدمی میں سے
نکل کر گھوڑے میں داخل ہوگیا اور وہ گھوڑے کی قربانی
کرنے لگے - پھر یہ انش گھوڑے میں سے نکل کر بیل میں
داخل ہوگیا اور وہ بیل کی قربانی کرنے لگے - پھر یہ انش
بیل میں سے نکل کر بھیڑ میں داخل ہوگیا اور وہ بھیڑ کی
قربانی کرنے لگے - پھر یہ انش بھیڑ میں سے نکل کر بکرے
میں داخل ہوگیا اور وہ بکرے کی قربانی کرنے لگے - پھر
یہ انش بکرے میں سے نکل کر پرتھوی میں داخل ہوگیا
اور انہوں نے اُس کی تلاش میں پرتھوی کو کھودنا شروع کیا -

۳۳ھ اصل سنسکرت کا لفظ آلبھ ہے اور اس کا ارتھ چھونا اور
قربان کرنا دونوں ہوتا ہے اس لئے بعض سجن کہتے ہیں کہ یہاں
اس کا ارتھ چھونا ہی ہے جیسا کہ منوسمرتی (ادھیائے ۵ - شلوک ۸۷)
میں آیا ہے کہ اگر کوئی براھمن کسی ہڈی سے چھو جاوے تو گائے کے
آلبھ ارتھات چھونے سے یا سورج کے درشن کرنے سے شُدّھ ہو + اور
اب بھی جس کسی وستو کا دان کرتے ہیں اُس کو پہلے ہاتھ سے چھوتے ہیں +
اسی طرح سے جس لفظ کا ارتھ ہم نے انش کیا ہے وہ سنسکرت کا شبد
میدھا ہے اور اُس کا ارتھ بدّھی بھی ہے پس ان ارتھوں سے براھمن کے اس
بچن کا ارتھ یہ ہوگا کہ پہلے منشیوں کو دان میں دیتے تھے پھر دان کرنے کی یہ بدّھی
منشیہ میں سے نکل کر گھوڑے میں داخل ہوگئی اور لوگ گھوڑوں کو دان میں دینے
لگے وغیرہ وغیرہ + مگر یہ ارتھ دُور کے ہیں اور نتیجہ دونوں ارتھوں کا ایک ہی ہے +

انجام اُنہوں نے قربانی کے اس انش کو چاول اور جَو میں پایا۔ چنانچہ اب جانوروں کی قربانی کی جگہ چاول اور جَو کے پنڈ دئے جاتے ہیں اور جو پھل اُس قربانی کا تھا وہی پھل اِن پنڈوں کا ہے"۔

پس اس بچن نے اس بات کا فیصلہ صاف کر دیا کہ اِنسان تہذیب کے ابتدائی زمانہ میں پُرش یعنی انسان تک کی قربانی کرتا تھا جیسا کہ ہندوستان میں اب بھی کبھی کبھی وحشی اور غیر مُہذّب قوموں میں ایسی قربانیاں سنائی دے جاتی ہیں۔ مگر جوں جوں انسان تہذیب میں ترقی کرتا گیا قربانی کی شکل پُرش سے گھوڑے ہیں۔ گھوڑے سے بیل میں۔ بیل سے بھیڑ بکرے ہیں اور بھیڑ بکرے سے چاول اور جَو میں پلٹتی رہی چنانچہ اب یگیوں میں جَو ہی چڑھائے جاتے ہیں۔

پُرش میدھ یعنی انسان کی قربانی

وید میں کسی ایک زمانہ کا حال برنن نہیں ہے بلکہ مختلف زمانوں کا حال برنن ہے اس لئے اس میں پُرش سے لے کر بھیڑ بکرے تک کی قربانیوں کا ذکر ہے۔ چنانچہ دوسری قربانیوں کا حال تو اُس بیان سے دکھائی دیتا ہے جو ہم ابھی اوپر کر چکے ہیں اور پُرش کی قربانی کا حال شُنہ شیپ کے اُس اتہاس سے ظاہر ہے جو رگوید (۱-۲۴) میں آیا ہے اور جس کو ہم نے پیچھے ادھیائے ۳ میں وِشوامِتر

جی کے پرسنگ میں مفصل بیان کر دیا ہے + مگر شتہ شیپ کا برنن ایک انتہا سِک برنن ہے نہ کہ اس وشے میں وید کی آگیا یا آدیش کا کتھن ہے + اور اتہاس بتاتا ہے کہ تہذیب کے ابتدائی زمانوں میں انسان کی قربانی نہ صرف ہندوستان میں رائج تھی بلکہ یوروپ کی مغربی اقوام میں اس سے بھی زیادہ رائج تھی چنانچہ کرسچن لٹریچر سوسائٹی[۵۳۴] کی ایک کتاب میں جو ویدوں کے وشے پر ہے درج ہے کہ "ہم جانتے ہیں کہ ابتدائی زمانہ میں مغربی آریا بھی انسان کی قربانی کرتے تھے۔ انگلستان میں انسانوں کی بڑی بڑی تعدادیں لکڑی کی جالی دار موزنیوں میں زندہ جلائی جاتی تھیں۔ ایتھنیز (دارالخلافہ یونان) میں ایک مرد اور ایک عورت ہر سال قوم کے گناہوں کے کفارے کے لئے قربان کئے جاتے تھے۔ جرمن لوگ بعض اوقات ایک ایک دفعہ میں کئی کئی سو آدمی قربان کرتے تھے" + اور یہ حال یوروپ میں اُس زمانہ میں تھا جبکہ ہندوستان میں انسان کی قربانی بھیڑ بکرے میں اور بھیڑ بکرے سے چاول اور جَو میں تبدیل ہو چکی تھی +

یگیہ کا تتو یگیہ کا شدھ تج دھاتو سے بنا ہے اور اس دھاتو کے ارتھ دیو پوجا سنگتی کرن اور دان کے ہیں۔

---

[۵۳۴] اس سوسائٹی کے لئے دیکھو آگے فٹ نوٹ ۵۵۳ +

انگریزی میں اس کا ترجمہ غلطی سے سیکریفائس (Sacrifice) کرتے ہیں اور چونکہ سیکریفائس کے معنی قربانی کے ہیں اس لئے یگیہ کو بھی ایک قربانی ہی سمجھنے لگے ہیں۔ مگر یہ غلطی ہے ہندوؤں کا یگیہ اور لوگوں کی قربانی نہیں ہے۔ اس میں یگیہ کرنے والا یجمان آپ یگیہ کا پشو ہے جس طرح پرماتما آپ اس سرشٹی روپی یگیہ کا پشو ہے + رگوید (۱۰-۹۰) میں اس کا برنن اس طرح آیا ہے :-

(۱۵) وِراٹ پُرش (پرماتما) آپ اس یگیہ کا پشو ہوا +

(۱۳) چندرما اُس کے من سے اُوتپّن ہوا۔ چکشو سے سورج اُوتپّن ہوا +

(۱۴) نابھی سے انتریکش ہوا۔ سر سے آسمان ہوا۔ پیروں سے بھومی۔ کانوں سے دِشائیں اور اسی پرکار سے اور لوک اوتپّن ہوئے +

(۶) بسنت رِتو اس یگیہ کا گھی بنی گرمی ایندھن اور شرد ہوی ہوئی +

(۱۶) اس پرکار دیوتاؤں نے یگیہ (آتم دان) سے یگیہ رچا اور یگیہ کے یہ کرم پرتھم دھرم ہوئے +

اس آدرش کے انوسار براھمنوں میں جگہ جگہ یہی بچن دیکھنے میں آتے ہیں کہ یجمان خود پشو ہے کیونکہ یگیہ یجمان کو ہی سورگ میں لے جاتا ہے (مثال کے لئے دیکھو تیتری براھمن ۳-۲-۱۲-۳ + اور شت پتھ براھمن ۱۱-۱-۸-۳

جن کا ارتھ یہ ہے کہ آدمی بجائے اس کے کہ بے زبان پشوؤں کی قربانی کرے اپنے نفس کی قربانی کرے جس سے وہ سوَرگ میں پہونچے) + مگر بجائے اس کے کہ یگیہ رچنے والا۔ بھگوان وراٹ پُرش (پرماتما) کے آتم دان (ایثار نفس) کا آدرش اپنے آگے رکھکر اپنے نفس کو قربان کرتا دوسرے جیووں کو قربان کرنے لگا اگرچہ جوں جوں سبھیتا ترقی پکڑتی گئی ہندو آریا جیووں کو چھوڑ کر چاول اور جَو پر آگیا مگر اور قومیں وہاں کی وہاں ہی رہیں +

اجناس

ہم زراعت کا ذکر کرتے کرتے پشوؤں پر جو زراعت کا ایک انگ اور بڑا انگ ہیں جا پہونچے اور پشوؤں کے ذکر میں پشو بلی کے وِدھان پر آن اُترے اور اس میں ہمیں ذرا وِستار سے کام لینا پڑا + مگر اب ہم پھر زراعت کی طرف لوٹتے ہیں اور زراعت کے اجناس کا ذکر کرتے ہیں + پس معلوم ہو کہ زراعت کے اجناس میں یَوَ (جَو) اور دھانیہ (چاول) کا ذکر اکثر آتا ہے۔ مگر اس کے معنی یہ نہیں ہیں کہ جَو اور چاول کے سوائے اور کوئی اناج نہیں ہوتا تھا۔ یا اناج کے سوائے اور کسی جنس کی کاشت نہیں ہوتی تھی +

پارچہ بافی

رگوید کے ندی سوکت (۱۰-۷۵) کے منتر (۸) میں سِندھو (سندھ) کی اور چیزوں کے ساتھ

وہاں کے کپڑوں کی بھی تعریف آتی ہے اور ظاہر ہے کہ کپڑوں کے لئے کپاس یعنی روئی کی کاشت لازم ہے + اور جب ہم ایک منتر (۲-۲۸-۵) میں ایک رشی کو یہ کہتے ہوئے دیکھتے ہیں کہ میرے دھرم اور کرم کے تانے اور بانے کا تنتو (تار) نہ ٹوٹے اور منتر (۹-۸۶-۳۲) میں تری وِرت تنتو (تہرے بٹے ہوئے سوت) کو دیکھتے ہیں تو ہم بھروسہ کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ ویدک کال میں کپاس کی کاشت ہوتی تھی اس سے سوت کاتا جاتا تھا اور اس سوت سے کپڑا بُنا جاتا تھا + اُون کا نام تو ندی سوکت کے اسی منتر (۱۰-۸۵-۸) میں سپشٹ ہی آیا ہے اور اس سے ظاہر ہے کہ سوتی کپڑوں کے ساتھ اُونی کپڑے بھی بُنے جاتے تھے +

موہنجو دارو کا شہر ابھی سندھ کے ضلع لرکانہ میں جوحیدر آباد اور سکّر کے درمیان ہے زمین کے اندر سے دبا ہوا نکلا ہے اور گورنمنٹ ہند کے آرکیولوجکل ڈیپارٹمنٹ نے اس کو مسیح سے تین ہزار برس پہلے اور اب سے پانچ ہزار برس پہلے کا مانا ہے جیسا کہ اس ڈیپارٹمنٹ کی رپورٹ کے اُس ٹکڑے سے واضح ہوگا جو ہم نے اصل انگریزی میں اس بھاگ کے آخیر میں لگایا ہوا ہے + اس کے کھنڈروں میں سے جہاں اور عجیب عجیب چیزیں نکلی ہیں وہاں چاندی کا ایک بڑا ڈبہ بھی نکلا

ہے جس میں سونے کے زیورات اور جواہرات رکھے ہوئے ہیں اور جس پر رُوئی کے تاروں کا بُنا ہوا کپڑا لپٹا ہوا ہے + پس آج سے پانچ ہزار برس پہلے تک کی تو مجسّم تصدیق ہی اس بات کی نکل آئی کہ ہندوستان میں روئی کی کاشت ہوتی تھی اور اُس کے کتے ہوئے سُوت سے کپڑا بُنا جاتا تھا اور اس سے پہلے ویدک کال کی تصدیق جو خُود ویدسے ہی ہوتی ہے وہ بھی ایسی ہی زوردار ہے جیسی یہ مجسّم تصدیق + اسی طرح سے موہنجو دارو کے اِن کھنڈروں میں سے گیہوں بھی دبے ہوئے نکلے ہیں اور ان کو انگلینڈ لے جاکر جو بویا گیا تو حالانکہ یہ پانچ ہزار برس کے پُرانے تھے پھر بھی اس زور سے پھولے اور پھلے کہ انگلینڈ کے تازہ گیہوں کو پیچھے چھوڑ گئے[۳۵] + مگر ویدوں میں گیہوں کا ذکر نہیں پایا جاتا +

دیگر مختلف پیشے

راجا لوگ نہ صرف سُوت اور اُون کے سادے کپڑے پہنتے تھے بلکہ زردوز بھی پہنتے تھے - سرگ (مالا) اور رُکم (سنہری سینہ بند) وغیرہ زیورات اور انمول رتن (جواہرات) سے مزین ہوتے تھے اور جلوس کے وقت

[۳۵] موہنجو دارو کے اور حالات ہم آگے جگہ جگہ بیان کرینگے +

ہاتھیوں[۳۶] پر سوار ہوتے تھے (۴-۴-۱) + بُدّھ میں رتھوں پر چڑھتے تھے زرہ بکتر سجاتے تھے اور مختلف ہتیاروں سے مسلّح ہوتے تھے (۴-۷۵)- اور پیادے اور سوار ساتھ ہوتے تھے (۴-۴۲-۵)+ اور ان باتوں کے لئے جن جن دستکاریوں اور پیشوں کی ضرورت ہوتی ہے وہ سب ظاہر ہے کہ اس ویدک کال میں موجود تھے +

تجارت خرید و فروخت باقاعدہ ہوتی تھی - چنانچہ رگوید (۴-۴-۹) میں کریِ (خرید) اور وِکری (بکری یا فروخت) کا ذکر آتا ہے + اور خرید اور فروخت کے لئے جو سکّہ رائج الوقت چاہیئے تو وہ بھی نِشک کی شکل میں موجود تھا + نِشک سونے کا سکّہ تھا اور چونکہ کبھی کبھی لوگ اس کے ہار بنوا کر بھی گلے میں ڈال لیتے تھے جیسے کہ اب بھی لوگ اشرفیوں کے ہار بنوا لیتے ہیں اس

[۳۶] ہندوستان میں ہاتھی ہمیشہ سے چلے آتے ہیں - چنانچہ حال میں ہی ضلع الہ آباد کی جاگیر دیا میں ایک ندی کے کنارے ایک بہت بڑا پنجر نکلا ہے - اور ماہرانِ علم حیالوجی نے اس کو ہاتھی کا پنجر بتایا ہے + یہ پنجر موجودہ نسل کے ہاتھیوں کے جسم سے بہت بڑا ہے اور اس کے دانت بارہ فٹ لمبے ہونے پائے جاتے ہیں - اور حیالوجی کے حساب سے اندازہ کیا جاتا ہے کہ یہ نسل آج سے ایک لاکھ برس پہلے ہوگی + یہ پنجر اب ہندو یونیورسٹی بنارس میں موجود ہے + (اخبار ہندوستان ٹائمز - مورخہ ۲۶ر دسمبر ۳۳ء) +

لئے نِشک سونے کے ہار کو بھی کہتے تھے (۱-۱۲۶-۲+۵-۱۹-۳) رامائن کے زمانہ میں تو یہ نِشک عام طور پر رائج تھا (دیکھو رامائن - سرگ ۶ - شلوک ۱۱) +

جہاز رانی

وید کے اکثر منتروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ ویدک کال میں ہندو آریا فن جہاز رانی میں بھی ماہر تھے + مثلاً رگوید (۱-۱۱۶-۵) میں ایک ایسی ناؤ کا ذکر آتا ہے جو سو اَرِتر یعنی سو چپوؤں سے سمُدر میں چلتی تھی + پروفیسر میکڈونل صاحب کا خیال ہے کہ ویدک کال کے ہندو آریا جو وسط ایشیا سے پنجاب میں وارد ہوئے تھے ابھی سمندر تک نہیں پہنچے تھے اس لئے سمندر کے حال سے واقف نہیں تھے اور اس لئے وید میں جو سمُدر کا لفظ آیا ہے اُس سے غالباً دریائے سندھ ہی مُراد ہے جو اُن کو سمندر جیسا جس کا اُنہوں نے نام ہی نام سُنا ہوا تھا نظر آتا ہوگا + مگر رگوید (۸-۶-۴) میں یہ کہکر کہ سب لوگ اِندر کے لئے اِس پرکار سے نمسکار کرتے ہیں جس پرکار سے کہ سب "سِندھو سمُدر کے لئے" سندھو اور سمندر کی تمیز خود کر دی گئی ہے + اور اسی طرح سے ۷-۴۹-۲ میں سمُدر کو اور جلوں سے الگ دکھاتے ہوئے کہا ہے کہ "جو جل دِوِیہ (آسمانی) ہیں یا جو کھود کر نکالے گئے ہیں (جیسے نہر یا کوئیں) یا جو خود پیدا ہو کر سمُدر آرتھ (سمندر کی اور) جاتے ہیں (جیسے دریا) اور جو آپ پُوِتر ہیں اور دوسروں کو پوِتر کرتے ہیں وہ سب جل دیویاں یہاں میری رکھشا کریں"

نہ ہندو آریا کہیں باہر سے ہندوستان میں آئے۔ وہ سدا سے ہندوستان میں ہی رہتے تھے اور اس لئے ہندوستان کے نقشے سے پورے واقف تھے + چنانچہ رگوید (۱۰-۱۳۶-۵) میں پُورو اور اپر دو سمندروں کا ذکر ہے اور یہ دو سمندر ظاہر ہے کہ ہندوستان کے مشرقی اور مغربی سمندر ہیں جن کے ساحل پر اب مشرق میں مدراس اور مغرب میں بمبئی واقع ہیں + ۷-۹۵-۲ میں سرسوتی کو گری (پہاڑوں) سے سمندر تک بہتے ہوئے بیان کیا ہے اور یہاں سمندر سے ظاہر ہے کہ سمندر ہی مراد ہے جس میں سرسوتی جا کر گرتی تھی نہ کہ دریائے سندھو + پس رگوید کے جس منتر (۱-۱۱۶-۵) میں سو چپوؤں والی ناؤ کا سمندر میں چلنا اوپر بیان کیا گیا ہے۔ وہاں سمندر سے مُراد سمندر ہی ہے۔ اور سو چپوؤں والی ناؤ سے ایک خاصا بڑا جہاز مُراد ہے جو سمندر میں چلتا تھا نہ کہ کوئی دریاؤں میں چلنے والی کشتی + رگوید (۱-۲۵-۷) میں ورُن کو جو سمندر کا دیوتا ہے سمندری لکھا ہے اور بیان کیا گیا ہے کہ وہ (ورُن) ناؤ کے رستے جانتا ہے اور اُس سے بھی ویدک ہندوؤں کا سمندر سے اور سمندری ناؤ یعنی جہاز سے آشنا ہونا ثابت ہوتا ہے + اور اس سب سے ویدک کال میں ہندوؤں کی جہازرانی سِدّھ ہے + اور ویدک کال کے پشچات تو ہندوؤں کی جہازرانی زمانہ قدیم میں تاریخ سے ہی ثابت ہے کیونکہ بُبلونیا (بابل) واقعہ میسوپوٹیمیا جو ہندوستان سے باہر کے ملکوں میں سب سے زیادہ پُرانا مُلک ہے وہاں پایا جاتا ہے

کہ ہندوستان سے سِندھ کی بنی ہوئی ململ جاتی تھی اور سِندھو کہلاتی تھی[۱۳۷]۔

چترورن آریہ جاتی اور آدیہ سبھیتا کی بنیاد اُسی طرح چار ورنوں پر تھی کہ جس طرح اب ہے۔ اور اس بات کا پتا بھی رگوید کے ہی ایک منتر (۱۰-۹۰-۱۲) سے لگتا ہے۔ اس منتر کا ارتھ یہ ہے:-

براھمن اُس کا مکھ ہوا۔ کشتری بھُجا بنا
جو ویشیہ ہے وہ اُس کی جانگھ۔ شُودر پیر بنا

اس منتر کا آخری ٹکڑا جس کا ارتھ ہم نے یہ کیا ہے کہ شودر پیر بنا اصل سنسکرت میں اس طرح سے ہے کہ "پدبھیام شودرو اجایت"۔ اور اس میں پدبھیام کے پد میں جو بھیام لگا ہوا ہے اُس کو ویاکرن کی رو سے پانچویں وِبھکتی کا لکشن سمجھا جا کر منتر کا ارتھ اکثر یوں کیا جاتا ہے کہ پیروں سے شُودر پیدا ہوا۔ اور پھر اس آخری ٹکڑے کے آدھار پر پہلے تین ٹکڑوں کا ارتھ بھی یوں کیا جاتا ہے کہ براھمن اُس کے مکھ سے پیدا ہوئے کشتری اُس کی بھُجا سے اور ویشیہ اُس کی جانگھوں سے پیدا ہوئے۔ مگر ایک ٹکڑے کے آدھار پر جو تین ٹکڑوں کا ارتھ کیا جاوے تو تین ٹکڑوں کے آدھار

---

[۱۳۷] دیکھو ریگوزن (Ragozin) صاحب کی کتاب ویدک اِنڈیا۔ صفحہ ۳۰۶۔

پر ایک ٹکڑے کا ہی ارتھ کیوں نہ کیا جاوے جیسا ہم نے کیا ہے ۔ پھر یہ منتر ۱۲ اس سے پہلے منتر ۱۱ کا جواب ہے جس کا ارتھ یہ ہے :-

"جس (وِراٹ) پُرش کا دھیان کیا اُس کی کلپنا کس پرکار سے کی اُس کا مکھ کون اُس کے باہو کون اور اُس کی جانگھیں اور پیر کون کہلاتے ہیں" ۔ اور اس کا جواب ظاہر ہے کہ یہ ہی ہو سکتا ہے کہ براھمن اُس کا مُکھ ہیں ۔ کشتری اُس کے باہو ۔ ویشیہ جانگھیں اور شُودر پیر ہیں ۔ اس لئے جہاں ویدیں اس سے اگلے منتروں (۱۳ اور ۱۴) میں اس سلسلہ کو جاری رکھتے ہوئے پنچمی وِبھکتی کا استعمال جاری رکھا ہے وہاں مُنڈک اُپنِشد (۲ - ۱ - ۴) میں اس کا انوواد پرتھما وِبھکتی کے روپ میں ہی یوں کیا گیا ہے کہ اگنی اُس کی مُورد ھا ہے ۔ چاند اور سُورج آنکھیں ہیں ۔ دِشائیں کان اور وایو پران ہے ۔ اگرچہ یہاں بھی انت میں جب پد (پیروں) کا ذکر آیا تو پد کے ساتھ پنچمی کی ہی وِبھکتی لگا کر کہا گیا کہ پد بھیام پرتھوی ۔ مگر یہاں صاف ظاہر ہے کہ اس کے ارتھ یہ ہی ہیں کہ (اور) پیر پرتھوی نہ کہ یہ کہ (اور) پیروں سے پرتھوی ۔ پس جس طرح سے کہ یہاں پدبھیام کا ارتھ پانچویں وِبھکتی کی بجائے پرتھما وِبھکتی کا سا ہے اُسی طرح سے پدبھیام شودرو اجایت میں بھی پدبھیام پنچمی وِبھکتی کی بجائے پرتھما وِبھکتی کا سا ارتھ دیتا ہے اور یہ ارتھ پیدا کرتا

ہے کہ جس طرح سے براھمن کشتری اور ویشیہ اُس کے مکھ باہو اور جانگھ ہیں اُسی طرح سے شُودر اُس کے پیر ہیں۔ مگر شُودر اُس کے پیر ہیں یا اُس کے پیروں سے بنے ہیں بھاو ارتھ دونوں کا ایک ہی ہے کہ جس طرح سے منُشیہ اپنے پیروں کے بل کھڑا ہے اُسی طرح سے آریہ جاتی شُودروں کے بل پر کھڑی ہے۔

سار آنش یہ کہ ہندو آریہ جاتی ویدک کال سے ہی ارتھات آدی کال سے ہی چترورن کی بنیاد پر قائم ہے اور اسی بنیاد پر قائم رہتے ہوئے اس نے وہ اُنتی پراپت کی ہے جو اور قوموں کو پراپت نہیں ہوئی۔ اور اگر اب یہ کچھ زوال کی حالت میں ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ اب اس چترورن کی شکل بگڑ گئی ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ یہ ورن پہلے گُن۔ کرم اور سوبھاو کے انوسار ہی تھے۔ جیسا کہ شریمد بھگوت گیتا (ادھیائے ۴ شلوک ۱۳) میں آیا ہے کہ "چاروں ورن میں نے گُن اور کرم کے وِبھاگ سے بنائے ہیں"۔ یعنی جس کسی کا جیسا گُن اور سوبھاو ہوتا تھا ویسا ہی کرم وہ کرنے لگتا تھا اور جیسا کرم وہ کرنے لگتا تھا ویسا ہی ورن اُس کا سمجھا جاتا تھا۔

پُرانوں میں صاف لکھا ہے کہ اکشواکو کے دس بھائی تھے اور اُن میں سے

(۱) کوئی پرم ہنس ہو کر مُکت ہو گیا۔

(۲) پرِشدھر گئو دیں چراتا تھا اور شودر ہو گیا +

(۳) کرُوش سے کارُوش چھتریوں کا بنس چلا +

(۴) دھرِشٹ براھمن ہوگیا اور اُس سے دھارشٹ براھمن چلے +

(۵) نبھگ کا بنس بھی کچھ پیڑھی آگے چل کر براہمن ہوگیا اس طرح سے کہ آخری کشتری جو رہتی تر تھا اُس کی استری سے انگرا رشی نے سنتان پیدا کی اور وہ سنتان آنگرس ارتھات انگرس گوتری براھمن ہوئی +

(۶) نرِشیئنت کا کشتر بنس اگنی ویشیہ پر ختم ہوا کیونکہ اگنی ویشیہ براھمن ہوگیا۔

(۷) نرِگ کا بنس بھی اوگھوان کے ساتھ براھمن ہوگیا +

(۸) دِشٹ کا پُتر نابھاگ ویشیہ ہوگیا +

اس سے ظاہر ہے کہ اکشوا کو کے بھائیوں میں سے اپنے اپنے گُن اور کرم کے انوسار کوئی براھمن ہوا۔ کوئی کشتری کوئی ویشیہ اور کوئی شودر ہوا +

[مفصل حالات کے لئے دیکھو پیچھے ادھیائے ۴ +]

راجا بھرگ تک جو پُروردا کے بیٹے آیو کے بنس میں تھا اور رگوید کے آٹھویں منڈل کے سوکت ۶۰ اور ۶۱ کا رشی تھا یہ سلسلہ اسی طرح رہا مگر بھرگ کے بیٹے بھارگ بھومی نے چیتر وژن کا نیم باندھ دیا (دیکھو وشنو پُران ۴-۸-۲۰) اور جب سے چیتر وژن جنم سے مانے جانے لگے +

بھارگ بھُومی پرُوروا سے چوبیسویں نمبر پر ہے (دیکھو پیچھے ادھیائے ۴ کی بنساولی ۳۱) اور ویدک کال پرُوروا سے تیسویں پیڑھی تک ہے (دیکھو ادھیائے ۳ کی بنساولی صفحہ ۲۰۰ پر) اس لئے بھارگ بھُومی کے جنم انوسار ہتھایت کئے ہوئے چترُوَرن کا پرُوَرتن ویدک کال کے اُتّم سمے میں ہوا +

ویدک رشیوں کا خیال جو اس وشے میں تھا وہ رگوید کے منڈل ۹ کے سُوکت ۱۱۲ سے پرگٹ ہوتا ہے + اس سُوکت کے چار منتر ہیں اور ان میں سے پہلے تین یہ ہیں :-

۱- ہماری بُڈھیاں نانا پرکار کی ہیں - اور لوگوں کے وِرت (کرم) بھی انیک پرکار کے ہیں +

تکشا (تکھان) چاہتا ہے کہ کہیں لکڑی کٹے بھشک (وَیدیہ) چاہتا ہے کہیں روگ بڑھے - برھما (رِتوِج) چاہتا ہے کوئی یگیہ کرائے +

اے سوم تو اِندر کے لئے چھن[۳۸]

۲- تیر بنانے والا کارمار (کاریگر) تیر بنانے کے لئے لکڑی

---

[۳۸] وید کا اصل شبد پری سرد ہے - اور اس ٹیک کا مطلب یہ ہے کہ کسی کو کسی کی اور کسی کو کسی کی دُھن لگی ہوئی ہے پر مجھ (رشی) کو تو اِندر کے لئے سوم کو چھاننے کی دُھن لگی ہوئی ہے +

اور پرون (کی اچھا) سے اور سان لگانے کے پتھروں (کی اچھا) سے دھنوان کو چاہتا ہے +

اے سوم تو اِندر کے لئے چھن

(۳) میں کارُو (منتر کار) ہوں - تات وئدیہ ہے - مات چکّی چلاتی ہے - ہم انیک کرموں سے گئووں کی سمان اَن کی فکر میں ہیں +

اے سوم تو اِندر کے لئے[۳۵] چھن

سوم رگوید کے منڈل ۹ کے سوکت ۱۱۲ کے منتر جو ہم نے اُوپر اُودھرت کئے ہیں اُن میں دیکھا گیا ہوگا کہ ان منتروں کی ٹیک یہ ہے کہ :-

اے سوم تو اِندر کے لئے چھن

اور اس سے اگلے سوکت ۱۱۳ کے منتروں کی ٹیک بھی یہی ہے (دیکھو آگے پرلوک وِشیں)

---

[۳۵] ان سب باتوں کا خیال کرکر میکس مولر صاحب اپنی کتاب (Chips from a German workshop) میں اِس نتیجہ پر پہونچے ہیں کہ ذات جیسی کہ منو میں اور زمانہ حال میں پائی جاتی ہے وید کی قدیم مذہبی تعلیم کا جزو نہیں تھی اور ویبر (Weber) صاحب اپنی کتاب اِنڈین لٹریچر (Indian Literature) میں کہتے ہیں کہ وید میں ذاتوں کی تمیز نہیں ہے - تمام قوم ایک متفق جسم تھا اور اُس سب کا ایک نام تھا اور وہ نام وِش تھا +

مگر وید میں ذاتوں کی تمیز تو بے شک نہیں تھی مگر ورن کی تمیز ضرور تھی جیسا کہ اوپر دکھایا گیا ہے +

اگرچہ اِن دونوں سُوکتوں کے رشی الگ الگ ہیں + اس ٹیک سے خیال کیا جا سکتا ہے کہ رشی گَن سوم کے کیسے عاشق تھے اور اِندر کو کس بھکتی سے اُس کا بھوگ لگاتے تھے + ان یگیوں میں وہ اِندر آدک دیوتاؤں کی پتنیوں کو بھی سوم پینے کے لئے بُلاتے تھے چنانچہ ۱-۲۲-۱۲ میں آیا ہے کہ میں (اِندر کی پتنی) اِندرانی کو۔ (وَرُن کی پتنی) وَرُنانی کو اور (اگنی کی پتنی) اَگنائی کو سوم پینے کے لئے اور اپنے کلیان کے لئے آہوان کرتا ہوں + رگوید ۵-۴۶-۸ میں اسی طرح دیو پتنیوں کا ذکر آتا ہے اور یاسک نے بھی اِن کو دیو پتنی ہی مانا ہے۔ یہاں تک کہ اس میں جو رودسی کا شبد آتا ہے اُس کا ارتھ بھی یاسک نے رُودر کی پتنی کیا ہے (دیکھو نرکت ۱۲-۴۶) اگرچہ اس سے پہلے ۱۲-۲۶ میں وہ رودسی کا ارتھ زمین و آسمان کرتا ہے + غرض سوم ان رشیوں کے لئے بھگوت بھکتوں کا چرنامرت تھا۔ وہ اُس کو پیتے تھے اور کہتے تھے کہ "ہم نے سوم پیا اور ہم امرت (امر) ہو گئے۔ ہم کو جیوتی پراپت ہو گئی اور ہم نے دیوتاؤں کو جان لیا + اے امرت۔ اب کوئی شترو ہمارا کیا کرے گا + اور مرن شیل منشیہ کی دھورتا کیا کرے گی" (۸-۴۸-۳) + اس امرت کو وہ کیول اپنے ہی پاس رکھنا نہیں چاہتے تھے بلکہ اس سے وہ وِشو (سنسار) کو آریہ بنانا چاہتے تھے گویا یہ سوم ویدک آریاؤں کے لئے ایسا تھا جیسا کہ آج کل سکھوں کا پوتھل اور عیسائیوں کا بپتسما۔ اور اس کو پلا کر وہ اناریہ لوگوں کو آریہ

بناتے تھے (۹-۶۳-۵) اور اچھوتوں کو چھوت اور اشدھوں کو شُدھ کرتے تھے +

بیاہ بیاہ شادی کے معاملہ میں سویمبر کا سا رواج تھا۔ چنانچہ رگوید (۱۰-۲۷-۱۲) میں آیا ہے کہ :-

کتنی ہی استریاں پُرش کو روپیہ پیسہ کے لوبھ سے بیاہ لیتی ہیں پرنتو جو کلیانی منگل روپی ہے وہ جن (جنتا یا سبھا) میں سے سویم (آپ) اُس کو ورتی ہے جو اُس کو پیارا لگتا ہے +

مگر بواہ ماں باپ ہی کرتے تھے چنانچہ ۹-۴۶-۲ میں ایک الٹکار آیا ہے کہ سوم کی النکرت بوندیں ماں باپ والی بہو کی سمان وایو کی اور جاتی تھیں[۱۵۸۰] + اور منتر ۱۰-۳۹-۱۴ میں بھی یہ ہی خیال جھلک رہا ہے + بہن بھائی کا بیاہ ناجایز تھا۔ چنانچہ رگوید (۱۰-۱۰) میں یمی بہن اپنے بھائی یم کو اپنا پتی بنانا چاہتی ہے مگر یم کہتا ہے کہ بہن بھائی کا ایسا سمبندھ پاپ ہے اور دیوتاؤں کے سپش[۱۵۸۱] (جاسوس) دن رات پھرتے رہتے ہیں اور دیکھتے رہتے ہیں کہ بہن بھائی ایسا رشتہ نہ جوڑیں۔ اس لئے اگر تجھ کو پتی کی اِچھا ہے تو میرے سوائے کسی اور کی اِچھا کر اور

[۱۵۸۰] کیونکہ "وایو سوم کا رکھشک ہے" (رگوید ۱۰-۸۵-۵) +

[۱۵۸۱] انگریزی لفظ سپائی یعنی جاسوس اور فارسی سپہ یعنی فوج اسی سنسکرت کے مشبد سپش سے نکلے ہوئے معلوم ہوتے ہیں +

اُس کو اپنا ہاتھ پکڑا (دیکھو اسی سُوکت ۱۰-۱۰ کے منتر ۸ تا ۱۲ اور خاص کر منتر ۱۰- اور ان منتروں پر یاسک کا نِرُکت ۴-۲۰ اور ۱۱-۴۳)+

بِواہ کی پدّھتی منڈل ۱۰ کے سُوکت ۸۵ سے ظاہر ہوتی ہے + اس سُوکت میں سَوِتری کی بیٹی ساوِتری کا بِواہ سوم کے ساتھ ایک النکار کے روپ میں برنن کیا گیا ہے جیسا کہ اس منتر سے ظاہر ہوتا ہے :- "من اُس کا رتھ تھا اور آکاش اُس رتھ کا پردا تھا - چاند اور سُورج اُس رتھ کے دو بیل تھے کہ جس میں بیٹھ کر سُوریا (ساوِتری) اپنے پتی کے گھر گئی" (۱۰-۸۵-۱۰) اور اس النکار کے سلسلہ میں جو اور منتر آئے ہیں وہ بواہ سنسکار کے منتر ہیں جو بواہ کے سمے اوچارن کئے جاتے ہیں اور اوچارن کئے جانے چاہئیں[۵۴۲] + یہ منتر ہر ایک ہندو پُرش اور استری کو اور خاص کر وَر اور وَدھو کو جو اب سنّ تمیز میں بیاہے جانے لگے ہیں وِدِت ہونے چاہئیں اور اس لئے ہم اِن منتروں کو اصل سنسکرت میں ویدسے اُدھرت کر کے معہ اُن کے اُردو ترجمہ کے نیچے درج کرتے ہیں :-

---

۵۴۲ دیکھو اشولائن - گرِہیہ سُوتر - ادھیائے ۱ - کنڈِکا ۷ +

منتروں کا ترجمہ	اصل منتر
پتا کے بچن پُتری سے	॥ पिता के वचन पुत्री से ॥
۲۴- میں تجھ کو اب وَرُن کے اُس پھندے سے چھوڑاتا ہوں جس سے سوِتا نے تجھ کو باندھ رکھا تھا ۔ اور یگیہ کے اُس استھان میں اور کرم کے کشیتر میں تجھ نِردوشا کو پتی کے ساتھ کرتا ہوں ۔	२४—प्र त्वा मुञ्चामि वरुणस्य पाशा-द्येन त्वाबध्नात्सविता सुशेवः । ऋतस्य योनौ सुकृतस्य लोकेऽरिष्टां त्वा सह पत्या दधामि ।
۲۵- میں تجھ کو یہاں سے (ارتھات پتا کے گھر سے) مُکت کرتا ہوں ۔ مگر وہاں سے (ارتھات پتی کے گھر سے) نہیں ۔ وہاں باندھتا ہوں ۔ اے اِندر ایسا کر کہ جس سے یہ پُتر والی اور بھاگ والی ہو ۔	२५—प्रेतो मुञ्चामि नामुतः सुबद्धाम-मुतस्करम् । यथेयमिन्द्र भीदधः सुपुत्रा सुभगासिति ।
۲۶- پُوشا (دیوتا) تیرا ہاتھ پکڑ کر تجھ کو رتھ میں بٹھائے اور اشونی کمار تیرے رتھ کو چلائیں تو پتی کے گھر جا ۔	२६—पूषा त्वेतो नयतु हस्तगृह्याश्विना त्वा प्र वहतां रथेन । गृहान्गच्छ गृहपत्नी यथासो वशिनी त्वं विदथमा वदासि ।

منتروں کا ترجمہ	اصل منتر
گھر والی بن - پتی کے بس میں رہ - بے عقلی کی باتیں مت کر ٭	
پانی گرہن	॥ पाणि ग्रहन ॥
۳۶- (پتی کہتا ہے) اے بہو میں تیرا ہاتھ گرہن کرتا ہوں کہ ہمارا بھاگ بڑھے - مجھ پتی کے ساتھ آیو بھرہ ٭ بھگ - اَرْیما - سوِتا - پُرندھی دیوتاؤں نے تجھ کو مجھے دیا ہے کہ میں گرہیہ پتی (گھر والا) بنوں ٭	३६—गृभ्णामि ते सौभगत्वाय हस्तं मया पत्या जरदष्टिर्यथासः । भगो अर्यमा सविता पुरन्धिर्मह्यं त्वादुर्गार्हपत्याय देवाः ॥
آشیرواد	॥ आशीर्वाद ॥
۴۲- (اے پتی اور پتنی) تم دونو اس لوک میں بستے رہو - تمہارا وِیوگ کبھی نہ ہو - اور تم پوری آیو بھوگو ٭ اور بیٹوں اور پوتوں کے سہت اپنے گھر میں آنند کے ساتھ کھیلتے رہو ٭	४२—इहैव स्तं मा वि यौष्टं विश्व-मायुर्व्यश्नुतम् । क्रीळन्तौ पुत्रैर्नप्तृभिर्मोदमानौ स्वे गृहे ॥

منتروں کا ترجمہ	اصل منتر
پتی پتنی کی پرارتھنا ۴۳- (پُوزو آردھ)- پرجاپتی ہم کو سنتان دے اور اَریَما بڑھاپے تک ہم کو ملائے رکھے ۔	॥ पति पत्नी की प्रार्थना ॥ ४३—आ नः प्रजां जनयतु प्रजापति-राजरसाय समनक्त्वर्यमा ।
پتی کے بچن پتنی سے ۴۳-(اوتر آردھ) - اے سومنگلی تو پتی لوک (پتی کے گھر) میں بس - اور ہمارے لئے اور ہمارے دو پایوں (منشیوں) کے لئے اور چوپایوں (مویشیوں) کے لئے کلیان کاری ہو ۔	॥ पति के वचन पत्नी से ॥ ४३—अदुर्मङ्गली: पतिलोकमा विश शं नो भव द्विपदे शं चतुष्पदे ॥
۴۴- تیری آنکھ اگھور رہے - تو پتی کی ہنسا نہ کرے - پشوؤں کے لئے تو کلیان کاری ہو - تیرا من سندر اور تیرا روپ گن بھی سندر رہے - تو بیر پُتر جنے - دیوتاؤں میں اپنا	४४ अघोरचक्षुरपतिघ्न्येधि शिवा पशुभ्यः सुमनाः सुवर्चाः । वीरसूर्देवृकामा स्योना शं नो भव द्विपदे शं चतुष्पदे ॥

منتروں کا ترجمہ	اصل منتر
من لگائے - ہمیں سکھ دے۔ اور ہمارے دوپایوں اور چوپایوں کو بھی سکھ دے ۔	
۴۵- اے (آنند کی) برکھا کرنے والے اِندر - تو اس کو اچھے پُتر والی اور اچھے بھاگ والی کر ۔ اس کو دس پُتر دے (اور اُن سمیت) پتی کو گیارہواں[۴۴۳] کر ۔	۴۵ - इमां त्वमिन्द्र मीढ्वः सुपुत्रां सुभगां कृणु । दशास्यां पुत्राना धेहि पतिमेकादशं कृधि ॥
۴۶- (اے بہو) تو سُسر اور ساس اور نند اور دیوروں کے بیچ میں رانی بنی رہے ۔	۴۶ - समराज्ञी श्वशुरे भव समराज्ञी श्वश्रवां भव । ननान्दरि समराज्ञी भव समराज्ञी अधि देवृषु ॥

۴۴۳ وید کے اصل شبد یہ ہیں: ہیتم ایکادشم کردھی ۔ اور انکا شبد ارتھ یہی ہے کہ (دس پتروں سمیت) پتی کو گیارہواں کر ۔ مگر بعض سجن ان شبدوں کا ارتھ اپنا ارتھ سِدّھ کرنے کے لئے یہ کرتے ہیں کہ اِس کے پتی گیارہ کر ۔ اور اس سے استری کے حق میں ایک پتی نہیں بلکہ گیارہ پتی تک کرنے کے لئے وید کی آگیا نکالتے ہیں ۔ مگر بواہ کے شُبھ ادیش یہ اشُبھ چِنتا کیسے اُتپن ہو سکتی ہے ۔ اور رشی اپنی زبان سے ایسا کیونکر نکال سکتا ہے ۔

منتروں کا ترجمہ	اصل منتر
بہو پرویش	॥ वधू प्रवेश ॥
۲۷- یہاں سنتان سہت تیرا آنند بڑھا رہے۔ اس گھر میں گھر کے کام کاج کے لئے جاگتی رہ + اس پتی کے ساتھ اپنا شریر جوڑ (ارتھات اِس کی اردھانگنی بن) اور بُڑھاپے تک تم دونو کوئی بے عقلی کی بات مت کرو +	२७—इह प्रियं प्रजया ते समृध्यता-मस्मिन्गृहे गार्हपत्याय जागृहि। एना पत्या तन्वं संसृजस्वा-धाजिग्री विदथमा वदाथः।
۳۳- یہ بہو بڑی سومنگلی ہے۔ سب اس کے پاس آؤ اور دیکھو + اور سُہاگ بھاگ کی آشیرواد اس کو دیکر اپنے اپنے گھر جاؤ +	३३—सुमङ्गलीरियं वधूरिमां समेत पश्यत। सौभाग्यमस्यै दत्वाया-थास्तं वि परेतन ॥
پتی اور پتنی کی انیتم پرارتھنا	पति और पत्नी की अन्तिम प्रार्थना
۴۷- سارے دیوتا ہمارے دِلوں میں پرکاش پیدا کریں + اور ماترِشوا اور بدھاتا اور دیشٹری (دیوی) ہم دونوں	४७—समंजन्तु विश्वेदेवाः समापो हृदयानि नौ। सं मातरिश्वा संधाता समुदेष्ट्री दधातु नौ ॥

منتروں کا ترجمہ	اصل منتر
کو ملا کر رکھیں ؛	

استریوں کا مان

ان منتروں سے ظاہر ہے کہ ویدک رشیوں کی درشٹی میں استریوں کا اور خاص کر بہوؤں کا کیسا مان تھا اور یہ ان رشیوں کے بچنوں کی ہی برکت ہے کہ یہ مان ہندوؤں میں اب تک اسی طرح چلا آرہا ہے ؛

ویدک کال میں استریاں وید منتروں کی رشی تک ہوئی ہیں چنانچہ گشتی وان کی پُتری گھوشا منڈل ۱۰ کے سوکت ۳۹ کی رشیکا ہے اور گشتی وان خود داسی پُتر تھا یعنی رشی دیرگھتمس کے ویریہ سے راجا بلی کی رانی سودیشنا کی داسی کے گربھ سے پیدا ہوا تھا ؛ اور ایسا ہوتا ہوا بھی منڈل ۱ کے سوکت ۱۱۶ تا ۱۲۶ کا رشی تھا ؛ اسی طرح سے روشا برہم وادِنی رگوید ۱-۱۲۶-۷ کی رشیکا ہے اور گودھا رِگوید ۱۰-۱۳۴ کی رشیکا ہے ؛

سپتنیاں

معلوم ہوتا ہے کہ راجا مہاراجاؤں کے اُس وقت بھی کئی کئی پتنیاں ہوتی تھیں اور وہ سپتنیاں ظاہر ہے کہ ایک دوسرے سے ایرشا اور دویش رکھتی تھیں۔ چنانچہ سوکت ۱۰-۱۴۵ میں ایک پتنی (جس کو وید کی انوکر منی میں اندرانی مانا ہے) کہتی ہے کہ میں ایک

ایسی اوشدھی[۴۴] منگاتی ہوں جس کے پربھاو سے میری سپتنی[۴۵] میرے راستہ میں سے دُور ہو اور میرے پتی کا من میری طرف اس طرح کھنچا چلا آئے جس طرح "گائے اپنے بچھے کی طرف کھنچی آتی ہے۔ یا جس طرح پانی ڈھلان کی طرف اپنے آپ بہا آتا ہے" اور سوکت ۱۰-۱۵۹ میں بھی شچی (اندرانی) کے بچن کا بھاو یہ ہی ہے کہ "میں اپنی سپتنیوں کو اس طرح دبا لوں کہ جس سے میں اپنے ویر (پتی) کو اور اس کے پریوار کو سب سے پیاری لگوں"۔

وِراثت بیٹا باپ کی جائیداد کا وارث ہوتا تھا۔ اور اگر بیٹا نہ ہو تو بیٹی کا بیٹا یعنی دھیوتہ وارث ہوتا تھا۔ جیسا کہ سوکت ۳-۳۱ کے منتر (۱) اور (۲) سے ظاہر ہوتا ہے۔ وہ منتر یہ ہیں:-

(۱) "وِدوان پتا نے اپنی پُتری کے پُتر کو اپنے پوتے کی

---

۴۴ سائن آچاریہ نے اس اوشدھی کا نام پاٹھا لکھا ہے اور اس سے شاید پیٹھا مُراد ہے۔ اور ہندو استریاں جو دیوالی کی رات کو پیٹھے کی مٹھائی کھاتی ہیں اُس کا کارن شاید یہ ہی منتر ہو۔

۴۵ بعض سجن اپنی یہ رائے قائم کرکے کہ ویدک کال میں ایک پتی کے ایک ہی پتنی ہوتی تھی سپتنی کا ارتھ سپتن ارتھات ششترو کی شکتی کرتے ہیں۔ مگر یہ ارتھ منتروں کے ساتھ نہیں جُڑتے۔

جگہ پراپت کیا۔ جنوائی کی پوجا کی اور پُتری کی سنتان کو اپنی سنتان مان کر من میں سُکھی ہوا ؛

(۲) بھائی اپنی بہن کو رِکتھ (ورثہ) نہیں دیتا ہے اُس کا بیاہ کر دیتا ہے کیونکہ اگرچہ (پُتر اور پُتری) دونوں ایک ہی ماں باپ کی سنتان ہیں مگر ان میں سے ایک (پُتر) دوسری (اپنی بہن) کو کسی اور کے ساتھ بیاہ کر آپ (گھر کے) کام کاج کا کرنے والا ہوتا ہے" ؛

ہاں اگر کسی وجہ سے بیٹی بیاہی نہیں جاتی تھی اور ماں باپ کے گھر میں رہتی تھی تو وہ کچھ حصّہ کی ادھکاری ہوتی تھی جیسا کہ اس منتر سے ظاہر ہوتا ہے :- (اے اِندر) میں اماجُو کی سمان جو اپنے ماں باپ کے ساتھ اُن کے ہی گھر میں رہتی تھی تجھ سے دھن چاہتی ہوں (۲-۱۷-۷) ؛ یہ اماجُو معلوم نہیں کون تھی مگر ایک اور استری گھوشا کا ذکر آتا ہے کہ وہ اپنے ماں باپ کے گھر رہتے رہتے بُڈھی ہوگئی جب کہیں اُس کا بیاہ ہوا (۱-۱۷-۱۰-۷) اور یہ گھوشا جیسا کہ ہم پیچھے بتا آئے ہیں رشی ککشی وان کی بیٹی تھی ؛

تبنیت

پُتر نہ ہوتا تھا تو کسی اور کو مُتبنّا بھی کر لیا جاتا تھا مگر اُس کی وہ بات نہیں ہوتی تھی جو اپنے ویریہ سے اپنی استری میں ہی پیدا ہوئے پُتر کی تھی جیسا کہ شوکت (۷-۴) کے اِن دو منتروں سے ظاہر ہوتا ہے :-

(۷) دُوسرے کُل کا دھن لینا گنے کے یوگیہ ہے اس لئے

ہم ایسے دھن کے پتی (سوامی) ہوں جو رنشیہ (سدا اپناہی) ہے اے اگنی انیہ کُل میں جنما ہوا شیش (رنشیہ) نہیں ہے + مُورکھوں کے مارگ پر مت چلا +

(۸) (اپنی استری سے بھِنّ) کسی دوسری کے پیٹ سے پیدا ہوا ہوا کتنا ہی سکھدایک ہو پر دل نہیں ٹھکتا کہ اُس کو اپنا پُتر بنائیں + وہ پھر پرایا ہی ہے - اس لئے اے اگنی ہم کو اپنا ہی کماؤ دھماؤ پُتر دے +

وِراثت اور تبنیت کے یہ ہی اصول اب تک ہندوؤں میں چلے آتے ہیں +

انتم سنسکار مُردوں کو اگنی میں داہ کیا جاتا تھا جیسا کہ منڈل ۱۰ کے سوکت ۱۶ سے ظاہر ہے[۴۴۶] اور جس کا ارتھ یہ ہے:-

(۱) اے اگنی اس کا داہ وشیش مت کر-[۴۴۷] اُس کو دُکھ مت

---

۴۴۶ آشولاین آدک سُوتر کاروں کے گرہیہ سُوتروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ انتم سنسکار کے سمے رگوید کے منڈل ۱۰ کے سوکت ۱۴ و ۱۶ و ۱۷ و ۱۸ و ۱۵۴ کے کچھ کچھ منتر پڑھے جاتے تھے - ہم یہاں صرف دو سوکتوں (۱۶ اور ۱۸) کے منتر لکھتے ہیں مگر یہ منتر پورے لکھتے ہیں اور ان سے وید کا آٹھے مرتک کے وشے میں پورا وِدت ہو جائیگا +

۴۴۷ ارتھات اس کا شیش یا لنگ شریر رہ جائے تاکہ یہ منتر (۵) کے انوسار اپنے اُس شیش کو پھر سمیٹے اور نئے شریر کے ساتھ جُڑ جائے - جیسا کہ شریمد بھگوت گیتا (ادھیائے ۱۵ - شلوک ۷ اور ۸) میں لکھا ہے کہ "جیو آتما جب کسی شریر کو پراپت کرتا ہے یا کسی شریر کو چھوڑتا ہے تو ان (لنگ شریر کی پانچوں اِندریوں اور چھٹے من) کو اپنے ساتھ لے کر جاتا ہے جس پرکار سے وایو پھولوں سے اُن کی سوگندھی لے کر جاتی ہے" +

دے اس کی توچا اور اس کے شریر کو وکشِپت مت کر۔
اے اگنی جب تو اس کو پکا دے تب اس کو پتروں کے پاس پہنچا دے۔
(۲) اے اگنی - جب تو اسے پکا دے تب پتروں کو دیدے۔ کیونکہ یہ دیوتاؤں کو تب ہی پراپت کریگا جب شریر سے الگ ہوجائے۔
(۳) اے پریت - تیرے نیتر سورج سے جا ملیں اور پران وایو سے - اور تو اپنے کرم کے انوسار سورگ کو یا پرتھوی کو پراپت کر۔ یا انترکش لوک میں جل کو پراپت کر اگر تیرا کرم پھل اوشدھیوں میں ستھاپت ہے۔
(۴) تیرا وہ بھاگ جو اج (جنم رہت = جیو آتما ہے) اس کو اپنے تپ سے تپا - اور اگنی کی پرکاشمان اور پوِتر جوالا بھی اس کو تپائے۔ اے اگنی جو تیرے کلیان کاری انش ہیں اُن سے تو اس کو پُنیہ کرم والوں کے لوک میں پہونچا۔
(۵) اے اگنی یہ (پریت) جو تیری آہوتی میں ڈالا ہوا سودھا[۴۸] کے ساتھ بچ رہا ہے اس کو پھر پتروں کے پاس جانے کے

[۴۸] جس طرح دیوتاؤں کو آہوتی دیتے ہوئے سواہا کا اوچارن کرتے ہیں اُسی طرح پتروں کو آہوتی دیتے ہوئے سودھا کا اوچارن کرتے ہیں۔ اور رگوید (۱ - ۱۶۴ - ۳۰) میں آیا ہے کہ مرت (مرے ہوئے) کا جیو سودھا کے بل سے رہتا ہے۔

لئے پریرنا کر۔ یہ پریت اپنے شیش (بچے کھچے شریر) کو سمیٹ اور اے اگنی (تپسیا کرپا سے) نئے شریر کے ساتھ سنگت ہو۔

(۶) (اے پریت) تیرے جس کسی انگ کو کوّے نے یا چیونٹیوں نے یا سانپ نے یا کُتّے گیدڑ آدک نے کاٹ لیا ہے۔ اگنی اُس کو دوش رہت کر دے اور سوم بھی جو براہمنوں (ارتھات پیالوں) میں آوشٹ ہے (ایسا ہی کرے)۔

(۷) (اے پریت) تو اگنی کا (ارتھات اگنی سے رکھشا کے لئے اپنا) ورم (بکتر) گئو[۴۷۹] کے پدا رتھوں سے اور اپنے موٹے میدس (مانس) سے بنا۔ دہکتی ہوئی اگنی تجھ کو اپنے نیچ سے نہیں گھبرائے گی۔

(۸) اے اگنی۔ اس (سوم کے) پیالہ کو چلایمان نہ کر۔ یہ

---

۴۷۹ منتر میں اصل شبد گو بھی ہے۔ جس میں گو کے ساتھ جمع کی تیسری وبھکتی بھی سے کے ارتھ میں لگی ہوئی ہے۔ گو کے ارتھ گئو کے بھی ہیں اور گئو کے دئے ہوئے پدارتھ دودھ دہی گھی آدک کے بھی ہیں۔ سایانآچارج نے اس شبد سے یہاں کلپ سوتروں کے آدھار پر قربان کی ہوئی گئوؤں سے یعنی گئوؤں کی کھالوں سے مراد لی ہے۔ جن کو اَستَرنی کہتے ہیں۔ مگر ہم گو سے یہاں گو پدارتھ مُراد لیتے ہیں جیسا کہ آج کل بھی دیکھا جاتا ہے کہ داہ کریا کے سمے پریت کے شریر پر دہی لگایا جاتا ہے اور مُکھ میں گھی ڈالا جاتا ہے۔ سُوتر کاروں نے نہ جانے اپنے ارتھ کیسے کئے ہیں۔

دیوتاؤں کو اور پِتروں کو پیارا ہے ۔ یہ جو دیوتاؤں کے پینے کا پیالہ ہے اس میں دیوتا اور پِتر آنند بھوگتے ہیں ۔

(۹) مانس کھانے والی اگنی کو میں اب دُور بھیجتا ہوں وہ یم راج[۵۵] کے پُرشوں کو اپنے ساتھ لے جائے ۔ اور دوسری اگنی یہاں دیوتاؤں کے لئے ہوی لے جاوے ۔

(۱۰) جو اگنی تمہارے گھر میں پرِوِشٹ ہے اُس کو میں اس دوسری اگنی کی جگہ پِتری یگیہ کے لئے لاتا ہوں وہ اپنے پرم استھان میں یگیہ کو پراپت ہو ۔

(۱۱) جو ہوی لے جانے والی اگنی پِتروں کا اور دیوتاؤں کا یگیہ کرتی ہے وہ اِن ہوِیوں کو لے جاکر پِتروں سے اور دیوتاؤں سے کہہ دے ۔

(۱۲) (اے اگنی) ہم نے بڑی آشا سے تُم کو ستھاپت کیا ہے اور بڑی آشا سے تُم کو دیپت کیا ہے ۔ تُم کرپا کرکے پرسنّتا سے اس ہوی کو پِتروں کے پاس کھانے کے لئے لے جاؤ ۔

(۱۳) اے اگنی جس جگہ کو تم نے جلا دیا ہے اُس کو پھر ہرا کر دو ۔ یہاں پھر جل ہو جائے اور ہری گھاس لہرانے لگے ۔

---

[۵۵] رگوید (۱۰-۱۴-۱) میں آیا ہے کہ "(وِوسوَت کے پُتر) ویُوسوَت یم راج کو جو لوگوں کا (انتم) سنگمن ہے ہوی سے پوجو" ۔ اور اتھروید (۱۸-۳-۱۳) میں آیا ہے کہ اس دنیا میں سب سے پہلا جو مرا ہے وہ ویُوسوَت تھا ۔

(۱۴) اے شِیتل (دھرتی) شِیتل وستوؤں سے بھری۔ اے آنند دینے والی آنند دایک وستوؤں سے بھری تو اس اگنی کو ایسا ٹھنڈا کر دیجو کہ یہاں مینڈک ہو جاویں۔ اِتی۔

اس سوکت سے جہاں یہ معلوم ہوتا ہے کہ مُردے کو جلاتے تھے وہاں ایک بڑی بات یہ بھی معلوم ہوتی ہے کہ آریا ہندو ابتدا سے یعنی ویدک کال سے ہی یہ مانتے چلے آئے ہیں کہ آتما شریر سے الگ ہے اور دیہانت کے پشچات اپنے کرموں کے انوسار سکھ دُکھ کا پھل بھوگتا ہے اور اُس کے لئے پُنرجنم دھارن کرتا ہے۔

جلانے کے بعد مُردے کی اَن جلی ہڈیوں کو (یا بعض اوقات شاید سالم لاش کو ہی جلانے کی بجائے) ایک کُمبھ میں ڈال کر دفناتے بھی تھے جیسا کہ منڈل (۱۰) کے سوکت (۱۸) سے ظاہر ہوتا ہے جس کا ارتھ یہ ہے:۔

(۱) اے مرتیو (موت) دیو یان سے بھِنّ جو تیرا اپنا مارگ (پتری یان ہے) اُس مارگ سے جا۔ ہاں میں تجھ آنکھ کان والے سے کہتا ہوں ہماری پرجا اور ہماری سنتان کو مت ستا۔

(۲) اے یگیہ کرنے والو۔ تم مرتیو کے استھان کو چھوڑتے ہوئے دِیرگھ آیو والے ہو۔ اور پرجا اور دھن کیساتھ وِردّھی کو پراپت کرنے کے لئے سُندّر اور پوِتر ہو جاؤ۔

(۳) یہ جیو مرت پتروں سے الگ رہیں۔ ہمارا یہ پتری

یگنیہ کلیان دایک ہو۔ اور ہم دِیرگھ آیو دھارن کرتے ہوئے ہنسی خوشی کے ساتھ اپنے اپنے کاموں میں لگیں۔

(۴) میں جینے ہوؤں کے لئے یہ پرتیدھی (حدبندی) کر دیتا ہوں۔ ان میں سے کوئی بھی اس گتی کو پراپت نہ ہو۔ یہ سب مرتیو کو پتھروں کی ان سِلون سے دباتے ہوئے سو سو برس جیتے رہیں۔

(۵) جس پرکار سے دِن ایک کے پیچھے ایک چلے آتے ہیں اور جس پرکار سے رِتو ایک کے پیچھے ایک آتی رہتی ہے۔ جس پرکار سے پچھلا پہلے کو نہیں تیاگتا ہے اُسی پرکار سے اے دھاتا ان لوگوں کی آیو کا سلسلہ رچ۔

(۶) تم سب بڑھاپے کو بھوگو تمہاری سنتان کا سلسلہ نہ ٹوٹے۔ توشٹا (دیوتا) تمہاری سب کی آیو بڑھائے۔

(۷) یہ ناریاں جو وِدھوا نہیں ہیں۔ منگل روپ پتی والی ہیں آنکھوں میں سُرمہ لگائے ہوئے ہیں اپنے گھروں میں پرویش کریں۔ اور یہ دُودھ پُوت والیاں رتنوں سے بھوشِت اپنے آنسو پونچھیں۔ دُکھ دُور کریں اور آگے آگے اپنے گھروں کو جائیں۔

(۸) تو بھی اے ناری جو اِس مرتک کے پاس پڑی ہوئی ہے جیو لوک کا دھیان کر۔ اُٹھ اور اِدھر آ۔ تو اب اپنے اس پانی گرہن کرنے والے دِدھیشو (دھارک پوشک) پتی کے استری دھرم کو

پورا کر چکی[۱۵۱] ۔

(۹) (اے مرتک) میں اپنے کشتری دھرم اور تیج اور بل کے لئے تمہارے ہاتھ میں سے یہ دھنش لیتا ہوں ۔ تم یہاں ہی رہو اور ہم اس لوک میں بیروں کے ساتھ سارے ابھمانی شتروؤں کو جیتیں گے ۔

(۱۰) تم دھرتی ماتا میں پرویش کرو جو بڑی پرتھوی (فراخ) اور سکھ دایک ہے ۔ یہ دانیوں کے لئے اُون جیسی گرم اور نرم ہے ۔ یہ تجھ کو مرتیو دیوتا کی سختیوں سے بچائے گی ۔

(۱۱) اے پرتھوی ۔ اس کے اوپر اٹھ ۔ پر اس کو پیڑا مت دے ۔ اس پر کرپا رکھ اور اس کا دل بہلا ۔ جس پرکار سے ماتا پُتر کو اپنے پلّے سے ڈھک لیتی ہے اُسی پرکار سے اے دھرتی تو اس کو ڈھک لے ۔

(۱۲) اوپر اُٹھی ہوئی پرتھوی اس پر بوجھ نہ ڈالے ۔ ریت کے ہزاروں پرمانو اس کو سیویں ۔ یہ اس کے لئے گھر بن جائیں اور گھی ہو جائیں اور سدا اس کو اپنی شرن میں رکھیں ۔

(۱۳) (اے مرتک) میں تیرے اُوپر یہ لوگ (مٹی کا ڈھیلا یا ڈھکنا) رکھ کر تیرے اُوپر سے مٹی کو روکتا ہوں تیری ہنسا

---

[۱۵۱] اس منتر میں جو دِدھیشو کا پد آیا ہے یہ وشیش دیا کھیا چاہتا ہے اور یہ دیا کھیا ہم ابھی آگے کریں گے ۔

نہیں کرتا ہوں ۔ پِتر اس ستھونا (ستون) کو ستھر رکھیں اور یم اسی جگہ پِترا استھان بنائے ۔

اس سوکت کے منتر ۱۰ تا ۱۳ سے صاف ظاہر ہے کہ ویدک کال میں مُردوں کو دفنانے کا رواج بھی جاری تھا ۔ اور موہنجو دارو کی کھدائیوں میں سے جو چیزیں برآمد ہوئی ہیں اور جن کو آج سے پانچ ہزار برس پہلے کے زمانے کی بتاتے ہیں اُن میں دفن کی ہوئی لاشیں بھی ملی ہیں اور اُن سے ثابت ہے کہ دفنانے کا رواج اُس زمانہ تک جاری تھا ۔ دفنانے کے طریقے تین معلوم ہوئے ہیں ۔ یا تو سالم لاشوں کو ویسے کا ویسے ہی اینٹ کی بنی ہوئی قبروں میں دفناتے تھے ۔ یا اُن کو مٹی کے بنے ہوئے کفنوں میں بند کرکے دفناتے تھے ۔ اور یا اُن کے کسی شیش ہڈی وغیرہ کو کچھ اَن دستور تانبے کے گہنوں اور ہتیاروں کے ساتھ کسی مرتبان میں رکھ کر دفناتے تھے ۔ بعض صورتوں میں ایسے کئی کئی مرتبان مٹی کے ایک بڑے ماٹ میں رکھے ہوئے ملے ہیں ۔

اسی طرح سے دکھن میں جو کھدائیاں ہوئی ہیں اُن سے ظاہر ہوتا ہے کہ کسی زمانہ میں تمام جزیرہ نما نے دکھن میں مُردوں کو دفن کرنے کا رواج تھا ۔ اور مُردوں کو عموماً بٹھا کر اور مٹی کے بڑے بڑے مٹکوں میں رکھ کر دفن کیا جاتا تھا ۔ اور ان مٹکوں کی ساخت کا اور اُن دیگر اشیائے کا جو لاشوں کے ساتھ ان مٹکوں میں دفن کی ہوئی ملتی ہیں اُن اشیائے کے

ساتھ مقابلہ کرنے سے جو ایشیائی روم کے صوبہ میسوپوٹیمیا اور سندھ اور بلوچستان کی کھدائیوں میں سے ملی ہیں معلوم ہوتا ہے کہ کسی زمانہ میں دکھن کے سب سے دکھنی حصہ سے لے کر سندھ بلوچستان ایران اور عراق میں سے گذرتی ہوئی کریٹ اور بحیرہ روم کے چند جزیروں تک ایک تہذیب پھیلی ہوئی تھی اور وہ تہذیب دکھن کی دراوڑ تہذیب تھی ؛

وِدھوا وِواہ کی حقیقت

اُکت سُوکت (۱۰-۱۸) کے منتر (۸) میں جو دِدھیشو کا پد آیا ہے وہ خاص توجہ کے لائق ہے ؛ دِدھیشو کے اصلی ارتھ دیا کرن کے انوسار دھارن پوشن کی اچھا کرنے والے کے ہیں۔ اور اس منتر میں یہ شبد صاف اسی ارتھ میں ہست گرابھ (یعنی پانی گرہن کرنے والے پتی) کے وشیشن یعنی صفت میں آیا ہوا ہے ؛ مگر اصطلاح میں دِدھیشو عام طور پر پتی اور خاص طور پر دوسرے پتی کے ارتھ میں بھی آتا ہے اس لئے بعض فرنگی وِدوان اور اُن کے انوپائی ہندوستانی وِدوان بھی اس منتر میں دِدھیشو کو دوسرے پتی کے ارتھ میں لیتے ہیں اور منتر کے اس ٹکڑے کا ارتھ یوں کرتے ہیں کہ "تو اب اپنے اس دوسرے پتی کے استری پن کو پراپت ہوئی ہے"۔ اور اس سے استری کی دوسری شادی یعنی وِدھوا وِواہ کو وید کی رو سے سِدّھ کرتے ہیں ؛ چنانچہ میکڈونل صاحب اور بابو رامیش چندر دت جی بر خلاف

گریفتھ صاحب اور مونیر ولیمز صاحب وغیرہ کے اس منتر کا یہ ہی ارتھ کرتے ہیں اور بابو صاحب لکھتے ہیں کہ یہ ارتھ سایں آچارج کے اُس ارتھ کے انوسار ہے جو اُنہوں نے اس منتر کا تیتریہ آرنیک میں کیا ہے ۔ مگر رگوید کے بھاشیہ میں تو سایں نے اس منتر کا ارتھ وہی کیا ہے جو ہم نے دیا ہے اور جب خود وید کے بھاشیہ میں سایں کا ارتھ موجود ہے تو تیتریہ آرنیک میں جانے کی کیا ضرورت ہے ۔ اور موقعہ اور محل تو دیکھو کہ اس وقت اُس اِستری کی دَشا کیا ہے جس کے لئے یہ منتر بولا گیا ہے ۔ ظاہر ہے کہ اس وقت اِستری شمشان بھومی میں اپنے پتی کی لاش کے پاس پڑی ہوئی ہے اور اس وقت جو اس سے کہا جائے گا وہ یہ کہا جائے گا کہ اُٹھ گھر چل اور اپنے بال بچوں کو سنبھال یا یہ کہا جائے گا کہ اُٹھ یہ تیرے لئے دوسرا پتی تیار ہے اس کو اپنا ہاتھ پکڑا اور اپنا خصم بنا ۔

کلپ سُوتروں میں جہاں اس منتر کا وِنیوگ اتتیہ ایشٹی کرم میں لکھا ہے وہاں یہ بھی لکھا ہے کہ ایسی اَوستھا میں اِستری کا دیور یا گھر کا کوئی پُرانا نوکر یا مرتک پتی کا کوئی رشتہ اُس اِستری کا ہاتھ پکڑ کر اُس کو گھر لے جانے کے لئے اُٹھائے اور اُس وقت یہ منتر پڑھا جاوے (دیکھو آشولاین ۔ گرہیہ سُوتر ۔ ادھیائے ۴ ۔ کنڈکا ۲ ۔ سُوتر ۱۸) ۔ لیسے کرموں

میں دیور کو پتی کا ستھانی یعنی قایم مقام مانا گیا ہے کیونکہ ایسی حالت میں بھی استری کو اُٹھانے کے لئے اگر کوئی اُس کے ہاتھ لگا سکتا ہے تو وہ اُس کا دیور ہی ہو سکتا ہے ۔ اور بؤدھاین نے تو اپنے گرہیہ سوتروں میں یہاں تک لکھا ہے کہ دیور بھی جب اُس کو اُٹھائے تو اُس کا بایاں ہاتھ پکڑ کر اُٹھائے کیونکہ دائیں ہاتھ کو صرف پتی ہی بواہ کے سمے گرہن کر سکتا ہے ۔ پس جب یہاں تک احتیاط ہے کہ اس حالت میں مرتک پتی کے بھائی یعنی استری کے دیور کے سوائے کوئی اور آدمی استری کے ہاتھ بھی نہ لگائے اور وہ بھی ہاتھ لگائے تو اس طرح سے لگائے تو اُس وقت کسی دوسرے آدمی یا دیور کے ساتھ اُسکو بیاہ دینے کا خیال کیوں کر کسی کے دِل میں آسکتا ہے ۔

رگوید ۶-۵۵-۵ میں پُوشا دیوتا کو اپنی ماں کا دِدھیشو بیان کیا گیا ہے اور یہاں صاف ظاہر ہے کہ دِدھیشو کا ارتھ خصم نہیں بلکہ پالک یا پوشک ہے ۔

منوسمرتی میں ادھیائے ۳ کے شلوک ۱۶۰ میں دِدھیشو کا پد دیرگھ اُوکار کے ساتھ استری لِنگ میں اَن بیاہی کنیا کے ارتھ میں آیا ہے اور اس سے بھی ظاہر ہے کہ دِدھیشو کا ارتھ کیول دھارن پوشن کی اِچھا کرنے والے کے ہیں چاہے وہ پُرش ہو یا استری ۔ تعجب ہے کہ اور جگہ تو لوگ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ ویدک شبدوں کے ارتھ بؤگک یعنی

لُغوی کئے جاویں مگر یہاں دِدھیشو کا ارتھ یُوگِک نہیں بلکہ یوگ رُوڑھی کرتے ہیں اور اس میں کیول پتی کا ارتھ نہیں بلکہ دوسرے پتی کا ارتھ کرتے ہیں حالانکہ موقعہ اور محل بالکل اس کے خلاف ہے ۔

ایک اور منتر جس میں لوگ وید کے اندر دِدھوا بواہ کی کریا دیکھتے ہیں منڈل (۱۰) کے سُوکت (۴۰) کا منتر (۲) ہے ۔ اور وہ یہ ہے :-

"اے اشونی کمارو - تم رات کہاں رہے اور دن میں کہاں رہے - کہاں کھایا پیا اور کہاں سوئے ۔ کس نے شئین میں تمہاری سیوا کی جیسے کوئی اِستری اپنے پُرش کی یا دِدھوا اپنے دیور کی کرتی ہے" ۔

اشونی کمار اُس وقت کے دو ابھمانی دیوتا ہیں جبکہ پراتہ کال دونوں وقت ملے ہوئے ہوتے ہیں[۵۲] ۔ ان کا آگمن صرف اسی وقت ہوتا ہے - اس لئے رشی کہتا ہے کہ اے کمارو تم باقی تمام دن رات کہاں رہتے ہو کہاں کھاتے پیتے ہو کہاں سوتے ہو اور سوتے میں کون تمہاری سیوا کرتا ہے - ایسی سیوا کہ جیسی

---

[۵۲] یہاں یہ دکھانا بھی دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ یاسک نے نِرُکت (۱۲-۱) میں لکھا ہے کہ اشونی کماروں کا وقت آدھی رات کے بعد سے شروع ہوتا ہے - اور انگریزی حساب سے بھی دن آدھی رات کے بعد سے شروع ہوتا ہے ۔

اِستری اپنے پُرش کی یا وِدھوا اپنے دیور کی کرتی ہے ۔
اور ظاہر ہے کہ یہاں سیوا سے عام سیوا مُراد ہے نہ کہ
بیاہ شادی یا نیوگ آدی کا کوئی کرم ۔

یاشک کے نِرُکت (۳-۱۵) میں اس منتر (۱۰-۴۰-۲)
کی ویاکھیا میں دیور شبد کی نِرُکتی یوں لکھی ہوئی پائی
جاتی ہے کہ دیور کو دیور اس لئے کہتے ہیں کہ وہ دُوسرا ور
ہے ۔ اور وِدھوا بواہ کے حامی اِس نِرُکتی سے نتیجہ
نکالتے ہیں کہ یاشک کے نزدیک بھی ویدوں سے
وِدھوا کا بواہ یا نیوگ سِدّھ ہے ۔ مگر اول تو بہت
سے وِدوانوں کا بچار ہے کہ دیور کی یہ نِرُکتی یاشک
کی نہیں ہے (کیونکہ اس سے آگے چل کر یاشک نے
دیور کی نِرُکتی اور طرح کی ہے) اور اسی لئے دُرگاچارج
نے جو یاشک پربھاشیہ لکھا ہے اُس میں اس نِرُکتی پر
کوئی بھاشیہ دیا ہوا نہیں ہے ۔ دوسرے اگر یہ نِرُکتی مانی
بھی جاوے کہ دیور دوسرا ور ہے تو اُس کا آشے صاف
یہ ہے کہ استری کو اپنے دیور کا مان بھی ویسا ہی کرنا
چاہیئے جیسا کہ اپنے پتی کا ۔ کیونکہ پتی اگر دیو ہے تو
دیور (پتی کا بھائی) دیوَر ارتھات ادتم دیو ہے ۔
اور ظاہر ہے کہ دیور تو شروع سے ہی اور پتی کے جیتے
جی ہی دیور ہے نہ کہ صرف پتی کے مرنے کے بعد جو اُس
کو دوسرے پتی کا ارتھ دیا جاوے ۔ اور اسی لئے

منوسمرتی (ادھیائے ۳۔ شلوک ۵۵) میں لکھا ہے کہ جہاں پتی اور دیور استریوں کی پوجا کرتے ہوں وہاں سدا کلیان رہے گا۔

پِتّری یگیہ یا شرادھ

منڈل ۱۰ کے سوکت ۱۶ کے منتر جو اوپر انتم سنسکار کے وِشے میں اُدھرت کئے گئے ہیں اُن سے اور خاص کر اُس کے منتر (۱۰) سے ظاہر ہوتا ہے کہ ویدک آریا دیو یگیوں کے ساتھ پِتّری یگیہ ارتھات پِتروں کے نِمت بھی یگیہ کیا کرتے تھے اور یہ بات بھی کہ جن پِتروں کے لئے یہ یگیہ کئے جاتے تھے وہ جیوت پِتر نہیں بلکہ مرت پِتر تھے ان ہی منتروں سے سِدھ ہوتی ہے۔ منڈل ۱۰ کا سوکت ۱۵ سارا ان ہی پِتروں کی آہوتی کے وشے میں ہے اور اُس کا منتر (۱۱) اِن پِتروں کو اِن شبدوں سے یاد کرتا ہے:۔

(۱۱)۔ "اے پِتروں تم جو اگنی میں دگدھ ہو چکے ہو یہاں آؤ۔ اپنے اپنے آسنوں پر بیٹھو۔ اُس ہوی کو کھاؤ جو ہم نے کُشا پر رکھی ہے اور ہمیں دھن دھان اور بلوان سنتان دو"۔

اور ظاہر ہے کہ منتر کا پِتروں کو ان شبدوں سے یاد کرنا مرت پِتروں کے وِشے میں ہی ہو سکتا ہے نہ کہ جیوت پِتروں کے وشے میں۔ یہ ہی پِتّری یگیہ جو مرت پِتروں کے نِمت ہوتے ہیں اب شرادھ کہلاتے ہیں۔

نیتہ نیم

ویدک آریا پرانہ کال نُور کے تڑکے اُٹھتے تھے اور اس نُور کی دیوی اُشا کو اپنی جان اور اپنا پران سمجھتے تھے اور ایک دوسرے سے کہتے تھے کہ:-

"اوٹھو- ہماری جان اور پران آپہونچی ہے- اندھیرا گیا اور روشنی آرہی ہے- سورج کی جاترا کے لئے اُشا رستہ دیتی چلی آرہی ہے- اُٹھو یہ آیو کے بڑھانے کا سمے ہے- (۱-۱۱۳-۱۶)"

یہ لوگ سارے دیوتاؤں کے دیوتا ایک ادھی دیو کو مانتے تھے (۱۰-۱۲۱-۹) + اور دن میں تین دفعہ یا کم سے کم دو دفعہ (پرانہ اور ساین کال) اگنی ہوتر کرتے تھے (۴-۱۲-½) + گائیتری منتر جو ہندوؤں کی سندھیا کا مُول منتر ہے وہ رگوید کے ہی منڈل ۳ کے سُوکت ۶۲ کا منتر (۱۰) ہے اور وہ منتر یہ ہے:-

तत्सवितुर्वरेण्यम्
भर्गोदेवस्य धीमहि।
धीयोयोनः प्रचोदयात् ॥

اس منتر کا ارتھ یہ ہے کہ:-

"اُس سوِتا دیوتا کے ورنے یوگیہ
تیج کا ہم دھیان کرتے ہیں
کہ وہ ہماری بُدّھیوں کو سچی پریرنا کرے"

اس منتر میں جس سوِتا دیوتا کے تیج کے دھیان کا ذکر ہے

اُس سے وہ آدتیہ پُرش مُراد ہے جو سورج منڈل کے اندر ہے اور جس کے لئے برہد آرنیک اُپنشد (ادھیائے ۲۔ براہمن ۲) میں یوں آیا ہے کہ برہم کے دو روپ ہیں۔ مُورت اور امُورت (مُجسّم اور غیر مُجسّم)۔ مُورت کا رس سُورج ہے اور اُمورت کا رس وہ پُرش ہے جو اس (سورج) منڈل کے اندر ہے + اور اس منتر کا آشے وہی ہے جو اسی برہد آرنیک اُپنشد کے پہلے ہی ادھیائے (براہمن ۳۔ کنڈکا ۲۸) کے منتر کا ہے اور جس کا ارتھ یہ ہے کہ "اسَت سے مجھکو ست کی طرف لے جا۔ تمس (اندھیرے) سے مجھکو روشنی کی طرف لے جا۔ مرتیو (موت) سے مجھکو امرت کی طرف لے جا[۵۳]"

ویدک آریا پورے گرہستی تھے پر ایسے گرہستی تھے جو

---

۵۳ عیسائیوں کی ایک سوسائٹی ہے جس کا نام کرسچن لٹریچر سوسائٹی ہے۔ یہ سوسائٹی ہندوؤں کے شاستروں کے خلاصوں کو ایک مضحکہ خیز پیرایہ میں چھاپتی ہے۔ چنانچہ اس نے اُپنشدوں کا ایک خلاصہ بھی اسی پیرایہ میں چھاپا ہے مگر اس پیرایہ میں بھی وہ برہد آرنیک اُپنشد کے اس منتر (۱-۳-۲۸) کی داد دئے بغیر نہ رہ سکی + چنانچہ اُس نے لکھا ہے کہ "یہ بچن اصلی معنوں میں ہمارے دلوں کی بڑی سے بڑی خواہش کا مدعا ہے اور ہر انسان کو یہ پرارتھنا کرنی چاہیئے"۔ اگرچہ اِس کے ساتھ ہی اُس نے یہ بھی اُگلا ہے کہ "مگر یہ پرارتھنا خدا کے بیٹے عیسےٰ مسیح سے کرنی چاہیئے"۔

دھرم بیر ہوں اور دان بیر ہوں - اور نئی لوگوں کو جو پتیہ ارتھات بنج بیوپار میں روپئے کے آگے ہر ایک چیز کو ہیچ سمجھتے تھے بُرا سمجھتے تھے (۶-۵۳) + اپنی کیلئے دیکھو پیچھے صفحہ ۱۷۵ + یہ لوگ رِن (قرضہ) سے گھبراتے تھے - اوروں کی کمائی سے اپنا پیٹ بھرنا نہیں چاہتے تھے (۲-۲۸-۹) - اور کسی سے بُرائی کرنا پاپ سمجھتے تھے چنانچہ ایک منتر میں رشی پرارتھنا کرتے ہیں کہ اے وُرن دیو - جو میں نے کسی سجن سے - کسی مِتر سے - کسی سکھا سے - کسی بھائی سے یا کسی پڑوسی سے کوئی بُرائی کی ہو تو اس کو چھما کرو (۵-۸۵-۷) +

سشیہ کی اُن کی درِشٹی میں اتنی مہما تھی کہ وہ کہتے تھے کہ بھومی سشیہ کے آسرے ہی کھڑی ہے (۱۰-۸۵-۱) اور حالیہ کہاوت کہ دھرتی گائے کے سینگ پر کھڑی ہے اسی منتر کا دوسرے شبدوں میں انواد ہے کیونکہ سنسکرت کا شبد ورِش سشیہ دھرم اور گائے بیل دونوں کے ارتھ میں آتا ہے + چنانچہ مہابھارت (شانتی پرو-ادھیائے ۲۶۲-شلوک ۸۸) میں آیا ہے کہ "بھگوان دھرم لوگوں میں ورِش کے نام سے وِکھیات ہیں اس لئے نگھنٹو (ویدک کوش) کے پد آکھیان میں مہرا (ارتھات دھرم روپی وِشنو کا) ایک نام ورِش بھی ہے" +

جُوا ویدک رشی سُرا (شراب) - مَنیو (غصّہ) اور وبھیدک (پاسہ) کو پاپ کا مُول مانتے تھے (۷-۸۶-۶) اور

پانسے یا جوئے کی پھٹکار اور اِس پھٹکار پر دِھنکار کا نقشہ تو ایک رشی نے (۱۰-۳۴ میں) یوں کھینچا ہے:-

(۱) بڑے بنوں کی پیداوار وبھیدک (پانسے) بساط پر لڑھکتے ہوئے مجھ کو آنند دیتے ہیں اور جگائے رکھتے ہوئے ایسا آنند دیتے ہیں جیسا منجوان پربت کے سوم پینے سے پراپت ہوتا ہے۔

(۲) وہ بچاری (اِستری) مجھ سے کبھی نہیں بگڑی۔ بلکہ مجھ سے اور میرے ساتھیوں سے اچھا برتاؤ کرتی رہی۔ پرنتو میں نے ایک پانسے کے لئے اُس انوگامنی (فرماں بردار) اِستری کو تیاگ دیا۔

(۳) ساس دویش کرتی ہے اور استری بھی اب الگ رہتی ہے اور اِس ناتھے ہوئے کو اب کوئی سکھ نہیں ملتا ہے۔ بڈھے قیمتی گھوڑے کی سمان کِتو (جواری) کو کھانا بھی نہیں ملتا ہے۔

(۴) جس کسی کے دھن کو بلوان اکشن (پانسے) نے چاہا اُس کی اِستری پر اوروں نے ہاتھ ڈالا۔ ماتا پتا بھائی بندھو سب کہتے ہیں کہ ہم اس پُرش کو نہیں جانتے اس کو باندھ کر لے جاؤ۔[۵۴]

---

[۵۴] اس سے ظاہر ہے کہ جُوا اُن دِنوں میں بھی نہ صرف اخلاقاً معیوب تھا بلکہ قانوناً جُرم بھی تھا جس کا دنڈ دینے کے لئے راج پُرش جواری کو پکڑ کر اور باندھ کر لے جاتے تھے۔

(۵) جب میں کہتا ہوں کہ اب جوا نہیں کھیلوں گا تب میرے ساتھی مجھ کو چھوڑ کر چلے جاتے ہیں اور پھر جب پانسوں کے کھڑکنے کی آواز آتی ہے تو میں آپ جارِنی (فاحشہ عورت) کی طرح بھاگ کر سبھا (قمارخانہ) میں جا پہونچتا ہوں ۔

(۶) کِتو (جواری) اپنے شریر کو پھُلاتا ہوا اور پوچھتا پوچھاتا سبھا میں جاتا ہے اور اپنے حریف کے سامنے داؤ لگاتا ہے۔ اور پانسہ اُس کی خواہش کے ایڑ لگاتا ہے ۔

(۷) پانسوں کے کانٹے اور اَنکُس لگے ہوئے ہیں جن سے وہ (کھلاڑی کو) چھیدتے ہیں اور تپاتے ہیں اور تپواتے ہیں۔ اور جیتنے والے کو بھی میٹھے بن کر پہلے کچھ جتاتے ہیں اور پھر اُس کی ساری پُونجی ہروا دیتے ہیں ۔

(۸) ان (پانسوں) کی ۵۵ کی برات ستیہ دھرما سَوِتا دیوتا (سورج) کی کرنوں کی طرح کرِیڑا کرتی ہے - یہ (پانسے) کرُور سے کرُور پُرش کے آگے بھی سر نہیں جھکاتے ہیں - راجا تک اِن کو نمسکار کرتا ہے ۔

(۹) (پانسے) نیچے (زمین پر) گرتے ہیں پر (چھاتی کے) اُوپر پڑتے ہیں - بے ہاتھ کے ہوکر ہاتھ والے کو نیچا دِکھاتے ہیں ۔

---

۵۵ پانسوں کے جو داؤں پڑتے ہیں اُن سب کا مجموعہ اکائی سے لیکر دہائی تک ۱+۲+۳+۴+۵+۶+۷+۸+۹+۱۰ = ۵۵ ہوتا ہے ۔ یہاں منتر میں ۵۳ آیا ہے۔ شاید اس شمار میں دوا یا پہلے دو داؤ شامل نہیں ہیں یا شاید ۵۳ سے کچھ اور مُراد ہو ۔

یہ آسمانی انگارے جو بساط پر پڑتے ہیں آپ ٹھنڈے ہیں پر ہردے کو جلاتے ہیں +

(۱۰) جواری کی تیاگی ہوئی اِستری اور مارے مارے پھرتے ہوئے پُتر کی ماتا (دُکھ سے) تپتی ہے اور وہ قرض سے ڈرا ہوا رات کو اَور لوگوں کے گھر دھن کی تھانگ میں رہتا ہے +

(۱۱) جواری جب اَوروں کی دھرم پتنی (استری) کو اور اُن کے بھرے ہوئے گھر کو دیکھتا ہے تو دل میں کُڑھتا ہے۔ پر نتو صبح ہوتے ہی پھر (پانسوں کے) بھورے گھوڑوں کو جوڑتا ہے اور رات کو وہ ورِکل[۵۵۶] (شُودر) ٹھنڈی انگیٹھی کے پاس پڑتا ہے +

---

[۵۵۶] اس سے ظاہر ہے کہ ویدک کال میں یا تو صرف شُودر لوگ ہی جُوا کھیلتے تھے۔ یا جو لوگ جُوا کھیلتے تھے وہ ورِکل یعنی دھرم سے پتت اور شُودر سمجھے جاتے تھے + مگر ہوتے ہوتے جُوا آریہ جاتی کی سرشت میں داخل ہوگیا اور دھرم کا بھی ایک جزو بن گیا + چنانچہ شت پتھ براھمن (۲-۳-۱) سے ظاہر ہے کہ گارھ پتیہ۔ آھونیہ اور دکشن اگنی کے علاوہ جو سبھیہ اور اوَسھتھیہ دو اگنیاں اور ہوتی تھیں اُن میں سے سبھیہ اگنی کے آدھان کی کریا کا ایک جز جُوا بھی ہوتا تھا جس کو کشتری۔ جمانوں کی طرف سے پروہت کھیلتے تھے۔ گائے کی شرط ہوتی تھی۔ بیل کی کھال پر پیتل کے برتن کو اُلٹا رکھتے تھے اور اُس پر پانچ کوڑیاں چار بار پھینکتے تھے اور کہتے تھے کہ "جیت میں جیتا۔ طاق تم ہارے" +

بعض ہندو جو اب بھی دیوالی کے تہوار پر جوئے کا کھیلنا ایک جائز رسم سمجھتے ہیں وہ شاید ایسی ہی پُرانی روایتوں کے آدھار پر ہو +

راجا نل کا جوا جس میں وہ اپنی رانی دمینتی کو ہارا۔ اور مہاراجہ یدھشٹھر کا جُوا جس میں وہ اپنی رانی دروپدی کو ہارے پرسدھ ہی ہے اور ان کا ذکر آگے اپنی اپنی جگہ پر آئے گا + فرنگی آریاؤں کا جوا ہم گھوڑ دوڑوں میں اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں جہاں ہزاروں روپیہ کی بیٹ یعنی ہار جیت ہو جاتی ہے +

(۱۲) (اے پانسوں) تمہارے جہان گن کا جو سینا پتی ہے اور تمہاری برات کا جو راجا ہے میں اُس کے آگے ہاتھ جوڑتا ہوں +

(۱۳) بھلے مانسوں۔ پانسوں سے مت کھیلو۔ کھیتی باڑی کرو اور اُس سے جو دھن پیدا ہو اُس میں رمن کرو + اے جواریو اِسی میں گئووں ہیں۔ اسی میں استری ہے۔ اور یہ ہی سوِتا دیوتا نے مجھ سے کہا ہے +

(۱۴) (پانسے) مجھ پر اپنی دیا رکھیں اور مجھ کو کسی گھور آپتی میں نہ ڈالیں + اپنا کرودھ میرے شترو پر اُتاریں اور کسی اَور کو اپنے پنجے میں پھنسائیں +

کھیل کُود اور گانا بجانا

جُوئے کے ساتھ تفریح کے اور جائز سامان بھی تھے۔ مثلاً گھوڑ دوڑ۔ ناچنا۔ اور گانا بجانا +

گھوڑ دوڑ کے ساتھ رتھ دوڑ بھی ہوتی تھی۔ دوڑ کے میدان کو آجی (۱۰-۱۵۶-۱) اور جیت کی سیما یعنی پالے کو کارشم (۱-۱۱۶-۱۷) کہتے تھے +

ناچ میں استریاں تو ناچتی ہی ہوں گی پُرش بھی ناچتے تھے (۱۰-۷۶-۶) +

بجانے کے لئے ہر قسم کے باجے گاجے موجود تھے۔ مثلاً دُندبھی یعنی نقارہ جس میں فتح کا ڈنکا بجتا تھا (۱-۲۸-۵)۔ اور وان یا بان جو بانسری کی طرح مُنہ سے بجانے کا کوئی

باجہ تھا (۹-۷-۸) + اور میکڈونل صاحب کہتے ہیں کہ رگوید میں وِینا یعنی بینا کا حوالہ بھی ملتا ہے اگرچہ ہم کو ایسا کوئی حوالہ رگوید میں نہیں ملا +

گانا تو خود وید میں ہی بھرا ہوا ہے۔ یعنی رگوید کے سارے منتر اُدات۔ اَن اُدات۔ اور سوَرِت یعنی پنچم اور مندر اور مدھیم کی تینوں سپتکوں کے ساتوں سُروں میں بندھے ہوئے ہیں۔ مثلاً رگوید کے پہلے منڈل میں سوکت ۱ کا سور کھرج ہے سوکت ۴ کا رِکھب ہے۔ سوکت ۳۶ کے سور گندھار۔ مدھیم اور پنچم ہیں اور سوکت ۳۱ کے دھیوت اور نکھاد ہیں + اور سام وید تو سارا گیت میں ہی ہے۔ اور اسی وجہ سے بھگوان نے گیتا میں کہا ہے کہ ویدوں میں میں سام وید ہوں +

جانوروں کا شوق جانوروں کے شوق کی طرف دیکھیں تو گھروں میں آجکل کی طرح کتے بھی دیکھتے ہیں چنانچہ ایک رشی کسی کے گھر گئے تو اُن پر کُتا بھونکا اور اس پر انہوں نے یہ منتر پڑھا:۔

(۳) ارے سرما کے پُتر۔ پیچھے ہٹ۔ کسی چور یا ڈاکو پر بھونک ہم اِندر کی استتی کرنے والوں پر کیوں بھونکتا ہے اور ہم کو کیوں ڈراتا ہے۔ آرام سے سو +

(۴) کسی سُوکر (سور) سے بھڑ اور سُوکر تجھ سے بھڑے۔ ہم اِندر کے استتی کرنے والوں سے تو کیوں بھڑتا ہے اور ہم کو دانت کیوں دِکھاتا ہے جا آرام سے بیٹھ (منڈل ۷۔ سوکت ۵۵) +

راج کاج

مُلکی تقسیم کے لئے ہم کو ویدمیں گرام۔ پُر۔ وِش اور جَن کے پد ملتے ہیں جن سے ہم اندازہ لگا سکتے ہیں کہ مُلکی تقسیم کی بُنیاد ویدک کال میں بھی اُسی طرح گرام یعنی گاؤں پر تھی جس طرح کہ اب ہے ۔ ایک گرام میں اکثر ایک ہی جَن یعنی ایک ہی قبیلہ کے لوگ ہوتے تھے۔ ایسے ایسے کئی گرام مل کر ایک وِش یعنی بستی کہلاتے تھے اور ایسی ایسی کئی بستیوں کا دیس ایک جَن پد کہلاتا تھا۔ جَن پد کا شبد وید میں نہیں دِکھتا ہے مگر بعد کے گرنتھوں میں عام طور پر آتا ہے ۔ ایک ایک جَن پد کا ایک ایک راجا تھا جو اپنے اپنے جَن پد میں سوئے راٹ یا خودمختیار ہوتا تھا۔ لڑائی بھڑائی کے وقت یہ راجا دو دو چار چار اور کبھی کبھی اس سے بھی زیادہ ایک طرف ہوکر لڑتے بھڑتے تھے جیسا کہ رگوید (۷-۸۳-۷) سے ظاہر ہے کہ دس راجا مل کر سُداس سے لڑنے پر اُس کو نہیں جیت سکے۔

راجا اپنے کو ایشور کا انش مانتا تھا اور لوگ بھی اُس کو ایسا ہی سمجھتے تھے چنانچہ رگوید کے منڈل ۴ کے سُوکت ۴۲ میں راجرشی ترسدسیو نے اپنے کو ایسا ہی مانا ہے (دیکھو پیچھے صفحہ ۲۵۵) ۔ پر اِس کے ساتھ ہی راجا ایک سمِتی یعنی کمیٹی کی رائے سے کام کرتا تھا۔ اور اس سمِتی میں وہ دُکھ دُور کرنے والی اوشدھی کی سمان آتا تھا (۱۰-۹۷-۶) ۔ سمِتی کے ساتھ سبھا کا لفظ بھی رگوید میں کئی جگہ آیا ہے اور اتھروید (۷-۱۲-۱) میں سبھا اور

سمتی کو پرجاپتی کی دو آنکھیں بیان کیا گیا ہے +

دھرم کارجوں کے لئے اور راجا کو دھرم کے اندر رکھنے کے لئے پروہت بھی ہوتا تھا - پروہت براھمن ہوتا تھا اور پروہت اور براھمن کی جما جو ویدک رشیوں کی درشٹی میں تھی وہ اس بچن سے ظاہر ہے کہ :-

"راجا وہی سکھ سے اپنے محلوں میں رہتا ہے اور پرتھوی بھی اُس کو ہی ورِدّھی دیتی ہے اور پرجا بھی اُسی کے آئے نمتی ہے جس کے آگے براھمن چلیں" (۴-۵۰-۸)[۵۵] +

راجا ادھیراج تھا (۱۰-۱۲۸-۹) - ایک راج تھا (۸-۳۷-۳) - سمراٹ تھا (۱۰-۱۱۶-۷) + سینا کے لئے سینانی تھے (۸-۲۰-۵) اور محکمات کے انتظام کے لئے ادھیکش تھے (۱۰-۱۲۹-۷) + غرض راج کا پربندھ بھی پورا اُسی طرح تھا جس طرح کہ پچھلے زمانوں کے نیتی شاستر اور ارتھ شاستروں میں دکھائی دیتا ہے +

پرلوک

اوپر جو کچھ لکھا گیا ہے اُس سے ظاہر ہے کہ ویدک آریاؤں کو اس لوک کے سمبوژن سکھ پراپت تھے اور وہ ان سکھوں کو بھوگتے تھے - پر اس کے ساتھ وہ پرلوک

[۵۵] اس وشے میں دیکھو انیتترے براھمن ۸- ۲۴/۲۵ کا یہ بچن کہ دیوتا اُس راجا کا اَن نہیں کھاتے ہیں جس کا کوئی پروہت نہیں - اور اتھروید ۳- ۱۹ کا یہ بچن کہ اُن کا تیج اور بل بڑھے جن کا میں پروہت ہوں +

کو بھی یاد رکھتے تھے چنانچہ منڈل ۹ کے سُوکت ۱۱۳ میں رشی کہتے ہیں کہ :-

(۷) جس لوک میں نشٹہ جیوتی (دایمی نور) ہے۔ جس لوک میں سوَرگ ہے۔ اُس اَمر۔ اَکشِت لوک میں مجھ کو لے چل۔

اے سوم تو اِندر کے لئے چھَن

(۸) جہاں (وِوسوان کے بیٹے) راجا ویَوسوت (منو یا یَم) کا تو اس اور سوَرگ کا دھام ہے۔ جہاں جہاں جل بہتے ہیں وہاں مجھ کو اَمر کر۔

اے سوم تو اِندر کے لئے چھَن

(۹) جہاں سوَرگ لوک میں لوگ جو چاہتے ہیں کرتے ہیں جہاں لوک جیوتشمان (نور سے بھرپور) ہیں وہاں لے جاکر مجھ کو اَمر کر۔

اے سوم تو اِندر کے لئے چھَن

(۱۰) جہاں جاکر کام والوں کی کامنائیں پوری ہو جاتی ہیں۔ جہاں سوَرگ کا دھام ہے۔ جہاں سوَدھا سے تر پتی ہوتی ہے وہاں مجھ کو اَمر کر۔

اے سوم تو اِندر کے لئے چھَن

(۱۱) جہاں سب پرکار کے آنند ہیں۔ جہاں ساری کامنائیں پراپت ہو جاتی ہیں وہاں لے جاکر مجھ کو اَمر کر۔

اے سوم تو اِندر کے لئے چھَن

ان سب باتوں کا پتہ ہمیں وید کو کھوجنے سے لگتا ہے جس طرح کہ مصر وغیرہ دیگر ممالک کے پُرانے حالات کا پتہ اُن کے کھنڈرات کو کھودنے سے لگتا ہے + اور اس پہلو سے جو انتہاس کا پہلو ہے **وید** جو دنیا میں سب سے پُرانی کتاب۔ کتابوں کی کتاب۔ اُم الکتاب ہے ایک جہان گوُرو (مہما) رکھتا ہے اور اس گوُرو کو میکس مولر صاحب نے اپنی زبان میں یوں بیان کیا ہے :-

"اس میں کسی کو کلام نہیں کہ جو لوگ آریا نسل کے ہیں (اور آریا نسل میں ہندوؤں کے سوائے ہندوستان کے مسلمان عیسائی۔ سکھ اور پارسی اور ایران کے ایرانی اور یوروپ کے انگریز۔ فرانسیسی۔ جرمن۔ یونانی اور لاطینی وغیرہ تمام فرنگی قومیں شامل ہیں) اُن کی زبان اُن کے خیال اور اُن کی لٹریچر یعنی ساھتیہ کا ماخذ ہندوؤں کے وید ہی ہیں + ان میں وہ خیالات مدفون ہیں جو مصر کی شاہی قبروں کے دفینوں سے زیادہ قیمتی اور شعرائے بائبل کے پُرانے سے پُرانے کلاموں سے زیادہ پُرانے اور ابتدائی ہیں + شائقین دینتِ کلام کے نزدیک وید کے منتروں کی قدر و قیمت کچھ ہی ہو لیکن طالبانِ تاریخ و فلسفہ کی نظروں میں وہ ایک خاص قیمت رکھتے ہیں + اُن کے نزدیک یہ پُرانے سے پُرانے نوشتوں سے بڑھ کر اور قدیم سے قدیم کتبوں سے چڑھ کر ہیں کیونکہ اُنکی ایک ایک سطر بلکہ اِن کا ایک ایک لفظ اُس سب سے بڑی سلطنت

یعنی سلطنتِ دماغِ انسانیہ کی تاریخ کا ایک مستند اور معتبر وثیقہ ہے (دیکھو میکس مولر صاحب کی کتاب سِکس سسٹمز اوف انڈین فلوسفی - چیپٹر ۲ - صفحہ ۸۳ - ۸۶) +

اور واضح ہو کہ جیسا ہم شروع میں ہی کہہ آئے ہیں وید کوئی تاریخ اور آئین کی کتاب نہیں ہے کہ جس میں ویدک کال کی سبھیتا کا حال پورا پورا درج ہو + اُس کا تو آشے ہی الوکِک ہے جس کا اس لوک سے کوئی تعلق نہیں ہے اور اس لئے یہ لازم نہیں آتا کہ جس کسی چیز یا جس کسی بات کا برنن وید میں نہیں ہے وہ چیز یا وہ بات ویدک کال میں نہ تھی + پھر بھی الوکِک وِشے کے پرسنگ میں جو کچھ برنن لوکِک وشے کا آگیا ہے اور اُس میں سے جو کچھ اور جتنا کچھ کہ ہم کو کھوجنے سے ملا ہے اور جس کا ذکر ہم نے اوپر کیا ہے وہ اس بات کو ظاہر کرنے کے لئے کافی ہے کہ ویدک کال کی سبھیتا ایک بڑی اُچ پدوی کی سبھیتا تھی اور قریب قریب وہی سبھیتا تھی جو اب پندرہ ہزار برس بیت جانے اور ان ہزاروں برس کے دِنی اور دُنیوی - زمینی اور آسمانی - طوفانوں کے اُس کے سر پر گذر جانے کے بعد بھی قریب قریب ویسی کی ویسی ہی ہندوؤں میں استھت دکھائی دیتی ہے + اِسی بات کو دیکھ کر فرنگی وِدوان ویدک سبھیتا کو اِتنی پُرانی نہیں سمجھتے ہیں جتنی پُرانی کہ یہ ہے اور ویدک کال کو مسیح سے کوئی

ڈیڑھ دو ہزار برس پہلے تک ہی لے جاتے ہیں + مگر ویدک سبھیتا کی سشٹھرتا کا کارن یہ نہیں ہے کہ وہ بہت پُرانی نہیں ہے بلکہ یہ ہے کہ جن نیموں پر وہ مبنی ہے وہ نیم نشبہ ہیں اور ٹوٹ نہیں سکتے + شریمد بھگوت گیتا (ادھیائے ۲۔ شلوک ۲۴) میں آتما کے وِشے میں آیا ہے کہ "اسکو کوئی کاٹ نہیں سکتا کوئی جلا نہیں سکتا۔ کوئی گلا نہیں سکتا کوئی سکھا نہیں سکتا۔ یہ نشبہ ہے۔ سروِ یاپک ہے۔ ستھانو ہے۔ اچل ہے۔ سناتن ہے" + اور یہ ہی برہمن ویدک سبھیتا کے وِشے میں جس کا آدھار یہ ہی آتما ہے بتھارتھ ہے +

اوم۔ شانتی۔ شانتی۔ شانتی

(5) QUEER CASE OF INTROVERSION

A Problem for Lawyers.

Married Daughter Becomes a son

Question of Inheritence

Ahmedabad. Oct. 25.

Cases of introversion are not altogether unknown to medical science. Men and women have been reported on a number of occasions in the past to have changed their physical characteristics. The problem in those cases was a matter for the scientists to undertake research.

For the first time, in India at any rate, a case of Introversion is worrying the lawyers who unable to find a precedent for the novel position, have asked the Political Agent in Kathiawar to give them the benefit of his opinion.

This queer problem is a sequel to the apparent change of sex of a young girl of Junagadh in the Western Kathiawar States.

The girl, who was married six years ago at the age of 12, recently showed signs of complete change in her sex and immediately the frightened husband sent her back to her parents.

The father of the girl has since died, leaving considerable property and without any other male heir. The eversioners are now consulting legal opinion whether she can inherit the whole property claiming to be a "son" although she was a married woman for sometime.

The lawyers being unable to settle the matter are consulting the Political Agent, whose reply is awaited.—United Press. (Hindustan Times:—26. 10. 35)

(3) "GIRL" BECOMES A BOY.

Surprise for the Bridegroom

HYDERABAD (Deccan)

April 26.

A case of sex-transformation is reported from the obscure village of Parkala, Karimnagar district, Hyderabad State.

It is stated that on the day of marrige a bride of the village was found to be a fully grown-up boy, aged about 16 years. The parents of the so-called "bride" had always been under the impression that she was a girl and had brought "her" up as a girl and the news came as a shock to them, no less than to the bridegroom.

This transformation of sex has had an interesting sequel as the bridegroom, who had paid some money towards the marriage expenses and for the jewels of the "bride" has demanded and obtained from his some time father-in-law a sufficient compensation.... . (United Press)

(Hindustan Times .....27th. April, 1934)

---

(4) FOUR 'SISTERS'

As BROTHERS

Venice. Saturday,

The head surgeon of the Feltre Hospital reports the case of a family of nine, at first believed to be composed of five brothers and four sisters, who during the growing age are changing into a progeny of boys.

The mother and father are normally constituted and enjoying excellent health.

After operating on the eldest of the four girls, who is nine years of age, Professor Petta examined the other "sisters", discovering they were also naturally changing into boys; they are seven, five and three years of age respectively. (Empire News Correspondent).

After the young husband had passed the customary medical examination and served in the army throughout the war, difficulties arose between the couple, and the wife, basing her petition on his misconduct, sued for divorce. The erring husband's birth certificate naturally constituted one of the most important papers in the case. The court held that it was impossible, owing to the fact that both parties were legally proved to be women, to grant the decree asked for. Petitioning wife's counsel pointed out the absurdity of such a view in face of the known facts. The court retorted that according to the Civil Code no question of this kind could be cosidered after a period of six months after the date of marriage. As the parties admitted having been married for nearlly (fifteen) 15 years, the lady's petition necessarily failed. (Leader...24th. August, 1925).

(2) MAN CHANGING INTO WOMAN.

SIKH STUDENT'S CASE

(From our correspondent.

Lahore, Feb. 26.

A case of a man gradually losing masculine characteristics and developing woman's sexual attributes recently came to the notice of Mayo Hospital authorities.

A seventeen-year old Sikh student of Khalsa College, Amritsar, who complained of the growth of fats in certain parts of his body, came for treatment to hospital. He was examined by the Principal of the Medical College, Lahore, Colonel Harper Nelson, and was found to be a typical case of Frolich's Syndrome.

The boy showed a gradual development of feminine characteristics including fat round the haunches, the tapering of legs to the toes and the enlargement of the breast. (Tribune 28th. February, 1932)

QUOTATIONS & CASES REFERRED TO

IN

BHARAT PURAN.

I.

Extract from the "Archaeological Survey of India, 1923-24." mentioned in para (23) of Chapter 2.

"Hitherto India has almost universally been regarded as one of the younger countries of the world. Apart from paleolithic and neolithic implements and such rude primitive remains as the Cyclopean Walls of Rajgriha, no monuments of note were known to exist of an earlier date than the 3rd. Century B. C. when Greece had already passed her zenith and when the mighty empires of Mesopotamia and Egypt had been all but forgotten "

"Now, at a single bound, we have taken back our knowledg of Indian Civilization some 3000 years earlier and have established the fact that in the 3rd. Millenium before Christ and even before that the people of the 'Punjab and Sindh were living in well built cities and were in possession of a relatively mature culture with a high standard of art and craftsmanship and a developed system of pictographic writings."

II

Sexual changes reffered to in foot note (4) of page 231

(1) GIRL WHO GREW UP A BOY

The Paris correspondent of the Morning Post in a message dated July 23, writes as follows:—

An extraordinary divorce suit has just been decided by one of the French Courts in a manner almost as strange as the facts of the case itself. The principal party concerned was born late in the nineteenth century, and was registered as a girl in accordance with a medical certificat given at birth. As the year went on, the girl (like Marie L' Homme, who, Montaigne states, underwent such a radical transformation that 'she' eventually developed into a perfect soldier of the king) changed sex to such an extent that in 1911 'he' was legally married at one of the Paris mairies to a blushing bride. The marriage was not carried out without considerable difficulty and risk, as it was necessary for the bridegroom to borrow a brother's indentity papers in order to overcome the legal obstacle due to the fact that the would be husband was officially of the female sex.